As an historian he describes in detail and in chronological order, not only the political events of the period and the character and cultural attainments of the Kings, but also gives the causes of the important political events as he deals with the circumstances of the rebellion of Prince Khusrau.[2] He did not follow the earlier authorities blindly, but utilized his own talents in testing the truth of their statements, and if he found that they were in the wrong, he did not fail to correct them. He was not a plagiarist either, in fact, whatever books he consulted, he frankly mentioned them in his work. This book is the most celebrated and comprehensive book on the subject and might be held as amodel for those, who aspired to write the genealogical account of the Afghans and to reconstruct the history of the Lodi and the Suri Kings, the later independent Afghan Chiefs and the early history of Khan-i-Jahan Lodi and of Jahangir.

The book is utilized by the later historians.

Inspite of its importance, it has been very little utilized by the later historical writers in Persian. Very few of them at any rate mention it as their source.

Basawani Lal, the author of the Tarikh-i-Amir Nama has utilized this book in tracing the genealogy of Amiruddau'a Muhammad Amir Khan. He says, "The author of the Makhzan-i-Afghani has given a full account of the Lodi and the Suri Kings of India."[3]

1. See R A S B, Ms. No. 100 fol. 152a.
2. See R A S B, Ms. No. 100 fol. 160b.
3. See Bankipur Ms. of the Tarikh-i-Amir Nama.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

Hafizul-Mulk Rahmat Khan ibn Shah Alam Kutah Khail Badal Zai Birrich, the author of the Khulasat-al-Ansab acknowledges that he has utilized it along others in writing the genealogy of the Afghans[1]. Maulvi Muhammad Qudrat-ullah Siddiqi[2] has also utilized this book along many other books in writing the general history of the Muslims in India, namely the Jam-i-Jahan Numa.

The often verbal coincidence of the Resala-Dar-Ansab-i-Afghaninan with the Tarihk-i-Khan-i-Jahani leads us believe that the former must have been drawn from Chapter VI of the latter, though he does not mention Nimatullah as his authority. A few extracts given below from the two books side by side to show their similarity :—

1. (a) Extract from the Resala[1]—

چون پدروبرادرانش دانست که اورانخواهند گزاشت واو برفتن راضی است و ازوی غیبت(?)
گفتند که بگزارید اگر شیرانی نخواهد شد چه نقصان خواهد شد چنانچه از ما بیزاراست ما نیز
ازوے بیزاریم پس آنجماعت شیرانی راابوطن خود بردند و بپرورش سعی بتقدیم رسانیدند -

(b) Extract from the Tarik-i-Khan-i-Jahani[2]—

چون پدروبرادران شیرانی دانستند که اورانخواهند گزاشت واو هم در رفتن راضی است
از روی شدت وغضب گفتند بگزارید تا شیرانی ببرند اگر یک شیرانی نخواهد بود چه خواهد شد
چنانچه او از ما بیزار شده مانیز ازو بیزاریم - پس آنجماعه شیرانی راابوطن خود در آوردند - جد او
درپرورش سعی جمیله بتقدیم رسانیدن گرفت -

2. (a) Extract from the Resala[3]—

القصه، ازان باز شیرانی خود راغرغشتی می گویند و در مجلس سلطان بهلول این مز کور
شده بود و چون شیرشاه سور بسلطنت متمکن گشته ازرای حسین جلوانی استفسار نمو ده که شما
درکدام قوم اید - رای حسین بعرض رسانید که ما از قوم غرغشتی ام اگرچه شیرانی بودیم اما حالا
داخل غرغشتی ایم ·

(b) Extract from the Tarikh-i-Khan-i-Jahani[4]—

القصه ازان باز شیرانی خودراغرغشتی گویند ودرمجلس سلطان بهلول این سخن مزکور
شده بود و چون شیر شاه بسلطنت متمکن شد ازرای حسین جلوانی این واقعه را استفسار نمود که
شما از کدام قوم اید - رای حسین بعرض رسانید که ما از قوم غرغشتی ایم اگرچه اول سربنی بودیم
امابالحال داخل غرغشت شده ایم -

1 See Resala R A S B, Ms No. 103 fol. 6b
2. See Tarikh R A S B, Ms. No. 100 fol. 121a
3 See Resala R A S B, Ms. No. 103 fol. 7b
4. See Tarikh R A S B, Ms. No. 100 fol. 121b

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

The above quotations from the two books show clearly that they tally together with only minor variations—the language and style being the same. Hence it may he inferred that the Resala was based on the Tarikh, but the fact remained unacknowledged by the author of the Resala.

The English historians, however, appear to better appreciated the importance of the book. Sir H. H. Elliot and 'Ensign' Charles F. Mackenzie have translated many extracts from it for the Elliot's History of India Vol. V. Dr. B. Dorn published a complete translation of the well-known abridgment of the book "the Makhzan-i-Afghani" in two parts. He could not get a Ms. of the Tarikh-i-Khan-i-Jahani before translating the first part of his book. However, he got a Ms. of it at the time of writing the second part of his translation and has extracted many of those passages from it in which it is at variance with the Makhzan and embodied them among the anotations to the second part of it[1].

But having regard to the comfusion prevailing among scholars about the authorship and date of composition, as well as the text of the original book it is necessary to make an indefendant and thoroughly critical study of the book and establish a critical text of it before any critical and historical use of it may be made. And there are sufficient materials available for this purpose. I have just described 9 Mss. of the book, which are preserved in the different libraries in India. Over and above them 4 Mss. of its abridged version, the Makhzan, also are avilable[2] A critical and comparative study of all these Mss. must suffice to establish a reliable critical text of the book. On this important and difficult work I am at present engaged.

---

1 See Dorn's History of the Afghans Part II P II.

2. Two Mss. of the Makhzan are preserved in the Rampur State library, one, is the Kapurthala State library and another is in the possession of Mr, Raj Mathura Prashad, Patna City.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

لالہ اُجاگر چند اُلفت

اور

اُن کی نادر غیر مطبوعہ تصانیف

(سید حسن عسکری ایم۔اے۔ایل۔بی۔ شعبۂ تاریخ۔ پٹنہ کالج۔ پٹنہ)

لالہ اُجاگر چند اُلفت بارھویں صدی ہجری کے ایک قابل فارسی داں اچھے انشاء پرداز۔ نہایت طباع بلند خیال اور قادر الکلام شاعر تھے۔ اسی عہد میں عظیم آباد پٹنہ بھی ایک مانا ہوا علمی مرکز تھا اور مقامات کی طرح علاوہ علمی چہل پہل کے ہندوؤں اور مسلمانوں میں میل جول اور خوش آئند تعلقات کی متعدد مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں۔ اُلفت ہندو تھے اور تا عمر ہندو رہے لیکن اسلامی تمدن کا ان کی ہمہ گیر طبیعت پر کافی گہرا اثر پڑا تھا اور مسلمانوں سے ان کے روابط دوستانہ اور تعلقات مخلصانہ تھے۔ اُنہوں نے مقامی جنگی مہموں میں شرکت کی رؤسا و امراء کی طرف سے ان کے نام مکاتیب ارسال کئے جن میں حالات حاضرہ اور چشم دید واقعات کو قلم بند کیا ان کی تحریریں ان کے زمانہ کی معاشرتی اور ادبی خصوصیات کی جھلک دکھاتی ہیں۔ افسوس ہے کہ ایک ایسے شخص کے حالات و کمالات جو اس عہد کے ہندو مصنفین اور شاعروں کی صف میں ممتاز جگہ پانے کا مستحق ہے، جس کے خدمات کافی وقیع ہیں اب تک پردۂ خفا میں مستور ہیں۔ ڈاکٹر سید عبداللہ مصنف "ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصہ" اور عزیز بلخی مرحوم مولف "تاریخ شعرائے بہار" تین چار سطروں سے اُلفت کے متعلق کچھ زیادہ حوالۂ قلم نہ کرسکے لالہ بندرابن داس خوشگو اُلفت کے ہم عصر تھے اور گہرے تعلقات رکھتے تھے چند کام کی باتیں خوشگو نے بتائی ہیں۔ لچھمی نرائن شفیق نے جو کچھ لکھا ہے خوشگو کی نقل ہے۔ آغا حسین قلی خاں عاشقی صاحب تذکرہ نشتر عشق نے بھی دو تین سطریں لکھ دیں۔ علی ابراہیم خاں خلیل نے بھی اُلفت کو بالکل نظر انداز نہیں کیا لیکن نہ صرف ہم عصر بلکہ بعد کے آنے والے تذکرہ نگاروں نے جو کچھ لکھا مُسکّن عطش نہیں ہوسکتا۔ خوش قسمتی سے اُلفت کے باقیات الصالحات کا عظیم آباد میں بالکل فقدان نہیں ہوا اور ان کی فارسی استعداد اور تاریخی و ادبی خدمات کے جائزہ لینے کے مواقع حاصل ہیں۔ اُلفت کی ذریات ابھی فنا نہیں ہوئیں اسی تاریخی شہر میں ماتھر کائستھ طبقہ کے چند افراد اب بھی موجود ہیں جن کی زمانہ کے امتداد و تغیرات کے باوجود فارسی اور اُردو سے ہنوز دل بستگی قائم ہے۔ اکبر ثانی کے مشیر اور میر منشی راجہ پیارے لال اُلفتی جنھیں دہلی چھوڑکر پٹنہ میں سکونت گزیں ہونا پڑا اور جنہوں نے فارسی انشاپردازی اور شعر و شاعری کا ایک علیحدہ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اسکول قائم کرکے یہاں کی علمی رونق میں چار چاند لگائے اور عبرتی وحشتی فرقتی محنتی وغیرہ جیسے باکمالوں کو اپنے چشمۂ فیض سے سیراب کیا انہیں لالہ اجاگر الفت کی دختر نیک اختر کے نور نظر تھے الفتی کے صاحبزادے کنور دھیرا لال   کے ہاتھ کا زمانۂ طالب علمی میں نقل کردہ انشائے غریب جسے ان کے پرنانا نے ۱۱۵۱ھ میں مرتب کرنا شروع کیا جیسا کہ ان کے اپنے قطعہ تاریخ کے آخری مصرعہ "گلستان معانی را بہارے" سے ثابت ہے۔

چند منتشر اوراق جو الفت کے چند ابتدائی خطوط اور ایک نادر غزل ریختہ پر مشتمل ہیں اور الفت کے ایک ناقص دیوان فارسی کا قلمی نسخہ راقم السطور کو مخطوطات کی تجسس و تلاش کے دوران میں دستیاب ہوا۔ سطور ذیل میں الفت کے سوانح حیات۔ معاصرین سے تعلقات۔ ان کے مکاتیب کی تاریخی اہمیت ان کے نثر و نظم کی خصوصیات کے متعلق جو کچھ مواد ان کی مندرجہ بالا مصنفات سے حاصل ہو سکتے ہیں اُسے اول بار منظر عام پر لانے کی کوشش کی گئی ہے لیکن جس وسعت کی ضرورت ہے اس مختصر مقالہ میں کہاں میسر"

فارسی دیوان الفت میں ایک تحریر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ الفت کے والد کا نام مہابلی تھا نہ ماتھر تو کلی کایستھ تھے عاشقی لکھتے ہیں:- کہ الفت "از سکندر عظیم آباد بود" لیکن خوشگو جن کا بیان زیادہ قابل اعتماد ہے۔ فرماتے ہیں "از مدتے در عظیم آبادی ماند" معلوم ہوتا ہے کہ الفت کا آبائی وطن پٹنہ نہیں کہیں اور شاید دہلی تھا منتشر اوراق میں الفت کا ایک خط ہے جس میں اسے ایک بھائی لالہ حکم چند کے شاہجہاں آباد سے بہار آنے کا ذکر کرتے ہیں حکم چند کے نام "انشائے غریب" میں چند خطوط ہیں ایک سے پتہ چلتا ہے کہ بھائی کو کسی بیگم صاحبہ معظمہ" کے مدرسہ میں داخل کردیا تھا لیکن اُن کے خیال پوچ پادر ہوا سے سخت بیزار تھے "تحصیل کمال" اور مجمع اوباشان مردود" سے احتراز کرنے کی ہدایت کرتے ہیں دوسرے خط میں یہ سُن کر "از شربت ایام عطالت متألم متحیر بوده ارادہ دور از کار در دل دارند و از تلاش نوکری کہ شرط عقل است دل برداشتہ خانہ نشین گردیدہ اند ہر وقت بزشت خوئی و خشم بے جا دل آزار ...... می باشند" نصیحت کرتے ہیں کہ ایزد بے ہمتا وجود باسود ایشان را بزیور جمیع استعداد متحلی و موصوف (گردانیدہ) نفضلات خداوند کارساز" پر صابر و شاکر رہ کے اور متلاشی روزگار شوند" ایک خط میں حکم چند کی "رنجوری" "مقالہ" اور وفات پر آٹھ آٹھ آنسو رودیے ہیں اور "راضی بہ قضائے کردگار ہو کر مکتوب الیہ "خداوند فیض و افضال، صاحب امانی و امال" کو اطلاع دیتے ہیں کہ "برادر متوفی" کے اشیاء و امتعہ کو بہ حفاظت رکھدیا ہے۔

الفت کے خطوط میں گھوڑوں کی تجارت اور اس میں خسارہ کی طرف اشارات ملتے ہیں ایک خط میں لکھتے ہیں:-

"انشاء اللہ تعالیٰ اگر سال آئندہ قافلۂ اسپاں میرسد چندراس ترکی خرید کردہ برائے آں مہربان خواہد فرستاد" ایک جگہ ایک دوست کو گھوڑے بھیجتے ہیں اور ہنڈوی بھی واپس کرتے ہیں۔ شوکت جنگ یعنی سراج الدولہ کے ابن عم کے اسپ خاصہ کی تعریف میں ۲۶ سطور نثر میں اور ایک مثنوی لکھی جو انشائے الفت میں موجود ہے اور جس کے علاوہ اُن کی قادر الکلامی کے گھوڑوں سے شغف کا بھی اظہار ہوتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ ابتدائے عمر میں الفت باپ کے ساتھ پٹنہ آئے روزگار میں گھاٹا ہوا نوکریاں کیں اور میرمنشی اور پیشکاری کے فرائض انجام دے لیکن فروغ نصیب نہیں ہوا بیکاری و عطالت میں برسوں گذارے

معاش قلیل پر قناعت کی پٹنہ کو ہمیشہ کے لئے وطن قرار دے دیا یہیں سورگباشی ہوئے۔

خوشگو نے جو کئی بار پٹنہ آئے اور بقول صاحب گل رعنا پٹنہ ہی میں "در عشرۂ سابع بعد مأتہ و الف پیکر عنصری گذاشت" شاید ۱۱۶۱ھ کے لگ بھگ الفت سے پٹنہ میں ملے اور انہیں "جوان دلچسپ و باکثیر خوبیہا موصوف" پایا۔ الکند شہور کے متعلق خوشگو لکھتے ہیں "فقیر وقتیکہ در عظیم آباد بود مشار الیہ برفاقت برادر بزرگوار راجہ کیرت چند کہ بدیوانی نواب شہید...... ہیبت جنگ ...... مقرر بود اقامت داشت" راجہ رام نرائن موزوں کے حال میں رقمطراز ہیں "از مدتے بدیوانی صوبہ داری عظیم آباد امتیاز دارد فقیر اول مرتبہ کہ وارد آں دیار شد توجہ آں خریدار دلہا نفسے راست کرد" تاریخیں بتاتی ہیں کہ نواب ہیبت جنگ قدر سراج الدولہ ۱۱۶۱ھ میں افغانان دربھنگہ کے ہاتھوں دغا سے قتل ہوئے راجہ کیرت چند کی دیوانی ختم ہوئی موزوں انکی جگہ عہدۂ دیوانی پر فائز ہوئے اور ۱۱۶۵ھ میں راجہ جانکی رام کے مرنے پر نائب ناظم بہار ہوئے، انشار الفت میں چند خطوط خوشگو کے نام ہیں ایک "نوید وراود تشریف آوردن بہ بلدۂ عظیم آباد طراز تشریف یافت" تاریخ نہیں دی۔ بہرحال مسلم ہے کہ ۱۱۶۱ھ کے قریب یا اس کے کچھ پہلے خوشگو الفت سے ملاقی ہوئے اور انھیں جوان دلچسپ پایا منتشر اوراق میں الفت کی ایک تحریر ہے ۱۱۴۲ھ میں بروز ۲۵ شعبان نواب فخر الدولہ ناظم بہار (۱۱۴۸ھ ۱۱۴۸ء) کے دریائے گنگا میں جشن چراغاں منانے کا تذکرہ ہے اور انشار غریب کے دیباچے میں اجاگر چند لکھتے ہیں "کہ بحسب اشارت بعضی حلقہ بگوشان دُرد و غُرّ محبت و مضافات و متشہران جواہر زواہر مودت موالات بندیں گہرہائے آبدار الفاظ و عبارات کہ بعمر شانزدہ سالگی از دریائے دل بساحل زبان رسیدہ بود در سلک تحریر و رشتۂ تسطیر منتظم گردانیدہ کہ جعد عنبرین شاہد سخن را از دست فکرت تاب، دادہ از میل قلم سرمہ در چشم مخدرۂ کلام کشیدہ بر منصۂ بیان جلوۂ نمایاں بخشید نام ایں نامۂ نامی موسوم بہ انشار الفت غریب نمودہ شد۔ اگر فرض کر لیا جائے کہ ۱۱۶۰ھ کے قریب اجاگر چند نے بعمر شانزدہ سالگی" میدان انشار پردازی میں گامزنی شروع کی تو ۱۱۶۱ھ میں یقیناً عالم شباب کے مراحل طے کر رہے تھے جب خوشگو سے ملاقات ہوئی منتشر اوراق اور انشار غریب میں جس کا آغاز تالیف ۱۱۵۰ھ ہے انکی تحریریں ابتدائی مشق کی غمازی کرتی ہیں اور انشار الفت میں عبارت پختگی کہنہ مشقی اور سن کہولت کے آغاز کا ثبوت بہم پہونچاتی ہے یہ ضرور ہے کہ انشار غریب میں چند ایسے خطوط بھی شامل ہیں جو یقیناً بعد کو اضافہ کیے گئے اسیطرح انشار الفت میں چند تحریریں ایسی موجود ہیں جن میں ۱۱۵۰ھ کے قبل کے واقعات کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے جیسے مبارکباد نکہ سال بستم جلوس محمد شاہ غازی حسب الایمار رام نرائن موزوں ہے۔ محمد شاہ کا سال جلوس ۱۱۳۱ھ ہے مگر بہ حیثیت مجموعی انشار غریب اور انشار الفت پر تقدم و تأخر کا حکم صادق آتا ہے۔

پہلے مجموعہ میں ان خطوط کی تعداد کافی ہے جنھیں الفت نے دوسروں کی طرف سے لکھے "عرضداشت از طرف غیاث الدین محمد خاں یکے از منشیان نواب سیف خاں فوجدار پرینہ بجانب نواب مستطاب نظام الملک ہنگامیکہ از دکن بشاہجہان آباد تشریف آوردہ بودند" "عرضداشت از طرف نواب مکرمت خاں بہ یکے از امرائے حضور" "عرضداشت بجناب نواب احترام خاں دیوان خالصہ شریفہ از طرف مرزا شریف بیگ" سے ظاہر ہے کہ غریب نے کس کس کا اور کیا کام انجام دیا۔ لیکن انشار الفت میں بھی جسکی ضخامت زیادہ ہے (۹۲ اوراق) ایسے خطوط ("از طرف مکرمت خاں سود شدہ" "از زبان کرم فرمائے مخلصاں

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

پیر محمد مراد" "از زبان غیاث الدین محمد خاں" "مولوی محمد حسین لالہ جسونت رائے (۱) حسب الایمائے شیخ عبد السبحان منشی نواب الا جناب ہیبت جنگ بہادر کی کمی نہیں انشاء الفت تین قسموں پر منقسم ہے "بخشش مشتمل بر عرائض و مکاتیب مرسول بخدمت ایران سموا لمکان قسم دوم ملاطفات شوق امات بہ مخلصان یکدل و یکجان، قسم سوم بہ متفرقات مثل توصیف ہولی و دیوالی (ادبسنت وسلونو) و مبارکباد شادی عید رمضان وغیرہ انشاء الفت میں نہ کوئی ترتیب ہے نہ دیباچہ مجموعۂ اول تاریخی اعتبار سے بھی زیادہ اہم ہے اس میں غریب الفت کی نوکریوں کی کوشش کی طرف زیادہ اشارات پائے جاتے ہیں انشاء الفت میں بھی یہ چیز مفقود نہیں لیکن بیکاری "تنگ معاشی" "گوشۂ عافیت" اور "کنج خمول سے گردیدگی کا زیادہ ذکر ہے مجموعۂ دوم میں آخری تاریخ ۱۱۶۷ الملتی ہے۔

انشاء غریب میں ابتدائے عمر کے واقعات ہیں اکثر مقامی ہندو میں شریک ہوئے نواب علی وردی کے زمانہ نظامت بہار (۱۱۵۲-۶۰ھ۱۱) کے اکثر چشمدید حالات دوستوں کے خط میں لکھے اسکا ذکر آگے آئیگا کبھی شریک لشکر ہونے سے انکار بھی کیا ایک دفعہ "دیوان رگھونندن داس در شہر تشریف اوردند بہ جہت رفتن لشکر ظفر پیکر تکلیف کردند بندہ عذر نقاہت بدن و کسالت بعضی اعضا ازیں عزیمت باز آمد" ایک خط میں کسی "خداوند قدرداں فیض رساں" کو لکھتے ہیں "عامل سابق از وقوع بعضی تقصیر معزول شدہ و بندہ کہ بخدمت پیشکاری عامل معزول سرفرازی داشت ازیں تغیر و تبدل پابند عطالت گشتہ از ممر عدم وصول وجہ ماہیانہ تصدیعات مالایطاق میکشد...... توجہ در انجاح مطالب نیازمند مبذول فرمایند و پروانہ تنخواہ مقرری بنام ناظم صوبہ عنایت نمایند الخ" غیاث الدین محمد خاں کو لکھتے ہیں "ازانجا کہ فقیر جاگیر خان مسطور (فیض یاب خاں) را جاگیر خود میداند اگر بخاطر گرامی برسد از ابتدائے ۱۱۶۵ فصل متعلق دوستدار...... سند بفرستند کہ ہم بندوبست واقعی خواہد شد و ہم بلا تکلف زود صاحب جاگیر خواہد رسید" مجموعۂ اول سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ دنوں نواب ہیبت جنگ کے کتبخانہ کے مہتمم بھی تھے اکبر نامہ اور جہانگیر نامہ کے نسخے "خانصاحب کو بھیجتے ہیں۔ انشاء الفت میں ایک خط رائے اودیچند کے نام ہے جس میں اُن کے سرکار سراج الدولہ کے دیوان مقرر ہونے پر مبارکباد عرض کی ہے فرماتے ہیں "حقیقت احوال خود بموجب ارشاد صاحب بخدمت نواب صولت جنگ زعم سراج الدولہ بہادر عرض کردہ بود توجہ نیافت کہ خود را باعتصام رکاب ایشاں مستعد گرداند عیث تا ایں مدت تضیع اوقات نمود فریب بوقلمونی روزگار خورد وانہ دانست کہ بسعادت اندوزی رفاقت گرامی شرفیاب گردد لیکن بے سروسامانی عذر خواہ ایں مطلب است بہر حال از آنجا کہ ان مشفق فیض رساں برادران را مربی قدرداں خود تصور میکند و دلدادہ گرم جوش و حسن اخلاقی سامی است چشم ان دارد کہ بعد رسیدن مرشد آباد صورت نوکری مناسب دیدہ طلب خواہند فرمود کہ بہر طور خود را بگرامی خدمت خواہد رسانید" الفت نے نواب صولت جنگ کے پاس ایک زبردست قصیدہ تہنیت عید میں اور ۳۶ اشعار پر مشتمل بھیجا تھا لیکن کوئی فائدہ مترتب نہیں ہوا صولت جنگ فوجدار پورنیہ تھے معلوم ہوتا ہے الفت تلاش روزگار میں بنگالہ گئے مگر وہاں کی ہوا انھیں راس نہ آئی دلدار خاں انھیں بنگالہ آنے کی پھر دعوت دیتے ہیں جواب میں بنگال و ڈھاکہ کی ہجو کہہ ڈالی چند فقرات ملاحظہ ہوں "مخلص نواز شہریکہ آب و ہوایش در ناگواری و ناسازی زبانزد خاص و عام باشد ویرانہ بیش نیست۔ دیوانہ کسے کہ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ہوائے رفتن آنجا بہ سر پیچد۔ دلیکہ کہ چہ اش را آب بگیرد در ہر دو تا کمر در گل فرو نشیند خرابہ زیادہ نئے۔ گم کردہ خرد کہ روئے یک جرعہ آب بہ آں طرف کشد۔ آدم نو کرن تماشائے حسن گندم گوں بازنان سیہ فام آنجا چہ تمنا۔ دلبران دراز موئے آنجا کہ اگرچہ در گرفتاری دل سر مو تقصیر نمی کند گرد سر کاکل کمند ان بیماری اند" اسی طرح وہاں کے بازار بیماریوں اور بلاہائے بنگالہ کی مذمت کی ہے پانچ اشعار پر حسب معمول خط کو تمام کیا ہے آخری شعر نہایت رکیک ہے ؎

بغیر گنڈ گی ڈھاکہ اش نصیبے نیست فتاد ہر کہ بہ بیت الخلاء بنگالہ

راجہ کیرت چند نے جن کے نام کئی خطوط ہیں اور جو کشتی چلانے کی تعریف میں اُس وقت جب وہ دیوان نواب عالیجاہ شجاع الملک حسام الدولہ بہادر مہابت جنگ (علی وردی) مدظلہ تھے نظم و نثر کے دریا بہائے ہیں شاید انہیں بنگال آنے کی دعوت دی مع آب و ہوائے بنگالہ کی خرابی کا ذکر کر کے منجملہ اور اشعار ایک شعر لکھتے ہیں ؎

"نہ شد کہ از سر ما فتنہ دست بردارد بہ ہر دیار کہ رفتیم آسماں پلید ست

"اُلفت کی خواہش تھی کہ بہار و پٹنہ میں اُنھیں کسب معاش کی کوئی مناسب صورت پیدا ہو جائے ایک خط میں لکھتے ہیں "از مدت ممتد چوں نقش دیوار معطل بیکاری می ماند و ہر چند ساعی جمیلہ در تلاش روزگار می برد بجائے نمی رسد" دوسرے میں فرماتے ہیں ہر چند موجب ایں قول اَلعَبدُ یُدَبِّرُ وَاللہُ یُقَدِّرُ جہد جزیل در تحصیل وجہ معیشت بکار می برد اصلاً وقطعاً اثرے بروئے کار نمی آید و سعی لاکم مطلق رہ بجائے نمی برد۔ درینصورت اگر آں قبلہ زماں نوازش فرمائے عالمیاں نظر بر توزع احوال غربت نشاں بہ تفویض کارو خدمات معزز و ممتاز فرمایند عین ذرہ پروری و فقیر نوازی ست ؎

سر ارادت ما خاک آستانہ تست کجا رویم بگو غیر از یں جناب کجا"

اپنے اُستاد میر محمد علیم تحقیق کو لکھتے ہیں "مدتیست کہ در عطالت و بیکاری چوں سنبل حلقہ بند پیچ و تابم و از غایت و از غایت تنگدلیہا غنچہ ساں در بردۂ دل سرگرم خوردن خوناب برنگ گل مجموعۂ اوراق ابتر پریشاں در بغل دارم و دریں فصل ناقدردانی ہا از داغہائے جگر در دل لالہ میکارم دریں اگر از گلستان توجہات القبلہ کرم فرما کہ فیض یک میوۂ آبدار و لطف یک ثمر لطیف نخلستان التفات اوست نسیمے بحال ایں غنچہ وارو ز دیقین کہ بہ سرکار عبد العلیخاں (خاں صاحب سیر المتاخرین) کہ بتازگی بخدمت بہار مقرر شدہ فائز گردیدہ از بہار کامیابی گل مراد چنید" اسی طرح شجاعت خاں دیوان مظفر علی راجہ کرکپور (مونگیر) راجہ موزوں لالہ بلاس رائے رنگین وغیرہ کے نام متعدد خطوط میں اپنی عطالت و تنگ معاشی کا ذکر کیا ہے۔ رنگین ایک خط میں اپنی پریشانیوں کا حال لکھتے ہیں "دریں روزہا سخت بہ تنگ آمدہ ام درد دُمّل یک طرف شدت خارش۔ خانہ اش خراب۔ ہجوم تقاضائے قرضخواہاں یک جانب۔ بے شغل و تنہائی طرفہ در قلق و اضطراب مضمحل خاطر نون اندیشہائے دور از کار سرگرم مصاحبت دارد" ایک خط میں —— ایک معمولی نوکری کی درخواست کرتے ہیں "محاسبہ کاغذ و دیگر جواب و سوال بذمہ آنہا (شکار کارکن) باشد ایں جانب را بطریق مصرادن مقرر فرمایند مضمامکن درسہ انجام کار مقصر نخواہد بود الخ۔

حقیقت یہ ہے کہ لالہ اجاگر چند ایک قابل منشی لیکن آزاد اور ایک رند مشرب شخص تھے حساب کتاب سے بہت

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

گھبراتے تھے شباب کا عالم تھا آمدنی وخرچ میں توازن کی ضرورت ان ایام میں بہتوں کو محسوس نہیں ہوتی رنگین کو لکھتے ہیں "بفکر قرضداران خاطر عبث مشوش ساختن ستم بر ضاجوئی کردگار وامیدواری فضل پروردگار نمودن ست اگر دانست بپرسند من ہم تجربہ کاری وکاوش ایں بلا صد ناخن بجگر شکستہ ام وغیر ازیں کہ در پردۂ دل مژگانے تر کنیم وچشم از بپوشیم فائدہ نمی بینیم" زندہ دل اور یار باش تھے رقص وسرود کے دلدادہ اور کھانے کھلانے میں پیش پیش چوتھ چاندنی کی عیش افزا صحبت کی خبر دیتے ہیں" رنگین لباسان چمن زاد بنظارہ شاہدان برفرش زمردین مرغزار خواہند نشست وسرو قدان پری تمثال وسہی سرد سامان یوسف تمثال در باغ رامشگری آغاز خواہند کرد" مہربان محبان کو دعوت دیتے ہیں "فردا بہ سوئے گلستان جنت نشان شیخ محمد جان میرویم۔ ایک محفل مینو فریب ومجلس بافر وزیب" میں لالہ صاحب تشریف فرمائیں "کنچنیاں نازک ادا سیمیں عذار ومطربان نغمہ سنج "مصروف وقاصی ورامشگری" ہیں" تمامی لوازم عیش دلخواہ مہیا" ہیں "حریفان از تجرع بادۂ گلگوں کہ گلگونہ کش مخدرہ انبساط است سرشار ہیں لیکن ان یار جانی دوست روحانی گل گلشن سخندانی کلید ابواب شادمانی ثمرۂ ریاض زندگانی، کی غیر موجودگی سارا مزہ کرکرا کیئے دیتی ہے لالہ بہاری لال کو لکھتے ہیں "امروز کہ ابر سایہ برسر افگندہ است، دل بے اختیار می خواہد" صرف دو شعر کافی ہیں ؎

وقت آں آمد کہ مینا نغمۂ قلقل زند — چرخ ہمچوں نرگس معشوق جام گل زند
مطرب از سرکوک ساز نغمۂ در بوستاں — موج گلہا جوش عشرت در دل بلبل زند

آخر میں لکھتے ہیں ؎

تا شمع رخ تو مجلس آرا نہ شود — ہنگامۂ ما گرم ز صہبا نہ شود
تا بوئے محبت تو بیروں نزود — چوں غنچۂ تصویر دلم وا نہ شود

شراب کے بڑے دلدادہ تھے ایک دوست کو لکھتے ہیں "بفضل الٰہی نغمہ سامان ضیافت مہیا است سوائے ساقی وساغر وشیشہ لبالب از صہبا۔ اگرچہ درخواست چیزے دریں زمانہ بانکلف یگانہ آبروے اخلاص ریختن است لیکن طلب شراب از یاران جانی درکنش ومشرب محبت خالی از کیفیت ابرو نخواہد بود ؎

مریز آب رخ خود مگر برائے شراب — کہ دردو آتشہ بود سرخوگدائے شراب

چند تنک شیشہ کہ شب لبالب از بادہ فرنگ بود اگر از اشہ بہ دمادم سرکار باقی ماندہ باشد بفرستند وخود ہم جلد تشریف آرند الخ" مثالیں متعدد ملتی ہیں کہاں تک درج کی جائیں بعض تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ کسی کی زلف گرہ گیر کے اسیر ہو کر غریب الفت ہو گئے، خوشگو وجہ نہیں بتاتے اور عاشقی کا جملہ کہ "بعد ازاں بدام الفت گرفتار گردید" سند نہیں رکھتا تھا میں درد ہے فرنگ وفرنگی کا اکثر ذکر کرتے ہیں مگر کسی بات کا کچھ قطعی ثبوت نہیں ملتا آخر میں کچھ خمول اور گوشہ تنہائی کے خوگر ہو گئے تھے شغل شعر وشاعری جاری تھا لیکن طبیعت افسردہ اور خاطر پژمردہ تھی ممکن ہے عسرت وتنگدستی اسکی ذمہ دار ہو۔ خوشگو اور ان کے تتبع میں دوسرے تذکرہ نگار لکھتے ہیں "خیلے ہموار وخلیق وبہ لحاظ دیگے دوستانہا بر جادۂ بے تکلف بنظر آمد" الفت بالطبع ایک لاابالی مرنج مرنجاں قسم کے آدمی تھے، بیشتر حصہ عمر کا رنگ رلیوں میں گذرا لیکن ذمہ داری اور فرائض

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کے احساس سے خالی نہ تھے، بھائی کا ذکر پہلے آچکا ہے دوستوں کو بھی اکثر زوردار الفاظ میں نصیحتیں کی ہیں، نوجوانوں کو تحصیل کسب کمال کی ترغیب دی ہے، بے راہ روی کی سختی سے خبر لی ہے ایک صاحب کو لکھتے ہیں " عزیزے خواندن محض تحصیل حاصل است..... اے بے خبراں فرصتے کہ سواد و بیاض لیالی و ایام با یار ہوشیار ہوشیار ورق میگرداند" لالہ امر چند کو انکے اطوار ناپسند پر الفت کا خامہ سوا غلط طراز لکھتا ہے " از درشت خوئی و سخن گوئی انسان کہ ہر آشنا و بیگانہ را دل خون نموده بخدا کہ سخت بجاں آمدام باوصف عقل و تمیز ایں چہ نادانی و طفل مزاجیت کہ ہر دم از شما سر میزند و خاطرہا می رنجانند و دلہا می شکند..... ایں ہمہ ہرزہ پسندی از نوجوانی ہاست و ہنوز بوئے شیراز دہاں شما بر رفتہ است وقت نصائح با والد ماجد ناخوش شدن و گہے بنگالہ می روم و گاہے شاہجہاں آباد می مینم بزبان اردوں راجہ میگوید ؎

نامے از خویش در جہاں بگذار　　زندگانی برائے مردن نیست

حالا ہم ہیچ نہ رفتہ است و غیر از مردم خانہ بریں ماجرا کسے آگاہ نگشتہ...... نصیحت ہا بشنوند و از کجروی ہا برگردند" الفت کا حُسن خلق اور رقت قلب ان مکاتیب سے ظاہر ہے جن میں دوسروں کی پریشانیوں پر تاسف و ملال کرتے ہیں نوکری کی بحالی میں جد و جہد اور سفارش سے دریغ نہیں کرتے غرضکہ الفت کے مکاتیب سے اُن کے واقعات زندگی اور سیرت کے متعلق بہت سی باتیں اخذ کی جاتی سکتی ہیں لیکن تنگ دامانی مانع تطویل اور مقتضی اختصار ہے اور ابھی تاریخی سواد ادبی خصوصیات پر نظر کرنا باقی ہے۔

منشات غریب و الفت کی تاریخی اہمیت ایک علاحدہ مقالہ کی محتاج ہے چند اشارات پر یہاں اکتفا کی جاتی ہے۔ انشاء الفت میں مندرجۂ ذیل مکتوب الیہم کے نام ملتے ہیں، انمیں اکثر مشہور تاریخی ہستیاں ہیں راجہ رام نرائن موزوں (۱۲ خطوط) ملاسی رائے رنگین (۲۷) رائے دھیرج نرائن برادر خورد موزوں رائے نوازی رام امن رائے بھر دوت دیوان مہابت جنگ۔ شجاعت خاں دیوان راجہ منظفر علی کرپور تلوک چند دیوان راجہ موزوں (۸ خطوط) راجہ کیرت چند امن رائے رامان عالی چند (۳) رائے اودیچند دیوان سرکار خالصہ سراج الدولہ۔ مانکچند دیوان راجہ بردوان (۴) مجاب سنگھ (۴) منوہر لال (۷) لالہ بہاری لال (۵) مہرچند (۲) خوشگو (۳) لالہ مولراج عشرت (۳) مولانا محمد علی (۲) لالہ موہیچند (۳) لالہ گورکھی لال (۲) میر محمد حسین ابن تحقیق (۳) خواجہ عاقبت محمود ناظم۔ بالمکند مشہور ابن عم راجہ کیرتچند۔ شیخ المتاخرین شیخ علی حزیں میاں چاند "تانسین زماں"۔ گنگا رام منصور۔ بابو اسارام۔ لالہ سنگی لال۔ لالہ رنگ لال۔ میر ثناء اللہ (۲) میر اشرف۔ میر عبد اللہ ابن میر غلام علی صفوی، لالہ بہادر سنگہ۔ لالہ خلونت رائے منشی خوبچند زکا۔ ولی خاں۔ دیوان جنیامن داس منشی۔ بنگالی لال جرأت خلعت میر وحید۔ لالہ جیون رام۔ لالہ جواہر مل جواہر رقم۔ مکرمت خاں کی طرف ۱۴ خطوط الفت نے لکھے شاید انکے منشی تھے اس کے علاوہ متعدد اشنائے یکرنگ کو مکاتیب لکھے گئے انشاء الفت کے خطوط میں کئی قابل قدر تاریخی معلومات بہم پہونچاتے ہیں مثلاً حزیں کا باردوم پٹنہ آنا جائے قیام قطعہ تاریخ تشریف آوری (مقدم فیض افزا) اصلاح سخن موزوں ان کے بھائی اور الفت سے حزیں کے تعلقات۔ خوشگو اور عشرت کا پٹنہ میں ورود حالی صاحب سیر المتاخرین کا بہار میں تقرر۔ راجہ رام نرائن کی پٹنہ سے باہر امور حکومت کی سرانجام دہی تسخیر قلاع اور مبتہ مفسدان تاریخ خطاب راجگی از خوشگو الفت کا قطعہ تاریخ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

وصالِ میر محمد علیم (تحقیق شدہ واصل حق) تاریخ خلعت صوبہ داری موزوں (خلعت زیبا آمد) تاریخ بنائے باغ میر افضل (عشرت افزا بنگلہ)۔ تاریخ ولادت برادرزادہ موزوں (از تازہ گل گلشن رام دمیدہ)۔

پٹنہ میں وزدی کا زور باشندگان و بازاران شہر کی سراسیمگی کوتوال و حکّام کا عدم حزم و احتیاط۔ راجہ سندر سنگھ ٹکاری اور اور راماں کنتت (مرزاپور) کا تعذر و تعلّل در ادائے یومیہ مقررہ خوشگو اور بہار ہنگامہ برگیاں مولوی محمد حسین کی طرف سے الفت "نواب زین الدین احمد خاں بہادر ہیبت جنگ کو لکھتے ہیں" نفیر بہ سبب ہنگامہ برگیاں نکبت آثار از قصبہ بہار مع قبائل و عشائر در شہر بہ سایہ دولت عالی رسیدہ الخ۔ رنگین کو الفت مرہٹوں کے تیسرے پیشوا بالاجی باجی راؤ کی لشکر کشی لوگوں کے ہراس اور اپنی حالت کے متعلق لکھتے ہیں "آنچہ از اراذل بالاجی سرگروہ برگیاں اخراجی (۴۴) با فوج کثیر و جم غفیر بطرف پٹنہ و بنگال مصلحت دید از یں شہر بدر زدن ایں بے برگ کم کردہ اسباب سوختہ کالارقم زدہ کلک رافت طراز شدہ بود ہر گاہ اثاث البیتے کہ داشتم بیشتر نذر آتش کردم و بتازگی چند پارچہ پوشاکے نیم سوختہ باقی ماندہ راپیشکش آب نمودم۔ غمے از لشکر کشی ہا ندارم و چو متمولاں مایہ دار سر بر حاجی پور (ضلع ترہت) نمی کشم و بے باکی خود را حصن حصین خود میدانم ع

کے خطر از آفت دنیا بود بے مایہ را

لالہ سوبھا چند کے خط میں لکھتے ہیں "از ہنگامہ برگیان بے برگ نکبت آثار کہ بنواحی صوبہ بہار رو دادہ چہ بر طرازد کہ قصبہ بہار و غیاث پور و مینر و قسمرام و دیگر قریات و قصبات آنجا بغارت و نہیب ایں مخذولان ذمیم العاقبہ در رفاہت دشمنان سراسر آفت در آمدہ ویک دانہ محصول مزرا عتے جز خوشہ پروین نماندہ و کشتے جز مزرعہ سپہر فلک از پائمالی سلامت نشدہ و علمائے علف تیغ سفّاک و اکثرے قتیل و جسر تیغ و ہلاک گشتند۔ خبر است کہ دراں ضلع ہم شورش نہادان بے باک رخت انتشار کشند۔ صاحب بطور سابق از دست و برد آنہا غافل نباشند۔ ہم عصر مورخوں نے ۱۱۵۵ھ اور ۱۱۵۶ھ میں بالاجی اور رگھوجی بھونسلہ کے حملات کا تذکرہ کیا ہے لیکن کسی نے نواب علی وردی کے عہد حکومت میں مرہٹوں کی مشرقی صوبجات ہند پر تاخت و تاراج کی طرف اشارہ بھی نہیں کیا مرہٹہ مورخین بھی ساکت ہیں انشاء غریب میں منجملہ اور تاریخی انکشافات کے باجی راؤ نقادت پیرائے سرکردہ "کھنّا ن بدسگال اور نواب سعادت خاں برہان الملک" کی جھڑپوں "برگیاں بدکردار" کے ہامصت بے شمار شہر مرزاپور میں وارد ہوئے "جوگراج راجہ سندھ ہاشمی" کے اسیر و دستگیر کیے جانے مرہٹوں کے مستعد و آمادہ شدن اس صوبہ (گیار) شہر عظیم آباد میں غلغلہ قیامت نشان "ناظم بہار کی بنا بر حزم و احتیاط نگاہداشت سپاہ و مرمت دیوار شہر جگتا من داس دیوان سرکار شاہ آباد کی مستعدی" کے اہم واقعات مندرج ہیں علی وردی خاں کے زمانہ حکومت بہار میں سرکشوں کی سرکوبی مہم ٹکاری مہم یسر ہوم کے واقعات کی تفصیلات کہیں اس قدر نظر نہیں آتیں جس قدر انشاء غریب میں۔

آئیے اب ہم الفت کے ادبی احول اور خصوصیات نثر و نظم پر غور کریں۔

الفت کا زمانہ فارسی اشاعت کا کئی اعتبار سے حد زریں قرار دیا جا سکتا ہے ہندو اور مسلمان مصنفین شعراء و انشاء پرداز بکثرت نظر آتے ہیں تاریخ تذکرہ فن انشاء اور شاعری کا یہ خاص دور تھا عظیم آباد میں اکثر باکمال اشخاص موجود تھے۔ الفت خاص طور پر چار پانچ افاضل کا بڑے احترام سے نام لیتے ہیں ایک تو تحقیق ان کے استاد تھے دوسرے تبلا نکتہ سنجاں

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

مرجع متبحراں زماں جامع کمالات صوری و معنوی مرزا الف بیگ" جن سے ایک شعر کے فک اضافت کے مسئلہ پر الفت اپنا اطمینان چاہتے ہیں تیرے سرو بوستاں ...... مہر سپہر سخندانی ...... ناظم شہر سخن، مظہر محامد و مکارم مرجع اعالی و اعاظم استادی خواجہ عاقبت محمود ناظم" چوتھے شناسائے رموز خفی و جلی مولوی محمد علی پانچویں میر وحید راجہ موزوں اور راجہ کیرت چند کی فارسی دانی کے صاحب سیر المتأخرین بھی قائل ہیں اور الفت بھی اُن کی بزرگی کا اعتراف کرتے ہیں رنگین کے نام ایک خط میں لکھتے ہیں "برادر من خود داد انصاف دہند جائے کہ آفتاب اوج سخندانی میر محمد علیم صاحب تحقیق و ماہ منیر آسمان معانی ...... مرزا الف بیگ صاحب و دُرِ برج نکتہ سنجی خواجہ عاقبت محمود ناظم مدظلہم العالی و دیگر اعیان نکتہ یاب مثل نواب بہادر (ہیبت جنگ) و میر وحید صاحب پسند نمودہ باشند دخل و نخراش ایں تعصب دوستاں لطف دشمن نمک و یک محض بیجا و خطاست بخدا کہ من طبع منقضے دارم اگر طفل خوانے حرف مناسب و معقول گوید واللہ قبول دارم" بحث یہ تھی کہ تشبیہ ماداروبہ خوب نیست" خود تو خود ہی ایک ماہر فارسی داں اور دقیقہ سنج شاعر تھے اُن کی قابلیت مسلم اور معلومات وسیع تھیں مثلاً خطاطی کے متعلق "سرآمد خوش نویسان روزگار مجمع مخترعات بے نظیر آقا میر کے جواب میں لکھتے ہیں آخری الفاظ یہ ہیں "بتاریخ سیصد و ہلالی از خط معقلی و کوفی و غیر آں شش خط ثلث توقیع و محقق و نسخ و ریحاں و رقاع نام اختراع نمودہ و بعضے از دوستان طرازاں سلف خط نسخ را مخترع یاقوت مستعصم می شمارند عربی سے الفت بے بہرہ نہ تھے ایک خط عربی اشعار سے جس کا پہلا شعر یہ ہے :-

الا یا نسیم الصبح بلغ تحیتی　　الیٰ من فداہُ فوادی و مُہجتی

سے شروع کرتے ہیں - اسلامی روایات اور قرآن و حدیث اور مسائل تصوف کا اظہار جگہ جگہ ان کی تحریر سے ہوتا ہے انشاء غریب کے دیباچہ کی عبارت قابل ذکر ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد لکھتے ہیں:-

اے پُر گہر زنام تو دُرج مقالہا　　سرشار نطق از مے حمد زلالہا

چوں غنچہ سر بہ جیب تحیر کشیدہ اند　　در گلشن ثنائے تو رنگیں خیالہا

زیب دیباچہ سخن نگارش محامد جہاں آرائے ست کہ شبدیز صبا رفتار قلم بدائع نگار۔ و فارسان مضمار معانی و کمیت برق رفتار۔ کلک غرائب آثار۔ شہسواران عرصہ سخندانی در بیدائے ناپیدائے حمد طرازی و فضائے لا انتہا مدح پردازش دست و پا شکستہ و حمامہ نگاریں بال۔ زبان سحر ترجمان نازنگران طلسم سخنوری و عنقائے بلند پرواز لسان اعجاز بیانی نکتہ طرازان عربی و دری بر اوج ثنائے لا انتہائش تشہیر پرواز بستہ ع

نہ ادراک در کنہ ذاتش رسد　　نہ فکرت بغور صفاتش رسد

نہ بر اوج ذاتش پرد مرغ وہم　　نہ در ذیل وصفش رسد دست فہم

پھر نعت کی باری آتی ہے "زینت محفل نطق نعت مرسلے ست کہ لی مع اللہ نکتہ ایست از صحیفہ جلیلہ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

جلالش و ھو معکم حرفیست از طومار سلسلۂ کمالش۔ رباعی۔

جہاں را راہ حق نمودہ اوست ۔۔۔ مکاں را لامکاں نمودہ اوست
سروش از غاشیہ داران اندر ۔۔۔ رواق بے ستون ایوان اندر

اولیں از محبت محمد و مدح و مدحت محبوب حق "مدح دادر دوراں ...... محمد شاہ غازی خلد اللہ ملکہ و ظلالہ" کی نوبت آتی ہے حدیث لِی مَعَ اللہِ وَقتٌ لا یَسَعُنِی فِیہِ نَبِیٌّ مُرسَلٌ وَ لا مَلَکٌ مُقَرَّبٌ اور آیت قرآنی ھو معکم و این ما کنتم کو کس خوبی سے نباہا ہے حقیقت یہ ہے کہ عربی کے جملے اور عربی فقرات کا برمحل تصرف الفت کی تحریر کے خصوصیات میں داخل ہے ایک فقرہ ہے "ریاں خورم و خنداں دارند" کیا اس سے قرآنی آیت وجوہ یومئذٍ ناضرۃ الی ربھا ناظرہ سے واقفیت ثابت نہیں ہوتی؟ یہ سب انشائیں انشاء غریب سے پیش کی گئیں جو مشق اولیں کا نتیجہ ہے غرابت ترکیب اور توالی اضافات جو سجع کی پابندی میں استعمال کئے جائیں مستحسن نہیں قرار دیے جاتے انشاء الفت کی زبان بھی تکلف سے خالی نہیں ابوالفضل و ظہوری اور واعظ کاشفی کے اثرات زائل نہیں ہوئے تھے لیکن انشاء الفت کے خطوط کی عبارت اتنی مشکل نہیں الفت کو زبان پر کافی قدرت تھی کلام ناصاف اور ناشستہ نہیں کافی روانی اور معنویت پائی جاتی ہے۔ استعارات و تشبیہات کی تکرار ہم قافیہ اور مشترک الفاظ کی رعایت مغلق تراکیب کا استعمال جس قدر بھی الفت کی بعد کی تحریروں میں پایا جاتا ہے ہمیں گراں گزرے گا ہمیں الفت کے احول اور اُن کے ہم عصر حضرات کے ذوق کو نظر انداز کرنا نہیں چاہئے ایک خصوصیت الفت کی یہ ہے کہ ہر تحریر میں نثر کے ساتھ شاذ و نادر پہلے عموماً آخر میں اشعار بکثرت لاتے ہیں اور یہ اشعار بالکل برمحل اور زیادہ تر اون کے تراوش فکر کا نتیجہ ہوتے ہیں انشاء غریب سے کچھ اقتباس پیش کیا گیا۔ انشاء الفت سے صرف ایک خط کی مکمل عبارت جو بجناب تفضل مآب قبلۂ ارباب کمال و کعبہ اصحاب افضال مرجع ارباب عرفان متبحرین مظہر تجلیات معانی متین حضرت شیخ صاحب شیخ محمد علی حزیں مدظلال افضالہ ارسال یافت یہاں درج کی جاتی ہے نثر و نظم دونوں موجود ہے۔ سربسجود عقیدت مندا و جاگر چند الفت بعد اقتباس انوار افاضت و افتخار از جبہہ افروزی سجدات آستان نجابت مدار بعرض بندگان نصرۃ سینہ فلک اقتدار میرساند کہ گلدستہ مباہات نامہ گرامی پروانہ ملازمان عظام بہ شرف ورود مسعود سرلفرقدان سائی علام معبودیت التیام گردید و برنگ فصل بہار نزول افتخار فرمودہ چمن نوازش را نضارت جاوید بخشید آداب و تسلیمات این عنایت عظمیٰ بجا می آرد و امیدوار از فضل و کرم عمیم است کہ مردمک دیدہ غلاماں خاکسار ہموارہ روشنی اندوز سرمہ سواد سطور فیض ظہور ذریعہ التفات عظامی بودہ شرف راہنمائی آموزد و مفاخرت شرف را ضیا اندوز باشد۔ غزل ناقصے کہ در ینولا از خاطر فاتر سر بر زدہ احرام جناب افاضت مآب می بندد و بہ شرف اصلاح شرف گردیدنی تمنا دارد ع

من از درد جدائی خاطر اندوہگیں دارم ۔۔۔ کہ دشمن در بغل ہمچوں دل خود می دارم

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

تسلسل تا ابد تار سرشکم را نشود لازم — نظر از بسکه به زنجیر زلف عنبریں دارم
بجائے ناله ام در سینه دستِ نار می روئید — ز بس در دل خیال قامت آں نازنیں دارم
بخاک افتاده خون من ز عالم بر نمی خیزد — بسان نقش پا در کوئے او سر بر زمیں دارم
دلم از تنگیها نقد همت در گره دارد — نه هیچوں کاکل او عقده در خاطر زکیں دارم
به هفت اقلیم گردد نام کفر عشق او روشن — که اسم آں صنم نام خدا نقش نگیں دارم
بدام او رونقش صیاد من آساں نمی باشد — دل دیوانه آں چشم وحشت آفریں دارم
مبادا سیل اشک دیده از سر مگذرد یارب — ز راه کوچه آں شوخ گردے بر جبیں دارم
لبفوج غمزه غارتگر نگاهے گشته مها کم — چه سازم نذر او یارب نه دل دارم نه دیں دارم
ز شور گریه هجران رخسارش چه می پرسی — صد آتش پارهٔ لخت جگر در آستیں دارم
ترا و ذکته های ابدار از خامه ام الفت — که هر ساعت نظر بر فیض استاد حزیں دارم

نظم تم السطور کے نزدیک نثر سے بہتر ہے مگر اس خاکی نثر کو الفت کی نثری تحریر کا نمونہ سمجھنا غلط ہوگا۔ ساتھ الفت حزیں کے خطوط کی عبارت پر غور کرتے اور اسے اپنے لئے شمع ہدایت قرار دیتے لیکن کہاں حزیں اور کہاں الفت۔ انشاء الفت اور انشاء غریب میں متعدد غزلیں جن میں سے اکثر دیوان کے دستیاب شدہ اجزاء میں موجود ہیں لیکن مثنویاں قصائد رباعیاں اس میں نہیں ملتیں گو دیوان کافی ضخیم ہے اب شاعری کے متعلق چند باتیں عرض کی جاتی ہیں:-

دیوان فارسی کا نسخہ نہایت ناقص ہے مشکل سے کوئی مکمل غزل نظر آتی ہے۔ پہلی دو غزلوں کے چند الفاظ ملاحظہ ہوں:-

(۱) نمائد نام حق روشن دل معنی خیالاں را — کہ گل نور خدا باشد سخن صاحب کمالاں را
(۲) زباں فواره باغ معانی گردد از فیضش — دہاں سرچشمهٔ کوثر شود عرفاں (شیریں) مقالاں را
(۳) خیالش در دل صافی سرشتاں جلوه گر باشد — بایں آئینه روئے دل بود صاحب جمالاں را
(۴) دل عشاق او در پرده یارب نالہ دارد — بود سر در گریباں غنچه ساں خاموش نالاں را
(۵) سخن از شکوهٔ زخم زباں دلریش مستاں را — زباں کے می بود در اختیار خویش مستاں را
(۶) چو از حد بگذرد صهباکشی ہے می گزد جاں را — زند موج مے گل زنگ بر دل تہیش مستاں را

پہلے شعر میں معنی خیالی کی طرف اشارہ ہے جو حزیں کے کلام کا نمایاں عنصر ہے۔ دیوان کا مطلع بتا رہا ہے کہ شاید حزیں کے تتبع میں معنی خیال کو الفت نے حسن کلام کا اساس قرار دیئے ہیں اور یہی ان کا مسلک سخن ہے اس مطلع سے

---

* شعر

بسان نقش پائے رہرواں کوئے تمنا میں — نہیں اٹھنے کی طاقت کیا کریں لاچار بیٹھے ہیں

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اس معنی خیالی کا اہم موضوع بھی معلوم ہوتا ہے یعنی "معارت آئینہ" مگر دیوان کا تصفح بتاتا ہے کہ یہ معنی خیالی کبھی کبھی بلکہ اکثر معاملات عشق مجازی پر بھی صرف ہوئی ہے کہیں کہیں اس معنی خیالی کے زور نے معاملہ بندی کو واقعیت کی حدود سے نکال کر تصوریت کی اقلیم میں جا پہنچایا ہے مگر جہاں یہ ہی معنی خیالی معاملات حسن و عشق اور تجربات زندگی کے تجزیہ تک محدود رہی ہے وہاں زندگی کی عکاسی و نقاشی کے اچھے نمونے ملتے ہیں حسن مطلع یعنی مطلع کے بعد کا شعر معنی خیالی کی مزید تصریح کر رہا ہے۔ تیسرے اور چوتھے شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر کے رجحانات صوفیانہ اور عارفانہ ہیں پانچواں شعر بمقابلہ پہلی غزل کے اشعار کے لطف زبان رکھتا ہے خصوصاً دوسرا مصرعہ یہ وہ کیفیت ہے جو حزیں کے کلام میں باستقلال ملتی ہے آخری شعر سے ثابت ہوتا ہے کہ شراب بہت پیتے تھے اور پھر زیادہ پی کر پچھتاتے تھے اس شعر میں Diminishing Reharns کی کیفیت کا احساس ہے یہی حال اس کے بعد کے شعر کا بھی ہے یعنی ۔

آں فرط مے نوشی خجالت بار لے الفت   کند می خوردن بسیار سر در پیش مستاں را

پہلی پوری غزل مجموعی حیثیت سے بجائے حزیں کے بیدل کے رنگ میں ہے طرز بیدل کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ محاورہ شکنی پر زور معنی خیالی۔ عجیب و غریب ترکیبیں اور تہ در تہ خیال بندی اسکی امتیازی خصوصیات ہیں اب رہا طرز حزیں تو ان کے یہاں حسن فکر کے ساتھ لطف زبان یا معنی آفرینی کے ساتھ چاشنی زبان اور ندرت بیان بدرجۂ اتم پائی جاتی ہے فکر حزیں کے متعلق یہ کہنا کافی ہے کہ صبر۔ ایثار۔ قربانی۔ مصیبت۔ وفا۔ شہادت۔ بکا۔ فقر کے مضامین حزیں کے تخیل کے امتیازی عنصر ہیں اب الفت کے مندرجہ بالا اشعار پر غور کیجئے معنی خیالی کے سیل تند نے محاورہ زبان کے بند توڑ دیئے ہیں عجیب و غریب قسم کی ترکیبیں جا بجا نظر آتی ہیں حزیں کے کلام میں سرکشی نہیں ہے ندرت بیان ہے جدت ترکیب ہے مگر محاورہ شکنی کہیں نہیں وہ لطف زبان کو باوجود معنی خیالی کے کس ہاتھ سے جانے نہیں دیتے انکا توسن خیال بہت تیز دوڑتا ہے مگر گرد کبھی نہیں اڑاتا لیکن الفت ہے کم از کم اس غزل میں حزیں کے گرد یا زباں بردار شاگرد نظر نہیں آتے یہ مسئلہ تحقیق طلب کہ حزیں سے پہلے ان پر بیدل کا اثر بھی پڑا اور یہ حقیقت غور طلب ہے کہ ان کے کلام میں عجیب و غریب قسم کی محاورہ شکنی یا کم از کم غیر مانوس ترکیبیں بیدل کے تتبع میں نہیں بلکہ حزیں کی جدت ترکیب کی ناکام تقلید سے پیدا ہوئی ہیں یعنی وہ جدت ترکیب تو نہ پیدا کر سکے غرابت پیدا ہو گئی کیمیاگری کی کوشش میں سونا تو نہ بنا البتہ ملمع تیار ہو گیا۔

الفت سے حزیں کے تعلقات کی ابتدا ۱۱۶۱ھ کے بعد ہی ہو سکتی ہے اسلئے کہ حزیں اسی سال بنارس پہونچے اور عظیم آباد میں شاید دوسرے سال وارد ہوئے الفت نے مشرق سے مغرب کی جانب اپنے سفر کا ذکر نہیں کیا۔ ہو سکتا ہے شہرت نہ ہو۔ دیوان الفت دو تین جگہ حزیں کا نام لائے ہیں غزلوں پر غزلیں کہیں لیکن صائب کی غزل پر بھی غزل کہی دو تین جگہ مقطع میں صائب کے مصرعہ بھی استعمال کئے ہیں تمثیل صائب کا رنگ الفت کے اس شعر سے ۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

سیر روشن دل بطرز دیگر است   کے صدا خیزد ز پائے آفتاب

ہویدا ہے۔ پھر یہ مقطع ملاحظہ ہو:۔

الفت دلم ز مصرعہ صائب بہ حیرت است   آئینہ از رخش گل خورشید چیدہ است

پھر یہ اشعار لیجئے:۔

شود لاغر از تو دوستی فربہ شود الفت   برائد برگ ایں مور راز نبور میگردد

الفت رساند و مصرع صائب داغ !   خود را بہ یک پیالہ جہان دگر کنند

کسی جگہ نظیری کے رنگ کی بھی جھلک دکھلائی دیتی ہے مثلاً:۔

بہ مستانہ خوابے بر لب کوثر تواں کردن   چو خال لعل آں معشوق گردد نکتہ گاہ ما

مئے بو داز سوختن تسکیں دل بیتاب را   می برداز نسیمے گشتہ سیماب را

اگر پہلے شعر میں رعایت لفظی ہے تو دوسرے میں تمثیل نہایت خوب غالب کا مصرعہ:۔ درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا یاد آجاتا ہے)۔ ایک شعر ؎

چو آمد در بغل نہفتت آں رخسار زیبا را   بردیش داغ دل تا داکند چشم تماشا را

کے دوسرے مصرعے میں جو نہایت خوب ہے عرفی کا رنگ آشکار ہے لیکن بیدل کی شہرت خاص کر عظیم آباد میں جہاں یہ مدتوں رہے بہت ہی ان کا کلام بڑا مقبول تھا الفت کی نظر سے یقیناً گذرا ہوگا طرز بیدل کی چند مثالیں دیوان الفت سے پیش کی جائیں تو شاید یہ مسئلہ حل ہو سکے اشعار ملاحظہ ہوں:۔

(۱) ز دست اں صنم مارا رہائی کے بود الفت   کمند گردن جاں میکشد آں زلف پرخم را

(۲) عرض بیتابی نمی ساز دبطبع نارکش   دل چرا الفت نظر باد از شکست رنگ شد

(۳) عجب نبود بایں آتش عنایت ہا کہ می آید   سمندر آشیاں بندد بچیں دامن نارش

(۴) شک رد خانہ حسرت نامہ بیتابی خود را   بر آواز شکست رنگ دردے زردی بندم

(۵) بہ خلوت گاہ دل تا کرد جولاں نازک اندامے   ز موج فالہا تدبیرے براہ کردمی بندم

(۶) ز خون دل برنگ طفل اشک خویشتن ہر شب   حنا بر پائے موج آہ غم پروردمی بندم

(۷) نگاہ گرم ساقی اب کرد از بس ایاغ من   کف ساغر نمی آید برنگ جام گردانم

ان اشعار سے یہ بات مخفی نہیں رہتی کہ ہمارا شاعر بیدل سے کافی متاثر تھا اب ہم الفت کے چیدہ اشعار سے انکی خصوصیات شاعری کو واضح کرنے کی کوشش کرتے ہیں حسن تخیل کی مثالیں:۔

(۱) در شبستانی کہ افروزد چراغ روئے او   شمع آنجا دام می گیرد پروانہ را

(۲) مدہ از کف صبوحی در خمی گر بادہ شد آخر   ز برگ تاک در ساغر تواں پر کرد شبنم را

(کیا خوب بلند اور دلکش مشعر ہے۔ یہ شعر شاعر کی عظمت کے لئے کافی ہے گو پر کردن کا محاورہ محل نظر ہے

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

غالب کا مشہور شعر ہے:-

گو ہاتھ میں جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے — رہنے دو ابھی بادہ و ساغر مرے آگے

نامور شعراء کے توارد خیال کا پتہ دیتا ہے)

(۳) لب جو گر گشد ز چہرہ نقاب — گل خورشید می دمد از آب

(۴) چشم تو فگند از نظرم غمزہ تم این است — از کعبہ برون آمدہ ام حرمتم این است

(مصرعہ ثانی خوب ہے)

(۵) لب پیکان او از دل نہ شد کم — چو آہنگر آتش این جا خون نا لیست

(۶) ان سست ناز گرم ہے تا کہ دیدہ است — از دل چو تاک طرفہ شرابے کشیدہ است

(۷) اختراع ست این نگہ در دیدنت — کس متاع خویش خود دزدیدہ است

(۸) خون جگر ز پردہ چشم ز حد گذشت — کلفت بہ سینہ ماندہ شراب از نمد گذشت

(۹) شد فصل گل ز دست و نکردہ ست چاک دل — بر گردن ارچہ بار گریباں نگاہ داشت

(۱۰) ز موج خیز آہ خیالی ترا دلم — ہم چوں چراغ در تہ داماں نگاہ داشت

(۱۱) رقت نمی کند دل حیراں بدرد من — آئینہ کے مجال کہ چشم نم کند

(۱۲) مبادا سیل رشک دیدہ از سر بگذرد دیار — ز راہ کوچہ آں شوخ گردے بر جبیں دارم

(قطعہ)

(۱۳) بجذبہ کہ تو داری سوئے گرفتاراں — قفس بدوش رود عندلیب تا بہ چمن

(۱۴) ز دست آہ من ناتواں چہ می آید — مگر صبا شود از روئے یار پردہ فگن

مذاق تصوف

(۱) حضور و غیب یکساں جلوہ دارد در دل روشن — تفاوت نیست چوں خورشید این جا بین و آں جا

(۲) الفت ما ز یاد کم نہ شود — کے زوال است عشق کامل را

(۳) بیتابی است راہبر آوارہ مرا — شد رنگ جستہ بدرقہ نظارہ مرا

(۴) گفتم شکیب بہ عشق تو دور نمی زنم — ترسم ہوا برد دل بے چارہ مرا

(۵) دل راز یار دیا ز دل کے تواں شناخت — زنگ دوئی مریز کہ این شیشہ خود بر لیست

(۶) نقاب خواب نیز تماشا نکردہ است — روز پریدنی کہ دلم را تہ بر لیست

(۷) دل شکستہ بزم را بہ چشم کم منگر — بعید ناز تو روز پریدنی دگر است

(۸) بہ چشم خویش تماشائی تو خوش گشتم — ہنوز این دل من در تلاش در جہد است

(۹) ما اسیر لباس خویشتنم — حلقہ دام چاک دامن ماست

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

(۱۰) دراں زماں کہ برانداختی ز چہرہ نقاب   حجاب بینش من دتو ہمیں تو د من بود
(۱۱) بموسمے کہ خزاں پردہ بہار درید   نگاہ من زرخ یار گل بدامن بود
(۱۲) آنرا کہ بود سر سے بچینے   بالالہ وگل چہ کار دارد
(۱۳) کو کم بدہ بان دگر بیش بزعم   پیشیش گلہ از اندک و شمار ندارد
(۱۴) فردوس چیست بررخ آں گل نظر کند   خودرا بہ یک نظارہ بہشت دگر کند

(رعایت لفظی)

(۱) بیا کہ از غم ہجر تو گشت دل بیتاب   بیا کہ مرا در گلو گرہ شراب
(۲) زبس گریستم از سرمہری احباب   زمین خانہ ما شد برنگ آئینہ آب
(۳) دلم پریدہ بجوشش بزور در گرمی عشق   پری طلب بکند در ہوا شدن سیماب
(۴) ز سرد مہری دوراں ز بسکہ دل تنگم   بخانہ ام چو گہر میشود گرہ مہتاب
(۵) زدہ است نشتر نوک نگاہ گلبد نے   کہ گشت صفحۂ آئینہ آبشار گلاب
(۶) ز موج نالہ با عطر گل چکد ہر دم   کدام گلبدن امشب گذر نمود بخواب
(۷) چہ غم ز سختی دوراں چو آب گردد دل   خطر ز سنگ نباشد بہ ساغر گرداب

آخری شعر خوب ہے۔

(۸) گرم تاثیر است از بس نالۂ بلبل بباغ   عطر گل از گوش می ریزد فغان عندلیب

(ہندی اسلوب غلط محاورہ)

(۱) غنچہ داغ دل بر خون عاشق دانہ شد   تاز چین زلف شکنش ہوائے بر نخاست

(ہوا کا غلط صرف)

(۲) مارا کہ در بساط دلے بود بردیم   باقی چہ مدعائی بود تو مطلب تو ہست

(آخری مصرعہ کا پہلا فقرہ)

(۳) سراپا سوختم چوں سرمہ گردیدم ہوا گشتم   نشان دیگر از چشم نزار من چہ می خواہی

(یہاں بھی ہوا کا صرف غلط ہے)

الفت کے متعلق چند باتیں عرض کی گئیں لیکن ابھی بہت کچھ لکھا جا سکتا ہے مگر یہ مختصر مقالہ گنجائش نہیں رکھتا آخر میں لالہ راجا گرچند کی غزل ریختہ کو جسکا علم آج تک کسی کو نہیں نذر قارئین کیا جاتا ہے یہ غزل منتشر اوراق میں دو خطوط کے درمیان میں دستیاب ہوئی ایک خط میں ۱۱۸۴ھ ہجری کا واقعہ مندرج ہے ہمارا شاعر ایک ایسے صاحب کو بنظر اصلاح ارسال کرتا ہے اور زبان کو ریختہ کہتا ہے۔

خلوت نشین غم کون تماشا سیں کام کیا   مخمور جام عشق کون صہبا سیں کام کیا

دیوانہ محبت بے اختیار کون تکلیف حال صحبت دانہ سیں کام کیا
مستِ مئے الست کو ہے نشۂ دگر جام شراب کہنہ سو مینا سیں کام کیا
آباد باد ملک قناعت د مردمی ویرانۂ خرابہ دنیا سیں کام کیا
جس کو ہے زورِ ہمتِ بازوئے مردمی ارث پدر و خانۂ بابا سیں کام کیا
آنرا کہ ہست قفل خموشی نبات لب چون و چرائے تو ....
صاحب سخن کوں صحبت جاہل سیں کیا ہوے سلک شہ دگوہر یکتا سیں کام کیا
پردہ آفتاب محبت کون روز حشر باغ نعیم و سایہ طوبیٰ سیں کام کیا
جس کو ہے داغ شیشہ و آتش تمام دل سیر گل و تفرج لالہ سیں کام کیا
جس کو تپ جدائی سیکا مرض دل ہوا ہے ناز طبیب و تاب مداوا سیں کام کیا
لیا متاع دل کا کف اختیار سوں سودائے عشق ہے سر و سودا سیں کام کیا
ترک وجود درس محبت کا ابتدا نے مسئلہ ہی (۱) نہ حجت ملا سیں کام کیا
جائے کہ سورمائے پشتناں قدم نہند (؟) فرش سمور و بستر دیبا سیں کام کیا
حاکم سما و ارض کے (۲) شاہ ملک دل ملک شہ سکندر و دارا سیں کام کیا
یارب غریب ملک معانی کوں رہنما شکل مہیب و صورت زیبا سے کام کیا

علاوہ قدامت کے صفائی زبان پختگی بندش کے اعتبار سے غریب کی غزل لائق اعتبار ہے سیں۔ سوں۔ کوں۔ کیجگہ موجودہ مترادف الفاظ رکھدیئے جائیں تو کون کہہ سکتا ہے کہ غریب بارھویں صدی کے اردو شاعر بھی شمار کیے جاسکتے ہیں۔ برجستگی اور سلاست نظرانداز نہیں کی جاسکتی۔ سر کا۔ لیا اور مقطع میں رہنما کی ترکیب قدامت کا ثبوت بہم پہونچاتی ہے۔ تصوّف کا اثر نمایاں ہے قناعت پسندی مذاق اور گوشہ نشینی کیطرح رجحان کا پتہ لگتا ہے بہ حیثیت مجموعی یہ غزل نوادر میں شمار کی جاسکتی ہے۔

سید حسن عسکری ایم اے بی۔ ایل
شعبۂ تاریخ پٹنہ کالج
پٹنہ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

تیسری صدی ہجری کا ایک عربی شاعر

علی ابن الجہم

(محمد داؤد بی۔ اے (آنرز))

میرے نزدیک تاریخ ادبیاتِ عرب کی کسی جدید کتاب میں علی بن الجہم کو اس کا صحیح مقام نہیں دیا گیا۔ موسیو کلیماں ہوآر نے اپنی تاریخ ادبیاتِ عرب میں اس پر آدھا صفحہ وقف کیا ہے[۱] اس کے علاوہ دوسری اہم کتاب جس میں شاعر کے متعلق مفید معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں۔ بروکلمان کی تاریخ ادب ہے[۲]۔

ذیل کی سطور ان تمام تفاصیل پر حاوی نہیں ہیں جو علی بن الجہم کے حالات زندگی اور کلام کے متعلق مجھے ملی ہیں۔ زیرِ نظر مقالہ دراصل ایک بہت طویل مقالے کا خلاصہ ہے جو میں نے علی بن الجہم کے دیوان (جسے میں شائع کر رہا ہوں) کے دیباچہ کے طور پر قلم بند کیا ہے۔ یہاں غرض صرف یہ ہے کہ قارئین کو ایک ایسے شاعر سے روشناس کراؤں جسے میں نے قابل التفات سمجھا ہے۔

ابن الندیم کی کتاب الفہرست (ص ۱۵۱) میں ذکر دیکھا کہ صُولی نے علی بن الجہم کا دیوان مرتب کیا تھا، اسکی تائید کشف الظنون سے ہوئی (جلد سوم، ص ۲۹۷) ابن خلکان[۳] نے لکھا ہے کہ علی بن الجہم کا ایک مختصر دیوان ہے، اور خطیب نے اپنی تاریخ بغداد[۴] میں رقم کیا ہے کہ اس کا دیوانِ شعر مختصر ہے اور بہت مشہور ہے۔ میں نے مختلف کتابخانوں کی فہرستیں دیکھی ہیں مگر کسی سے ظاہر نہیں ہوا کہ اس دیوان کا کوئی نسخہ آج محفوظ ہے،

۱؎۔ کتاب مذکور۔ ص ۸۰

۲؎۔ تاریخ ادبیات عرب۔ جلد اوّل۔ ص ۴۹، جلد سوم، ص ۱۲۳

۳؎۔ ایڈیشن ۱۲۹۹ھ، جلد دوم۔ ص ۴۰

۴؎۔ جلد ۱۱، ص ۳۶۷

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ممکن ہے کسی گمنام کتاب خانے میں پڑا ہو، لیکن میرے علم میں نہیں ہے، مجھے خیال پیدا ہوا کہ ادب کی مختلف کتابوں اور قلمی بیاضوں میں اس شاعر کا جتنا کلام منتشر ہے اُسے یکجا کر دوں اور شائع کر دوں۔ علی بن الجہم کا کلام اور اس کی زندگی کے حالات جن کتابوں میں اب تک مجھے ملے ہیں ان کی تعداد اور اہمیت حیرت خیز ہے، قارئین مقالے کے دوران میں اِن سے واقف ہو جائیں گے۔

بیشتر اس کے کہ ابن الجہم کے حالاتِ زندگی اور کلام کے نمونے دیکھ کر آپ اس پر حکم لگائیں میں مشہور مصنّفین اور دیگر چیدہ اشخاص کی وہ رائیں پیش کرتا ہوں جو وہ علی بن الجہم کے بارے میں رکھتے ہیں۔

خطیب اس کے متعلق لکھتا ہے[۵۱]:۔ "اس کا دیوانِ شعر مشہور ہے، وہ جیّد شعر گو تھا اور فنونِ شعر کا عالم تھا، متدیّن اور فاضل تھا، اُس کا کلام پائے کا ہے۔ اس کے الفاظ میں شیرینی ہے، خداداد شاعرانہ صلاحیت کا آدمی تھا۔"

ابن خلکان کہتا ہے[۵۲]:۔ ابن الجہم نے بہت سے دل آویز اشعار کہے ہیں اور اس کے الفاظ ہیں:۔ "کان من الشعراء المجیدین۔"

صاحبِ اغانی کی رائے ہے[۵۳]:۔ "کان علی بن الجہم شاعراً فصیحاً مطبوعاً"

مسعودی کی رائے ہے[۵۴]:۔ "علی بن الجہم کو شاعری کے لئے مناسب طبع عطا ہوئی تھی، اس کا اسلوب شیریں ہے اور وہ پُرگو شاعر تھا۔" اس کی ہجو گوئی کی تعریف کرتے ہوئے مسعودی کہتا ہے[۵۵]:۔ اس کے اسلوب کا بہاؤ ایسا تھا کہ بہت کم لوگ اس کی زد سے محفوظ رہے،

مرزبانی کی رائے ہے[۵۶]:۔ علی ایک ایسا شاعر تھا جو شاعری کا خداداد ملکہ رکھتا تھا، شعر گوئی پر قادر تھا۔"

ابن عرویہ کے الفاظ ہیں[۵۷]:۔ علی بن الجہم ندرت آفریں شاعر تھا اور ہر انداز کی لسانی صنعت اس کے پاس خداداد تھی۔"

ابن المعتز اس کے اشعار کا مختصر انتخاب پیش کرنے کے بعد رقم کرتا ہے[۵۸]:۔ "میں نے جو اشعار دیئے ہیں مشہور ہیں اور خاص و عام کی زبان پر پائے جاتے ہیں۔"

۵۱۔ ابن خلکان، ایڈیشن ۱۲۹۹ھ، جلد دوم، ص ۳۹، نیز تاریخ بغداد للخطیب۔ جلد ۱۱، ص ۳۶۷،

۵۲۔ ایڈیشن ۱۲۹۹ھ، جلد دوم، ص ۳۹، ۵۳۔ طبع دار الکتب المصریہ۔ جلد دہم، ص ۲۰۵،

۵۴۔ مروج الذہب۔ جلد ہفتم، ص ۲۵۰، ۵۵۔ ایضاً، ص ۲۵۵

۵۶۔ معجم الشعراء۔ ص ۲۸۶ ۵۷۔ طبقات الشعراء لابن المعتز۔ ص ۱۵۱

۵۸۔ ایضاً۔ ص ۱۵۲۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ابو عبد اللہ الحصبی کا بیان ہے[51] کہ علی بن الجہم نے جب قید میں وہ قصیدہ کہا جس کا مطلع یہ ہے:-

قالت حُبِستَ فقلتُ لیس بضائری — حَبسی و ایُّ مُهنّدٍ لا یُغمَدُ

اور پھر سولی دیے جانے کے وقت کہا:-

ما ضرّہ إن بُزَّ عنہ لباسُہ — فالسیفُ أھولُ ما یُری مسلولا

تو لوگوں نے اس کے بارے میں حکم لگایا کہ یہ اشعر الناس ہے، شعرا نے اس کے سامنے کان پکڑے اور امرا اس سے ڈرنے لگے،

مرزبانی نے احمد بن ابی داؤد کے بیٹے کی روایت نقل کی ہے[52] کہ جب علی بن الجہم نے متوکل کے حضور میں وہ قصیدہ پڑھا جس میں اشعار ذیل میں اس کی مدح کی ہے

وصاحَ ابلیسُ بأصحابہ — حَلَّ بنا ما لم نزل نحذرُ

مالی وللغُرِّ بنی ھاشمٍ — فی کلِّ دھرٍ منھم مُنذرُ

تو ابو عبد اللہ احمد بن ابی داؤد مرعوب ہوا اور اس نے اپنا سر جھکا لیا۔ ابن الجہم نے اس سے کہا:- یا ابا عبد اللہ! اس سے پہلے بھی آپ نے خلفاء کی کوئی ایسی مدح سنی، اس نے کہا:- نہیں اور نہ کسی اور نے سنی ہوگی اور میرا گمان نہیں کہ اس کے مقابلے پر کہنے کی کوئی جرات کرے۔

اب میں ابن الجہم کی زندگی کے چیدہ واقعات اور حالات پیش کرتا ہوں۔

اس کی کنیت ابو الحسن ہے[53] تاریخ پیدائش معلوم نہیں۔ ابن خلکان نے اس[54] کے نام کے ساتھ القرشی کا اضافہ بھی کیا ہے، اس کی مشہور تر نسبت السامی[55] ہے، بعض مصنفوں نے غلطی سے اسے الشامی لکھ دیا ہے[56] چنانچہ ابن خلکان میرے اس مشاہدے کی تائید کرتا ہے اور لکھتا ہے[57] کہ بعض لوگ غلطی سے اس نسبت کو الشامی لکھ دیتے ہیں، آگے لکھتا ہے:- اصل سامی ہے اور یہ سامہ بن لوئی کی نسبت سے ہے۔ علی بن الجہم ان قبائل سے تعلق رکھتا تھا جو خراسان سے عراق کی طرف ہجرت کر آئے تھے[58] اس

۵۱۔ طبقات الشعراء لابن المعتز۔ ص ۱۵۲ ۔ ۵۲۔ الموشح، ص ۳۴۵

۵۳۔ کتاب الاغانی، طبع دار الکتب المصریہ۔ جلد دہم، ص ۲۱۰، ابن خلکان۔ جلد دوم ص ۲۹، معجم الشعراء للمرزبانی، ص ۲۸۶

۵۴۔ جلد دوم، ص ۲۹ ۔

۵۵۔ ابن خلکان، جلد دوم، ص ۲۹ و ص ۴۱، کشف الظنون، جلد سوم، ص ۲۹۷، تاریخ بغداد للخطیب، جلد ہفتم ص ۲۴۰، جلد ۱۱، ص ۳۶۷، مروج الذہب، جلد چہارم، ص ۴۱۸ ۔ ۵۶۔ مروج الذہب، جلد ہفتم، ص ۱۵۲، طبقات الشعراء لابن المعتز، ص ۱۵۱ ۔ ۵۷۔ جلد دوم۔ ص ۴۱ ۔

۵۸۔ ابن خلکان، جلد دوم، ص ۲۹، معجم الشعراء ص ۲۸۶، تاریخ بغداد للخطیب، جلد ۱۱، ص ۳۶۷ ۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

لحاظ سے وہ اصلاً خراسانی تھا،

خطیب نے اپنی تاریخ بغداد[۵۱] میں زبیر بن بکار کی ایک روایت نقل کی ہے کہ علی بن الجہم کا باپ جہم بن بدر واثق باللہ کی طرف سے بغداد کے جانبین میں سے ایک حصّے کا والی تھا اور اس حصّے کی پولیس کی افسری اسکے سپرد تھی اور اس سے قبل وہ مامون کی جانب سے یمن کے محکمۂ ڈاک، اور محکمۂ طراز کا ذمہ دار تھا۔ علاوہ براں وہ مامون کی طرف سے سرحد کا والی بھی رہا،

علی بن الجہم کا نسب نامہ کتاب الاغانی میں[۵۲] یوں درج ہے :-

"علیّ بن الجہم بن بَدْر بن الجہم بن مسعود بن اُسید بن اُذینۃ بن کرّاز بن کعب بن مالک بن عُتیبۃ بن جابر بن حارث بن عبد البیت بن الحارث بن سامۃ بن لوئ بن غالب ۔"[۵۴]

خطیب نے اس[۵۳] کے نسب نامے کی جو روایت کی ہے مختلف ہے ۔ ابن خلکان نے اعتراف کیا ہے کہ نسب کے معاملے میں اس کا ماخذ خطیب کی تاریخ بغداد ہے لیکن چھپی ہوئی صورت میں دونوں کی روایت مختلف ہے، دونوں میں کسی کی روایت اغانی کی روایت پر منطبق نہیں ۔ مرزبانی کی معجم الشعراء[۵۵] میں ایک اور ہی ترتیب ہے ۔ میں اختصار کے لئے یہ روایتیں یہاں نقل نہیں کرتا ۔

خود علی بن الجہم اپنے اجداد میں فہر بن مالک کا ذکر کرتا ہے، اس کا شعر ہے[۵۶]

اولئك آل الله فهر بن مالك بهم يُجْبَرُ العظمُ الكسيرُ ويكسَرُ

بنو سامہ کے نسب کے بارے میں اختلاف کی بنا یہ شک ہے کہ آیا سامہ بن لوئ کے ہاں نرینہ اولاد ہوئی یا نہیں ۔ ایک عقیدہ یہ تھا کہ سامہ کا کوئی بیٹا نہ ہوا، چنانچہ قریش یہی عقیدہ رکھتے ہوئے ان کو ان کے آبائی نسب سے ہٹا کر بنو ناجیہ کہنے لگے[۵۷] ناجیہ ان کی جدہ تسلیم کی جاتی ہے اور یہ سامہ بن لوئ کی بیوی تھی، رہی یہ گتھی کہ ناجیہ کا بیٹا کیونکر ہوا تو اس کو ایک قصّے کے ذریعے حل کیا جاتا ہے ۔ میں طوالت کے خوف سے یہ قصہ[۵۸] چھوڑ دیتا ہوں، اس کا ماحصل یہ ہے کہ وہ نسل جو سامہ کی نسل کہلاتی ہے دراصل اس کی نہ تھی بلکہ ناجیہ نے اس کے مرنے کے بعد دوسری شادی کر لی تھی اور یہ اس کے دوسرے شوہر کی اولاد ہے ۔

---

۵۱ ۔ جلد ہفتم، ص ۲۴۰ ۔ ۵۲ ۔ طبع دار الکتب المصریہ، جلد دہم، ص ۲۰۳

۵۳ ۔ تاریخ بغداد، جلد ہفتم، ص ۲۴۰ ۔ ۵۴ ۔ جلد دوم ۔ ص ۳۹ ، ۵۵ ۔ ص ۲۸۶

۵۶ ۔ کتاب الاغانی، طبع دار الکتب المصریہ ۔ جلد دہم، ص ۲۱۶ ۔

۵۷ ۔ کتاب الاغانی، طبع دار الکتب المصریہ، جلد دہم، ص ۲۰۳

۵۸ ۔ یہ قصہ کتاب الاغانی میں دیا ہے ۔ دیکھو طبع دار الکتب المصریہ ۔ جلد دہم، ص ۲۰۳ ۔ ۲ ،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ابوالفرج نے کتاب الاغانی میں[۵۱] ایک حدیث نقل کی ہے جس میں آنحضرت صلعم نے فرمایا "عمّی سامة لم یُعقِبْ -"

ایک دوسرا عقیدہ ہے جو ابن الکلبی نے پیش کیا ہے[۵۲] وہ یہ کہ سامہ بن لوئی اور اس کی بیوی ناجیہ کا بیٹا غالب بن سامہ پیدا ہوا - سامہ مر گیا اور اس کے بعد اس کا بیٹا غالب بے اولاد مر گیا، ادھر ایک اور قوم تھی جو بنو ناجیہ کہلاتی تھی، ان کی ماں ناجیہ کوئی اور عورت تھی اور جرم بن ربّان علاف کی بیٹی تھی - اس کی اولاد نے یہ دعوٰی کیا کہ ہماری جدّہ ناجیہ ہی سامہ بن لوئی کی بیوی تھی اور انہوں نے اپنے تئیں بنو سامہ بھی مشہور کر دیا -

بحتری نے علی بن الجہم کی ایک ہجو[۵۳] کرتے ہوئے اسے قریش میں شامل تو کیا ہے لیکن ساتھ ہی اسے قریش کے اسفل ترین لوگوں میں جگہ دی ہے، کہتا ہے ؎

اذا ما حُصِّلت علیاء قریشٍ   فلا فی العِیرِ انت ولا النّفیرِ

ابوالفرج نے کتاب الاغانی میں ھیثم بن عدی کا قول نقل کیا ہے کہ زبیر بن بکّار نے بنو ناجیہ کو قریش میں داخل کیا ہے، زبیر بن بکّار کہا کرتا تھا کہ یہ لوگ قریش عازبہ ہیں (عازبہ = ہٹ جانے والے) ان کا نام عازبہ یوں ہوا کہ یہ اپنی قوم سے ہٹ گئے - بقول ھیثم زبیر نے جو ان کو قریش میں داخل کرنا چاہا ہے تو اس کی ایک وجہ ہے وہ یہ کہ زبیر بن بکّار حضرت علیؑ کا مخالف تھا اور چنانچہ وہ ان کو حضرت علیؑ کے کے خلاف مجتمع کرنے کے لئے ان کی طرف مائل رہتا تھا -

علی بن الجہم کے نسب میں چنانچہ شکوک ہیں - انہی شکوک نے اس کے حریفوں کو اس بات کا موقع دیا ہے کہ وہ اس کا مضحکہ اُڑائیں،

چنانچہ مروان الاصغر اس سے ایک قطعہ میں خطاب کرتا ہے[۵۵] ؎

یا ابنَ بدرٍ یا عُلَیّہ   قلتَ اِنّی قُرَشِیّہ

قلت ما لیس بحقٍّ   فاسکُتی یا نبطیّہ

اُسکُتی یا بِنتَ جھمٍ   اُسکُتی یا حَلقِیّہ

اسی طرح علی بن محمد بن جعفر العلوی الشاعر نے علی بن الجہم کے بارے میں ایک قطعہ کہا[۵۶] جس کے

---

۵۱ - کتاب الاغانی - طبع دار الکتب المصریہ - جلد دہم، ص ۲۰۴   ۵۲ - ایضاً - ص ۲۰۴

۵۳ - ایضاً - ص ۲۰۶   ۵۴ - ایضاً - ص ۲۰۵

۵۵ - کتاب الاغانی، پرانی ایڈیشن - جلد ۱۱، ص ۲،

۵۶ - مروج الذہب، جلد ہفتم، ص ۲۵۰، معجم الشعراء ص ۲۸۶،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

جواب میں علی بن الجہم نے بھی ایک قطعہ کہا[۱] میں اختصار کے لئے دونوں قطعے چھوڑ دیتا ہوں ،

اب میں علی بن الجہم کے مذہب کے بارے میں کچھ اظہار کرتا ہوں ۔ خطیب[۲] نے اس کے بارے میں لکھا ہے "وہ متدین تھا" اس کا حضرت علیؑ سے منحرف ہونا اور کٹر سُنی ہونا ظاہر ہے[۳] ۔ حضرت علیؑ کے لئے اس کے دل میں جذبۂ نفرت اتنا شدید تھا کہ جب کوئی اس سے پوچھتا کہ تم اپنے باپ پر لعنت کیوں بھیجتے ہو تو وہ جواب دیتا اس لئے کہ اس نے میرا نام علیؑ رکھ دیا[۴] ۔ ابوالفدا نے لکھا ہے[۵] کہ متوکل انہی لوگوں سے مجالست رکھتا تھا جو حضرت علیؑ کی عداوت میں مشہور تھے اور منجملہ ان کے علی بن الجہم تھا ۔ حضرت علی ، آلِ علیؑ اور شیعوں کی ہجو کرتا تھا[۵] ، چنانچہ کہتا ہے[۶] ۔

ورافضۃٍ تقول بشِعبِ رضوی   إمامٌ خابَ ذالکَ مِن إمامِ
إمامٌ من لہ عشرون الفًا   من الأتراكِ مشرعۃُ السِّھامِ

بُحتری نے بھی اپنی اُس ہجو میں جس کا ذکر اوپر آچکا ہے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ ابن الجہم حضرت علیؑ کی ہجو کرتا تھا ، چنانچہ کہتا ہے[۷]

عَلَامَ هَجَوتَ مجتهدًا عليًّا   بِمَا لفّقتَ مِن كذِبٍ وَ زُورٍ

مرزبانی لکھا ہے[۸] کہ ابن الجہم کے اہلِ بیت علیہم السلام سے منحرف ہونے کے سبب شاعروں نے کثرت سے اس کی ہجو کی ہے ، میری نظر سے ایسی اور کوئی ہجو نہیں گزری سوائے بحتری کی اُس ہجو کے جس کا ایک شعر میں اوپر نقل کر آیا ہوں ، اس میں بحتری نے خاصی فحش کلامی سے کام لیا ہے اس لئے پوری ہجو پیش نہیں کی جا سکتی ،

اغانی میں درج ہے[۹] کہ عمر کے آخری حصّے میں ابن الجہم اپنے مذہب کی بنا پر خاصا بدنام ہوگیا تھا ۔

---

[۱] ۔ تاریخ بغداد ۔ جلد ۱۱ ، ص ۳۶۷ ، نیز ابن خلکان ، جلد دوم ، ص ۳۹ ،

[۲] ۔ ابن خلکان ، جلد دوم ، ص ۳۹ ، مروج الذہب ۔ جلد ہفتم ، ص ۲۵۰

[۳] ۔ مروج الذہب ، جلد چہارم ، ص ۹-۴۱۸

[۴] ۔ تاریخ ابی الفداء ۔ جلد دوم ، ص ۳۸ ،

[۵] ۔ کتاب الاغانی ، طبع دار الکتب المصریہ ، جلد دہم ، ص ۲۰۵ ،

[۶] ۔ کتاب الاغانی ، طبع دار الکتب المصریہ ۔ جلد دہم ، ص ۲۰۵

[۷] ۔ ایضاً ۔ ص ۲۰۶

[۸] ۔ معجم الشعراء ، ص ۲۸۶

[۹] ۔ طبع دار الکتب المصریہ ، جلد دہم ، ص ۲۳۲ ،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اس نے نصاریٰ، معتزلہ اور روافض سے دشمنی پیدا کی، چنانچہ آگے چل کر وہ قید ہوا تو اس نے قید میں ایک قصیدہ کہا، اس میں کہتا ہے[1]

تضافرت الروافض والنصاریٰ واھل الاعتزال علی ھجائی

ابن المعتز کا کہنا ہے[2] کہ روافض سے مراد آلِ طاہر ہیں، نصاریٰ سے بختیشوع بن جبرئیل اور اہلِ اعتزال سے احمد بن ابی داؤد، صاحب اغانی کی رائے میں[3] اہلِ اعتزال سے اشارہ علی بن یحییٰ المنجم کی طرف ہے۔

علی بن الجہم کو حضرت علیؓ کی عداوت ورثے میں ملی تھی، بنو ناجیہ (جو بنو سامہ بھی مشہور ہیں) برابر حضرت علیؓ سے منحرف رہے ہیں، چنانچہ مسعودی[4] نے حضرت علیؓ کا ایک قول نقل کیا ہے کہ "تم کوئی سامی نہ دیکھو گے جو علیؓ کا مخالف نہ ہو،" بنو ناجیہ نے جنگِ نہروان میں حضرت علی سے جو بے وفائی کی اس کا بیان مروج الذہب میں دیا ہے۔[5] میں طوالت کے خوف سے یہ بیان چھوڑ دیتا ہوں،

یہاں تک تو میں نے صرف وہ شواہد پیش کیے جو اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ علی بن الجہم کو حضرت علیؓ اور شیعوں سے نفرت تھی، رہا یہ کہ وہ خود کس فرقے سے تعلق رکھتا تھا اس پر صاحب اغانی نے روشنی ڈالی ہے اس نے محمد بن سعد کی روایت نقل کی ہے[6] کہ احمد بن ابی داؤد علی بن الجہم سے اس لئے منحرف تھا کہ ابن الجہم حشویہ فرقے سے تعلق رکھتا تھا، یہ مرجئہ کی ایک شاخ ہے،

علی بن الجہم کے تعلقات الواثق باللہ سے اچھے تھے اور اس نے اس کی شان میں قصیدے کہے اور اس سے انعام پائے۔[7] میں ان تعلقات کی تفصیل چھوڑے دیتا ہوں۔ الواثق کے بعد متوکل خلیفہ ہوا، علی بن الجہم متوکل کا ندیم خاص رہا[8]، مختلف کتابوں میں اس کے جتنے مذکورات ملتے ہیں ان سے آشکار ہے کہ متوکل سے اس کو بہت قریبی تعلق تھا اور متوکل اس سے بہت بے تکلف تھا۔ ایسے واقعات جن سے

---

۱ - طبع دار الکتب المصریہ، جلد دہم، ص۲۰۷ - ۲ - طبقات الشعراء، ص۱۵۱

۳ - طبع دار الکتب المصریہ، جلد دہم، ص۲۰۷ - ۴ - مروج الذہب، جلد چہارم، ص۴۱۸

۵ - مروج الذہب، جلد چہارم، ص۴۱۸ تا ص۴۱۹

۶ - کتاب الاغانی، طبع دار الکتب المصریہ - جلد دہم، ص۲۱۷

۷ - تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: - اغانی، پرانی ایڈیشن، جلد ۸، ص۱۱۲، جلد ۱۲، طبری، جلد سوم، ص۱۳۶۵-۶، اغانی، طبع دار الکتب المصریہ - جلد نہم، ص۲۹۷ و جلد دہم ص۲۲۵ -

۸ - اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص۲۰۵، ابن خلکان، جلد دوم، ص۳۹ - معجم الشعراء، ص۲۸۶، تاریخ بغداد للخطیب، جلد ۱۱، ص۳۶۷ -

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اس شاعر اور خلیفہ کے باہمی مراسم کا اندازہ ہوتا ہے کئی ہیں[۵۱] میں اختصار کے مدِّنظر صرف ایک واقعہ پیش کرتا ہوں[۵۲]۔

علی بن الجہم نے محمد بن موسیٰ کو قصّہ سُنایا :- ایک رات میں متوکّل کے ہاں سے رخصت ہوا۔ جب گھر پہنچا تو اس کا قاصد مجھے بلانے پہنچ گیا، میں ڈرا، اور جی میں کہنے لگا، ہو نہ ہو میرے رخصت ہونے کے بعد میرے پیچھے یہ آفت آئی ہے، ڈرتا ڈرتا قاصد کے ساتھ ہولیا، وہاں پہنچا تو مجھے اندر پہنچایا گیا، خلیفہ بستر پر لیٹا تھا، مجھے دیکھا تو ہنسنے لگا، مجھے یقین ہوا کہ خیریت ہے، کہنے لگا :- "یا علی! جب سے گئے ہو جاگ رہا ہوں، مجھے یہ شعر یاد آیا جسے میرا بھائی گایا کرتا تھا :-

قلبی اِلیٰ ما ضرّنی داعی

میں نے چاہا کہ اس کے مثل شعر کہوں یا اس گانے کو دُہراؤں، لیکن دونوں باتیں نہ ہو سکیں، میں سمجھتا ہوں مجھ میں کوئی نقص ہے۔" خلیفہ سے یہ سُن کر میں نے کہا "یا سیّدی! آپ کا بھائی گویا تھا، آپ گویّے تھوڑے ہی ہیں!" خلیفہ نے کہا "واللہ! تم نے میری آنکھوں میں نیند بھیج دی۔" پھر میرے لئے ایک ہزار دینار کا حکم دیا۔

علی بن الجہم اور مروان الاصغر کے مابین شعری مجادلے رہتے تھے اور منافست رہتی تھی، کتاب الاغانی میں ان کی مہاجات کا ایک طویل واقعہ درج ہے[۵۲]۔ یہ واقعہ متوکّل کے دربار میں ہوا۔ علی بن الجہم نے بدیہہ گوئی میں شکست کھائی، لیکن جب مروان نے اس کی ہجو میں شدّت سے کام لیا تو علی بن الجہم نے ایک قطعہ کہا جو اس کی شعر گوئی کا بہترین نمونہ ہے، وہ یہ ہے کہ ؎

بلاءٌ لیس یشبہہ بلاءٌ ۔۔۔ عداوۃ غیرِ ذی حسبٍ ودینِ
یبیحک منہ عرضاً لم یصُنْہُ ۔۔۔ ویرتع منک فی عرضٍ مَصُونِ

مروان اور ابن الجہم کی باہمی چشمک کے دوسرے مظاہرات کا ذکر میں طوالت سے بچنے کے لئے چھوڑ دیتا ہوں[۵۳]

---

۵۱ - یہ قصّہ مفصّل مندرجہ ذیل جگہوں پر ملیں گے :- طبری، جلد سوم، صفحہ ۸ - ۱۳۸۷، اغانی، طبع دارالکتب، جلد ہفتم، صفحہ ۱۶۹ - العقد الفرید (ایڈیشن ۱۲۹۳ھ) جلد اوّل، صفحہ ۱۲۳ - مروج الذہب۔ جلد ہفتم، صفحہ ۳-۲۸۲ -

۵۲ - پُرانی ایڈیشن، جلد ۱۱، صفحہ ۳ تا صفحہ ۴ -

۵۳ - شائقین ملاحظہ کریں :- الموشح للمرزبانی، صفحہ ۵ - ۳۴۴ - اغانی، پرانی ایڈیشن۔ جلد ۱۱، صفحہ ۵ تا صفحہ ۔ ایضاً - صفحہ ۲ -

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

آگے چل کر ہم دیکھیں گے کہ علی بن الجہم کو متوکل نے قید کیا تو کچھ مدّت بعد خلیفہ کو اس پر رحم آگیا۔ لیکن مروان نے علی بن الجہم کی ایک ہجو کہی جس کو سُن کر تمام درباری چمک اُٹھے اور خلیفہ کا خیال بدل گیا۔

مشہور معتزلی احمد بن داؤد سے علی بن الجہم کی کشیدگی مذہبی بنا پر تھی، صاحب اغانی نے لکھا ہے[۵۱] کہ علی بن الجہم حشویہ فرقے سے تعلق رکھتا تھا اور اس لئے احمد بن ابی داؤد اس سے منحرف تھا۔ ابن المعتز کا کہنا ہے[۵۲] کہ علی بن الجہم کے اِس شعر میں ؎

تضافرت الروافض والنصاری — واھل الاعتزال علی ھجائی

اہلِ اعتزال سے اشارہ احمد بن ابی داؤد کی طرف ہے۔

آگے چل کر ذکر آئے گا کہ جب خلیفہ نے علی بن الجہم کو قید کیا تو علی بن الجہم نے اپنے ایک قصیدے میں احمد بن ابی داؤد سے شفاعت کی التجا کی،

بالآخر احمد بن ابی داؤد خلیفہ کی بارگاہ میں معتوب ہوا[۵۳] اور متوکل نے اُسے جلا وطن کیا۔ علی بن الجہم نے اس پر شماتت کی اور اس کی ہجو کہی[۵۴] ؎

یا احمد بن ابی دوادٍ دعوۃً — بعثت الیک جنادلًا وحدیدا
ماھذہ البدع التی سمّیتھا — بالجھل منک العدل والتوحیدا

ابن دواد پر فالج گرا تو علی بن الجہم نے مسرّت کا اظہار کیا اور اس کی بڑی خبیث ہجو کی[۵۵]، ہجو کے آخری شعر میں اُسے بددُعا دیتا ہے ؎

لازال فالجک الذی بک دائباً — وفُجعت قبل الموتِ بالاولادِ

محمد بن عبد الملک الزیّات واثق اور متوکل دونوں کا وزیر رہا۔ صاحب اغانی[۵۶] نے محمد بن سعد کی روایت نقل کی ہے کہ زیّات علی بن الجہم سے ناراض تھا اور خلیفہ متوکل کے سامنے علی بن الجہم کی بُرائی کرتا رہتا تھا، چنانچہ علی بن الجہم نے اس کی ہجو کہی۔ اس میں کہتا ہے ؎

۵۱۔ اغانی۔ طبع دار الکتب، جلد دہم، صفحہ ۲۱۷۔

۵۲۔ طبقات الشعراء، صفحہ ۱۵۱۔

۵۳، ۵۴۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، صفحہ ۲۱۸،

۵۵۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، صفحہ ۲۲۹،

۵۶۔ ایضاً، صفحہ ۲۲۱،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

سبحان من جلّ عن الصّفاتِ ....

بعد ركوب الطّوف فى الفراقِ وبعد بيع الزّيت بالحبّاتِ

صحّت وزيراً شامخ الثّباتِ ....

ابن الزیّات کی شان میں اس کے دو اور قطعے بھی ملتے ہیں[1] - جن کے پیش کرنے کی یہاں گنجائش نہیں۔

علی بن الجہم نے عمر بن الفرج الرّخجی سے نکبت کے ایّام میں اعانت کی درخواست کی، پر عمر نے اُسے کچھ مدد نہ دی[2]۔ طبری نے لکھا ہے[3]:- کہ رمضان ۲۳۳ھ میں متوکّل عمر پر ناراض ہوا۔ وہ اسحاق بن ابراہیم بن مصعب کے پاس بھیجا گیا، اسحاق نے اُسے قید میں رکھا۔ متوکّل نے اسحاق کو عمر کی جاگیر و جائداد ضبط کرنے کا فرمان بھیجا، ترقئ مال کا یہ کام نجاح بن سلمہ کے سپرد ہوا۔ علی بن الجہم نے نجاح کو خطاب کر کے ایک قطعہ کہا جس میں اس کو بھڑکاتا ہے کہ دیکھنا عمر کو خوب درست کرنا۔ قطعے کا ایک شعر ہے[4] ؎

لن يخرج المالُ عفواً من يدى عُمَر اَو يُغمَدَ السّيفُ فى فوديه اغمارا

عمر بن الفرج کی ہجو میں ابن الجہم کا ایک اور قطعہ ملتا ہے[5]۔ جس کا پہلا شعر یہ ہے ؎

جمعتَ امرين ضاع الحزم بينهما تيه الملوك وافعال المماليك

علی بن الجہم نے ابو احمد بن الرشید کی مدح کی، اس نے صلہ نہ دیا، اِس پر شاعر نے اس کی ہجو کہی[6]۔ اس میں کہتا ہے ؎

يا ابا احمد لاينجى من الشّعر الفرارُ

محمد بن عبداللہ علی بن الجہم سے ناراض تھا۔ علی بن الجہم نے وصیف الترکی سے شفاعت کی التجا کی، چنانچہ صلح ہو گئی، بعد کو وصیف شاعر سے ناراض ہو گیا، شاعر نے اب محمد بن عبداللہ سے شفاعت کی درخواست

١- العقد الفرید - اڈیشن ۱۲۹۳ھ، جلد اوّل، ص ۲۴۵، جلد سوم، ص ۱۳۲

٢- اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۲۲

٣- جلد سوم - ص ۱۳۷۷-۸ھ

٤- پورے قطعہ کے لئے ملاحظہ ہو:- اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۲۲ - نیز طبری، جلد سوم: ص ۱۳۷۷-۸ھ

٥- ایضاً،

٦- اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۲۵،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کی اور قطعہ کہا[1]

الحمد للہ شکراً — قلوبنا فی یدیہ
صار الامیر شفیعی — الی شفیعی الیہ

مختلف لوگوں کے ساتھ ابن الجہم کے تعلقات کے جو حالات اوپر بیان ہو چکے ہیں ان سے آشکار ہے کہ اس نے ہجو گوئی سے بہت سے لوگوں کو اپنا دشمن بنا لیا تھا، اوپر بتایا جا چکا ہے کہ روافض، نصاری اور معتزلہ اس کے دشمن تھے، ایک قصیدے[2] میں اپنے دشمنوں کا ذکر کرتا ہے، ان میں بختیشوع بن جبرئیل، ابن عمرو، عزّون ہارون المرائی، اور جذماء کے نام لیتا ہے، آگے چل کر قید کے زمانے میں ایک اور قصیدہ[3] کہتا ہے، اس میں پھر عزّون اور ابن عمرو کی ہجو کرتا ہے۔ ادھر اس نے علی بن ہشام کی اولاد کی ہجو کہہ کر ان کی دشمنی مول لی[4]، مذہبی بنا پر ابن حمدون بھی اس کے بدخواہوں میں تھا[5]، یہ رافضی تھا[6]۔

علی بن الجہم کی ہجو گوئی اور اس کی عداوتیں اس کی قید کا باعث ہوئیں۔ وہ خلیفہ کے پاس دوسرے ندیموں کی چغل خوری کرتا رہتا تھا اور اس سے کہتا تھا کہ سب پیٹھ پیچھے اس کی برائی کرتے ہیں، بارہا اس کی غیبتوں کی بے بنیادی ثابت ہوئی[7]۔ کتاب الاغانی میں اس کی چغل خوری کی ایک مثال بھی درج ہے[8]۔ ندیموں نے اس کی یہ حرکتیں دیکھ کر خلیفہ کو اس کے خلاف بھڑکانا شروع کیا[9]۔ معلوم ہوتا ہے کہ ندیموں نے اس کے خلاف جو باتیں کہیں ان میں ایک یہ بھی تھی کہ علی بن الجہم متوکل کا مخالف اور واثق کا طرفدار رہا ہے، اپنے ایک شعر میں اس الزام کی تردید کرتا ہے[10]:-

انا المتوکلیّ ھویً ورایاً — وما بالواثقیۃ من خفاء

اس کے علاوہ انہوں نے یہ الزام لگائے کہ وہ خلیفہ کی لونڈیوں سے چھیڑ چھاڑ کرتا ہے[11]، یہاں تک کہ انہوں

---

[1]۔ مروج الذہب، جلد ہفتم، ص ۲۵۵،
[2]۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۰۷ [3]۔ ایضاً۔ ص ۲۲۸-۹،
[4]۔ طبقات الشعراء ص ۱۵۱، اغانی، طبع دار الکتب، جلد ہفتم، ص ۲۹۸، جلد نہم، ص ۲۱۲
[5]۔ + [6]۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۳۱،
[7]۔ کتاب الاغانی، طبع دار الکتب المصریہ، جلد دہم، ص ۲۰۵۔ [8]۔ ایضاً، ص ۲۱۳،
[8]۔ ایضاً، ص ۲۰۶۔ نیز طبقات الشعراء ص ۱۵۱،
[9]۔ اغانی، ایضاً۔ ص ۲۰۸۔
[10]۔ ایضاً۔ [11]۔ اغانی۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

نے خلیفہ کو اس کا یقین بھی دلا دیا کہ علی بن الجہم نے خلیفہ کی ہجو کہی ہے[1] پھر اس نے بختیشوع کی ہجو بھی کہی تھی اور خلیفہ کو یہ بات ناگوار ہوئی[2] اور خلیفہ نے بالآخر اسے قید کر دیا ،

میں اس کی قید کی تاریخ معیّن نہیں کر سکا ۔ کتاب الاغانی میں اس کی مدّت قید ایک سال لکھی ہے[3]۔ قید کے زمانے میں شاعر نے متوکل کو بہت سے قصیدے لکھ کر بھیجے ہیں[4] مختلف مصنّفوں نے اس کی حبسیات کی بہت تعریف کی ہے[5] قید میں اس نے پہلا قصیدہ اپنے بھائی کو لکھ کر بھیجا[6]۔ اس میں اپنی تجربہ کاری ، گردشِ روزگار اور دوستوں کی بے وفائی کا ذکر ہے ، اس کا مطلع یہ ہے :-

توکّلنا علی ربِّ السماءِ　　　وسلّمنا لاسبابِ القضاءِ

صاحبِ اغانی نے محمد بن السریّ کی روایت نقل کی ہے[7] کہ ابن الجہم نے اپنے اس قصیدے میں جس کا مطلع یہ ہے :-

توکّلنا علی ربِّ السّماءِ　　　وسلّمنا لاسبابِ القضاءِ

ندماء کی ہجو کی تو خلیفہ کو اس پر رحم آگیا ، لیکن مروان الاصغر نے اس کے جواب میں ایک قصیدہ پڑھ کر جلساء کو مشتعل کیا اور یہ رنگ دیکھ کر خلیفہ کا رُخ بھی بدل گیا ،

اس زمانے میں احمد بن دواد خلیفہ پر بہت حاوی تھا ، علی بن الجہم نے متعدّد قصیدے اس کی مدح میں کہے اور اس سے شفاعت کی التجا کی ۔ لیکن ابی دواد نے اس کی کچھ مدد نہ کی[8]، ایک قصیدے میں اس سے خطاب کرتا ہے[9] :-

یا احمد بن ابی دوادٍ انّما　　　تُدعی لِکلِّ عظیمۃٍ یا احمدُ

صاحبِ اغانی نے عبداللہ بن المعتز کی ایک روایت نقل کی ہے[10] کہ جب علی بن الجہم قید ہوا تو خلیفہ

ف۱ - اغانی ، جلد دہم ، ص ۲۰۸ - طبقات الشعرا ، ف۲ - اغانی - جلد دہم ، ص ۲۰۸ ، نیز طبقات الشعرا ، ص ۱۵۱ ،

ف۳ - ایضاً - نیز طبقات الشعرا ، ص ۲۰۶　ف۴ - آغانی -

ف۵ - اغانی ، ص ۲۰۸ ، نیز ابن خلکان ، جلد دوم ، ص ۴۰ ، مروج الذہب ، جلد ہفتم ص ۲۵۲ ،

ف۶ - آغانی ، ″ نیز طبقات الشعرا ، ص ۲۰۶ تا ص ۲۰۷ ،

ف۷ - اغانی ، پُرانی ایڈیشن ، جلد ۱۱ ، ص ۴ ،

ف۸ - اغانی ، طبع دارالکتب ، جلد دہم ، ص ۲۱۷

ف۹ - ایضاً ، ″ ″ ص ۲۱۷

ف۱۰ - ایضاً ، ″ ″ ص ۲۳۰

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کے جلساء اس کی دشمنی میں متحد ہو گئے اور خلیفہ کے سامنے اس کی برائیاں کرنے لگے، اس پر علی بن الجہم نے خلیفہ کی مدح میں ایک قصیدہ کہا اور اس میں اپنے حقوق کا ذکر کیا۔ اس میں کہتا ہے :-

عفا اللہ عنک الا حرمۃً   تعوذ لعفوک ان ابعدا

اغانی میں یہ حکایت طویل ہے کہ ابن الجہم نے یہ قصیدہ متوکّل کے خادم بیدون کو دیا اور بیدون نے قبیحہ کو اور قبیحہ نے معتزّ کو۔ چنانچہ معتزّ قصیدہ لے کر متوکّل کے پاس گیا۔ خلیفہ اُسے پڑھ کر محظوظ ہوا اور ابن الجہم کی رہائی پر راضی ہو گیا لیکن اس کے ایک ندیم ابن حمدون نے ایسی چالاکی کی کہ خلیفہ کو شاعر کا معاملہ یاد نہ رہا اور قید جاری رہی، میں نے قصّے کی تفصیل چھوڑ دی ہے۔

رہائی کے لئے ابن الجہم نے ایک اور کوشش کی، اس کا بیان اغانی میں درج ہے[۵۱] کہ شاعر نے علی بن یحییٰ المنجّم کے ہاتھ خلیفہ کو قصیدہ بھیجا، خلیفہ اس کے ابتدائی اشعار جو قصرِ خلافت کی تعریف میں ہیں سُن کر خوش ہوا لیکن جب یہ شعر آیا :-

تبوّاتُ بعدل قعر السجون   وقد کنتُ ادری لزوّارھا

تو خلیفہ کو غصّہ آگیا اور اس نے کہا :- "یہ اس کے اپنے کیے کا پھل ہے۔" پھر اس نے باقی قصیدہ نہ سُنا۔

صاحب اغانی نے لکھا ہے[۵۲] کہ ایک سال بعد متوکّل نے ابن الجہم کو رہا کر دیا، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس کی چغل خوری جاری رہی[۵۳]۔ مزید یہ کہ اس نے متوکّل کی ہجو کہی[۵۴] اس پر خلیفہ نے اُسے جلاوطن کر کے خراسان بھیج دیا۔ اس کی جلاوطنی کی تاریخ ۲۳۹ھ ہے[۵۵]۔ مسعودی[۵۶] اور ابن خلکان[۵۷] دونوں نے لکھا ہے کہ اس کی جلاوطنی کی ایک مختلف تاریخ ۲۳۲ھ بھی نقل کی جاتی ہے، لیکن میرے نزدیک یہ تاریخ قطعاً غلط ہے، ۲۳۵ھ میں شاعر نے خلیفہ کے ہاں محمد بن البعیث کی شفاعت کی[۵۸]۔ ۲۳۸ھ میں جب اسحٰق بن اسمٰعیل کا سر کٹ کر خلیفہ کے دربار میں آیا تو شاعر دربار میں موجود تھا اور اس نے مرتجلاً وہاں شعر بھی کہے[۵۹] ظاہر ہے کہ ۲۳۸ھ تک تو ابن الجہم خلیفہ کے دربار میں باریاب تھا،

۵۱۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۲۳، ۵۲۔ ایضاً، ص ۲۰۶، ۵۳۔ ایضاً، ص ۲۰۵
۵۴۔ ابن خلکان، جلد دوم، ص ۳۹، ۵۵۔ ابن خلکان، جلد دوم، ص ۳۹، مروج الذہب جلد ہفتم، ص ۲۴۹، تغری بردی، جوین بال ایڈیشن، جلد اوّل، ص ۷۲۰، (مصری ایڈیشن، جلد دوم، ص ۳۰۰)
۵۶۔ مروج الذہب، جلد ہفتم، ص ۲۴۹، ۵۷۔ جلد دوم، ص ۳۹،
۵۸۔ طبری، جلد سوم، ص ۱۳۸۷ تا ص ۱۳۸۸،
۵۹۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۳۱،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

مرزبانی لکھتا ہے[۱] کہ خلیفہ نے ابن الجہم کو جلا وطن کر کے اسبیجاب (واقع خراسان) بھیج دیا، اس سلسلے میں استیجاب کا ذکر اور کسی کتاب میں نہیں آیا، علی بن الجہم خراسان کے قصبہ شاذیاخ میں پہنچا اور طاہر بن عبداللہ نے اُسے قید کر لیا ہے[۲] متوکل نے طاہر بن عبداللہ کو حکم بھیجا تھا کہ علی بن الجہم جب خراسان پہنچے تو اُسے ایک روز کے لئے مصلوب کیا جائے[۳]، چنانچہ وہ قید سے نکالا گیا، اس کے کپڑے اُتار دیے گئے اور صبح سے شام تک مصلوب رہا[۴]۔ اس واقعے پر اس نے ایک قصیدہ کہا جس کا مطلع یہ ہے[۵]:-

لم ینصبوا بالشاذیاخ صبیحۃ　　الاثنین مسبوقاً ولا مجهولا

ابن خلکان لکھتا ہے[۶] کہ یہ شعر بہت مشہور ہیں یہاں تک کہ میں پوری نظم نقل کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتا۔

ابن الجہم نے خراسان کی قید کے زمانے میں طاہر بن عبداللہ کو قصیدہ لکھ کر بھیجا ہے[۷] اس کا پہلا شعر یہ ہے:-

ان کان لی ذنبٌ فلی حرمۃٌ　　والحق لا یدفعہ الباطل

مرزبانی لکھتا ہے[۸] کہ جلا وطنی کے زمانے میں علی بن الجہم نے قصیدہ لکھا جس کا پہلا شعر یہ ہے:-

ونحن اناسٌ اهلُ سمعٍ وطاعۃٍ　　یصحّ لکم اسرارُها وعلانُها

یہ معلوم نہیں کہ ابن الجہم کو قید اور جلا وطنی سے رہائی کب ملی، متوکل نے طاہر بن عبداللہ کو فرمان بھیجا کہ اسے رہا کر دیا جائے[۹] جب وہ رہا ہوا تو اس نے طاہر کو قصیدے میں مخاطب کیا اس میں آخری دو شعر یہ ہیں:-

فلا تقطعنّ غیظاً علیّ انامِلاً　　فقلبك ما عضّت علی الانامل

اطاهرُ ان تحسن فانی محسنٌ　　الیك وان تبخل فانی باخلُ

۱۔ الموشح، ص ۳۴۵، ۲۔ ابن خلکان، جلد دوم، ص ۳۹، اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۰۸،
۳۔ ابن خلکان، جلد دوم، ص ۳۹،
۴۔ ابن خلکان، جلد دوم، ص ۳۹، نیز طبقات الشعراء، ص ۱۵۱، اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۰۸،
۵۔ پورا قصیدہ۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۰۸ تا ص ۲۰۹ پر دیا ہے۔
۶۔ ابن خلکان، جلد دوم، ص ۴۰، ۷۔ آغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۱۸، لمبا قصیدہ ہے۔
۸۔ الموشح، ص ۳۴۵، یہ ظاہر نہیں ہوا کہ قصیدہ کس کی مدح میں ہے۔
۹۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۰۹،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ رہائی کے بعد ابن الجہم خراسان میں کچھ عرصہ مقیم رہا، چنانچہ اغانی میں ایک خراسانی کی روایت[۱] ہے کہ ابن الجہم رہائی کے بعد ایک روز قبرستان میں بیٹھا تھا، خراسان کے قیام کے دوران میں ابن الجہم نے طاہریوں سے کافی تعلقات پیدا کیے، اغانی میں عبید اللہ بن عبد اللہ بن طاہر کی روایت منقول[۲] ہے کہ رہائی کے بعد ابن الجہم کچھ مدت شاذیاخ میں، طاہر کے پاس رہا اور یہ کہ وہ ایک روز بل کر شکار کو گئے، روایت میں اس مہم شکار کی تفصیل مذکور ہے جو میں چھوڑے دیتا ہوں۔ اسی طرح ایک اور روایت[۳] ہے، جس کی رو سے ابن الجہم نے مرتجلاً شعر کہہ کر عبد اللہ بن طاہر کو مائل بہ نشاط کیا، قطعے کا پہلا شعر یہ ہے :-

اما تری الیوم ما احلی شمائله ... صحوٌ وغیمٌ وابراقٌ وارعادُ

عبید اللہ بن عبد اللہ بن طاہر کی روایت[۴] ہے کہ عبد اللہ بن طاہر کی وفات پر مجلس تعزیت منعقد تھی کہ ابن الجہم نے دردناک مرثیہ پڑھا[۵] مطلع یہ ہے ؎

ای رکنٍ وهی من الاسلام ... ای یومٍ اخنی علی الایامِ

خراسان میں کچھ مدت قیام کرنے کے بعد ابن الجہم عراق پہنچا[۶]۔ اس کی تفصیل معلوم نہیں کہ عراق میں اس کی زندگی کے آخری ایام کن مشاغل میں گزرے۔ اتنا پتہ چلتا ہے کہ بغداد کی بستی کرخ میں مفضّل کوئی شخص تھا جس کے ہاں مغنیات کی محفل ہوتی تھی، ابن الجہم بھی اس میں شریک ہوتا تھا[۷]، اس محفل کی مدح میں ابن الجہم نے ایک طویل قصیدہ کہا ہے[۸]، اس کا مطلع یہ ہے :-

نزلنا بباب الکرخ اطیب منزلٍ ... علی محسنات من قیان المفضّلِ

۱۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۲۴،

۲۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۲۷،

۳۔ ایضاً، ایضاً، ایضاً، ص ۲۲۶،

۴۔ ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ص ۲۲۶،

۵۔ ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ص ۲۲۶،

۶۔ مروج الذہب، جلد ہفتم، ص ۲۴۹، ابن خلکان جلد دوم، ص ۴۰، اغانی، طبع دار الکتب جلد دہم، ص ۲۱۹،

۷۔ اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۱۹،

۸۔ ایضاً، کل انیس شعر دیے ہیں۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ابن الجہم کی وفات[۵۱] کی تاریخ ۲۴۹ھ ہے[۵۲]۔ تاریخ بغداد اور وفیات الاعیان میں درج ہے کہ وفات کا مہینہ شعبان تھا۔ ابن الجہم کی وفات دورانِ سفر میں ہوئی، البتہ اس بارے میں اختلاف ہے کہ وہ سفر کس مقام کی طرف تھا، طبری اور مروج الذہب میں لکھا ہے کہ وہ سرحدِ عراق کو جا رہا تھا۔ کتاب الاغانی اور معجم البلدان کی روایت ہے کہ وہ شام کو جا رہا تھا۔ ابن خلکان کا بیان ہے کہ وہ شام سے عراق واپس آ رہا تھا، تاریخ بغداد بتاتی ہے کہ ابن الجہم جنگ کی غرض سے نکلا تھا، اغانی کا اظہار ہے کہ وہ بغداد میں اپنے مذہب، شرِّ نفس اور ہجو گوئی کی بنا پر بدنام ہو گیا تھا اس لئے اس نے بغداد کو خیرباد کہی، اس بات پر کئی مصنّف متفق ہیں کہ اس کی وفات حلب کے قریب واقع ہوئی[۵۳]۔ لیکن اس بارے میں پھر اختلاف ہے کہ آیا وہ حلب کی طرف جا رہا تھا یا حلب سے روانہ ہوا تھا۔ تاریخ بغداد اور ابن خلکان میں مرقوم ہے کہ وہ حلب سے آ رہا تھا اور اغانی میں لکھا ہے کہ وہ حلب کی طرف جا رہا تھا۔ یکایک اس کے قافلے پر کچھ حملہ آور ٹوٹ پڑے، طبری کی روایت ہے کہ یہ حملہ خساف کے مقام پر ہوا لیکن مروج الذہب میں حملے کا مقام خشبات بتایا گیا ہے، اغانی میں درج ہے کہ یہ حملہ آور کوئی بدوی تھے، معجم البلدان کہتی ہے کہ یہ کوئی چور تھے، باقی مصنّف متفق ہیں کہ یہ بنو کلب کے کوئی لوگ تھے، علی ان سے خوب ڈٹ کر لڑا[۵۴]۔ طبری میں لکھا ہے کہ ان بدویوں نے اس کا سب مال و اسباب لوٹ لیا، علی زخمی ہو کر نڈھال ہوا اور گر پڑا، حسین بن موسیٰ ایک شخص اس کا شریکِ سفر تھا[۵۵]، اغانی میں اس کی روایت نقل ہے کہ علی بن الجہم گر پڑا، ہم لوگ اس کے گرد جمع ہوئے، اس[۵۶] کا خون بہہ رہا تھا، اس نے مجھ سے اپنی وصیت بیان کی، آخرِ رمق میں اس نے ذیل کا قطعہ پڑھا[۵۷]

أَزِيدَ فِي اللَّيلِ لَيلٌ — أَم سَالَ بِالصُّبحِ سَيلُ
ذَكَرتُ أَهلَ دُجَيلٍ — وَأَينَ مِنِّي دُجَيلُ

۵۱۔ ابن الجہم کی وفات کا ذکر جن مآخذ میں ملتا ہے ان کے مفصّل حوالے یہاں درج کر دیئے جاتے ہیں، حادثۂ موت کے سلسلے میں باقی جتنے حوالے درج کئے جائیں گے ان میں صرف کتابوں کا نام ہوگا:-
مروج الذہب، جلد ہفتم، ص ۲۴۹ تا ص ۲۵۰، اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۳۲-۴، المختار من شعر بشار ص ۱۷، معجم البلدان، جلد دوم، ص ۵۵۵، طبری، جلد سوم، ص ۱۵۱۴، ابن الاثیر (ٹورن برگ ایڈیشن) جلد ہفتم، ص ۸۱، ابن خلکان، جلد دوم، ص ۴۰، تاریخ بغداد، جلد ۱۱، ص ۳۶۹، معجم الشعراء للمرزبانی، ص ۲۸۶،
۵۲۔ تاریخ بغداد، ابن خلکان، معجم الشعرا، طبری، ابن الاثیر،
۵۳۔ معجم البلدان، تاریخ بغداد، طبری، معجم الشعراء، اغانی، ابن الاثیر، ۵۴۔ اغانی، ابن خلکان،
۵۵۔ اغانی، ۵۶۔ اغانی، تاریخ بغداد، ابن خلکان، طبری، المختار من شعر بشار،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اسس کا گھر بغداد کے شارع وجیل پر واقع تھا[۱] موت کے بعد جب اس کے کپڑے اتارے گئے تو ذیل کا قطعہ ایک رقعے پر لکھا ہوا ملا:-[۲]

یا رحمۃ للغریب فی البلد — النازح ماذا بنفسہ صنعا
فارق احبابہ فما انتفعوا — بالعیش من بعدہ ولا انتفعا

صاحب آغانی نے لکھا ہے کہ وہ اسی جگہ حلب سے ایک منزل کے فاصلے پر مدفون ہوا ابن خلکان اور تاریخ بغداد میں مذکور ہے کہ شعبان ۲۴۹ھ میں المستعین[۳] کو صاحب البرید کا نامہ ملا جس میں ابن الجہم کی وفات کی مفصل اطلاع تھی۔

مسعودی نے لکھا ہے[۴] کہ ابن الجہم کی وفات پر بہت سے شعراء نے اسس کے مرثیے کہے اور من جملہ ان کے ابو صاعد ہے، طوالت کے خوف سے یہ مرثیہ پیش نہیں کرتا،

ابن الجہم کی عمر کے متعلق ہمیں صرف آغانی میں ایک جگہ[۵] اتنا اشارہ ملتا ہے کہ وہ ساٹھ سال سے متجاوز ہو چکا تھا،

علی بن الجہم کے بارے میں دیگر متفرق اطلاعات جو میسّر ہیں میں یہاں شامل نہیں کرتا، صرف ان کی طرف اشارہ کر دیتا ہوں، ابن خلکان نے لکھا ہے[۶] کہ ابن الجہم اور ابو تمام کے مابین صمیم محبت تھی اور ابو تمام نے ابن الجہم کو اُن اشعار میں خطاب کیا جن کا مطلع یہ ہے ؎

ھی فرقۃ من صاحب لک ماجد — فلقد اراقت کل دمع جامد

اوپر ابن الجہم کی جھوٹی غیبت کے جو قصے بیان ہو چکے ہیں ان کے علاوہ اس کی دروغ گوئی کے چار قصے آغانی میں درج ہیں، چھ قصے ایسے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ وہ مغنیات سے چھیڑ چھاڑ کرتا رہتا تھا،

۱۔ اغانی، طبری، المختار من شعر بشار، ابن خلکان،

۲۔ تاریخ بغداد، ابن خلکان

۳۔ متوکل ۲۴۷ھ میں مر چکا تھا اسس کا جانشین المستنصر ہوا اور اس کے بعد اسی سال ۲ ربیع الاول کو المستعین خلیفہ ہوا۔

۴۔ مروج الذہب، جلد ہفتم، ص ۲۵۶،

۵۔ طبع دار الکتب، جلد دہم، ص ۲۱۷، سطر ۲،

۶۔ جلد دوم، ص ۳،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

دو قصّے اُس کی ہجو گوئی کے ہیں، ایک قصّہ اس پر مشتمل ہے کہ اس نے کسی کو ایک کتا بہ طور ہدیہ بھیجا اور ساتھ ہی قطعہ لکھا، دو قصّوں میں اُس کی نحوی غلطیوں کی نشان دہی ہوتی ہے، ایک واقعہ ارتجال کا ہے، ایک میں ہے کہ وہ خالد الکاتب کا کلام فرمائش سے سُنا کرتا تھا اور اس کی ہنسی اُڑاتا تھا، ایک قصّے میں اس کی شجاعت کا پتہ چلتا ہے۔

اس کے ہاں معاصر واقعات کے اشارے بھی ملتے ہیں، بعض کا ذکر اوپر آچکا ہے، متوکّل نے اپنے بیٹوں محمد، معتز اور مستعین کے لئے بیعت لی، اس موقع پر اُس نے متوکّل سے ایک قطعے میں خطاب کیا ہے[1]۔ متوکّل نے اہل ذمّہ اور نصاریٰ کو عسلی رنگ کے طیلسان پہننے کا حکم دیا، اس بارے میں اُس کا ایک قطعہ ملتا ہے[2]۔ ۲۳۸ھ میں فتح آرمینیہ کے بعد بُغا نے تفلیس پر قبضہ کر کے اسے جلا دیا اور اسحاق بن اسمٰعیل کا سر کاٹ کر ایلچی کے ہاتھ متوکّل کو بھیجا، اُس واقعے پر بھی اس کا ایک قصیدہ موجود ہے[3]۔

کتاب الوشّی کے مطالعے سے میں نے اِس قیاس پر دلالت پائی کہ ابن الجہم نے ایک مختصر سا رسالہ بھی لکھا، کتاب الوشّی کے آخری صفحات میں چند عنوانات ہیں جو درجِ ذیل ہیں:-

(۱) باب ما وُجِدَ علی الکرازن و العصائب...... (۲) باب ما وُجِدَ علی الستور والوسائد...... (۳) باب ما یکتب علی المجالس والابواب......... (۴) باب ما یکتب علی الجبین والخدّ......... (۵) باب ما یکتب علی العیدان والمضارب......... (۶) باب ما یکتب علی الدّراھم والدنانیر.........

ان عنوانوں کے ماتحت ابن الوشّاء جا بجا علی بن الجہم کے اقوال نقل کر رہا ہے، یہ کسی طرح تسلیم نہیں کیا جا سکتا کہ یہ اقوال ابن الوشّاء نے خود علی بن الجہم سے سُنے، کیونکہ ابن الجہم ۲۴۹ھ میں وفات پاچکا تھا اور ابن الوشّاء کی پیدائش ہی ۲۵۱ھ میں ہوئی (دیکھو دیباچہ مرتّب، کتاب الوشّی - صفحہ ج تا د) یہ بھی مستبعد ہے کہ ایک ہی نوعیت کی اتنی روایتیں ابن الوشّاء کو کسی نے سُنائی ہوں، لہٰذا یہی مستخرج ہوتا ہے کہ ابن الوشّاء کے پیشِ نظر ابن الجہم کا کوئی رسالہ

---

[1] - مروج الذہب، جلد ہفتم، ص۱۵۳،

[2] - طبری، جلد سوم، ص۱۳۹۴،

[3] - اغانی، طبع دار الکتب، جلد دہم، ص۲۳۱،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

یا تحریر بھی حسن کی نوعیت کم وبیش وہی تھی جو کتاب الموشّیٰ کے ان ابواب کی ہے۔

ابن الجہم کا کلام میں ابھی جمع کر رہا ہوں۔ اب تک ساڑھے چار سو ابیات جمع ہوئے ہیں۔ ان کو ردیف وار مرتب کر رہا ہوں اور ساتھ ہی ان کا انگریزی ترجمہ بھی شامل کتاب کر رہا ہوں، بہت سے قصیدے اور قطعے نامکمل صورت میں مل رہے ہیں، جو کلام اب تک مرتب کر چکا ہوں اس میں مدحیہ اور ہجائیہ کی نمائندگی سب سے زیادہ ہے، ان کے بعد حبّیات کی باری آتی ہے، باقی متفرقات ہیں،

ختم کرنے سے پہلے اتنا لکھ دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ ابن الجہم تیسری صدی کا شاعر ہے، یہ وہ صدی ہے جسے عربی شاعری کا عبوری دَور کہنا چاہیئے، اس میں بتدریج جاہلیت کے ادبی آثار زائل ہوتے نظر آتے ہیں اور عجمی خیالات اور طرزِ اظہار کو ہم عربی شاعری میں سرایت پذیر پاتے ہیں، ابن الجہم کا کلام اِس عبوری دَور کی شاعری کا نمائندہ ہے اس لئے جہاں اس میں جاہلیت کا مفاخرہ اور مبالغہ پایا جاتا ہے وہاں فلسفیانہ تعلیمات اور ایرانی تزئین پسندی بھی جھلکنے لگتی ہے،

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

THE THIRTEENTH

All-India Oriental Conference

NAGPUR UNIVERSITY

1946.

MAJLIS-I-ULAMA SECTION

Printed at the Popular Printing Works, (Nayagaon), Latouche Road, Lucknow.

1950.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کل ہند علوم مشرقیہ کانفرنس

روئداد مجلس علماء

کل ہند علوم مشرقیہ کانفرنس کے شعبۂ مجلس علماء کا انعقاد ناگپور یونیورسٹی کے زیر اہتمام ۲۱ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو ہوا۔ ملک کے نامور ارباب علم و فضل نے جلسہ کی کارروائی میں حصہ لیا۔ صدارت کے فرائض جناب علامہ مولانا ڈاکٹر سید مجتبیٰ حسن صاحب کاموں پوری، پی، ایچ، ڈی جامعۂ ازہر مصر و اُستاد علوم مشرقیہ لکھنؤ یونیورسٹی نے انجام دیئے۔

جلسے کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ قاری سید محمود صاحب ایم، اے، بی، ٹی حیدرآباد نے تلاوت فرمائی۔ پروفیسر میجر سید محمد آغا حیدر حسن صاحب عابدی لوکل سکریٹری کانفرنس صدر شعبۂ عربی و فارسی ناگپور یونیورسٹی نے ایک پرجوش و پرخلوص نظم میں حاضرین کا خیر مقدم کیا۔ حضرات ذیل نے اپنے عالمانہ مقالے پڑھے:-

(۱) مولانا مفتی عبدالہادی خاں صاحب رکن مجلس علماء بھوپال۔ علوم مشرقیہ کی اہمیت پر۔

(۲) مولانا محمود علی خاں صاحب (بھوپال) — ابتدائی دو صدیوں میں عرب کی نشاۃ جدیدہ (بزبان عربی)

(۳) مولانا خواجہ حمید احمد صاحب (حیدرآباد) — دکن کے دو صوفیائے کرام اور ان کے علمی کارنامے۔

(۴) علامہ ڈاکٹر سید مجتبیٰ حسن صاحب کاموں پوری — اسلام سے پہلے اور اسلام کے بعد (بزبان عربی)

(۵) مولانا سید یٰسین صاحب ایم، اے (حیدرآباد) — قصص القرآن کی تاریخی حیثیت۔

مولوی عبدالحلیم صاحب ایم، اے نے عربی بول چال پر تقریر فرمائی۔ مولانا احمد بن ناصر العسیری استاذ اللغۃ العربیۃ ٹریننگ کالج حیدرآباد نے عربی زبان کی سلاست پر تقریر فرمائی اور جامعہ عربیہ ناگپور کے دو طلباء نے عربی زبان میں ایک دلچسپ مکالمہ پیش کیا۔

آخر میں مولانا عبدالعزیز صاحب میمن پروفیسر و صدر شعبۂ عربی مسلم یونیورسٹی علیگڈھ نے اپنی تقریر میں مقامی کارکنوں کی ستائش فرمائی کہ آل انڈیا اورینٹل کانفرنس کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مجلس علماء کا قیام عمل میں لایا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ اس شعبہ کو مستقل حیثیت دینی چاہیے جس کے لئے قواعد و ضوابط مرتب کئے جائیں تاکہ آئندہ لازمی طور پر آل انڈیا اورینٹل کانفرنس کے اجلاس میں یہ شعبہ بھی شامل رہے۔

ڈاکٹر محمد زبیر صاحب صدیقی پروفیسر کلکتہ یونیورسٹی، ڈاکٹر محمد نظام الدین صاحب صدر شعبۂ فارسی عثمانیہ یونیورسٹی، اور پروفیسر سید مسعود حسن صاحب رضوی صدر شعبۂ فارسی و اردو لکھنؤ یونیورسٹی نے اس تجویز کی تائید میں تقریریں فرمائیں۔ طے ہوا کہ اس سلسلے میں ضروری کاموں کی انجام دہی کے لئے ایک ذیلی کمیٹی بنائی جائے جو حضرات ذیل پر مشتمل ہو:-

(۱) پروفیسر ڈاکٹر محمد زبیر صاحب صدیقی (کلکتہ) — (۲) علامہ ڈاکٹر سید مجتبیٰ حسن صاحب کاموں پوری (لکھنؤ)
(۳) پروفیسر مولانا عبدالعزیز صاحب میمن (علی گڈھ) — (۴) مولانا خواجہ محمد احمد صاحب ناظم آثار قدیمہ (حیدرآباد)
(۵) مولانا محمود علی خاں صاحب رکن مجلس علماء (بھوپال) اور مولوی سید رفیع الدین صاحب معتمد مجلس علماء اس کمیٹی کے داعی مقرر کئے گئے۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

قبل الاسلام وبعده

ڈاکٹر علامہ مجتبیٰ حسن لکاموں پوری

التاريخ الديني يصرّح لنا ان الانسان الاول وهو آدم - وكان نبيّا وانسانا كاملا وهذا لانزاع فيه ـــ ولكن بما انني اريد ان أتكلم في الانسان العادي، فاني ارى انّه قد مرّت عليه ادوار ثلاثة

(١) دور البساطة والسذاجة الّتي يمثلها دور الطفولة

(٢) دور التردد بين اثبات الاله ونفيه

(٣) دور التوحيد

الدور الاول ـــ الانسان في الدور الاوّل كان لا يعرف الا نفسه وما يدور حوله باضيق المعنى بما لا نكاد نتصوره

الدور الثاني ـــ فلما تصادم مثلا بالحجر وعلق به الشوك ودوت حواليه الاعاصير الزعازع، وراى الجبال والاغوار والانجاد استعظمها لسذاجته وعاونته في ذلك غريزة الخوف فقدسها وعبدها - ثم تعودها فراى الاحجار تتحطم - والماء يقف طوع ارادته والنار ينطفي لهيبها -

ففكر في قوة تعلو هذه القوى وعاونته غريزة حب الاستطلاع، وفي تلك الدورة نمت فكرته واتسع افقه، فتطلعت نفسه الى السماء كي يجد فيها الها غير اله الارض، فراى النجم الشهب والكواكب الزهر والشمس ترمي باشعتها الفضاء - والبدر يبهر بهائه -

فركز فيها توجهه وتطلعه الى الهة اكبر ومعبودات اضخم واعظم حينما ارتقت فكرته وضعفت امام ناظره تلك القوى شك فيها وابى طاعتها حتى اصبح في دور اشبه برفض العبادة -

ولكنه من ناحية اخرى شعر بقوة تغلب على قوته وراى فشله في مقاومتها لذلك اصبح بين الشك واليقين، بين رفض العبادة والتمسك بها -

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

الدور الثالث ـــ ظهر فى هذا الدور ضعف القوة التى عبدها وقدسها فى الادوار الماضية وكان استعداده قد اتسع واستطاع ان يصل من المعلوم الى المجهول ـ ولجأ الى قوة عليا وهى المثل الاعلى المنشود وهذه هى الفكرة الناضجة فى الالوهية والتوحيد ـــ ومن هنا تعلم ان فكرة الاله امر قد جبل عليه الانسان يمثل تطورها ما دار حول حديث الخليل ابراهيم فى القرآن ـ بعد ان حطم الاصنام واظهر ضعف المظاهر المادية ـــ فكر فى الشمس والقمر فحينما جنّ عليه الّليل وشمل الكون ظلامه وعم دنياه قتامه رأى كوكبا ـــ فقال هذا هو الاله الذى خلق تلك الكائنات

فلما سطع القمر بضوئه ونوره الساطع استضال ذلك النور الذى ازال القمر وراءه واطمس ظهوره ـ فلو انّه اله قادر ما غلبه غالب وقال هذا هو الاله باعث الحياة فيمن يشاء وسالبها ممن يشاء ولبث هنيهة يتامل فى حسنه وروعته وعلوه فاذا هو كسابقه يضمه الكون فى اهابه ـ ويشمله ويشمله الفناء فى ثيابه ـــ وتبرز الشمس فى خدرها فى ثوبها الابيض القشيب وكلالئها الجميل الرهيب وضوئها الساطع الخلاب ونورها القاهر الغلّاب تبعث الحرارة وتشع النور ـــ فقال ابراهيم هذا ربّى هذا اكبر ـ وظل ينظر ويفكر حتى ولى النّهار بشمسه واقبل الّليل الحالك كامسه فراى ان لكل هذه الخلائق خالقا ولذلك الكون البديع منظما ـ ليس له مثال ـــ وانا يدعو قومه الى التوحيد وخلع ثياب الخوف الّا من الله لعمرى لم يصل ابراهيم الى ربه بهذا التدرج الوثنى بل اتخذه سُلّما لجواز العقل العادى على مثل هذه القمم الباذخة والقنن السامية

ولعلّ تلك القصة الّتى ذكرها القرآن فى بيان استقلال الانسان بالفكر فى البحث عن الاله والوصول الى الكمال الاعلى هى التى اوحت الى ابن سيناء روايته الخيالية (حى ابن يقظان) الّتى ظهرت على يد ابى بكر محمد بن طفيل الاندلسى ـ

يظهر لنا من هذا ان العقل الثاقب هو الذى يوحى الى معرفة الله ولما كان لا يتوصّل الى معرفة الله الا من كان نظره ثاقبا واما دهماء الناس فهم بعيدون عن هذا التفكر فضلا عن ان الانسان وحده مهما بلغ من قوة المنطق ورجاحة العقل لا يستطيع ان يرسم نظاما معصوما يناسب مع احتياجاته لان فى الكون اشياء غامضة على عقله لا يستطيع ان يفهم نواحيها لذلك كان لابد من ارسال الرّسل لتظهر للناس فكرة الالوهية خالية من الوثنية ولتهديهم الى طريق الحق فى دينهم ودنياهم فان الله

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

لم يترك البشر فوضى لا يجمعهم دين ولا يضمهم مذهب بل ارسل الرسل ليبين لهم الرشد من الغيّ والضلال من الهدى ولا شك فى ان ما يصدره الله من شرائع واسعة وقوانين جامعة واحكام زاكية هى فوق طاقة البشر من حيث الاحاطة على كليات الحياة واصول المعيشة المادّية والروحية من النفس الى المنزل حتى الى الجامعة الانسانية وتنظيمها ورياستها فلا يقدر الانسان ان يضع مثل هذا القانون البريء عن وصمة النقص الفائز على الكمال على اقصى ما يتصور — ومن هنا يستطيع الانسان ان يحكم على الرسول اجادّ هو ام هازل؟ اصادق هو ام كاذب - فاذا ثبت لديه صدقه وجبت طاعته دون عناد او جحود —

والناس فى ذلك قسمان — قسم صقلت نفوسهم وسمت عقولهم فهم يحكّمون العقل لا الشهوة - وقسم طغى هواهم على عقلهم وملأ الشيطان نفوسهم جحودا وكفرانا فاعرضوا عن دين الله واستكبروا استكبارا ولو ان الناس اطاعوا الشرائع الالهية واذعنوا للنواميس الربانية لامتلأت الدنيا خيرا ولاصبح الناس فى حضارة كاملة وسعادة شاملة ولا حاجة بنا الى ذكر الامثال الكثيرة فحسبنا مثل واحد وهو النبى الهاشمى محمد بن عبد الله رسول الرحمة الذى استطاع ان ينشئ مدينة فاضلة ثابتة الاركان قوية الدعائم والبنيان من لا شئ سوى شئ واحد وهو العقيدة الصادقة والايمان الراسخ حتى اذا ما هجر المسلمون اوامر دينهم تغيّر الحال غير الحال -

حالة العالم قبل البعثة النبوية | ارى ان اصور حالة العالم قبل بعثة محمد بخاصة عن حالة العرب الدينية لنقف على مقدار خطر الاسلام وعظم مهمته اذ غيّر اوضاع العالم وقلب نظامه واوجده على غرار محكم ونظام مبدع

بلغت الامبراطورية الرومانية الشرقية فى القرن الخامس الميلادى الى البحر الاطلانتيكى غربا والى ضفاف دجلة شرقا والى بلاد التتر شمالا حتى بلاد الحبشة جنوبا والعصر الذهبى لهذه الدولة كان فى حكم جستنيان (٥٢٧ - ٥٦٥) فقد تقدمت فى ايامه الزراعة والتجارة والصناعة - غير ان الحروب التى كانت بين البيزنطيين والفرس والبلقانيين والصقالبة والبلغاريين قد اضعفت بيزنطة وانهكت قواها وهددت نهار او هدت كيانها —

والخلف الذى اعقب جستنيان على الملك كان من الضعف السياسى والدينى والادارى والاجتماعى على جانب كبير واضيفوا اليه اختلاف الآراء وتشعب

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

الفكر والمذاهب -

الانقسامات الدينية | انقسمت النصرانية الى طوائف اشهرها فى الشرق اليعاقبة (نسبة الى يعقوب البرغانى) مذهب القسطنطينية بمصر والنوبة والحبشة --- والنساطرة (نسبة الى نسطور بطريرك القسطنطينية) فى الموصل والعراق وفارس - والملكانية (مذهب جميع ملوك النصارى) فى بلاد الغرب وصقلية والاندلس والشام ---

وكل منها كانت تذهب فى رأى يخالف رأى الاخرى ---

فاليعاقبة كانوا يرون ان المسيح هو الله - وان الله والانسان اتحدا فى طبيعة واحدة هى المسيح --- والملكانية والنساطرة رأت ان المسيح رمز بطبيعتين متميزتين احداهما اللاهوتيه والثانية الناسوتيه --- وتفاقم الخلاف بين هذه الفرق مما ادى الى خروج شعوب عن حوزة الروم الى الحكم الفارسى

العداء بين الروم واليهود | استحكم العداء بين الروم واليهود --- ودفع يهود انطاكية الى قتل بطريرك انطاكية - وكان نصيبهم القتل والتنكيل بهم وتآمر يهود صور وفلسطين على الثورة ضد الولاة - واخذوا على انفسهم ان يقتلوا نصارى هذه البلاد - ولكن كُشفت الدسيسة وانتهت الى قتل يهود صور باجمعهم - وكذلك فى جميع المدن التى كانت تضم العنصرين مما حمله اليهود نكاية فى الروم انهم اشتروا ثمانين الف من اسرى النصارى فى حرب الفرس وذبحوهم ليشفوا غليلهم -

الفرس | دارت الحروب بين الروم والفرس فانهكت قواها --- وبدت امارات الانحلال على امارات الفرس حتى حكم فى اربع سنوات 9 ملوك - اضيفوا الى ذلك تشعب مذاهبهم الدينية مما ادى الى زيادة الفوضى وكان يسود الفرس ابان ذلك مذهب زردشت وهو مبنى على اساسين (١) ان للعالم قانونا يسير عليه وله ظواهر طبيعية ثابتة (٢) ان هناك نزاعا و تضادا بين القوى المختلفة - النور والظلمة - وبين الجدب والخصب - وحددوا الارواح الخيرة فى الواحد وهو (يزدان) وكذلك قوى الشر فقد حصروها فى (اهرمن) - ومن المذاهب الفارسية "المانوية" ويعتقد اشياع هذا المذهب ان العالم يشمل النور والظلمة - ووجه المخالفة بين مانى وزردشت - ان مانى كان يرى ان امتزاج النور بالظلمة شر - من اجل هذا رأى ترك التناسل ليتعجل العالم بالفناء - ودعى الى الزهد - و فرض صلوات عدة وحرم ذبح الحيوانات

ويرى زردشت خلاف هذا - فيدعوا الى الزواج ومستلزمات الحياة باوسع معانيها

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ومن المذاهب الفارسية مذهب مزدك وهو حصن الاشتراكية واهم عنصر في ديانته التسوية في المال والنساء
ومن صورة تعدد الاديان ترى مقدار ما كان عليه الفرس من فوضى وتنافروا لتحيّز للمبادى والاديان -

اديان العرب قبل الاسلام | جرت الطبيعة البشرية من القديم على ان القوانين التى تمرّ عليها الجماعات الانسانية ان لم تتوال المذكرون بها والدافعون عنها تطرق اليها التغير بسبب طول العهد الذى تتبعه قسوة القلب - حيث ان القوانين وحدها ليست كافية بل لابد لها من رجل يحمل لواءها - ويرفع علمها حتى تبقى لهاجتها ولا يتطرق اليها البلى من اى ناحية من نواحيها

والتاريخ السماوى يحدثنا فى صراحة بان الامم كانت تتيه فى ضلالها وتعمه فى طغيانها حتى اذا اصبحت على شفا جرف هار ادركها خالقها الرحيم بها فبعث اليها رسولا من انفسها للالفة بين الرسول والمرسل اليهم بقوانين ترمى فى غرضها الى اصلاح هذه الجماعة التى صارت قاب قوسين او ادنى من الهلاك لينقذها من هوّتها السحيقة - و لكن الناس دائما لهم تعلق بعوائدهم القديمة ولو كانت خبيثة للملازمتهم لها حينا من الدهر فكان الرسول يلاقى من الشدة اثناء بث الدعوة انواعا شتى من الالام والاضطهاد - وليته بعد ذلك يسلم من ايذائهم وليته ينتهى امره بانقياد الناس اجمعين -
بل لابد من وجود مخالفين حتى فى اخر لحظة من حياته -

هذا شان الامم المعتدلة يؤمن معظمها وان كانت فيها قلة تعادى صاحب الدعوة -
اما الامم التى مردت على خبث الطبيعة فما كان يؤمن منهم الا القليل النادر - و عند ذلك بعد ابداء الجهد الجهيد من الرسول يرسل الله على الاقوام المعاندة انواعا شتى من العذاب حتى يهلكهم وياتى بقوم آخرين يصلحون للحياة والرقى - والقران يذكرنا اخبار اقوام سلفت مثل قوم عاد وثمود

اما عاد فارسل الله اليهم هودا بعد ما فسدت عقيدتهم وساءت اخلاقهم وفشت فيهم المعاملات السيئة فدعاهم الى التوحيد فما امن معه الا القليل - لا يفى بحمل اعباء الدعوة - وماكانوا يستطيعون نصرا لنفسهم ولا رفع الاذى عن رسولهم -
وما زال الاذى يتوالى على الرسول حتى اراد الله اهلاكهم فارسل عليهم عذابا من فوقهم " عذاب الظلمة " ومن تحتهم عذاب الرجفة - قال تعالى (واما ثمود فاهلكوا

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

بالطاغية) وكان هؤلاء فى الشمال الغربي للجزيرة العربية -
اما وسط الجزيرة فقد نزل فيه ابراهيم بابنه اسمعيل وزوجه "هاجر" وبنى بها البيت الحرام ــــ وكان بها من القبائل جرهم والعماليق فارسل الله اسمعيل بشريعة ابيه ابراهيم وكان كسائر الرسل دعاهم الى التوحيد واقامة الصلوة وايتاء الزكوة وحج البيت وكان من شريعته الاختتان والاغتسال من الجنابة وتحريم مكة والاشهر الحرام ــــ الا انه لما كثرت اولاده وانتشروا فى الجزيرة طلبا للعيش كانوا ياخذون بعض الاحجار من الكعبة تعظيما لها فيضعونها اينما حلوا - ويطوفون بها كما كانوا يطوفون بالبيت الحرام ومازال تعظيمهم يزداد حتى عبدوها من دون الله وانتشرت اثر ذلك عبادة الناس للاصنام ووقعوا فى الضلال كما وقع من قبلهم من الامم فى ضلال العقيدة
ومما زاد فى ذيوع تلك الوثنية فى جزيرة العرب ان قبيلة خزاعة لما تغلبت على جرهم وطردتهم من مكة واستولت على سدانة البيت الحرام دعا عمرو بن لحى الخزاعى الى عبادة الاصنام و سبب ذلك انه ذهب الى البلقاء بارض الشام ووجدنا سا يعبدون الاصنام ويدعون انها تنفعهم وتضرهم وتجيبهم اذا دعوها - فحمل معه صنما ووضعه فوق الكعبة ودعا الناس الى عبادته - واشتهر ذلك بينهم فوضعوا فى جوف الكعبة اصناما عدة - وكان اعظمها "هبل" ثم انهم احاطوا الكعبة باصنام كثيرة قيل انها كانت ٣٦٠ - وكان فوق ذلك لكل رجل فى بيته صنم يعبده وكان للعرب فى غير مكة اصنام يعبدونها منها اللات والعزى ومناة واسهم وذو الخلصة وذو الكفين وذو الثرى ورضا وعميانس وسعير وفلس - ومما كان لهم ايضا "ود" وسواع ويغوث ويعوق ونسر - وممن ارسله الله من الرسل فى شمال الجزيرة شعيب ارسل الى مدين على تخوم الشام حيث كانوا يعبدون الاصنام فدعاهم الى ما فيه صلاحهم فلم يستجيبوا له ولم يستمعوا القوله (والقرآن يذكر لنا القوم الذين ارسل اليهم شعيب فمارة يسميهم مدين و اخرى اصحاب الايكة فهما علمان على قبيلة واحدة) فابادهم الله ولم يبق على احد منهم / مما تقدم نقف على حالة الاهالى بالجزيرة العربية من اقصاها الى اقصاها - ونعلم مقدار ما وصلوا اليه من العتو والعناد وضعف العقيدة وسوء التفكر وخبث الطوية /
اذ كان من اثر هذا الضعف الضعيف ان عبدوا ما صنعوا من الاحجار بل عبدوا ما توهموه موجودا وصوروه بصور شتى حسب ما اوحت اليهم خيالاتهم - فقد عبدوا الملائكة بدعوى انها بنات الله تشفع لهم عنده ــــ وبكتهم الله فى كتابه بقوله "ام اتخذ مما يخلق بنات واصفاكم بالبنين (١٦ زخرف)" - وعبدوا الجن زاعمين انها تنفعهم وتضرهم - وان خفيت

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

عليهم قال تعالى (وانّه كان رجال من الانس يعوذون برجالٍ من الجنّ فزادوهم رهقا ٦/٧٢ الجن)

وجاء ذلك في الشعر العربي :—

يا عظيم هذا الوادي ... اعوذ بك من شر الاعادي ... فلم يجيرنا من هزبر عادي

كما عبدوا الحيوانات التي تختلج اليهم في رعيها وهدايتها الى المرعى، وما ورد في ذلك ان وفد طي لما وفد على النبي قال لهم (انّي خير لكم من العزّى ولاتها ومن الجمل الاسود الذي تعبدونه)

وكان لهذه المعتقدات اثر عظيم على نفوسهم . فقد كانوا يقدمون القربان لالهتهم ويسمون ابناءهم باسماء مضافة الى تلك المعبودات كعبد شمس وعبد يغوث وعبد العزّى . نعم لقد كانوا يجعلون لتلك الاصنام نصيبا مما يزرعون ومما يملكون من الحيوانات . قال تعالى (وجعلوا لله مما ذرأ من الحرث والانعام نصيبا . فقالوا هذا لله بزعمهم وهذا لشركائنا فما لشركائهم فلا يصل الى الله وما كان لله فهو يصل الى شركائهم) .

لم يكن ماسبق من الاديان وانواع العبادات في جزيرة العرب ليس غير ولكن كانت هناك ديانات اخرى للصابئة —

ويزعمون انّها منسوبة الى نوح — يقول ابن حزم في الفصل (ج ١ — ٣٥) انها اقدم ديانة على وجه الارض . الان معتنقيها كان منهم من تمسك بالدين الحنيف ومنهم من اشرك و زاغ عن الجادة .

وهؤلاء قد تنوعت عبادتهم فمنهم من قال انا في حاجة الى وساطة بيننا وبين الله ليقربنا اليه — وزعموا انها الروحانيات الا انهم لم يعثروا عليها فظنوا ان الكواكب هياكل لتلك الروحانيات فعبدوها . سوى ان الهنود عبدوا الكواكب الثابتة . والروم عبدت الكواكب السيارة — و بعض هؤلاء وجدوا انّها تغيب نهارا فلا يتمكنون من عبادتها فصنعوا لها اصناما على شاكلتها وعبدوها .

والحديث يدلنا على ان بعض العرب كان على دين الصابئة الذين يعتقدون في الكواكب وانها تنزل عليهم المطر وكانوا يقولون "مطرنا بنوء كذا" — قال النبيّ واما من قال مطرنا بنوء كذا وكذا فهو كافر لي ومؤمن بالكواكب " كما كانوا يعبدون الكواكب (الشمس والقمر والمشتري والدبران وسهيل والمرزم والشعرى والعبور) وغير ذلك مما يعتقدون فيه النفع والضر وكانوا يسمونها الهة لذا قال الشاعر :

تروحنا من اللعباء عصرا ... واعجلنا الالهة ان تؤوبا

ولقد كان من الشائع في الجزيرة ديانة البرهمة نسبة الى برهم او برهما . عرف هذا الدين في عمان حيث اعتنقه الكثير منهم ومنشأ هذا الدين عند الهند لكن الذين يصفونه بانه

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

رواهد ان لي) وليعنون بذلك الطبيعة — ويقولون انه ظهر متجسدا في صورة الانسان هو
برهما وله هيكل يزورونه ويتوجهون اليه بالدعاء —

ومن الديانات التي انتشرت في جزيرة العرب المجوسية - واصل هذه الديانة الاعتقاد
بان للعالم اصلين النور والظلمة - وجاء هذا الدين الى الجزيرة من جهة الفرس لانها منبعة الاصلي -
ومعلوم ما كان للعرب من صلة بالفرس من طريق التجارة - ولان بعض الحميريين كانوا عمالا
للفرس — ولا غرو فقد ظلت سيادة الفرس على بلاد اليمن في عصور مختلفة — وكان عامل هذه
البلاد وهو باذان، يحكم من قبل الفرس وقد اسلم هو ومن معه في بلاد اليمن في عهد الرسول -
ولهذه الديانة فرق كثيرة اشهرها الزردشتية (نسبة الى زردشت الذي دعا احد
الملوك الى عقيدته فاعتنقها) ومن اشهر فرقهم الثنوية والمانوية والمزدكية — ولكل
فرقة تعاليم تخالف الاخرى قليلا اوكثيرا —

اما ما وجدت في العرب في قبيلة تميم (منهم زرارة بن عدى - وحاجب بن زرارة -
وابو الاسود جدّ وكيع بن حسّان) وتعرف عند بعض المؤرخين بالزندقة - وكان لهذه
المعتقدات اثر كبير عند العرب - فقد كانوا يحلفون باليزدان واذا ما ارادوا الحلف من احد
عن شيئ اوقد والنار - واحضروه عندها ودعوا عليه بالحرمان من منافعها اذا هو نقض
العهد اوخفر في ذمة -

<u>اليهودية عند العرب</u> اختلف في اصل هذه التسمية فقيل انها من هاد اذا رجع —
لانهم رجعوا عن عبادة العجل - وقيل من هاد اذا تحرك لانهم كانوا يتحركون عند تلاوة التوراة
وقيل نسبة الى يهودا احد اسباط يعقوب وهذا الاخير هو الظاهر (انما صار الى يهود مع ان اصلها
بالذال لان العرب كانوا اذا نقلوا الى العربية شيئا من غيرها غيّروا في حروفه - ثم ان يهودا هو
الحاكم على الجميع باذن من ابيه حتى مات - وجاء موسى فرتب بني اسرائيل وقدم عليهم سبط
يهودا - ثم انهم انقسموا قسمين اليهود وبني اسرائيل — وكان ان خضعت الثانية للاولى فسمّوا
يهود - وانما اسروا عرفوا بين الامم ببني يهودا -
واستمر هذا تميز الهم وذكروا في القران اليهود — وهود وبني اسرائيل / ومن تتبع القران
علم انهم يدعون اليهود عند لومهم وبني اسرائيل عند الامتنان عليهم)
جاءت هذه الديانة الى البلاد العربية من فلسطين حينما نزح اليهود منها لان ارضهم
ضاقت بهم - ولان الرومان استعملوا معهم كل انواع الشدة فاضطروا الى الهجرة الى بلاد اكبر
العرب الواسعة - لاعتقادهم ان الحرية ثمة وان الجيوش المنتظمة لا يمكنها ان تلج الصحراء ٢٦

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

وكان هذا القرن الاول والثانى للمسيح — حين نزل النازحون شمال الجزيرة بيثرب وخيبر وتيماء و
وادى القرى — واعتنق الناس اليهودية هناك -
ومِمَّن دخلها بنو كندة وبنو نمير — وقامت دولة يهودية باليمن حيث اعتنقها بعض
الحميريين وتقوضت تلك الدولة على يد الاحباش حين غزوها — وكانت شايعة كذلك فى
نجران باليمن -
ظهرت آثار اليهودية فى اشعار العرب — فان لبيد يصف رجلا قد اخذه النعاس
يلمس الاحلاس فى منزله — بيديه كاليهودى المصلى انها من تاثير اليهود فى العرب
فمن ذلك النسى وصوفة -
النسيى - كانت العرب تجتمع بعد الحج على جماعة عرفوهم يطيعون امرهم وكانت وظيفتهم
تاخير بعض الاشهر الحرم الى غيرها اذا دعت الحاجة الى ذلك —— والناسى الرئيس الدينى عند
العبرانيين -
والرئيس الدينى من اليهود كان يقدم ويؤخر من الشهر ما شاء لهذا التشابه - قال بعض
العلماء ان هذا من تاثير اليهودية فى العرب
صوفة — كلمة صوفة معناها فى العبرية الحارس - وكانت العرب تطلقها على الناس
الذين فيدفعون لرمى الجمار الان الكتب العربية شرحت هذه الكلمة بما ياتى -
(١) ان هؤلاء الذين هذه صفتهم كانوا من افناء القبائل فهم متشابكون كالصوف -
(٢) ان منهم الطويل والقصير فهم فى ذلك كالصوف
النصرانية — الجزيرة العربية كالمركز للبلاد التى انتشرت فيها النصرانيه فقد كانت
فى مصر والحبشة والروم -
وغير خفى ما كان للجزيرة من الاتصال بهذه البلاد — فقد كانت التجارة قائمة على قدم
وساق بين هذه البلاد —
وناهيك بما كان بين الغساسنة والروم من الاتصال فوق التجارة فقد كانوا عمالا لهم
— ولما فكر الروم فى تسلط نفوذهم على اطراف الجزيرة العربية ارسلوا الرهبان لنشر
الديانة المسيحية ليكون كالتمهيد لبسط السلطان فذهبوا فى شرق الجزيرة وغربها وبالضرورة
تضايقت اليهودية فى نفوذها - فاعتنق كثير من العرب الديانة النصرانية هذا ما كان
من حيث الجهة التى تواجه ارض الروم - اما فى الجنوب فقد قيل ان النصرانية اتتها من الحبشة
وذلك حينما غزا الدولة اليهودية التى قامت فى قبيلة حمير —— وعلى كل حال فقد

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

انتشرت النصرانية فى انحاء الجزيرة ــ ومما لا شك فيه ان اول من تنصر الغساسنة وبعض قضاعة لانهم كما تقدم كانوا عمالا للروم ثم فشت النصرانية الا انها لم تعم جميع القبائل العربية لان بها من التقاليد ما لا تتفق والحمية العربية والانفة الجاهلية ـ انظروا مثلا اهل يتفق ما عرف من العرب من اباء وشمم وحمية مع ذلك القانون ـ

من ضربك على خدك الايمن فادر له خدك الايسر

لا تتفق ـ اذاً فالنصرانية لم تلق رواجا واسعا ولا مرتعا خصبا فى الجزيرة العربية ـ هذا مجمل الديانات التى كانت شائعة بين العرب قبل ظهور الاسلام

البعثة المحمدية وضح الفساد الشامل للعالم قبل بعثة النبي ـ الفساد فى العقول و الفساد فى التفكير والاخلاق والعادات والطباع والمعاملات ـ فما كان ينتظر ان يفكر انسان فى هذا الفساد وياتى بما يبدد شيئا منه ـ بل لا بد من صدور ذلك عمن يعلم السرائر كما يعلم العلانية ويحيط بما يصلح هذا الفساد فياتى به ويجعل فى النفوس استعدادا له ليس ذلك الا الله ـ

الا ان الله لا يخاطب الناس جميعا حتى يلقنهم ما به صلاحهم ولكن جرت عادته ان يجتبي من عباده من يشاء ويختاره فيرسله بما يقوّم معوّج هؤلاء ــ والقوانين التى يرسلها الله على بعض البشر تسمى قانونا سماويا ـ والاتى بها رسولا ـ

ومن المعلوم ان الفساد قد شمل شتى النواحى ـ فكانت الحاجة ماسة الى ارسال رسول من عند الله ــ وهذا هو الذى حدث بالفعل فقد ارسل الله محمدا الى وقت انتشر فيه الفساد وعم ارجاء الجزيرة بل العالم اجمع فقد عرفتم انه عبدت الاحجار والحيوانات والاصنام فى فتلك الفرس المجوسية والروم النصرانية الممزوجة بالخرافات والاوهام والهند البرهمية والوثنية ـ والصين التى كانت فيها الكونفوشية ـ وبالجملة فلم يكن فى العالم من يعرف باستقامة السيرة ـ لهذا جاء ذلك المنقذ الاكبر محمد بن عبد الله وقد الحت عليه الحاجة بنداءه ـ ومسّت الضرورة بقدومه ورحمة الله التى وسعت كل شيئ وحكمته البالغة قد قضت بارساله ـ فجاء هاديا للناس ومبشرا ونذيرا ـ وداعيا الى الله باذنه ـ وسراجا منيرا ـ فصدع هذا الرسول الامين بامر ربه وبلغ الرسالة و ادى الامانة ـ وجاهد فى الله حق جهاده ـ وليس له قصد الا اصلاح الفساد ـ وتنوير البشر وتبليغ ما امره على اكمل وجه واحسنه ـ

مكث رسول الله فى مكة يدعو قريشا الى الاسلام مرة سرا ومرة جهرا فامن بعض

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

من الناس وما زال هكذا حتى امره الله بالجهر به فصدع كما امر - ونادى العرب وجهلهم وسفه احلامهم وعاب آلهتهم التى كانوا يعبدون فقاوموه وناصبوه العداء وتتبعوا خطاه ليعرقلوا بلسعيه ويفسدوا عليه تدبيره وخططه فمما قاوموه بالتهكم والاستهزاء معه - فقد كانوا يقولون حين يتلو آيات الله " قلوبنا فى اكنة مما تدعونا اليه " وكان ممن قاومه الاسود بن المطلب والاسود بن عبد يغوث والوليد والعاص - ولقد كان ابو جهل يتبعه اينما توجه ليصد الناس من تلبية دعوته ويقول لهم " هذا انما يدعوكم الى ان تسلخوا اللات والعزى من اعناقكم وحلفائكم من الجن من بنى مالك بن اقيش وما جاء من البدعة والضلالة فلا تطيعوه ولا تسمعوا اليه (ابن هشام ج ١ - ٢٢٥)

كما تعنتوا فى اقتراح المعجزات - وقالوا له "لن نؤمن لك حتى تفجر لنا من الارض ينبوعا او يكون لك جنة من نخيل وعنب فتفجر الانهار خلالها تفجيرا - ومما قاوموه به مقاطعتهم بنى هاشم وعبد مناف وعبد المطلب حتى يسلموا اليهم رسول الله - وكتبوا بذلك صحيفة - قد علقوها فى سقف الكعبة (ابن هشام ج ١ - ١٩٧)

ومما قاوموه به بسط ايديهم بالاذى له ولآله واصحابه - اما اذاه فقد ردائهم وضعوا على ظهره سلا الجزور وجاءت فاطمة بنته فرفعتها عنه -

واما الاصحاب فكانوا يضربونهم ويؤذونهم ومن هؤلاء عمار بن ياسر وامه - وبلال - الا من كان منهم ذو عصبية فما كانوا يصلون اليه بسوء ، وما زال الاذى يشتد بهم حتى اضطروا الى الهجرة الى الحبشة ثم هاجروا بعد الى المدينة - ثم عمل الرسول على بناء دعائم الاسلام فاسس مسجدا واخى بين المهاجرين والانصار وانشا حكومة نظامية ذات اهمية وجمع جيشا من المسلمين للذود عن حياض الاسلام عند ذلك اذن الله فى قتال الكفار - قال تعالى اذن للذين يقاتلون بانهم ظلموا " ثم من الله عليه بفتح مكة ودخل الناس فى دين الله افواجا - وقدمت الوفود الى رسول الله من كل انحاء الجزيرة العربية واسلموا - وكان لاسلامهم خطر عظيم فقد كان يتبعهم المرؤسون فى الاسلام - ومن ذلك اسلام ضمام ابن ثعلبة فانه لما اسلم عاد الى قومه وجلس بين يديه من حضر - فلم يقم الا والجميع مسلمون - ولم يات آخر حياته صلعم حتى شرق الاسلام وغرب -

وبداءت الفتوح العربية فى عهد الخلفاء - ففتحت بلاد العراق وفارس والشام وفلسطين وبرقة ومصر وطرابلس الغرب وبلاد ارمنية والقوقاف فى ايام عمر - و فى عهد بنى امية فتحت تونس والجزائر والمغرب الاقصى وبلاد اندلس - وفى عهد الدولة

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

العباسية فتحت جزيرة الصقلية وغيرها من جزائر البحر الابيض المتوسط -

وذهب الاسلام الى الصين على ايدى التجار الذين رحلوا الى هذه البلاد وكذلك دخل سوماترا وجاوا على ايدى بعض الفرس - وذهب الى سيلان وامريكة وغيرها من البلاد النائيه ودخل اسيا الصغرى وبلاد اوربا على ايدى الاتراك كما انتشر فى الهند على يد محمود بن سبكتكين ثم المغل ـــــ

العلوم والمعارف فى صدر الاسلام | فان ابناء الامة العربية لاسيما سكان جزيرة العرب كانت تهيم فى وادى الضلالة تتطاحن على الكلأ والمرعى وتريق الدماء لاوهى الاسباب ولم يقفوا عند هذا الحد بل جاوزوه الى تدهور فى الاخلاق والعادات فسلب القوى بسلطة الضعيف وسخره طوع ارادته

نعم جرتهم تجارتهم الى الاتصال بغيرهم من الامم كالتبابعة والغساسنة واليمن فاستفادوا مما كان عليه هذه الامم من الحضارة والعلم فمالت نفوسهم الى التهذيب وكان ذلك استعدادا لمجى الرسول الاعظم - فرسم لهم الخطط واخذ بايديهم الى الصراط المستقيم - و بين لهم ما فيه سعادتهم فى الدنيا والاخرة بشهادة قوله تعـ

ويزكيكم ويعلمكم الكتاب والحكمة ويعلمكم ما لم تكونوا تعلمون

وكانت قبل ذلك علومهم مقصورة على ما يتلونه من الاشعار فى الاسواق وما يلقونه اولادهم على موائد الطعام -

بعث الرسول سفراء الى جميع الجهات ليفقهوهم ويعلموهم امر دينهم فانقشعت سحب الجهالة وحل النور محل الظلمة - واخذت العرب من يومئذ فى اساليب الحضارة والعمران فلم يمض عليهم قرن حتى تكونت لهم امبراطورية عظيمة تضارع اعظم امبراطورية ظهرت على اديم الارض بفضل التعاليم التى وافقت العقل السليم وفى هذا الوقت كانت امم العالم غرقى فى بحار الفوضى يسودهم الجهل ويحوطهم الاضطراب

ولقد حثنا الله فى كتابه الكريم على تلقى العلوم من جميع نواحيها من فلك وطب وتفقه فى امر الدين والدنيا - حتى ان الاكتشافات التى وصل اليها العلم الحديث اشار اليها القران وعدم وصول علماء الاسلام الى هذه الاكتشافات قصر نظر لا لنقص فى كتاب الله قال سيد الشهداء والروحانيين الحسين بن على إلماعاً الى احاطة كتاب الله الجليل - فقال - كتاب الله على اربعة اشياء على العبادة والاشارة واللطائف والحقائق فالعبارة للعوام والاشارة للخواص واللطائف للاولياء والحقائق للانبياء -

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

وقال جعفر بن محمد عليهما السلام القرآن ظاهره انيق وباطنه عميق (٥٢ جامع الاخبار)
وكتاب الله دستور يشمل الحياة من جميع نواحيها ــ واسوق بعض الايات للاستشهاد واعظم ما يستدل به كتاب الله

اولاً ــ الحث على تعلم علم الفلك قال تعالى :ــ
افلم ينظروا الى السماء فوقهم كيف بنيناها وزيناها ومالها من فروج،
وقال تعالى ــ والسماء ذات البروج ــ وقوله ــ لا اقسم برب المشارق والمغارب، وقوله ــ لا اقسم بالخنس الجوار الكنس، الى غير ذلك من الايات البينات ــ
ثانيا ــ التفقه فى الدين والوقوف على اخلاق الامم وعاداتهم ــ قال تعالى :ــ
فلولا نفر من كل فرقة منهم طائفة ليتفقهوا فى الدين ولينذروا قومهم اذا رجعوا اليهم لعلهم يحذرون ــ
ثالثا ــ وقد علمنا كيف نولى المناصب ــ ومن هم اهل القيادة العليا اارباب القوة ام ارباب العلم والروية ــ فقال :ــ
وقال لهم نبيهم ان الله قد بعث لكم طالوت ملكا ــ قالوا انى يكون له الملك علينا ونحن احق بالملك منه ــ ولم يوت سعة من المال ــ فرد الله عليهم زعمهم الباطل وهو ان المال وحده ليس بكاف لاحقية الرياسة حيث كان صاحبه على جهل ــ قال تعالى على لسان نبيهم ان الله اصطفه عليكم وزاده بسطة فى العلم والجسم ــ فالعلم يدعوا الى الروية والتفكير وبساطة الجسم مظهر من مظاهر القوة والشجاعة وهما امران لابد منهما للملك ويعجبنى مما قاله بعض العلماء عندما فاجأه طبيب بقوله ــ هل فى القرآن آية تدل على كشف الاشعة التى تطلع الانسان على ما بداخل اخيه الانسان فقال لهم نعم قال تعالى فى سورة الهمزة ــ ويل لكل همزة لمزة الذى جمع مالا وعدده الى قوله تعالى ــ نار الله الموقدة التى تطلع على الافئدة ــ ٣/٢٨ همزه
رابعا ــ وفى الحياة الاجتماعية قوله تعالى :ــ
نحن قسمنا بينهم معيشتهم فى الحياة الدنيا ورفعنا بعضهم فوق بعض درجات
خامسا ــ وفى الصحة والطبيعة والكيميا ــ قوله تعالى ــ وارسلنا الرياح لواقح ــ
فهذه الاية تشمل التلقيح الزراعى وتشمل نقل العدوى وتشمل حياة الانسان من جهة استنشاقه الهواء الجيد وغير ذلك من الايات التى لو بحثناها بحثا علميا صحيحا لكنا فى طليعة الامم المتقدمة فنا وعلما.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

النهضة العربية الاسلامية فى القرنين الاولين

مولانا محمود على خان بهوپال

يجدر بنا ان نجعل القرن الاول من الهجرة قرن الدعوة والاستعمار واتساع المملكة، والقرن الثانى قرن نشر العلوم والاداب ـ قام النبى صلى الله عليه وسلم فاخرج الامة العربية من ظلمات الجهل الى نور الهداية واوتى كتابا مبينا متكفلا لسعادة البشر فى كل جيل من الاجيال ثم جاء بعده الخلفاء الراشدون فسعوا فى نشر الدعوة خارج الجزيرة فاصبح سعيهم مشكورا ودخل الفرس وبلاد الشام ومصر تحت السلطة الدينية الاسلامية ثم انتقلت الخلافة الى بنى امية فاتسعت المملكة الاسلامية فى عهدهم من الغرب الى الشرق ـ ثم جاء العباسيون فسعوا فى نشر العلوم والاداب وازدهرت الدولة الاسلامية فى زمنهم ازدهارا لم يسبق له مثيل، و كل ذلك فى مدة اقل من قرنين ـ فموضوع مقالتى هذه هو البحث عن الاسباب التى اخرجت الامة العربية من هوة الجهل والخمول الى اعلى مراتب المجد والكمال فى مثل هذه المدة القليلة ـ

قبل ان نأتى بالتفاصيل على موضوع المقالة يلزم ان نذكر شيئا من احوال العرب قبل الاسلام لتبين لنا كيف اصبحت الامة العربية ذات شان عظيم بعد خمولها فى جزيرة العرب مدة قرون ـ فعند ظهور الاسلام لم تكن الامة العربية تعرف القرأة والكتابة الا عدد قليل منهم ولذلك سميت على لسان نبيها "امة امية" وكذلك القران يصفهم اميين بقوله "هو الذى بعث فى الاميين رسولا منهم يزكيهم ويعلمهم الكتاب والحكمة . وان كانوا من قبل لفى ضلال مبين" ولكن بعد ظهور الاسلام فى اقل من قرن واحد اصبحت تلك الامة الامية تملك الدنيا من شواطئ البحر الاطلانطيقى الى حدود الصين واصبح الاميون اساتذة العالم فى كل ما يلزم لسعادة البشر من العلوم والفنون والاداب ـ

تلك حقيقة يشهد بها التاريخ ولا يسع لاحد ان يرتاب فيها فما هى الاسباب التى اخرجت الامة الامية من ظلمات الجهل وجعلت الامم الاخرى تمشى خلفها مقتبسة انوار علومها و معارفها . اذا تأملنا قليلا نرى ان الامة تشبه الفرد فى كثير من تطوراتها وتقلب احوالها فكما ان الفرد يولد ويكبر ويشب ويشيب كذلك الامة تنشأ وترتقى وتتسع ثم تضعف وتغيب فى ظلمة القرون الخالية فكل امة من الامم الغابرة، الكلدانيون والمصريون والفينيقيون والعبرانيون والرومانيون واليونانيون وغيرهم لعبوا ادوارهم على مسرح الزمن ثم غابوا و

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

تركوا لخلفهم اثارا ورثتها الامم اللاحقة. فالامة العربية قبل ظهور الاسلام لم يكونوا امة راقية في مضمار التمدن والثقافة كما كانت جيرانهم من الفرس والروم ولم يخرجوا من الجزيرة الّا عدد قليل منهم في رحلة تجاريه رحلة الشتاء والصيف وكان اكثرهم من قريش. اما القبائل الاخرى القاطنة في مختلف النقاط من جزيرة العرب فلم يختلطوا بالعالم المتمدن بل انحصرت معيشتهم في الجزيرة فلم يروا الا الى الابل كيف خلقت والى السماء كيف رفعت والى الجبال كيف نصبت والى الارض كيف سطحت.

ان بساطة العيش والبعد عن العالم المتمدن يقتضيان ان تكون لغتهم قليلة الكلمات كما نرى في السنة غيرهم من القبائل الوحشية، ولكن على عكس ذلك نرى اللغة العربية غنية في الكلمات قوية في التعبيرات واساليب البيان. فالعرب مع بساطة عيشهم وسذاجة حياتهم ملكوا لغة غزيرة المادة، وسيعة الاشتقاق، كثيرة الاسماء فانهم وضعوا كلمات تفوق الحصر من اسماء السحاب والمطر والنجوم والكواكب ولغوت الرجال والنساء وغير ذلك من الاسماء فكان عندهم للسيف الف اسم وللاسد خمسماة وللداهية اربعمائة وللثعبان مائتا وهكذا فقد بلغت كلمات اللغة على قول حمزة الاصفهاني اكثر من عشرة ملائين، وليس كمال اللغة العربية وتفوقها على اكثر اللغات الحية بكثرة كلماتها وسعة استقاقها فقط بل باساليب تعبيرها وحسن تراكيبها حسبما يريد المتكلم بمناسبة المقام والحال. وذلك لان العرب وان لم يكونوا متمتعين بما نقوله الحضارة والتمدن ولكنهم بفطرتهم ملكوا قوة الخيال و ادراك المعاني اللطيفة ومطالعة الطبيعة في جميع مظاهرها، فكل ماخطر ببالهم وضعوا له كلمة فلكلّ معنى عندهم كلمة ولكل كلمة معنى. فلكونهم مفطورين على الفصاحة والبلاغة وحسن التعبير كان للشعر والخطابة عندهم مقام جليل.

هذه كانت حالتهم من الناحية الفكرية واللسانية، اما من حيث الدين والاخلاق فكانوا منحطين اشد الانحطاط. واما الحالة الاجتماعية فلكون البلاد مجدبة كانوا دائمًا على التنقّل والرحيل طلبا لمقام اوفق لهم من حيث الماء والمرعى ولكون الاراض غير ذى زرع والرزق ضيقا كانوا يشنون الغارات وينهبون بعضهم بعضاً.

ومما هو جدير بان يذكر هو ان فساد الاخلاق فيهم لم يكن من كل ناحية بل كان فيهم الكرم والشجاعة والامانة ووفاء العهد وحسن الجوار واكرام الضيف والسعى في طلب العلى وحب الفصاحة والبلاغة كانوا يتفاخرون بتاليف الخطب وقول الشعر والسيف والضيف ولا يهنئون الا بغلام يولد او شاعر ينبغ او فرس تنتج. فقد وجدت فيهم من الصفات الحسان

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ما لا توجد فى غيرهم من الامم فكانوا يحمون الذمار ويمنعون الجار ولا يغمضون على الذل و العار فكان الموت تحت ظلال السيوف احب اليهم من ان يعيشوا فى ربقة الذل والهوان كما يقول عنترة العبسى :-

ماء الحياة بذلة كجهنم وجهنم بالعز اطيب منزل

وكذلك الوفاء بالقول من غيران يكتبوا على انفسهم العهود . واكرم ما يوجد فيهم من المحامد هو الكرم والسماحة فكانوا يضيفون نزلاءهم وان كانوا قتلة آبائهم ويستقبلونهم بالبشر والبشاشة قال عاصم بن وائل :-

وانا لنقرى الضيف قبل نزوله ونشبعه بالبشر من وجه ضاحك

وكان الكرم ينتهى بهم الى حد ان يقوم لعشائرهم مناد فى الاسواق ينادى فى الناس هل من جائع فنطعمه او خائف فنؤمنه او راجل فنحمله وهذا من احسن ما يتصور من محامد النفس الكريمة . ونأتى هنا بامثلة من الشعر الجاهلى تدل على كرم اخلاقهم ومحامدهم قال زهير بن ابى سلمى :-

ومن يك ذا فضل فيبخل بفضله على قومه يستغن عنه ويذمم
ومن يوف لا يذمم ومن يهد قلبه الى مطمئن الخير لا يتجمجم
ومن هاب اسباب المنايا ينلنه وان يرق اسباب السماء بسلم
ومن لم يذد عن حوضه بسلاحه يهدم ومن لا يظلم الناس يظلم

وقال عنترة :-

لا يحمل الحقد من تعلو به الرتب ولا ينال العلى من طبعه الغضب
اليوم تعلم يا نعمان اى فتى يلقى اخاك الذى قد غره العصب
فتى يخوض غبار الحرب مبتسما وينثنى وسنان الرمح مختضب
ان سل صارمه سالت مضاربه واشرق الجو وانشقت له الحجب
والخيل يشهدن لى انى اكفكفها والطعن مثل شرار النار يلتهب
والنقع يوم طراد الخيل يشهد لى والضرب والطعن والاقلام والكتب

وقال سموءل

اذا المرء لم يدنس من اللوم عرضه فكل رداء يرتديه جميل
وان هو لم يحمل على النفس ضيمها فليس الى حسن الثناء سبيل
تسيل على حد الظبات نفوسنا وليست على غير الظبات تسيل

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اذا سيد منا خلا قام سيد   قؤل لما قال الكرام فعول
وما اخمدت نار لنا دون طارق   ولا ذمنا فى النازلين نزيل

هذا شيئ من اخلاقهم يدل عليه ما انشدنا من الشعر الجاهلى وهذه الاخلاق سو كانت عالية اوسافلة دامت على صرافتها وعربيتها منذ قرون وذلك لان طبيعة البلاد العربيه المجدبة وكثرة الرمال وعدم الماء وقلة الرزق ووعورة المسالك منعت الاعداء من الخارج ان يهجموا على البلاد ويحتلوا فيها ولذلك لم يتيسر لهم الاختلاط بالامم الاجنبية واستمروا على وحدتهم القومية والنسلية واللسانية محافظين على عوائدهم واخلاقهم -

هناك يجب لنا ان نقف هنيهة ونتأمل فى حالة العرب قبيل ظهور الاسلام و نقابلها بحالة غيرهم من القبائل الوحشيه فى افريقيا واوستراليا وغيرها فاذا قابلنا العرب بهؤلاء نرى بينهم فرقاً عظيما ، وهوان العرب وان كانوا بعيدين عن الحضارة والتمدن ولكنهم لم يكونوا كهولاء القبائل الوحشية التى لانصيب لها من الاخلاق السامية التى اختصت بها العرب ولا نجد السنتهم كاملة كاللغة العربية فى كثرة الالفاظ وسهولة التعبير ولا توجد منهم قوة فكرية تؤهلهم لادراك المعانى اللطيفة وتعبيرها بعبارة تناسب المقام والحال والموضوع . فبالجملة كانت الامة العربية امة عالية من حيث الشجاعة والانفة والغيرة وقوة الفكر والعمل والسعى فى طلب المجد والعلى نعم كان فيهم مفاسد عظيم من حيث الدين وفساد الاخلاق ولكنهم كانوا على استعداد تام قبل بعثة النبى صلى الله عليه وسلم لنهضة اخلاقية ودينيه وعلمية .

بعث النبى صلى الله عليه وسلم فنشأ من دعوته انقلاب عظيم فى حالة العرب الدينية والاخلاقية . ولا اجد لبنيان هذا الانقلاب عبارة احسن واوجز من قول جعفر بن ابيطالب رضى الله عنه امام النجاشى صاحب الحبشة حين ساله عن الدين الاسلامى فقال له جعفر رض :-

" ايها الملك كنا اهل جاهلية نعبد الاصنام ، ونأكل الميتة ونأتى الفواحش ، ونقطع الارحام ونسيئ الجوار ، ويأكل القوى منا الضعيف حتى بعث الله الينا رسولا منا نعرف نسبه وصدقه و امانته وعفافه فدعانا لتوحيد الله وان لا نشرك به شيئا وخلع ماكنا نعبد من الاصنام ، وامر بصدق الحديث وصلة الرحم وحسن الجوار ، والكف عن المحارم ، ونهانا عن الفواحش وقول الزور ، واكل مال اليتيم ، وامرنا بالصلوة والصيام والزكوة والحج فامنا به وصدقناه .

فبعد ان ذهب الله عنهم رجس الجاهلية وانار قلوبهم بنور الايمان قاموا بنهضة

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

دينية واخلاقية فاصبحوا اساتذة العالم وقادة امم فى الدين والاخلاق والعلوم و
الفنون . فخرجت الامة العربية من جزيرة العرب لنشر الدعوة الاسلامية والاستعمار
الاصلاحى . ففى زمن عمر بن الخطاب فتح الشام والعراق والقدس ومصر وبلاد فارس و
ارمينيا ، وفى عهد عثمان بن عفان قبرص وشمالى افريقيا ، وفى زمن الوليد بن
عبد الملك فتحت بلاد الترك والتتار واندلس ووصلت جيوشه الى الهند والصين و
اتسعت المملكة الاسلامية فى عهده اتساعا لم يصل اليه امة قبله ولم يصل بعده غير
برطانيا وروسيا ، ولم يمض قرن حتى رنت نغمات التوحيد من المحيط الاطلانطيقى الى
اقصى حدود الصين .

قد دخل كثير من الفرس واهل الشام والقبط والبربر وغيرهم من الامم فى دين الله
افواجا وشرعوا يتكلمون بلغة الفاتحين وبرعوا فيها فنشئت امة جديدة عربية فى اللغة
والاداب من اصل عريق فى التمدن القديم ، كانت لهم علوم وفنون خاصة فاخذوا يكتبون
علومهم بلسان العرب ، وشرعوا فى دراسة العلوم العربية .

لم يتقدم العلوم والاداب فى عهد الخلافة الاموية كتقدمها فى عهد العباسيين
لاشتغالهم بالفتح والاستعمار والتقدم العلمى كان فى عهد العباسيين لاسيما فى زمن
هرون الرشيد والمامون وهذا العهد يستحق بان يسمى العهد الذهبى لرقى العلوم والاداب .
انتقلت فيه علوم الطب والفلسفة والهيئة والمنطق وغير ذلك من اللغة اليونانية الى
العربية وبرع العلماء فى علوم العربية من الصرف والنحو والمعانى والبيان وكذلك حصل
لعلوم الدين من الفقه والحديث والتفسير تقدم عظيم .

كل ذلك كان فى زمن القرون الوسطى التى كانت اوروبا فيها متخبطة فى ظلمات الجهل .
وقد صنف فى ذلك العهد كتب كثيرة فى مختلف العلوم لم يصنف قبل ذلك ولا بعده فى
مثل تلك المدة القليلة . فنشئت من نشر العلوم والاداب ثقافة عربية وتمدن اسلامى
نحن لا ندعى ان العرب هم الذين انشؤا هذا التمدن بل نقول ان العرب نشروا العلوم القديمة من الامم المجاورة ونشأت من الفهم علوم
عربية ودينية وامتزجت فيهم امم اخرى اعتنقوا الدين الاسلامى وادخلوا فى العرب علومهم
وادابهم فبامتزاج هذه العناصر كلها نشأ تمدن اسلامى وثقافة عربية اسلامية وهذا
لا يختص بالعرب فنحن اذا بحثنا عن التمدن الغربى العالى وجدناه قائما على التمدن القديم
الرومانى واليونانى وعلى التمدن الاسلامى لان العرب بعد فتحهم ديار الاندلس كانوا واسطة
لنقل العلوم والفنون الى اوروبا المظلمة فان اندلس فى زمن ازدهارها كانت مركزا

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

علميًا اسلاميا استفاد منه الاوروبيون وتنورت به قلوبهم فالنهضة الاوروبية الاخيرة انما نشأت من العلوم والاداب الاسلامية فى ذلك العهد.

كان ذلك فى الغرب واما فى الشرق فكان بغداد ايضا مركزا للعلوم والفنون وكانت من اكبر المدن فى العالم فيها الابنية الضخمة، والمبانى الجميلة، والحدائق ذات بهجة، والاسواق التجارية والمصانع العظيمة، والشوارع المتسعة والمساجد المزخرفة الى حد يتصوره البشر، وقصور دار الخلافة ودور الوزراء والامراء والمعاهد العلمية وغير ذلك من مظاهر التمدن والترف.

ان ابلغ ما رأيت فى وصف عروس البلاد بغداد ما قاله جميل نخلة مدور فى كتابه حضارة الاسلام فى دار الاسلام حيث يقول على لسان رحالة طوّف فى البلاد.

" لقد جمعت بغداد من اسباب العمران ما لا يكون فى مدينة بنيت من قديم الزمان فيها ما تشتهيه الانفس وتلذ الاعين واسواقها فى نهاية من الاحتفال قد جمعت فى الكرخ اخلاطا من التجار والصناع الاسوق الصاغة منها فانها منفردة بجماعتنا الفرس وقد بلغوا من الاجادة فى صناعتهم الغاية بحيث يرصعون الزجاج بالجوهر ويكتبون عليه بالذهب الجسيم ويتخذون على الجامات صورا يحكمون صناعتها بالرسم الى مماثلة الحقائق - اما دور المدينة فانها متخذة على هندسة الفرس وصنائعهم ومثال ما بنت الروم فى الشام وهى مجللة كلسا ومرفوعة على طابقين.

اما دور المتمولين من اهل اليسار فانها ثلاثة اقسام يجمعها سور واحد وهى مقاصير الحرم، وحجرات الخدم ومجالس السلام وفى ساحاتها جنات تزرع فيها البقول والرياحين والرمان وسائر الفاكهة وعلى جدرانها وسقوفها نقوش فى رسم ملون.

ولاهلها فى اقامة الاحواض عناية تامة فيرفعون عليها عمدا مزخرفة من الرخام ويعقدون من فوقها قبابا منقوشة بآيات من الذهب ثم ان تناهى جمالها بما شاد فيها الامراء من المبانى التى تقف عندها الغاية فى الفخامة والاشراق ولاسيما ما كان من المساجد المزخرفة فانها لكثيرة فى الزوراء منها مسجد بنته الخيزران زوج ولى العهد فى الخيزرانية وهو فائق فى الحسن وفيها الكرسى ثلاثمائة قنديل من الفضة والذهب وصحنه من حجارة سود شديدة البصيص نصف الاشخاص كالمرآة - وعلى حيطانه صور تفاحي وثمار وغصون تخيل للوارد الى المسجد انه بين شجر ازاهر وروض باهر، ورأيت العملة قد نقلوا فيها رسوم الاعاجم على

---

١ ابن خلدون ٣١٣

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

النسجتهم حتى جاءت التجارة توهم للرائى انما بسط حملت من طبرستان.

هذه نبذة من الحضارة العربية الاسلامية التى وصلت اليها العرب وكل من اعتنق الاسلام وتكلم بلغتهم وتعود بعاداتهم وصنف والف فى لغتهم فاصبحوا عربيين سواء كانوا من اهل الشام او من مصر او المغرب او من اهل فارس. وهذه النهضة المدهشة لامثال لها فى تاريخ البشر لانا لانجد امة خرجت من الجهل والخمول وارتقت فى مدة اقل من قرنين الى اعلى مراتب المجد والعز والكمال

ان الناقدين من المؤرخين سواء كانوا مسلمين او غيرهم قد اختلفوا فى اسباب النهضة العربية فى مثل هذه المدة القصيرة فبعضهم يقولون ان العرب بشجاعتهم وقوة اسلحتهم فتحوا البلاد وخضعوا العباد. فما كان نشر الدعوة عندهم الا بالسيف. وبعضهم قائلون ان حالة الامم المجاورة للعرب من الروم والفرس لم تكن باحسن من حالة العرب انفسهم لان فساد الاخلاق والاختلال الدينى والسياسى كان سائدا فيهم وكانوا من قديم الزمان اهل حضارة وثروة فهجموا عليهم طمعا فى اموالهم وجاه دولتهم. وطائفة منهم قائلون بان المسلمين السابقين كانوا متشبثين بالتعاليم الاسلامية الحقيقية، فقوة الايمان جعلتهم سادة الامم وقادة الاقوام.

والحق ان هذه الاقوال وما شاكلها ليست باطلة ولا صحيحة من كل وجهة. لاشك ان العرب لم يكونوا اهل حضارة وثروة ودولة كما كان جيرانهم الروم والفرس وكانوا اضعف منهم فى العدد والعدة ولكن كانت فيهم الشجاعة والغيرة وحب المجد والعلى وغير ذلك من الاخلاق السامية وكانت لهم لغة ذات قابلية عظيمة لدرس العلوم والفنون والاداب، وكانت فيهم قوة عقلية لادراك الطف المعانى وادق الافكار. ولكن لم تكن اخلاقهم حسنة من كل وجه بل كان يوجد فيهم فساد الاخلاق والشرك بالله وغير ذلك من المفاسد فطهرهم الله عن ذلك بارسال الرسول صلى الله عليه وسلم ونزول القرآن وبث فيهم روح الوحدة والنشاط فاصبحوا امة عظيمة بقوة الايمان وحب العمل فى الله. ان الروم والفرس وان كانتا امتين عظيمتين لكن لم يكن فيهم ما كان فى هذه الامة الجديدة من الايمان بالله واليوم الآخر. فما كان يعبد بعضهم بعضا بل كانوا لا يخافون الا الله فقاموا لنشر الدعوة وفتحوا البلاد لا للقتل والنهب والفساد بل لاعلاء كلمة الله وبث العدل بين العباد. فما كانت سيطرتهم على ارض الله سيطرة تاتارية ولا كانت غلبتهم على البلاد احتلالا عسكريا فقط بل فتحوا الممالك لاعلاء الدين واقامة العدل ونشر العلوم والاداب

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

بِسمہٖ وحمدہٖ

علوم وفنون کی نشرواشاعت میں مسلمانوں کا مقام

(مولٰنا ارشد القادری۔جامع عربیہ۔ناگپور)

کسی قوم کی تباہی اور پستی کے جہاں اور بہت سے اسباب ہیں وہاں یہ بھی ایک زبردست سبب ہے کہ وہ اپنی زرّیں تاریخ سے ناواقف ہو۔۔اپنے گھر کے خزانوں کو نہ جاننے والا انسان جواہرات کی تھیلیاں رکھتے ہوئے بھی اپنے کو بہت بڑا مفلس اور غریب سمجھتا ہے۔اگر تہیدستی اور بے مائگی کسی کیلئے باعث مصیبت بن جائے تو یہ مقام ماتم نہیں لیکن صد حیف تو اس لاعلمی اور غلط فہمی پر ہے جو کسی قوم کو فیروزہ بخت ہونے کے باوجود بھی شکستہ حال بنادے۔

آج یورپ کی سرزمین علم وتمدن کی آماجگاہ بنی ہوئی ہے۔تمام دنیا کی نگاہیں ان کے اکتشافات کی چاندنی سے خیرہ ہو رہی ہیں۔بڑی حیرت کی بات تو یہ ہے کہ مسلم قوم کی بصیرت بھی اِس ظلمات فریب کا شکار بن چکی ہے لیکن کس کو معلوم ہے کہ یہ خود ہمارا سرمایۂ تمدن ہے جس سے آج یورپ تمام کرۂ ارضی پر تاجداری کا دعویدار ہے۔مغرب زدہ حضرات کو یہ سُن کر بڑا تعجب ہوگا کہ یورپ کے اکثر وبیشتر تمام دماغی کارنامے خود ہماری ہی فہم وفراست کے رہین منّت ہیں۔جس قصر تمدن میں بیٹھ کر آسمانوں پر بادشاہت کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں اس کی سنگ بنیاد ہمارے ہی سلف کے مقدس ہاتھوں نے رکھی ہے۔مسلم قوم کی درسگاہ علم ومعرفت سے بلا استثنا، تمام دنیا نے فیض وعرفان کی بھیک مانگی ہے۔لیکن افسوس جو قوم مدتوں تک ہمارے آستانوں کے ٹکڑوں سے پلی آج ہمارے افعال وکردار کی سیہ کاریاں خود انھیں کے آستان علم پر ہم سے گداگری کرا رہی ہیں۔یہ کس قدر مقام حیرت ہے کہ ہم خاندان اسلام کا سرمایۂ نجات خود اپنے قدموں سے پامال کر رہے ہیں۔اور اس کے برعکس یورپ کی کرشمہ ساز جہنم کے آتشیں ٹکڑوں کو اپنی جھولیوں میں رکھنا سعادت وشرف کی بہت بڑی مثال سمجھتے ہیں۔طلسم فریب کے اس نگارخانے میں ہماری بصیرت وہوش پر کچھ ایسے فسوں ساز پردے پڑگئے ہیں کہ ان کے جعلی سکوں کو آسمان ثروت وافتخار کا روشن ستارہ سمجھتے ہیں لیکن عقلاء اسلام کے اندوختہ جواہرات کو سنگریزوں سے بھی زیادہ حیثیت نہیں دیتے۔ہمارے نزدیک علم وفضل کی تہیدستی کا علاج اب صرف یہی رہ گیا ہے کہ ہم یورپین پیر مغاں کے آستانوں کی خاک چھانیں اور جو ٹکڑے اس میں مل جائیں فخر وکمال کا تمغۂ جاوید سمجھ کر اس کو اپنا سرمایۂ حیات بنالیں۔

میرے نزدیک اس قسم کے عقل ودماغ والے حضرات اس حیثیت سے کچھ معذور قرار دیئے جاسکتے ہیں کہ انکی فریب خوردہ آنکھوں نے اسلام کے نگارستان علم وحکمت کا ابتک نظارہ ہی نہیں کیا ہے۔ورنہ اس کے کوئی معنی ہی نہیں کہ دین حنیف کے گہوارۂ فیض میں پل کر وہ دیدہ ودانستہ اپنے خاندانی میراث کو نظرانداز کردیتے۔ایسے مریضوں کا علاج اس سے بہتر اور کوئی نہیں ہوسکتا کہ ان کے سامنے اسلامی جواہرپاروں کو بکھیر دیا جائے اور اُن کی پائدار تابشوں سے ان کی نگاہیں روشناس ہوجائیں۔اور مغرب میں ڈوبتے ہوئے آفتاب اور مشرق کے اُفق سے طلوع ہونے والے آفتاب کی عالم افروز کرنوں میں فرق کرلیں۔اسی حقیقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے اس مختصر مقالے میں تاریخ اسلام کے علمی کارناموں کی اجمالی روئداد پیش کر رہا ہوں

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

خاص وہ علوم وفنون جن کے پرزوں سے کتاب وسنت کی مشینری چلتی ہے ان کی ایجاد واشاعت میں مسلمانوں کی تاسیس وتعمیر محتاج دلیل وبرہان نہیں ہے۔ کتابوں کے صفحات پر بکھرے ہوئے تفصیلات ہمارے اس دعوے پر بطور خود شاہد عدل ہیں۔ نظام اسلام کو رواج دینے میں جن علوم وفنون کی ضرورت پڑتی ہے وہ حسب ذیل ہیں:-

علم نحو - جس میں لفظ عربی سے اعراب وبنا کی حیثیت سے بحث ہوتی ہے اور اس کے بغیر عربی سمجھنا مشکل ہے۔

علم صرف - جس میں مصادر سے افعال بنانے اور ان کی صحیح شکلیں متعین کرنے کا طریقہ بتایا جاتا ہے۔ یہ بھی عربی کیلئے ضروری ہے۔

(**علم معانی**) جس میں کلام عرب کے ان حالات سے بحث ہوتی ہے جن کی وجہ سے مقتضائے حال کے مطابق اور شستہ بن جاتا ہے۔

(**علم بیان**) جس میں مفہومات کو آسان سے آسان تر بنا کر پیش کرنا بتایا جاتا ہے۔ اور جس کی وجہ سے کلام میں فصاحت اور بڑی خوبصورتی ودلکشی پیدا ہو جاتی ہے جن سے ارباب ذوق اور اصحاب ادب بہت اچھی طرح واقف ہیں۔ اور جس کی وجہ سے قرآن کے اسرار فصاحت وبلاغت ظاہر ہوتے ہیں۔ اور اس کا اعجاز ثابت ہوتا ہے۔

(**علم بدیع**) جس سے کلام کی لفظی اور معنوی خوبیاں منکشف ہو جاتی ہیں۔

(**علم رسم الخط**) جس میں قرآن کی طرز کتابت سے بحث ہوتی ہے۔ جس کو عربی لکھنے اور پڑھنے کے لئے جاننا بہت ضروری ہے۔

(**علم تجوید**) جس میں قرآنی حروف کی ادائگی اور ان کو آواز کی بندشوں سے خوبصورت بنانے کا طریقہ بتایا جاتا ہے۔

(**علم عروض وقوافی**) زیادہ تر اس کا تعلق عربی نظم سے ہے لیکن فواصل آیات کی پوری کیفیت اسی علم سے معلوم ہوتی ہے۔

(**علم کلام**) جس میں عقائد اسلامیہ دلائل عقلیہ اور براہین وشواہد سے ثابت کئے جاتے ہیں۔

(**علم الفقہ**) جس میں قرآن وسنت واجماع وقیاس ان ادلہ اربعہ سے تمدن اسلام ونظام شریعت کے تمام جزئیات مستنبط کئے جاتے ہیں۔

(**علم الفرائض**) اس میں پسماندگان پر ترکہ تقسیم کرنے کا نظام عمل بتایا جاتا ہے۔

(**علم اصول فقہ**) اس میں ادلۂ اربعہ سے جزئیات فقہ کے استخراج کا سلیقہ سکھایا جاتا ہے۔

(**علم المناظرہ**) اس میں مقابل کو شکست دینے اور اپنے مدعا کو ثابت کرنے کا طریقہ بتایا جاتا ہے۔

(**علم الجدل والخلاف**) قیاس کی منظم بندشوں سے لامعلوم نتیجہ کو معلوم کرنے کا طریقہ سکھایا جاتا ہے۔

(**علم الحدیث**) جس میں اپنے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قول وفعل نیز صحابہ کرام وتابعین عظام کے اقوال وافعال کے تفصیلات نقل کئے جاتے ہیں۔ اور اسی علم سے اسلام کی تاریخ مرتب ہوتی ہے۔

(**علم اصول حدیث**) اس فن سے روایات کے صحت وسقم کا پتہ چلایا جاتا ہے۔ اور ضعیف وقوی میں امتیاز کیا جاتا ہے۔

(**علم اسماء الرجال**) اس میں راویان حدیث کی سوانح زندگی کیفیات حفظ ویادداشت راستبازی ودیانت داری کی ساری تفصیلات معلوم کی جاتی ہے جن کو روایت حدیث سے کچھ بھی تعلق ہے۔

(**علم قصص**) جس میں قرآن کریم کے تمام قصوں اور ماضی کے واقعات سے بحث کی جاتی ہے۔

(**علم تصوف**) جس میں انسان کی کیفیات قلب حب وتوکل وخوف ورجا وغیرہ ملکات فاضلہ کو جلا دینے کا طریقہ بتایا جاتا ہے۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

(علم التفسیر) جس میں قرآن کریم کی صحیح مراد کو بقدر طاقت بشریہ منکشف کیا جاتا ہے۔

اجمالی طور پر میں نے آپ کے سامنے ان علوم و فنون کا خاکہ پیش کر دیا جن کی بنیاد ڈالنے والے اور اسکی نشر و اشاعت کرنے والے صرف مسلمانوں کی سعید ہستیاں ہیں۔ صفحات بہت تنگ ہیں ورنہ ہر علم و فن کی تعمیر و تاسیس پر مفصل تبصرہ کرتا۔ تاہم کوئی صاحب اگر اس سلسلے میں تسکین کرنا چاہیں تو "کشف الظنون" اور مقدمہ ابن خلدون کے اوراق اُلٹ کر تفصیلات کا مطالعہ فرمالیں۔

خاص طور پر مجھے اس مجلس میں جس حقیقت کو بے نقاب کرنا ہے وہ فنون و معارف ہیں جن کی بدولت یورپ آج اپنی تہذیب و تمدن کی پرستش کرانا چاہتا ہے۔ اور جن کے متعلق مجھے ثابت کرنا ہے کہ ان کی بھی پیداوار اسلام ہی کے کشت زار فیض و بصیرت میں ہوئی۔ چنانچہ اس سلسلے میں خود یورپین مورخین کی زبان و قلم ہمارے مدعا کی شہادت میں بہت مفید و کارگر ثابت ہوگی۔ مسلمان آنکھ کھول کر دیکھیں کہ ملت اسلامیہ کے علم و فضل کی خیرات لینے والے خود اپنی دریوزہ گری کی سند پیش کر رہے ہیں۔ اسلام کا یہ فیض عام اس قدر مشہور ہو چکا ہے کہ تعصب اور عناد کا پردہ بھی اسے نہ چھپا سکا اور بالآخر تربیت یافتہ معاندین کو کچھ نہ کچھ کہنا ہی پڑا ۔۔۔ ملاحظہ ہو مع حوالجات عیسائی مورخین کی تحریریں:۔

(علم جبر و مقابلہ) مورخ جرجی زیدان لکھتا ہے کہ یہ مسلمانوں کی ایجاد ہے۔ (علم العرب ص ۲۳۷ مصنفہ جرجی زیدان)۔

(علم رمل و نجوم) عیسائی مورخ طامس بکل لکھتا ہے کہ اہل عرب نے رمل و نجوم کو ترقی دے کر سائنس کے درجے پر پہونچا دیا تھا۔ (ہسٹری آف دی سویلزیشن آف یورپ جلد ا ص ۴۷)

(علم ہیئت) تاریخ سے ثابت ہے کہ مامون الرشید عباسی کے زمانہ میں مسلمانوں کی ترقی اس فن میں اپنے عروج پر تھی۔ بغداد کی رصدگاہ میں یحییٰ بن ابی منصور کی نگرانی میں دربار خلافت کے ہیئت دانوں نے باقاعدہ گردش اجرام کا معائنہ کیا۔ المجسطی کے تمام اصول کی عملی تصدیق کی اور بہت سے مسائل ہیئت عملی طور پر حل کئے اور الزیج الممتحن تیار کیا جس کی تصدیق کوہ قاسیان کی رصدگاہ سے بھی کی گئی۔ عہد مامون الرشید میں تدمر اور الرقہ کے درمیان دائرۂ نصف النہار کے ایک درجہ کی پیمائش ایک مشہور واقعہ ہے۔ عہد مامون میں محمد بن موسیٰ الخوارزمی بھی نہایت مشہور ہیئت داں ہوا جس کی زیج دو صدی تک رائج ہے۔ ۲۵۰ھ سے ۳۰۰ھ تک موسیٰ بن شاکر کے تین بیٹوں نے خود اپنے گھر پر رصدگاہ قائم کرکے ہیئت کا مطالعہ کیا۔ اسی صدی میں شیراز، نیشاپور، سمرقند وغیرہ میں بھی رصدگاہوں سے کام لیا گیا۔ تیسری صدی ہجری میں ثابت بن قرۃ البتانی، الماہانی، النائریزی وغیرہ مشہور ہیئت داں گزرے ہیں۔

سلاطین بویہ کے زمانے میں بھی ایک رصدگاہ قائم ہوئی اور عبدالرحمان الصرفی، ابن الاعلم احمد الصاغانی، اور ابوالوفا، وغیرہ بڑے بڑے ہیئت داں گزرے ہیں۔

مصر میں باقاعدہ مطالعۂ ہیئت فاطمی خلیفہ العزیز کے زمانے میں شروع ہوا۔ اس خلیفہ نے قاہرہ میں ایک رصدگاہ قائم کی اور جائداد اس کے متعلق وقف کی گئی۔ اسی رصدگاہ میں ابن یونس نے اپنا مشہور "الزیج الحاکمی" تیار کیا۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اسپین میں دسویں صدی عیسوی کے وسط سے اس طرف توجہ ہوئی اور شاہزادگان قرطبہ، اشبیلہ اور طالیدہ نے بھی اس جانب اعتنا کیا۔ یہاں جو تصانیف ہوئیں وہ پہلے اسپینی زبان میں اور پھر لاطینی میں منتقل ہوئیں۔ یہاں کے مشہور ہیئت داں مسلمۃ المجریطی، ابن السمح، جابر ابن افلح "اور الزرقانی" تھے۔

الکخانی خاندان کی مشہور خوں ریز ہستی ہلاکو نے بھی مراغہ میں ایک بڑی رصدگاہ نصیر الدین طوسی کی نگرانی میں تیار کرائی۔ قاہرہ میں ایک شخص ابن الشاطر بڑا ماہر فلکیات پیدا ہوا جس کے مرتب کئے زائچے شام، مصر اور تمام شمالی افریقہ میں رائج ہوئے۔

تیمور کے پوتے سلطان الغ بیگ نے سمرقند میں ایک بہت بڑی رصدگاہ تعمیر کرائی۔ جس میں جمشید الکاشی، قاضی زادہ، الرومی، علی القوشجی جیسے مشہور ماہرین فن مامور کئے گئے۔ اور خود سلطان الغ بیگ نے کئی سال تک رصدگاہ کی صدارت کی۔

الغرض مسلمانوں کے علمی کارنامے فن ہیئت میں بہت شاندار ہیں اور یورپ کا بہت سا علمی ذخیرہ فلکیات کے متعلق مسلمانوں ہی کی کتابوں کا ترجمہ ہے۔

(علم الکیمیا) مورخ گبن لکھتا ہے کہ علم الکیمیا اپنے ارتقاء اور اصلیت کے لحاظ سے اہل عرب کی ایجاد ہے۔ (رن امپائر جلد ۵ ص ۱۱۵) نیز فہرست ابن ندیم، کشف الظنون۔ الوافی فی تدبیر الکافی، المصباح فی علم المفتاح میں مسلمان ماہرین کیمیا کی فہرست اور ان کی تصانیف کا حال درج ہے۔ جن میں خاص خاص یہ ہیں:-

(۱) خالد بن یزید جو شاہی خاندان بنی امیہ میں سے تھا ۸۵ھ میں وفات پائی۔ اس نے فردوس الحکمت ایک عمدہ کتاب علم الکیمیا پر لکھی۔ (۲) جابر بن حیان اس نے اس فن میں بہت سی کتابیں تصنیف کیں جن میں سے خاص خاص کتاب۔ الموازین الصغیر، کتاب التجمیع، الزیبق الشرقی ہیں۔ (۳) ابن الوحشیہ جس کا نام ابو بکر احمد بن علی الکلدانی تھا یہ دوسری صدی ہجری میں پایا جاتا تھا اس نے اس فن میں متعدد رسالے لکھے۔ (۴) ابو بکر بن زکریا الرازی تیسری صدی ہجری میں تھا۔ علم الکیمیا میں اس کی تصنیف "کتاب الاسرار" بہت مشہور ہے۔ (۵) ابن امیل التیمی آٹھویں صدی میں ہوا ہے اس کی کتاب مفتاح الحکمۃ العظمیٰ بہت مشہور ہے۔ ابو الحکیم محمد بن عبد الملک کی عین الصناعۃ دعون الصناع، موید الطغرائی کی مشہور کتاب مفاتیح الرحمۃ، نور الحکمۃ، جواہر المنیر فی صناعۃ الاکسیر" ابو الحسن بن موسیٰ کی شذور الذہب ابو القاسم محمد بن احمد العراقی کی المکتسب ہمارے اس دعوے پر زندۂ جاوید برہان ہے۔

فن الجراحۃ۔ مسٹر ہالران لکھتا ہے کہ فن جراحی اور بہت سے آلات مسلمانوں کی ایجاد ہے۔ اس فن میں ابو القاسم ابن عباس القرطبی الاندلسی الزاہروی المتوفی ۱۱۰۰ء مشہور جراح تمام دنیا کا استاد ہے۔ اس کی تصانیف تمام یورپ میں موجود ہے۔ تمدن عرب ص ۵۱۵ مسلمانوں کی خاص کتابیں اس فن میں یہ ہیں:- جامع مفردات الادویۃ والاغذیہ تالیف شیخ ابن بیطار۔ عمدۃ الجراحین مصنفہ امین الدولہ ابو الفرج یعقوب القف، غنیۃ اللبیب مصنفہ محمد بن ابراہیم طبقات الاطباء مسمی بعیون الانباء۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

علم الآثار - پروفیسر مارگولیتھ لکھتا ہے کہ ساتویں اور آٹھویں صدی ہجری کے دو مشہور مسلمان سیاحوں ابن جبیر اور ابن بطوطہ کے سفرنامہ ہمارے پاس موجود ہیں - ان میں سے ابن بطوطہ کا سفرنامہ عالمان آثار قدیمہ کیلئے معلومات کی ایک کان ہے - (محمد نزم ص۲۴۳)

علم تنقید التاریخ عیسائی مورخ ابوالفرج "ڈاکٹر پوکاک" اور مسٹر کین نے لکھا ہے کہ تنقید التاریخ جسے جرمن زبان میں تنقید الاسناد کہتے ہیں در اصل ایک اسلامی ایجاد ہے - (محمد نزم ص۲۴۵)

علم جغرافیہ مسلمان ہی وہ پہلی قوم تھی جنھوں نے بلاد بعید کا سفر کیا اور تمام دنیا کے عجائبات دریافت کئے حدود زمین کی پیمائش کی - عیسائی مورخ جغرافیہ داں مسٹر بلسطرون لکھتا ہے کہ کولمبس سے پہلے عرب کی جماعتیں دریاؤں کا سفر کرتی تھیں اور عجیب وغریب مقامات اور زمینوں کی تلاش کرتے تھے - (آئینہ عرب ص۶۱)

طریقۂ استقراء ڈاکٹر ڈریپر لکھتا ہے کہ حضرت امام غزالی نے اپنی منطقی تصنیفات میں استقراء کی بنیاد ڈالی طریقۂ استقراء کو بیکن سے منسوب کرنا گویا تاریخ کو جھٹلانا ہے - (تمدن عرب ص۔۔)

علم تمدن ڈاکٹر گستاولی بان لکھتا ہے کہ عربوں کی بدولت یورپ نے تمدن حاصل کیا - (تمدن عرب مترجمہ سید علی بلگرامی ص۵۱۳)

مسلمانوں کی علمی فیاضی پروفیسر رینالڈس اپنی کتاب میں لکھتا ہے، کہ مسلمانوں نے مختلف شعبہ جات علوم میں قیمتی اضافے کئے لیکن ان کا سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ انھوں نے یورپ کو بڑی فیاضی سے اپنے علوم وفنون سکھائے - (لٹریری ہسٹری آف دی عربز ص۳۵۹)

تمام علوم یونانی مسٹر ہائیڈ رقمطراز ہے کہ تمام علوم یونان کا بڑا حصہ جو اصلی ذریعہ سے یوروپین قوم تک پہونچا ہے وہ پہلے پہل ہم کو عربوں نے عنایت کیا تھا - (ہسٹری آف دی ورلڈ ج ۸ ص۲۷۶)

فلسفۂ یونان مشہور مورخ مارگولیتھ لکھتا ہے کہ مسلمانوں کی بدولت یورپ میں فلسفہ زندہ ہوا - (منشور ص۱۲۴)

درس انسانیت مشہور مورخ ڈاکٹر لیبان لکھتا ہے کہ تمدن اسلامی کا بہت ہی زبردست اثر ساری دنیا پر پڑا - مسلمانوں نے یورپ کی ان وحشی قوموں کو انسان بنایا جنھوں نے رومیوں کی سلطنت کو فتح کیا تھا مسلمانوں نے یورپ میں علوم وفنون ادب وفلسفہ کا دروازہ کھول کر احسان کیا جس سے ہم یوروپین قطعی ناواقف تھے - اور مسلمان چھ سو برس تک مشرق سے مغرب تک سارے یورپ کے استاد رہے -

رقوم وہندسہ تولدیکی مشہور یوروپین لکھتا ہے کہ رقوم وہندسہ عربوں نے اہل یورپ کو سکھایا -
(سٹورنیس ہسٹری آف دی ورلڈ جلد ۸ ص۲۰)

انجینیری فرانسیسی مورخ موسیو سدیو لکھتا ہے کہ مسلمانوں نے نویں صدی عیسوی سے پندرھویں صدی عیسوی تک بیش بہا ایجادات کی ہیں - انجینیری کے اہم انکشافات انھیں کی ایجاد ہے -
(سٹورنیس ہسٹری آف دی ورلڈ جلد ۸ ص۔۔)

بندوق دنیا نے سب سے پہلے شہنشاہ بابر کے ہاتھ میں دیکھی یا تو اس کی ایجاد تھی یا کسی ترک کی -

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

قطب نما عیسائی مورخ ڈاکٹر لیبان و موسیو سدیو لکھتے ہیں کہ قطب نما جس کے بغیر سمندر کا راستہ طے کرنا ناممکن ہے مسلمانوں کی ایجاد ہے۔ (تمدن عرب صـ۴۰۴)

روئی کا کاغذ مشہور فرانسیسی مورخ موسیو سدیو کہتے ہیں کہ یوسف نے ۸۰۲ھ میں روئی کا کاغذ ایجاد کیا۔
(ہسٹورینس ہسٹری آف دی ورلڈ جلد ۸ صـ۲۷۵)

گھڑی عیسائی مورخ ڈرپر لکھتا ہے کہ گھڑی مسلمانوں کی ایجاد ہے خلیفہ ہارون رشید نے ۸۰۸ھ میں عیسائی بادشاہ شارلمین کے دربار میں ایک گھڑی بھیجی تو درباریوں نے حیرت سے اُسے جادو خیال کیا۔ (زبدۃ الصحائف صـ۱۶)

تیزاب ڈاکٹر ڈرپیر کی تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ تیزاب عربوں نے ایجاد کیا ہے۔
(انٹلکچول ڈولیمپٹ آف یورپ جلد ۱ صـ۴۰۸)

بارود عیسائی مورخ جرجی زیدان لکھتا ہے کہ بارود مسلمانوں کی ایجاد ہے۔ مسلمانوں نے ایجاد کر کے یورپ کو سکھلایا۔
(تمدن عرب جلد ۱ صـ۱۹۹)

علم الاخلاق ڈاکٹر لیبان و موسیو بارتھیلی سینٹ بلیر لکھتے ہیں کہ عربی معاشرت اور تقلید نے امرا کی عادتوں کو درست کیا۔ اور انھیں بہتر انسانی اخلاق و عادات سکھائے۔ (تمدن عرب صـ۵۲۴)

حاضرین! نہایت تنگ وقت میں غیر مسلم تصریحات کا خاکہ پیش کرنے کے بعد آپ کی خدمات میں عرض پرداز ہوں کہ غور سے ان تحریروں پر نظر فرما کر فیصلہ کیجیے کہ کیا یہ آپ کے گھر کی نعمتیں نہیں ہیں؟ جو ناروا طور پر اغیار کی درسگاہوں کی زینت بنائی گئی ہیں۔ جس قوم نے خود آپ سے علم و تمدن کی بھیک مدتوں مانگی ہو اس کی اتباع کرنا یا اسکے رنگ میں اپنے کو رنگ لینا کہاں تک ہماری تاریخی خودداری کے مناسب ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ آپ علوم جدیدہ اور اکتشافات حاضرہ سے کوئی دلچسپی نہ رکھئے۔ بلکہ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جس درسگاہ میں پہونچئے اپنی تاریخی خودداری کا دامن نہ چھوڑ دیجئے۔ اپنی جھولی میں پہلے اپنے گھر کے جواہر پارے بھر لیجئے پھر اس کے بعد اغیار کے ملمع ساز موتیوں کی جانب نظر اُٹھائیے گا۔

والسلام

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

مختصر مقالہ علمیہ علوم مشرقیہ عربیہ کی اہمیت اور اُنکے محاسن

(مولانا محمد عبدالہادی صاحب ، مفتی ریاست بھوپال)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ - قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ اِنَّہٗ لَقُراٰنٌ کَرِیمٌ فِی کِتَابٍ مَّکنُونٍ لَّا یَمَسُّہٗ اِلَّا المُطَہَّرُونَ

معزز حاضرین! آپ حضرات سے یہ امر مخفی نہیں ہے کہ اہل اسلام کی خیر خواہی اور دین و دنیا کی بھلائی ہر زمانہ اور ہر ملک میں جُدا گانہ ہے۔ کبھی زبان تلوار کا کام دیتی ہے اور جبکہ کج رو کج فہم تقریر سے نہیں سمجھتے تو (جس طرح شفقت پدری بچے کو امور مصلحت پر مجبور و مقہور کرتی ہے اسی طرح) رحمت الٰہی و عنایت غیر متناہی بوسیلہ خاصانِ درگاہ سیاست سے کام لیتی ہے۔ جب بنی العباس کے عہد میں حکمت یونانیہ و فلسفہ روم و رومانیہ نے اسلام پر حملہ کیا تو علماء کلام کے اقلام نے نیزوں کا کام دیا۔ اور جبکہ صحابہ اور عرب العرباء کہ جو رموز قرآن پاک سے واقف تھے اُٹھ چلے تو مفسرین نے مطالب قرآنیہ کی حفاظت پر کمر باندھی۔ یہاں تک کہ جس طرح مدرسہ اندلس میں صدہا علوم دنیویہ کا اپنے اور بیگانوں کو درس دیا گیا اسی طرح قرآن مجید کے متعلق بیشمار علوم کو مُدوّن کیا گیا کہ جس کا دسواں حصہ بھی عہد آدمؑ سے لے کر اب تک کسی قوم نے اپنی کتاب الہامی کے لئے ایجاد نہیں کیا۔ اسی لئے زمانہ نزول سے اب تک جس طرح قرآن مجید محفوظ ہے کوئی کتاب محفوظ نہیں۔ اور جس طرح اسلام کے شجر طوبیٰ کا اثر زمین پر ابر رحمت کی طرح پھیلتا گیا ہر ملک اور ہر شہر کو اُس نے اپنے حیات بخش پھلوں اور پھولوں سے بہرہ ور کیا اور اپنے ظل عاطفت سے بہرہ یاب فرمایا تو وہیں خدائے تعالیٰ نے اہل سیف و قلم کو اُس کا حامی بنایا جنھوں نے بوم منش اور موش طبع لوگوں سے اس کو ہر طرح سے بچایا۔ چنانچہ علم ریاضی کے متعلق زیچ اور اکر اور اصطرلاب اور مرایا و مناظر کہ جس کا اثر آجکل فوٹوگراف و نقشہ نویسی ہے اور جبر و مقابلہ وغیرہ علوم کو زندہ کیا اور رصد بنائی اور ستاروں کی چال وغیرہ فنون ہیئت میں صدہا ایجاد کئے۔ حساب و ہندسہ کے اصول کو از سر نو قائم کیا۔ فن عمارت و فلاحت میں یہ لوگ اُستاد زمانہ مانے گئے۔ مساحت کے اصول سب سے پیشتر عرب نے قائم کئے۔ جہاز رانی اور ستاروں کے حساب سے سمندر میں سفر کرنا اول اسلامیوں ہی نے رواج دیا پھر طبعیات میں علم العناصر کہ جس سے ہوا اور پانی اور زمین اور کرۂ نار کے عجائب حالات معلوم ہوتے ہیں اور پھر علم الجمادات کہ جس سے ہر زمین کے معدنیات کی کیفیت اور جواہرات زمین سے سونا چاندی نکالنے کی کیفیت اور پہاڑوں اور دریاؤں اور چشموں کے پیدا ہونے کے حالات منکشف ہوتے ہیں اور علم النباتات کہ جس میں درختوں کے سرخ سبز پھول آنے اور اُن کے ثمرات کے مختلف مزہ ہونے اور زمین کی جڑی بوٹیوں کے خواص سے بحث ہوتی ہے اور علم الحیوان کہ جس میں حیوان کے انواع و اصناف کے عجائب حالات سے گفتگو کی جاتی ہے اور علم کیمیا کہ جس کو

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کمسٹری کہتے ہیں جس میں استحالات عناصر سے بحث ہوتی ہے اِن علوم کے اہل اسلام ہی اُستاد ہیں - پھر جس قدر منطق[18] اور فلسفہ کو حکماء اسلام نے ترقی دی وہ بھی ظاہر ہے - قدمائے یونان کی کتابوں میں ایساغوجی اعنی کلیات خمس وغیرہا چند سڑے بُسے مسائل مذکور ہیں لیکن اسلامیوں نے تو اُس کو اس درجہ تک پہنچایا کہ جس کے بعد ترقی کا کوئی مرتبہ ہی باقی نہ رہا - اسی طرح علم حکمت[19] نظریہ کو از سرِ نو زندہ کیا اور حکماء یونان کے اغلاط پر بحث کر کے ایک نیا فلسفہ قائم کر دیا کہ جس کو علم کلام میں بطور مبادی کے ذکر کیا جاتا ہے اسی طرح علم حکمت عملیہ میں تہذیب[20] اخلاق اور سیاست[21] مدن اور تدبیر[22] منزل کے وہ اصول قائم کئے کہ جس کو اس وقت کے فلاسفر بھی مانتے ہیں - پھر جغرافیہ[23] اور تاریخ[24] میں بھی حکماء اسلام استاد مانے گئے ہیں - اور اُن عجائب[25] صنعتوں کے ذکر کی تو یہاں گنجائش ہی نہیں کہ جن کو اسلامیوں نے اپنے زمانہ میں ایجاد کیا تھا چنانچہ ہارون رشید کے حکم سے بغداد کے دو عالموں نے کوفہ اور سنجار کے صحرا کا ایک درجہ محیط ناپ کر زمین کا محیط تخمیناً ساڑھے چوبیس ہزار میل ثابت کیا - اقلیدس اور مجسطی کی شرح کی بطلیموس کے زیج کو درست کیا منطقۃ البروج کی تعدیل کا حساب لگایا - سمرقند میں رصد بنائی - ہبۃ اللہ بن حنین بغدادی نے نور کی رفتار کا اندازہ نکالا اور اسی طرح توپ اور بندوق کی ایجاد بھی انھیں کے زمانے میں ہوئی ہے اور جر ثقیل کا بھی - اور فن طب[26] میں بھی جو کچھ ترقی اُنکے عہد میں ہوئی وہ بیان سے باہر ہے - اور فن عروض[27] و قوافی[28] تو خاص انھیں کا حصہ ہے چونکہ اس بیان کی تفصیل کو بڑی ضخیم کتاب درکار ہے لہٰذا اس بیان کو میں صرف دو باتوں پر ختم کرتا ہوں - (۱) یہ کہ اس وقت میں جن چیزوں میں ترقی اہل یورپ نے کی ہے جیسا کہ تار برقی، ریل گاڑی، دُخانی جہاز، تارپیڈو، ڈائنامیٹ وغیرہ عمدہ صنعتیں اور کپڑا بنانے کے کارخانے اور دیگر کارخانجات مختلف ملکوں میں مختلف لوگوں کے ہاتھ سے مروج ہوئے - روم اور مصر کے اہل اسلام بھی ان میں شریک ہیں - اور لندن کی کچھ خصوصیت نہیں فرانس جرمن روس وغیرہ کل ممالک میں ہیں - ان کے اصول پہلے بھی اسلام میں تھے اور یوں ہمیشہ ہر زمانہ میں ایسے امور میں ترقی و تنزل ہوتا آیا ہے - (۲) یہ کہ یورپ کے بڑے بڑے محقق بھی شاگردی اہل اسلام کے مقر ہیں - چنانچہ سدیو کہ جو علم تاریخ میں فرانس کے ملک میں بڑا مدرس تھا وہ اپنی ہسٹری آف اسلام میں کہتا ہے کہ قوم عرب بلاشک ہمارے یعنے یورپ کے استاد ہیں جس سے انکار نہیں ہو سکتا - اور انھوں نے وہ سامان مہیا کئے کہ جن سے ہماری یہ تاریخیں بنیں - اور انھوں نے حالات سفر کو قلمبند کرنا شروع کیا - اور وہی صناعی اور دستکاری میں اس مرتبہ کمال کو پہنچے جس کی انتہا نہیں - اور جہاں تک ہم کو معلوم ہے گویا وہ ایک ثمرہ عرب کی اُس اصلی فضیلت کا ہے کہ جو آج تک ہم کو معلوم ہی نہیں ہوئی مگر بہر کیف عرب کی قوم ہمارے جملہ فضل و کمال کا اب بھی سرچشمہ ہے اور جن کمالات کو ہم یہ سمجھتے تھے کہ یہ اور لوگوں کی ایجاد ہوں گے وہ اب ہم کو کتابوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا چلا جاتا ہے کہ اصل میں سب کے موجد عرب ہی ہیں - پھر یہ مؤرخ اپنی تائید میں سکندر ہمبلٹ جرمنی کا یہ قول نقل کرتا ہے کہ عرب کی قوموں کو خدائے تعالیٰ نے اسی لئے پیدا کیا تھا کہ وہ علوم و فنون اور اسباب تمدن کو ان مختلف قوموں تک پہنچا دیں جو فرات کے کنارے سے اسپانیہ کے وادی کبیر تک پھیل رہے ہیں - چنانچہ ان تمام قوموں نے جملہ کمالات اسی قوم عرب سے حاصل کئے تھے - اور مانیا کی قوم نے

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

باب تمدن میں جو کچھ حاصل کیا یا جو کچھ اُس کو آیا وہ عرب ہی کی فتوحات کے زمانہ طویل کے بعد آیا۔ اور عرب ہی سے اُس نے سیکھا۔ عرب جہاں جاتے تھے اپنے طریق تمدن کو گویا ساتھ لے جاتے تھے۔ اور جہاں وہ قیام کرتے تھے وہاں اُن کا طریق تمدن پھیل جاتا تھا چنانچہ اُن کی عادت تھی کہ جس ملک میں وہ گئے وہاں انھوں نے اپنی زبان عربی اور اپنے علوم عربیہ اور اپنا دین اسلام اور اپنے اخلاق مہذب کو شائع کرنا شروع کیا۔ انتہیٰ ملخصاً اور تاریخ ڈروی میں جس کا مصنف فرانس کا وزیر اعظم ہے یہ لکھا ہے کہ ایک زمانے میں اہل یورپ تاریکی جہالت میں ٹکریں مارتے پھرتے تھے کہ دفعتہً ان پر امت اسلامیہ کی جانب سے ایک نور علوم عربیہ ادبیہ اور فلسفیہ اور فنون صناعی اور دستکاریوں وغیرہ کا پرتو افگن ہوا کیونکہ اُس زمانہ میں شہر بغداد اور بصرہ اور سمرقند اور دمشق اور قیروان اور مصر اور فارس اور غرناطہ اور قرطبہ وغیرہ علوم وفنون اور صناعت کے مرکز تھے اور جہاں کہیں کمالات علمی اور عملی پھیلے انھیں شہروں میں سے پھیلے اور قرون متوسط میں اہالیان یورپ انھیں شہروں سے علوم وفنون کو اُڑا لے گئے انتہیٰ۔ اور گاڈفری ہیگنس کہتے ہیں (۱۰) میں بخوبی جانتا ہوں کہ عیسائی لوگ مسلمانوں اور اُن کے مذہب اور اُن کی ہر ایک شے پر نظر حقارت ڈالتے ہیں مگر وہ تحقیق کریں تو معلوم ہو جائے کہ اہل اسلام اپنے مذہب پر قائم ہونے کے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد تمام روئے زمین پر سب سے زیادہ فیاض اور سب سے زیادہ باعلم قوم ہو گئی اور متقدمین کے علوم مفیدہ بھی ہم کو بیشتر انھیں کے ذریعے سے پہونچے مسلمانوں کے مذہب میں فیاضی اور تہذیب اخلاق کے اکثر مسائل ہیں۔ اور جاہل متعصبوں کا اُن کے مذہب پر الزام لگانا جیسا کہ وہ اس زمانہ میں ہوا ہے محض بیجا ہے۔ جیسا کہ اصل دین عیسوی کو اُس کے جاہلوں نے تباہ کیا۔ (۱۱) فرنگی اُس فوقیت پر (جو اُن کو مسلمانوں پر علوم اور فنون اور فوج میں ہے) بڑے نازاں ہیں اور جو کوئی اُن کی گفتگو سُنے تو یہی جانے کہ زمانہ سابق میں کوئی قوم اس سے عمدہ اور مفید تحصیل میں کبھی فائق نہیں ہوئی حالانکہ یہ دھوکا ہے کیونکہ بجز چند فروعات اُس حکمت عملی کے کہ جو تجربے سے متعلق ہے اور سوائے کارخانوں کے اور کوئی بات ایسی نہیں جو خلفاء کی رعایا میں نہ تھی اور اب گریٹ برٹن میں حاصل ہے انتہیٰ ملخصاً اور جان دیون پورٹ اپنی کتاب میں مؤتم مورخ کا یہ قول نقل کرتے ہیں یہ بات یقینی ہے کہ اُس زمانہ میں اہل عرب نے ملک ہسپانیہ اور اٹلی میں بہت سے مدرسہ جاری کئے تھے اور ان مدرسوں میں ہزاروں طلبا عربی فلسفہ اور حکمت کی تعلیم پاتے تھے اور پھر ان علوم کو عیسائی اپنے مدرسوں میں جاری کرتے تھے ہمیں اس بات کا یقین کرنا چاہیئے کہ تمام قسم کے علم طب اور طبیعیات اور فلسفہ اور ریاضی جو دسویں صدی سے یورپ میں جاری ہوئے یہ سب اصل میں عرب کے مدارس فلسفہ سے سیکھے گئے تھے بالخصوص اندلس کے اہل اسلام تو فلسفہ یورپ کے بانی خیال کئے جاتے ہیں۔ ۱۱ اہل روما اور گوتھ لوگوں نے ہسپانیوں کو دو سو برس میں فتح کیا تھا۔ مگر اہل عرب نے صرف بیس برس میں اس ملک کو فتح کیا۔ اور کوہ پری منیز سے اُتر کر اُس طرف فرانس میں پہونچ گئے۔ اُن کو علمی ترقی بھی ایسی جلد حاصل ہوئی جیسی انھیں فتوحات حاصل ہوئی تھیں انتہیٰ ملخصاً۔ اور ہنری لوئیس کی تاریخ فلسفہ میں یہ لکھا ہے کہ مسلمانوں کی وجہ سے یورپ میں علم اور فلسفہ پہونچا اس امر خاص میں یورپ ان کا ممنون احسان ہے اور اس سے بڑا احسان عرب کا یورپ پر یہ ہے کہ انھوں نے علم ہندسہ اور طب اور کیمیا میں بڑی کوشش کی اور انھیں کی

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

بدولت اسپین سے فرانس ہوکر فرنگستان میں علم پھیلا - انتہی - اور ڈاکٹر ٹیٹلر سکندر فریزر اپنی کتاب کے دوسرے حصہ میں لکھتا ہے کہ فرنگستان میں جو علوم کا چرچا ہوا وہ عربوں سے ماخوذ ہوا ہے - الیٰ آخرہ - عربوں نے خاص اُن کتابوں پر التفات کیا جن میں علم ریاضی اور طبعی اور الٰہی مندرج تھے اور فرنگستان کے ممالک مغربی بھی عرب کے ترجموں کے وسیلہ سے ان علموں سے آگاہ ہوئے - شارلیمین - شاہ فرانس نے ان علوم کو زبان عربی سے لاتینی میں ترجمہ کروایا - دستکاری کے صنائع بدائع ممالک فرنگستان میں بہت کم تھے مسلمانوں نے اس کو ترقی بخشی اور علم معماری بھی اہل فرنگ نے عربوں سے حاصل کیا جس میں بڑی شان وانداز و پاکیزگی نمایاں ہوتی ہے انتہی ملخصاً - اس کے سوا اور بہت سے مورخین اہل یورپ کے اقوال ہیں جن کے ذکر کا یہاں مقام نہیں مگر سب کی تصدیق کے لئے لارڈ ڈفرن صاحب سابق وائسرائے ہند کی وہ اسپیچ جو انھوں نے عرصہ ہوا جہاز سے اُترتے ہی بمبئی میں اسلامیوں کی بابت بیان کی اور جس کو جنوری ۱۸۸۵ء میں انگریزی اور دیسی اخبارات نے چھاپا ہے) کافی وافی ہے - اس بیان سے میری غرض یہ نہیں کہ اہل اسلام کے سوا اور کسی کو دنیاوی امور میں ترقی نصیب نہیں ہوئی نہ اب ہے بلکہ یہ مقصود ہے کہ جن لوگوں کا یہ خیال ہے کہ (پابندی ملّت اسلامیہ دنیاوی ترقیوں سے مانع ہے) محض غلط ہے اور اُس پر کوٹ پتلون پہن کر اسلام کو بنظر حقارت دیکھنا اور دنیاوی ترقی کی طمع دے کر سادہ لوح مسلمانوں کو ملحد بنانا اور کچھ ٹوٹی پھوٹی انگریزی زبان سیکھ کر بہ تکلف یورپین بننا سخت نادانی ہے اگر پابندی اسلام مانع ترقی ہوتی تو اہل اسلام ترقی میں سب پر سبقت نہ لے جاتے -

علاوہ ازیں وہ علوم کہ جو قرآن مجید سے متعلق ہیں اور جن کو خاص علماء اہل اسلام نے ایجاد کیا ہے بہت سے ہیں مگر یہاں بطور نمونہ کے چند علوم ذکر کرتا ہوں :-

(۱) صرف کہ جس میں مصدر سے ماضی مضارع وغیرہ بنانے کے قواعد مذکور ہوتے ہیں -

(۲) علم نحو - جس میں لفظ عربی سے باعتبار اعراب و بناء کے بحث ہوتی ہے اور ان دونوں علموں کے بغیر زبان عرب پر واقفیت صحیح طور پر مشکل ہے -

(۳) علم معانی کہ جس میں کلام عرب کے اُن حالات سے بحث ہوتی ہے کہ جن کی وجہ سے کلام مقتضئ حال اور مقام کے مطابق ہوتا ہے کہ جس میں اسناد خبری اور مسند الیہ اور مسند اور متعلقات فعل اور قصر اور انشاء اور فصل وصل ایجاز - اطناب مساوات کے احوال بیان ہوتے ہیں -

(۴) علم بیان کہ جس سے ایک مطلب کو باعتبار وضاحت و خفا کے چند طور سے ادا کرنا معلوم ہوجاتا ہے اور اُس میں تشبیہ اور مجاز اور کنایہ و استعارہ وغیرہ ان امور سے بحث ہوتی ہے کہ جن سے انسان کلام میں تعقید معنوی سے محفوظ رہتا ہے یہ دونوں علم فصاحت و بلاغت کلام سے متعلق ہیں جو اہل زبان ہیں وہ تو اپنے ذوق سلیم سے جانتے ہیں ورنہ اس علم کی وجہ سے قرآن پاک کے اسرار فصاحت و بلاغت ظاہر ہوتے ہیں اور اعجاز ثابت ہوتا ہے -

(۵) علم بدیع کہ جس سے کلام کے معنوی اور لفظی خوبیاں معلوم ہوجاتی ہیں - اس میں استخدام اور ترصیع و تجنیس وغیرہ امور سے بحث ہوتی ہے -

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

(۶) علم مفردات کہ جس میں باعتبار معنی اصلی کے الفاظ سے بحث ہوتی ہے۔
(۷) علم رسم الخط کہ جس میں قرآن پاک کی طرز کتابت سے بحث ہوتی ہے کہ فلاں لفظ کو یوں اور فلاں کو یوں لکھنا چاہیئے۔
(۸) علم تجوید کہ جس میں طرز تلفظ قرآن کریم سے بحث ہوتی ہے اس علم میں آنحضرتؐ کے لب ولہجہ کو جو دارِ قرآن مجید سے متعلق ہے محصور کر لیا ہے۔ صفات حروف وغیرہا عمدہ عمدہ باتیں اس فن میں مذکور ہوتے ہیں۔
(۹) علم عروض وقوافی اس علم کو علامہ خلیل وغیرہ نے ایجاد کیا ہے اگرچہ زیادہ تر فائدہ اس فن کا نظم سے ہے مگر فواصل یعنی اواخر آیات کی پوری کیفیت اسی علم سے معلوم ہوتی ہے۔
(۱۰) علم کلام کہ جس میں ادلہ عقلیہ ونقلیہ سے مبدا ومعاد کے بابت جو کچھ قرآن کریم یا پیغمبر علیہ السلام سے ثابت ہے درج ہے اس فن میں باری تعالیٰ کی ذات وصفات ونبوت وملائکہ وعالم آخرت وغیرہا کے متعلق جو کچھ اہل اسلام کے عقائد ہیں اُن سے بحث ہوتی ہے۔
(۱۱) علم فقہ کہ جس میں قرآن مجید واحادیث شریفہ واجماع وقیاس سے جو مسائل کہ قوت عملیہ کے متعلق ثابت ہیں مذکور ہوتے ہیں اس فن میں نماز وروزہ وحج وزکوٰۃ بیع وشراء وغیرہ کے متعلق جو کچھ قرآن عظیم میں آیا ہے اُن کا خلاصہ مذکور ہوتا ہے جس طرح کہ علم کلام میں خلاصہ عقائد۔
(۱۲) علم فرائض بھی اسی کی ایک شاخ ہے۔
(۱۳) اصول فقہ جس سے ادلہ اربعہ قرآن کریم وحدیث شریف واجماع وقیاس سے مسائل فقہ استنباط کرنے کا سلیقہ حاصل ہوتا ہے۔ اس فن میں عام خاص مشترک ماؤل عبارت النص، اشارۃ النص، دلالۃ النص، اقتضاء النص، محکم ومتشابہ، خفی ومشکل ماؤل ظاہر وغیرہ امور سے بحث ہوتی ہے۔ منطق اور علم کلام اور لغت کے مسائل بھی اس فن میں بطور مبادی ذکر کئے جاتے ہیں حسن وقبح عقلی کی بحث بھی اس فن میں ہوا کرتی ہے یہ علم دریائے بیکنار ہے اس کی شاخ
(۱۴) علم الجدل والخلاف بھی ہے کہ جس کو باب قیاس سے ازحد ارتباط ہے اور
(۱۵) علم مناظرہ کہ جس میں بحث کے قواعد مذکور ہیں اسی فن کی ایک شاخ ہے۔
(۱۶) علم اصول حدیث کہ جس کی وجہ سے نقل اور روایت میں جو کچھ غلطیاں اور جھوٹے لوگوں کی ملونیاں ہیں اس طرح جدا ہو جاتی ہیں کہ جس طرح دودھ سے پانی اس فن میں متواتر اور مشہور اور عزیز وغریب وغیرہ اقسام روایت مذکور ہوتے ہیں۔
(۱۷) علم اسماء الرجال بھی اسی کی ایک شاخ ہے جس میں راویوں کی تاریخ اور اُن کی راست گوئی اور دیانت داری اور حافظہ وغیرہ وہ حالات کہ جو روایت سے متعلق ہیں مذکور ہوتے ہیں۔
(۱۸) علم حدیث کہ جس میں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اقوال وافعال وسکوت اور اسی طرح صحابہ وتابعین کے اقوال وافعال وسکوت کو نقل کیا جاتا ہے یہ وہ فنون ہیں کہ جن پر اہل اسلام تمام بنی آدم پر فخر کر سکتے ہیں۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

انھیں فنون کے وسیلہ سے مسلمانوں نے اپنے نبی علیہ السلام کی ہر بات کو نہایت صحت اور تحقیق کے ساتھ اپنی کتابوں میں جمع کر دیا ہے۔ امام بخاری و مسلم و ترمذی وغیرہم محدثین کو خدائے تعالیٰ نے وہ قوت حافظہ عطا کی تھی کہ جن کو بلا تفاوت کسی حرف کے مع اسناد ہزارہا احادیث یاد تھیں اور کھرے کھوٹے کے پرکھنے میں اُن کی زبان معیار تھی اس لئے جو منصف مزاج اہل اسلام کے اصول روایت اور کتب حدیث کو جانتا ہے وہ کہہ سکتا ہے کہ اہل کتاب کی بائبل کو صحیح بخاری سے صحت روایت میں کچھ بھی نسبت نہیں۔ حضرت مسیحؑ کی تاریخ کو اگرچہ برناباس وغیرہ بہت عیسائیوں نے بڑی احتیاط سے لکھا ہے کہ جن کو عیسائی الہامی اور حضرت مسیحؑ کی اصل انجیل سمجھتے ہیں مگر خود ان پانچ چھ جز کی کتابوں میں مصنفوں نے بہت غلطیاں کی ہیں اور ایک نے دوسرے کے برخلاف بیان کیا ہے اور ان میں سے متی اور مرقس اور لوقا اور یوحنا کی انجیلیں (تاریخیں) صحیح بخاری و مسند احمد بن حنبل کا بیسواں حصہ بھی نہیں تاہم اُن میں بھی بہت سے اختلاف و اغلاط ہیں اور راستباز عیسائیوں نے جو کچھ اپنے خیالات کی تائید میں الحاق کیا ہے وہ علاوہ ہے اور نہ کسی کے پاس کوئی سند متصل مؤلف کتاب تک ہے۔ پھر کس اعتماد پر عیسائی مسلمانوں کے روبرو تاریخ دانی کا دعویٰ کرتے ہیں۔

(۱۹) علم قصص کہ جس میں قرآن مجید کے تمام قصوں کو علماء نے اپنی کتابوں میں نصیحت و عبرت کیلئے ترتیب وار جدا لکھا ہے۔

(۲۰) علم تصوف کہ جس کو قرآن کریم کی اُن آیات سے کہ جو انسان کی کیفیات قلب حُبّ و توکل و خوف و رجا وغیرہ ملکات فاضلہ کو جلا دیتے ہیں۔ اخذ کر کے مدوّن کیا ہے اس فن میں بھی صدہا کتابیں ہیں۔

(۲۱) علم تفسیر۔ یہ علم بھی ایک بحر ذخار ہے جس کی تفصیل کی یہاں گنجایش نہیں۔ علاوہ ان کے اور بھی علوم ہیں۔

معزز حضرات! آپ کو اس مختصر مقالہ علمیہ سے روشن ہو گیا ہوگا کہ علوم مشرقیہ عربیہ جو قرآن کریم کے خدام ہیں کس قدر مہتم بالشان لائق درس و تدریس ہیں۔ اور اس سے قبل علماء اسلام اس کی کس قدر خدمت کرتے ہوئے چلے آرہے ہیں۔ ہزارہا حُفّاظ عظام اس قرآن کریم کو اپنے دل میں محفوظ رکھتے ہوئے اجر عظیم حاصل کر رہے ہیں اور ہمیشہ ہر رمضان المبارک میں خاص طور پر دست بستہ نماز تراویح میں کھڑے ہو کر اول سے لے کر آخر تک پورا کلام پاک سناتے آرہے ہیں جس کی نظیر دنیا میں کوئی نہیں پیش کر سکتا ہے لہذا برادران اسلام کو چاہیئے کہ وہ اس کی طرف خاص طور پر توجہ فرمائیں اور ان علوم مشرقیہ عربیہ کو حاصل کر کے اور ان پر عمل کر کے دین اور دنیا کی عزت اور اعلیٰ مراتب پر فائز المرام ہوں۔ فقط

۲۴ ذوالقعدہ ۱۳۶۵ھ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

قصص القرآن کی تاریخی حیثیت

از جناب سید یٰسین ایم، اے (عثمانیہ) شعبہ دینیات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"قوم نوح"

"واستوت علی الجودی"

ظاہر ہے کہ قرآن مجید کا موضوع نہ آسمان ہے نہ زمین، نہ ہوا ہے نہ پانی، بلکہ وہ انسان اور انسانیت کے تنزل اور ارتقا سے بحث کرتا ہے اس کی تفصیل قرآن مجید کا موضوع ہے۔

اس سلسلے میں قرآن مجید نے جہاں اور باتیں بیان کی ہیں ان میں گذشتہ اقوام اور امتوں کے ان خاص حالات اور ان مختلف عناصر اور اجزاء کو ایک خاص ترتیب کے ساتھ اپنے اپنے نظام پر پیوست کیا ہے جن کا اس کے موضوع بحث سے گہرا تعلق ہے۔ اس باب میں قرآن مجید نے تاریخ کے اس خاص عہد کا انتخاب کیا ہے جس سے عموماً دنیا کی اکثر قومیں واقف تھیں اور نزول کی اولیت کا شرف چونکہ عرب کو حاصل تھا اس لئے ان کا بھی ان تاریخی واقعات میں خاص لحاظ رکھا گیا ہے تاکہ کہیں اجنبیت محسوس کرکے قرآن کے ابتدائی مخاطبین کہیں بھڑک نہ اٹھیں کہ یہ کہاں کہاں کی باتیں سنا رہا ہے جس کو نہ ہم جانتے ہیں نہ ہمارے آباؤ اجداد۔ ٹھیک جس طرح کوئی شخص اگر ہندوستانیوں کو کسی اخلاقی یا سیاسی مقصد کی طرف متوجہ کرنے کے لئے اگر برازیل کے باشندوں یا رڈ انڈینس کے حالات بیان کرنا شروع کرے تو لوگ اصل مقصد سے ہٹ کر دور از کار امور میں الجھ جائیں گے۔

چونکہ مختلف مصالح کا اقتضاء یہی تھا کہ عربوں کے سامنے زیادہ تر ان ہی ہستیوں کی تاریخ پیش کی جائے جن سے وہ مانوس تھے تاکہ سب سے پہلے مخاطبین تو قرآن کے حامل ہو جائیں اور پھر آیندہ خدائے تعالیٰ کو ان ہی سے دنیا کی اصلاح کا کام لینا تھا۔

بہرحال قرآن مجید نے "صراط مستقیم" کی توضیح و تشریح کے لئے بعض تاریخی اجزاء کا انتخاب ضرور کیا ہے لیکن اس کا مقصود اصلی ان قوموں کی تاریخ بیان کرنا نہ تھا بلکہ اپنے موضوع بحث کے لئے ان اقوام کے تاریخی حالات میں سے جتنے اجزاء درکار تھے صرف انہی کا انتخاب کرلیا گیا ہے تاکہ مکمل طور پر موضوع زیر نظر پر بحث کی جائے۔ چنانچہ ان اجزاء کے سوا دوسری چیزیں جن کا تعلق اس کے موضوع سے نہ تھا بالکلیہ ترک کردیئے گئے ہیں مثلاً وہ قوم نوحؑ کا ذکر تو ضرور

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کرتا ہے لیکن نہ وہ یہ بتاتا ہے کہ وہ کہاں آباد تھی۔ کب اور کس زمانے میں تھی۔ ان کا طرز معاشرت کیا تھا۔ ان کے معاصر کون کون سی قومیں تھیں۔ ان قوموں کے ساتھ ان کے تعلقات کیسے تھے وغیرہ اس نے جہاں کہیں تو حی واقعات کا ذکر کیا ہے تو ان میں سے صرف اس حصہ کا انتخاب کیا ہے جس کے ذریعہ انسان کو "صراط مستقیم" پر چلنے میں سہولت ہو۔ ہمیں بھی قرآن مجید کے تاریخی واقعات سے صرف اتنا ہی تعلق رکھنا چاہیئے جتنا کہ خود قرآن مجید نے بیان کیا ہے۔

لیکن بایں ہمہ انسانی فطرت میں قدرتی طور پر واقعات کی جستجو کا ایک جذبہ موجود ہے اور اس جذبہ اور مطالبہ کی تسلی کے لئے آج میں نے اس موضوع پر قلم اُٹھایا ہے۔ قرآن مجید کی تشریح تفسیر سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے کیونکہ اگر یہ واقعات نہ بھی معلوم ہوتے تو قرآن مجید کے مقصد کی تکمیل کی حد تک اس میں جو کچھ بھی ہے وہ بجائے خود مکمل و کافی ہے۔

مذکورۂ بالا اغراض کو پیش نظر رکھ کر در اصل میں ایک تاریخی مضمون پیش کرنا چاہتا ہوں لیکن جس حد تک اس باب میں قرآن مجید سے مجھے جو روشنی ملے گی اس کی رہنمائی میں چلنا اپنے لئے سعادت دارین خیال کرتا ہوں کیونکہ جیسا کہ بیان کیا گیا قرآن کے مقصد کے لحاظ سے گو یہ مضامین غیر ضروری معلوم ہوتے ہیں لیکن ضمنی طور پر کس واقعہ کے ذکر میں قرآن مجید میں اس قسم کی چیزوں کا جو ذکر آگیا ہے وہ یقیناً بہت اہم ہے ....

ومن اصدق من اللہ قیلا | اللہ سے زیادہ سچا اور کون ہو سکتا ہے۔

اس مقالہ میں حتی الوسع میں اپنے مضمون کا آغاز اس مضمون سے کروں گا۔

قصص القرآن میں اولیت کا درجہ حضرت آدم علیہ السلام کے قصے کو حاصل ہے۔ چونکہ قصۂ آدمؑ کے متعلق کسی تاریخی شاہد کا پیش کرنا ناممکن ہے اس لئے حضرت آدم علیہ السلام کا قصہ میرے موضوع سے خارج ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد وہ تاریخی واقعات جو صراطِ مستقیم یا ہدایت کے لئے قرآن پاک میں بیان ہوئے ہیں وہ حضرت نوح علیہ السلام کے اور ان کی قوم کے واقعات ہیں۔ اگرچہ آدم اور نوح علیہم السلام کے درمیان بھی بعض انبیاء کا وجود قرآن پاک سے ثابت ہوتا ہے لیکن ان کے متعلق تاریخی واقعات تاریکی میں ہیں۔ بعض علماء کی یہ رائے ہے کہ نوح علیہ السلام سے قبل جو انبیاء گزرے ہیں ان کا مقصد معاد کی تکمیل نہ تھا بلکہ معاش کی راہوں کو ہموار کرنا تھا۔ چنانچہ حضرت ادریس علیہ السلام کے متعلق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ انھوں نے ہی سب سے پہلے خطاطی اور پارچہ بافی کا فن سکھایا اس طرح معاشی منزل کی طرف ہدایت فرمائی۔

چونکہ قرآن پاک نے بیان کیا کہ بہت سے انبیاء ایسے بھی گزرے ہیں جن کے واقعات سے قرآن مجید ساکت ہے۔ "ومنھم من لم نقصص علیک" (انبیا میں سے بعض کے قصے ہم نے آپ سے بیان نہیں کئے) تو ایسی صورت میں یہ خیال کرنا بیجا نہ ہوگا کہ حضرت ادریس علیہ السلام کے مثل نوح علیہ السلام سے قبل بھی انبیاء گزرے ہوں گے جنھوں نے اپنے اپنے زمانے میں حالات کے لحاظ سے انسانیت کی مختلف راہوں کو ہموار کیا ہوگا۔

اب ہم اپنے اس تاریخی مضمون کا آغاز حضرت نوح علیہ السلام کے قصے سے کرتے ہیں کیونکہ آدم علیہ السلام کے بعد قرآن پاک نے مختلف مقامات پر نوح علیہ السلام ہی کا ذکر کیا ہے چنانچہ سورہ آل عمران میں فرماتا ہے:۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ان اللہ اصطفٰے اٰدم و نوحا و اٰل ابراھیم و اٰل عمران علی العالمین ۔

بیشک اللہ نے منتخب فرمایا آدم اور نوحؑ اور آل ابراہیم اور آل عمران کو ان کے معاصرین میں سے ۔

اگرچہ نوح علیہ السلام کے دَور کو غیر تاریخی زمانہ کہا جاتا ہے لیکن اس دَور کے متعلق کچھ نہ کچھ تاریخی شواہد مل ہی جاتے ہیں۔ علاوہ ان تاریخی معلومات کے آج کل کالڈیا، مصر، فلسطین وغیرہ میں جو کھدائیاں ہوئی ہیں ان سے قدیم زمانے کے کتبات وغیرہ ایسے پائے جاتے ہیں جن سے اس زمانے کے حالات پر یک گونہ روشنی پڑتی ہے ۔

قوم نوحؑ کا مقام

اب ہم یہاں سے پہلے حضرت نوح علیہ السلام کے مقام کی تعیین کریں گے اور اس کی طرف قرآنی اشارے سے اعانت حاصل کریں گے اور پھر اس کی تائید تاریخی شواہد سے کریں گے بعد ازاں نوح علیہ السلام کی قوم کے مذہبی معتقدات اخلاقی اور تمدنی اور عمرانی حالات جو قرآن پاک اور بائبل اور دیگر مستند تاریخی کتب سے معلوم ہوتے ہیں ان کو درج کریں گے ۔

حضرت نوح علیہ السلام کے مقام کی تعیین کی طرف قرآن مجید صرف ایک مقام پر اشارہ کرتا ہے۔ اس اشارے سے میری مراد وہ آیہ کریمہ ہے جس کو میں نے اس قصہ کا عنوان بنایا ہے یعنی " واستوت علی الجودی " (نوحؑ کی کشتی جودی پہاڑ پر ٹکی) ۔

قرآن مجید نے نہایت دل پذیر انداز میں قوم نوحؑ کے حالات بیان کرتے ہوئے ان کے مذہبی معتقدات اور اخلاقی حالات پر روشنی ڈالی۔ حضرت نوحؑ کی دعوت توحید کا ذکر کرتے ہوئے ان کی قوم کے سوقیانہ اور بیباکانہ جوابات نقل فرمائے پھر ان سے نوح علیہ السلام کی بیزاری کا ذکر کیا۔ ان کی قوم کی کج روی اور گمراہی کے باعث ان پر جو عذاب واقع ہوا اس کا تفصیل سے ذکر کیا اور آخر میں نوح علیہ السلام کے متبعین کا اس کشتی میں محفوظ رہنا اور طوفان کے فرو ہو جانے کے بعد اس کشتی کے مقام " جودی " پر اُترنے کا حال بیان کیا ہے۔ اس سارے قصہ پر گہری نظر ڈالنے کے بعد صرف ایک ہی آیہ ایسی معلوم ہوتی ہے جس سے ان کے مقام کی تعیین میں مدد ملتی ہے ۔ الغرض قرآن مجید نے ان کے مقامات کے منجملہ صرف ایک ہی مقام کی اشارتاً خبر دی ۔ اب ذیل میں ہم بائبل کی اس عبارت کو نقل کرتے ہیں جس سے نوح علیہ السلام کی کشتی کے ٹکنے کا حال معلوم ہوتا ہے :-

" پھر خدا نے نوحؑ کو اور سب جانداروں کو اور سب مویشیوں کو جو اس (نوح) کے ساتھ کشتی میں تھے یاد کیا اور خدا نے زمین پر ایک ہوا چلائی اور پانی ٹھہر گیا اور گہراؤ کے سُوتے اور آسمان کی کھڑکیاں بند ہوئیں اور آسمان سے مینہ تھم گیا اور پانی زمین پر سے رفتہ رفتہ گھٹتا جاتا تھا۔ اور ڈیڑھ سَو دن کے بعد کم ہوا اور ساتویں مہینے کی سترھویں تاریخ کو " اراراط " کے پہاڑوں پر کشتی ٹک گئی "۔

قرآن مجید اور توراۃ کے بیانات پر غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دونوں صحف سماویہ میں طوفان کے قصے کے متعلق کچھ اختلاف نہیں ہے بلکہ وہ دونوں ایک دوسرے کے " مصدق " ہیں جو ان کے کتاب اللہ ہونے کی کھلی دلیل ہے لیکن نظر ظاہر بین ان دونوں میں کچھ نہ کچھ اختلاف پاتی ہے کیونکہ قرآن مجید میں کشتی کا اسٹیشن " جودی " کو اور توراۃ نے

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

"ارارات" کے پہاڑوں کو قرار دیا ہے۔ اس لفظی اختلاف کو بھی تحقیقات کے ذریعہ دُور کرنا ضروری ہے تاکہ مختلف فیہ امر کے متعلق شک وشبہ کی گنجائش مطلقاً باقی نہ رہے اور یہ بات واضح ہو جائے کہ ان دونوں میں محل وقوع کے لحاظ سے کوئی تضاد یا تخالف نہیں ہے بلکہ وہ ایک ہی مقام کے دو مختلف نام ہیں۔

علامہ فرید وجدی نے لفظ "جودی" کے متعلق جو بیان اپنی کتاب دائرۃ المعارف میں لکھا ہے اس کا ترجمہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے :۔

الجودی ۔ "ایک پہاڑ کا نام ہے جو بمقام الجزیرہ واقع ہے جہاں سفینۂ نوحؑ ٹھہرا تھا" اور پھر الجزیرہ کے عنوان کے تحت حسب ذیل عبارت تحریر کی ہے :۔

الجزیرہ ۔ "ایک وسیع رقبہ کو کہا جاتا ہے جہاں کئی شہر آباد ہیں اور وہ دجلہ وفرات کی درمیانی آبادی ہے جس کی وسعت دیاربکر سے لے کر بغداد تک ہے۔ اس کا طول (۳۰۰) کیلومیٹر اور عرض (۲۰۰) کیلومیٹر ہے۔ انگریز اس کو میسوپٹامیا اور عرب مابین النہرین کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ اس کا دوسرا نام جزیرہ ابن عمر بھی ہے وہ ایک سرسبز وشاداب زمین ہے جس میں زمانہ قدیم میں بہت سے بڑے بڑے شہر آباد تھے لیکن موجودہ زمانے میں عمرانی اسباب یعنی ذرائع حمل ونقل کی عدم موجودگی کی وجہ وہاں اب زیادہ زراعت اور حرفت رائج نہیں ہے لیکن اگر وہاں ذرائع حمل ونقل رائج کر دیا جائے تو وہ دنیا کے سرسبز وشاداب خطوں میں شمار کیا جا سکتا ہے"۔

جودی کے متعلق معجم البلدان میں یاقوت حموی نے حسب ذیل عبارت لکھی ہے :۔

"هو جبل مطل على جزيرة ابن عمر في الجانب الشرقي من دجلة من اعمال الموصل عليه استوت سفينة نوح"۔

وزیر بکری نے اپنی کتاب معجم مستعجم میں "جودی" کی تعریف حسب ذیل الفاظ میں کی ہے :۔

"الجودی ۔" المذکور فی التنزیل جبل بالموصل او بالجزیرۃ وروی ان السفینۃ استقلت بهم اليوم العاشر من رجب واستقرت على الجودي يوم عاشوراء من المحرم"۔

اب ذیل میں توراۃ کے مذکورہ لفظ "ارارات" کے متعلق انسائکلوپیڈیا برٹانیکا سے اس عبارت کا ترجمہ نقل کیا جاتا ہے جو اس کے محل وقوع کے علاوہ نوح علیہ السلام کے طوفان کے قصے کی تصدیق کرتا ہے اور لفظ "جودی" کو متعین کرتا ہے۔

ارارات ۔ "قفقاسیہ کے جنوب مغرب میں ایک پہاڑی سلسلے کا نام ہے جو شمال مغرب میں طوروس اور جنوب کی طرف بڑھتے ہوئے البرز کا نام اختیار کر لیتا ہے اور ٹھیک ارارات کا مقام یعنی وہ پہاڑی چوٹی جس کو "جودی" کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے نہر دجلہ کے منبع کے بائیں جانب واقع ہے اس پہاڑ کے متعلق بہت سی روایتیں مشہور ہیں لیکن اسیریوں اور کردوں کے بیان کے مطابق ارارات کے پہاڑ پر ایک مقام "جودی" ہے جہاں نوح علیہ السلام کی کشتی ٹھہری تھی یہ مقام "جودی" آرمنا کے جنوب میں دجلہ کے بائیں کنارے پر جزائر (gezire) کے قریب واقع ہے یہ مشہور ہے کہ وہاں (جودی) سفینہ نوحؑ کی اصلی باقیات بطور نمائش رکھی گئی تھیں اور وہاں ایک خانقاہ اور مسجد بھی

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

تعمیر کی گئی تھی کہ اس کی یادگاری تقریب منادی جلایا کرے لیکن خانقاہ سنہ (۶۷۷۶) میں بجلی کے صدمہ سے تباہ ہوگئی۔ کوہ اراراٹ کے اطراف وجوانب کے مقامات اکثر طوفان کی روایات کی طرف منسوب ہیں۔ "باغ عدن" کے متعلق بیان کیا گیا ہے کہ وہ وادی آراکس (Arasces) میں واقع تھا۔ مقام مرند (Marand) کے متعلق مشہور ہے کہ وہ حضرت نوحؑ کی بیوی کا مدفن ہے۔ آرگوری (Arghuri) نامی ایک گاؤں جو ایک بڑے غار کے قریب واقع ہے وہی سب سے پہلا مقام ہے جہاں حضرت نوحؑ نے انگور کا باغ لگایا تھا۔

مستند کتب سے مذکورہ بالا بیانات جو لفظ جودی اور "آراراط" کے متعلق تحریر کئے گئے ہیں ان سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ان دونوں میں کوئی نقطہ تضاد یا تخالف نہیں ہے۔ بلکہ توراۃ کا لفظ آراراط اس سلسلہ کوہ کو ظاہر کرتا ہے جہاں سفینۂ نوح ٹھہرا تھا اور قرآن مجید کا لفظ جودی ٹھیک اس سلسلۂ کوہ کی اس چوٹی کو ظاہر کرتا ہے جو کشتی کا اسٹیشن تھا یہ طریقۂ بیان ممتنع نہیں ہے اس کی مثال خود ہماری زبان میں بھی موجود ہے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ سلسلۂ ہمالیہ مشرق سے مغرب تک پھیلا ہوا ہے لیکن مختلف مقامات پر اس کی چوٹیاں مختلف ناموں سے موسوم ہوتی ہیں حالانکہ اگر وسعت نظر سے دیکھا جائے تو وہ سب ایک ہی پہاڑ کی چوٹیاں ہیں۔ ہمالیہ، پنجاب اور بنگال اور صوبہ متحدہ کے شمال میں موجود ہیں۔ ایسی صورت میں اگر یہ بیان کیا جائے کہ ایک جرمن جماعت کنچنجنگا (ہمالیہ کی ایک چوٹی) پر چڑھنے کی کوشش کررہی ہے اور دوسرے الفاظ میں یوں کہا جائے کہ ایک جرمن جماعت ہمالیہ پر چڑھنے کی کوشش کررہی ہے تو اگرچہ بلحاظ الفاظ یہ دونوں جملے متباین معلوم ہوتے ہیں لیکن مفہوم کے لحاظ سے ان دونوں میں شمہ برابر بھی فرق نہیں۔

نوحؑ کے تمدن کی قدامت

ان دونوں مقامات کے نقطہ تضاد کو مٹانے کے بعد اب ہم نوح علیہ السلام کی قوم کے گہوارۂ تمدن کا پتہ چلانا چاہتے ہیں۔ نوحی تمدن کا سراغ لگانے کے لئے ہم کو دنیا کے قدیم ترین تمدن کی تلاش وجستجو کرنی چاہیئے۔ کیونکہ قرآن مجید نے انسانی تمدنوں میں سب سے پہلے نوحی تمدن کا ہی ذکر کیا ہے اگرچہ مورخین اور قرآن مجید کے بیانات میں بہت کچھ اختلاف ہے کیونکہ مورخین نے جن کے ذرائع علم نہایت محدود تھے کبھی قدیم ترین تمدن رومن تمدن کو قرار دیا ہے تو کبھی چینی کو کبھی مصری تمدن کو قدیم تسلیم کیا گیا تو کبھی یونان کو۔ بالآخر ان کو قرآن مجید کے مذکورہ تمدن کو قدیم مانتے ہوئے اپنے سابقہ اقوال کی تنسیخ کرنی پڑی کیونکہ ہر زمانہ کے ساتھ ساتھ علم کے ذرائع میں جوں جوں اضافہ ہوتا گیا مفکرین اور علماء کو اپنے نظریات اور خیالات میں تبدیلی کرنی پڑی اور آخر کار سبھوں نے اس عالم الغیب والشہادۃ" کے بیان کی تصدیق کی اور اس کے سوا چارہ ہی کیا تھا؟

قرآنی شواہد

الغرض موجودہ زمانے میں تقریباً تمام علمائے تاریخ اور ماہرین اکتشافات اثریہ اس بات پر متفق اور متحد ہیں کہ انسانی تمدن کا آغاز اس سرزمین سے ہوا جہاں قرآن مجید حضرت نوحؑ کی قوم کا پتہ دیتا ہے چنانچہ نوح علیہ السلام کی قوم کی قدامت اس سے ثابت ہوتی ہے کہ جہاں قرآن مجید نے اولوالعزم پیغمبروں کا ذکر کیا ہے حضرت آدم کے بعد نوحؑ کی تذکرہ کیا ہے۔ جیسا کہ فرمایا:۔

(۱) ان اللہ اصطفیٰ آدم و نوحاً و آل ابراھیم و	بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم نوح۔ آل ابراہیم اور

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

آل عمران علی العلمین ۔ (آل عمران)
(۲) اولٓئک الذین انعم اللہ علیھم من النبیین من ذریۃ آدم وممن حملنا مع نوح ومن ذریۃ ابراھیم واسرائیل ۔

آل عمران کو اس زمانے کے لوگوں میں منتخب کرلیا ۔
یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے انعام کیا ان میں سے نبیین ہیں ان کی اولاد آدم اور وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا اور ان میں ابراہیم اور اسرائیل کی اولاد ہے ۔

تاریخی شواہد

قرآنی آیات پیش کرنے کے بعد اب ہم تاریخی بیانات کو ذکر کریں گے جن سے قرآن مجید کی تائید ہوتی ہے ۔ علمائے تاریخ کا یہ خیال تھا کہ قدیم ترین تمدن ملک چین کا ہے یونیورسل جیو گرافی کے مصنف نے اس خیال کی تردید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ :-

" جدید تحقیقات سے اس بات کی طرف میلان بڑھتا چلا جا رہا ہے کہ اہل چین کے علمی کارنامے خود ان کی اپنی سرزمین کی پیداوار نہیں ۔ مشرقی ایشیا میں جو کچھ تمدن پھیلا وہ دریائے دجلہ وفرات کے کناروں سے ہی اُٹھا تھا "

انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں میسوپٹمیا کے تحت جو عبارت درج ہے اس کا ترجمہ ذیل میں تحریر کیا جاتا ہے ۔ جس سے یہ ثابت ہوگا کہ میسوپٹمیا (دوآبہ دجلہ و فرات) کا تمدن کس قدر قدیم ہے :-

" قدیم باشندے جو دوآبہ دجلہ و فرات میں آباد تھے سمیرین کہلاتے ہیں قدیم ترین سمیرین بادشاہ کا نام جس کی سلطنت "میڈیٹرین" تک پھیلی ہوئی تھی (Laugalraggigi) تھا اور اس کا زمانہ (۲،۷۷۵ و ۲،۷۵۰) ق م ہے "سمیرین روایات اور ان کے خاندانی شجروں سے تاریخ کے اخذ کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے ان سے واضح ہوتا ہے کہ طوفان سے قبل بھی ان میں دس بادشاہ گزرے ہیں "

سر چارلس مارسٹن اپنی کتاب "دی بائبل کینز آلائو" میں تحریر فرماتے ہیں ۔ "تمام تہذیبیں اور تمدن جو دنیا میں پھیلے کوہ قاف (caucacus) کے قرب وجوار سے اُٹھے اور پھر (caucacus) کی تعین کرتے ہوئے لکھتے ہیں ۔ یہ وہ مقام ہے جہاں آرارات کا پہاڑ واقع ہے جہاں کشتی نوحؑ ٹھہری تھی "

اثری شواہد

ان تاریخی شواہد کے علاوہ ایک ذریعہ علم اور بھی ہے جس کو اثری تحقیقات کہا جاتا ہے اس کے ذریعہ بھی نوحی تمدن کی قدامت ثابت کی جاسکتی ہے گزشتہ صدی میں اہل یورپ مدفون شہروں اور ویران قصبوں کی طرف متوجہ ہوئے اس وقت تک قدماء کے حالات کے متعلق ان کی نظریں یونان اور روم کی تاریخوں پر جمی ہوئی تھیں اور ان ہی کا تمدن قدیم ترین تمدن خیال کیا جارہا تھا ۔ توراۃ میں بابل اور نینوا کی گزشتہ عظمت و شوکت کے واقعات پڑھ کر وہ اس کو ایشیائی مبالغہ تصور کرتے تھے لیکن جب ان کو دجلہ و فرات کے کناروں اور ان کے قرب و جوار میں بہت سے عظیم الشان تودوں بلند میناروں کا علم ہوا تو انھیں قدرے یقین ہوا کہ ضرور ان خاک کے تودوں میں گزشتہ اقوام کی عظمت پوشیدہ ہے ۔ اس ذوق تجسس نے پہلے ایک فرانسیسی نوجوان کو ۱۸۴۲ء میں توبجیق کے تودے کی کھدائی پر مجبور کیا اسی اثناء میں اس کی مدد کے لئے ایک اور انگریز نوجوان بھی آپہونچا ۔ دونوں نے کمال

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

محنت و مشقت سے کھدائی کا کام شروع کیا اور ان کی محنت بار آور ہوئی۔ ایک مقام تل نمرود کی کھدائی سے بہت سی ایسی چیزیں برآمد ہوئیں جن سے بابل اور سیریا کے قدیم باشندوں کے بہت سارے حالات معلوم ہوتے ہیں ان تودوں کی کھدائی سے بہت سے ٹوٹے ہوئے مکانوں کے نشانات اینٹ نما اشیاء جن پر قدیم بادشاہوں کے نام درج ہیں برآمد ہوئے ان میں سے ایک پر اسیریا کے ایک مشہور بادشاہ "سناچریب" کا نام بھی تحریر ہے۔

ان تودوں کی کھدائی سے ایک کمرہ برآمد ہوا ہے جس میں بے شمار خشتی کتبے موجود ہیں۔ ان کو لندن کے عجائب خانہ میں بہ احتیاط تمام رکھا گیا ہے۔ ان کی تحریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک خشتی کتب خانہ ہے جس کو دنیا کا قدیم ترین کتب خانہ کہا جا سکتا ہے۔ ان کتبوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے چھ سو پچاس برس قبل کی تحریرات ہیں۔ ان تحریرات کا خط پیکانی ہے جو علم الحروف کے اعتبار سے قدیم ترین خط شمار کیا جاتا ہے۔ اس خشتی کتب خانہ میں عقائد، نجوم، رمل وغیرہ کے متعلق تحریرات موجود ہیں۔ ان میں ایک شاہی فرمان بھی موجود ہے۔ ایک کتبہ پر رزمیہ نظم بھی لکھی ہے جس میں طوفان کا واقعہ مفصل درج ہے۔" (ماخوذ از کتاب کالڈیا)۔

متعدد تاریخی اور اثری تحقیقات کے حوالوں سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ قدیم ترین تمدن وادی دجلہ و فرات کی سرزمین میں پیدا ہوا اور اس سرزمین میں سب سے پہلے بسنے والی قوم حضرت نوح کی قوم ہے کیونکہ اس سرزمین کے اطراف و جوانب میں وہ مقامات واقع ہیں جن کے متعلق قرآن مجید اور تورات میں اشارات موجود ہیں حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے مسکن کی جغرافیائی تعیین کے بعد اب ہم اس قوم کے حالات کی جہاں تک ممکن ہے تفصیل بیان کرنا چاہتے ہیں اس سلسلے میں ہمارے پیش نظر حسب ذیل امور ہیں:-

(۱) قوم نوح کے مذہبی معتقدات۔ (۲) اخلاقی حالات۔ (۳) معاشرتی کیفیت۔ (۴) معاشی ذرائع۔

مذہبی معتقدات

شرک اور توحید تقدم کس کو ہے

مذہبی تعلیم کے سلسلے میں نامعلوم زمانہ سے نسل انسانی پر دو قسم کے نظریات کا اثر رہا ہے جس کی تعبیریں یوں کی جا سکتی ہے کہ "ساری کائنات یعنی مخلوقات انسان کے لئے ہے" اور خود انسان مخلوقات کے لئے نہیں بلکہ صرف خالق کی عبادت اور اُس کی ذات سے قرب حاصل کرنے کے لئے پیدا ہوا ہے اس نقطہ یہ کا نام "نظریۂ توحید" ہے۔ اس کے بالمقابل دوسرا نظریہ یہ ہے کہ جس طرح کائنات کی ہر شے انسان کے لئے ہے اسی طرح وہ خود (انسان) ان مخلوقات کی عبادت اور پرستش کے لئے ہے اس نظریہ کا نام "شرک" ہے۔

ثانی الذکر نظریہ کے تحت زندگی بسر کرنے والی قوموں میں بہ اختلاف حالات ملائکہ، جن، انسان، حیوان، نباتات، جمادات، عناصر۔ الغرض ایسے تمام مخلوقات جن میں واقعی یا وہمی طور پر نفع اور ضرر کا پہلو نمایاں ہو پرستش کی جاتی ہے۔ پھر اس سلسلے میں ایسی ہستیاں جو ان کی نگاہوں سے پوشیدہ ہو گئی ہیں مثلاً مرے ہوئے انسان ان کی تصویروں اور

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

مجسموں کو ان کا نمائندہ بنا کر پوجا جاتا ہے اس مخلوق پرستی کے باوجود چونکہ اقوام عالم خالق (خدا) اور اس کی عبادت کا انکار نہیں کرتے بلکہ خاص خاص مواقع پر اپنے مخلوق معبودوں کے ساتھ اس خالق کی عبادت کو بھی شامل کر لیتے ہیں اسلئے اس مسلک کا نام شرک رکھا گیا۔ اس میں شبہ نہیں کہ توحید و شرک کے یہ دونوں نظریے تقریباً اس قدر قدیم ہیں جتنی خود نسل انسانی لیکن پھر بھی تقدم اور اولیت کا سوال پیدا ہو ہی جاتا ہے موجودہ زمانے میں ہر نظریے کو نظریۂ ارتقاء کی کسوٹی پر رکھ کر پرکھا جاتا ہے۔ اور اسی کے ذریعہ ہر شئے کی توجیہ کی جاتی ہے چنانچہ مذہب کو بھی اسی نظریے کی روشنی میں لا کر مطالعہ کیا جا رہا ہے۔ اور اس خیال کو پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ شرک کو توحید پر تقدم حاصل ہے یعنی یہ کہ انسان اپنے قدیم ترین زمانے میں جبکہ اس کی عقل، ادراک وغیرہ نے ترقی نہ کی تھی شرک میں مبتلا تھا۔ ہر اس شئے کو اپنا معبود سمجھتا تھا جس سے اس کو اس زمانے میں نفع و ضرر کا تعلق تھا۔ عقلی ارتقاء کے ساتھ ساتھ وہ شرک سے ہٹتے ہٹتے نقطۂ توحید پر آ جما۔ جوں جوں اس کی عقل نے ترقی کی مرور زمانہ کے ساتھ نفع و ضرر کے تعلقات جو ہر ادنیٰ شئے سے اس نے قائم کر رکھے تھے وہ تدریجاً کم ہوتے گئے اور آخر کار نافع اور ضار ایک ہی ہستی تسلیم کر لی گئی۔

یہ خیال غالباً سب سے پہلے ہربرٹ اسپنسر کے دماغ میں پیدا ہوا لیکن یہ نہ صرف تمام مذہبی روایات کے جن میں انسان اول آدم علیہ السلام کو خدا رسیدہ بزرگ قرار دیا گیا ہے خلاف ہے بلکہ مختلف اقوام کی تاریخیں بھی اسکی تکذیب کرتی ہیں۔ چنانچہ خود مسلمانوں کی تاریخ بھی اس کی شاہد ہے کہ جب تک عربی سادگی ان میں باقی رہی اور تمدن ان میں پیدا نہ ہوا وہ پکے موحد رہے لیکن جب تمدنی ترقیوں کی طرف انھوں نے قدم بڑھایا اور اس سلسلے میں انھیں اپنے ملک سے جہاں جہاں جانا پڑا وہاں کے اعتقادی اصول اور مشرکانہ رسوم ان پر مسلط ہو گئے تا آنکہ ٹھیک اس وقت جبکہ یہ دلی، قاہرہ، سمرقند، غرناطہ، مراکش وغیرہ شہروں میں ان کا تمدنی ارتقاء عروج حاصل کر رہا تھا انہی دنوں میں بیشمار مشرکانہ رسوم بھی ان میں پیدا ہو گئے تھے اور تقریباً یہی حال دنیا کی تمام قوموں کا ہے۔

پروفیسر لانگڈن جو جامعہ آکسفورڈ کے مشہور اساتذہ میں سے ہیں سچ لکھتے ہیں:۔

"میرے خیال میں نسل انسانی کے قدیم ترین مذہب کی تاریخ توحید سے آخری درجے کے شرک اور بد روحوں کے اعتقاد کی طرف ایک تیز رو پرواز ہے"۔

آگے چل کر اپنے تاریخی مطالعہ کے آخری نتیجے کا اعلان ان لفظوں میں کرتے ہیں:۔

"توراۃ کی مذکورہ توحید اور اسلامی توحید شرک سے ارتقائی منازل طے کرنے کا نام نہیں ہے۔ مذہب کی تاریخ کی یہ ایک غلط تعبیر ہے کہ شرک ایک ادنیٰ قسم کی تہذیب سے تعلق رکھتا ہے۔ درحقیقت بہترین قسم کی تہذیب اور تمدن کی پیداوار ہے لیکن اس نے توحید ہی سے جنم لیا ہے اور وہ توحید ہی کی اس مذہبی شرح و بسط کا نام ہے جو غلط طریقے پر کی گئی"۔

ہربرٹ اسپنسر کا مغالطہ

اسپنسر کے مشہور مغالطہ (یعنی مذہب کی نشو و نما بھی ارتقاء کے قانون کے تحت ہوئی ہے) کی تردید کرتے ہوئے صاحب موصوف لکھتے ہیں:۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

"ڈارون کے نظریۂ ارتقا کی کسوٹی پر اگر مذہب کی ابتدا اور اس کی ترقی کو رکھ کر پرکھا جائے تو انسان مذہب کی اصلیت اور حقیقت سے بے خبر ہو جاتا ہے حالانکہ واقعہ ایسا نہیں ہے"۔

شرک کو اولیت اور تقدم کا درجہ دینے والے دراصل ایک خلط مبحث میں مبتلا ہیں مثلاً وہ کہتے ہیں انسان قدیم زمانے میں بہت سے خالق مانتا تھا اور اسی بنا پر ان کی عبادت بھی کرتا تھا حالانکہ کسی زمانے میں انسان نے بادل، برق، چاند، سورج وغیرہ کو نہ خالق مانا اور نہ خالق مان کر ان کی عبادت کی۔ خالق تو ہمیشہ ہمیشہ سے ایک ہی مانا گیا۔ مشرکوں اور موحدوں دونوں کا خالق ہر زمانے میں ایک ہی رہا۔ لیکن مشرکین نے جب بعض مخلوقات میں نفع وضرر کا پہلو نمایاں دیکھا یا ان کی تہذیب اور تمدن نے جب ان کی ضروریات کے دائرے کو وسیع سے وسیع تر کر دیا تو انھوں نے نافع اور ضار کا لقب مخلوقات کو بھی دیدیا اور ان کے سامنے جھکنے لگے۔ اسپنسر کا نظریۂ ارتقا مذہب اسی وقت قابل غور ہو سکتا ہے جبکہ یہ بات ثابت ہو جائے کہ انسان نے قدیم زمانے میں مخلوقات کو بھی خالق کا درجہ دیدیا تھا اور پھر بتدریج ایک خالق کے قائل ہوئے۔ چونکہ واقعہ ایسا نہیں ہے لہٰذا یہاں ارتقاء کے مسئلے کو درمیان میں لانا درست نہیں علاوہ ازیں یہ امر بھی یہاں خاص توجہ کا محتاج ہے کہ انسان کی سادہ فطرت کے لئے ایک خدائے حی وقیوم کا ماننا زیادہ آسان ہے یا ہر حادثہ کے لئے ایک علیحدہ دیوی یا دیوتا یا علت کا تصور۔

قوم نوح میں شرک کارواج

بہر حال یہ تو ایک ضمنی بحث تھی قرآن مجید سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت نوحؑ جس قوم میں مبعوث ہوئے تھے وہ ابتداءً سے ایک خالق کی قائل تھی وہ مانتی تھی کہ ساری کائنات کا پیدا کرنے والا اور اس کا سرچشمہ ایک خدائے حی وقیوم ہے لیکن بتدریج خالق سے انھوں نے اپنے رشتۂ عبودیت کو کمزور کرنا شروع کیا بالآخر ان کی ذہنیت پر وہ لعنت مسلط ہو گئی جس کا نام قرآن پاک کی زبان میں شرک ہے یعنی انھوں نے اپنی حاجتوں اور ضرورتوں کے لئے الگ الگ دیوتاؤں کو ماننا شروع کیا۔

اس امر کا ثبوت کہ نوح علیہ السلام کی قوم خالق کائنات ایک ہی ذات کو مانتی تھی ان آیتوں سے ملتا ہے جس میں حضرت نوح نے اللہ (خالق کائنات) کو ثابت کرنے اور منوانے کی کوشش نہیں کی بلکہ ان کا حقیقی مطالبہ یہ تھا کہ اللہ (خالق) ہی کو معبود بناؤ مثلاً وہ فرماتے ہیں:-

۱۔ یقوم اعبدوا اللہ مالکم من الٰہ غیرہ (اعراف)	۱۔ اے قوم اللہ ہی کی عبادت کرو تمھارے لئے اسکے سوا اور کوئی معبود نہیں۔
۲۔ ولقد ارسلنا نوحًا الیٰ قومہ انی لکم نذیر مبین۔ ان لا تعبدوا الا اللہ انی اخاف علیکم عذاب یوم عظیم۔ (ہود)	۲۔ بیشک ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا اس نے اپنی قوم سے کہا میں تمھارے لئے کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں کہ تم سوائے خدا (خالق) کے کسی اور کی پرستش نہ کرو بیشک میں تم پر عذاب والے دن سے ڈرتا ہوں۔
۳۔ ولقد ارسلنا نوحًا الیٰ قومہ	۳۔ بیشک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا۔ نوحؑ نے

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

فقال یقوم اعبدوا اللہ مالکم من الہ غیرہ | اپنی قوم سے کہا اے قوم اللہ کی عبادت کرو تمہارے لئے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔

آلہ باطلہ کی پرستش

مذکورہ بالا آیات بینات میں نوح علیہ السلام کے مطالبہ خدا (خالق) پرستی سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ ان کی قوم اللہ (خالق) کی منکر نہ تھی اور نہ ان کے تعدّد کی قائل تھی ان کی غلطی جو کچھ تھی وہ یہی کہ انھوں نے خالق کے ساتھ مخلوقات کو بھی معبود بنا لیا تھا۔ پس حضرت نوح اس غلطی کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں۔ قرآن مجید نے ایک دوسرے مقام پر اس کی قدرے تفصیل بھی کی ہے کہ وہ کن کن بتوں کے آگے سر جھکاتے تھے اس سلسلے میں اس نے پانچ بتوں کے نام گنائے ہیں اور ساتھ ہی ان کے پرستش اور عبادت پر ان کو جو اصرار تھا اور انھیں اپنے الٰہ باطلہ کے ساتھ جو محبت تھی اس کو بھی ظاہر فرمایا چنانچہ فرماتا ہے :۔

وقالوا لا تذرن الھتکم ولا تذرن ودا ولا سواعا ولا یغوث ویعوق ونسرا۔ | نوح کی قوم نے کہا دیکھو اپنے خداؤں کو نہ چھوڑنا۔ ود۔ سواع۔ یغوث۔ اور نسر کو بھی نہ چھوڑنا۔

کون جانتا ہے کہ قوم نوح کے معبودوں کی انتہا ان پانچ پر ہی ختم ہو جاتی ہے آخر جب مخلوق پرستی ٹھہری تو پھر مخلوقات کا شمار کہاں تک ہو سکتا ہے لیکن اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ان کی قوم میں ان پانچ بتوں کو خاص اہمیت حاصل تھی مفسرین نے ان کے متعلق لکھا ہے۔ تفسیر در منثور میں لکھا ہے کہ

بتوں کے متعلق مفسرین کے اقوال

"ود۔ سواع۔ یغوث اور نسر کے متعلق ابن عباس کا قول ہے کہ یہ نام در اصل چند صالح اور نیک بخت لوگوں کے ہیں جن کو اس قوم میں بڑی مقبولیت حاصل تھی جب وہ موت کے آغوش میں سو گئے تو ان کے معتقدین نے ان کی یاد کو تازہ رکھنے کے لئے مجسمے بنالئے۔ لیکن چند نسلوں کے بعد ان مجسموں نے خدائی کا مقام اختیار کر لیا اور باقاعدہ ان کی پوجا شروع ہو گئی تفسیر کبیر میں علامہ رازی لکھتے ہیں کہ " کان ھولاء نفراً من بنی آدم " یہ بھی خدا کے بندے تھے چونکہ ان کے نیک صفات کی وجہ ان کو اپنی قوم میں خاص امتیاز حاصل تھا۔ لیکن جب یہ اس دنیا سے کوچ کر گئے تو لوگوں نے ان کے مجسموں کو خدا کے قرب کا ذریعہ سمجھ کر پوجنا شروع کیا "

علامہ طنطاوی نے ان بتوں کے پوجنے والوں اور ان کے مقامات کا ذکر حسب ذیل مقامات میں کیا ہے :۔

نام بت	قبیلہ	مقام
ود	کلب	دومۃ الجندل
سواع	ہذیل	۔
یغوث	مراد و بنی غطیف	بالجرف عند طبا
یعوق	ہمدان	۔
نسر	حمیر	آل ذی الکلاع

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

لغوی حیثیت سے بتوں کی تفسیر

یہ تو ان بتوں کی تاریخی تفسیر تھی لیکن اگر الفاظ سے نفع اٹھاتے ہوئے کہا جائے کہ ود (اتفاق) سواع (ساعہ وقت) یغوث (غیاث بارش) یعوق (عوق ردبلا) نسر (وہ ستارہ جس میں عراق اور عرب کی کھیتی تیار ہوتی تھی) کے تمثالی مورتیں تھیں تو شاید اس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں ہوسکتی۔ آج بھی دنیا کی کتنی قومیں ہیں جن کے دل میں خدا سے زیادہ وقت۔ اتفاق۔ ڈس انفکشن۔ مون سون ہواؤں کی وقعت ہے۔

بہرحال قوم نوح کے اعتقادی احساسات کی بنیاد جس طرح شرک پر قائم تھی اس کے ساتھ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ وحی اور نبوت کے بھی قائل نہ تھے یعنی بجز حواس اور عقل کے ان کے پاس علم کا اور کوئی تیسرا ذریعہ نہ تھا جیسا کہ انکے بیانات سے معلوم ہوتا ہے جہاں انھوں نے حضرت نوح کے متعلق "ما نری لکم علینا من فضل" (ہم تم میں فضیلت اور بزرگی کی کوئی بات نہیں پاتے) کے ذریعہ حملہ کیا گویا جس طرح اس زمانے میں علم کو صرف حواس وعقل کی حد تک محدود کردیا گیا ہے شیطانی تمدن کے اس ابتدائی دور میں بھی اس تمدن کے زیر اثر لوگوں کا یہی حال تھا ایک طرف آزاد خیالوں کا یہ حال تھا دوسری طرف انہی میں عامیوں کا بھی ایک گروہ تھا جو مذہبی ہستیوں میں مافوق البشر صفات کا مطالبہ کرتا تھا مثلاً یہ کہ جوتشی ہو۔ غیب کے حالات بتائے، عام بشری حاجات سے پاک ہو یعنی فرشتہ ہو یعنی لوگوں کو روزی دلواتا ہو۔ حضرت نوحؑ کا کہنا ان خیالات کی تردید میں تھا۔

لا اقول لکم انی عالم الغیب	نہ میں یہ کہتا ہوں کہ میں غیب کی باتیں جانتا ہوں اور
لا اقول انی ملک عندی خزائن اللہ۔	نہ کبھی میں نے یہ کہا ہے کہ میں فرشتہ ہوں یا میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں۔

ذات پات کا جھگڑا

نوحی تمدن کی دوسری خصوصیت ذات پات کا جھگڑا تھا۔ قوم کے دولتمندوں نے ملک کے غریب طبقے کو ایک الگ جنس قرار دیا تھا اور غالباً پہلی دفعہ اس قوم میں "ارذل" کے نام سے خود آدمؑ کے بچوں کو موسوم کیا گیا۔ قرآن نے ان کے اس طبقاتی نظریے کا ذکر حسب ذیل آیتوں میں کیا ہے۔

فقال الملأ الذین کفروا من قومہ ما نراک اتبعک الا الذین ھم اراذلنا بادی الرای (ہود)	نوح کی قوم میں اس جماعت نے جس نے کفر کیا تھا کہا۔ (اے نوح) ہم صرف رذیل اور کم عقل لوگوں کو تمہارے متبعین میں پاتے ہیں۔
قالوا انومن لک واتبعک الارذلون (شعرا)	کیا ہم ایمان لائیں تم پر اور واقعہ یہ ہے کہ صرف رذیلوں نے تمھاری اتباع کی ہے۔

عجیب بات ہے کہ اس زمانے تک دنیا کی اکثر قوموں پر اس انسانیت سوز نظریے کا اثر موجود ہے۔ آج بھی کتنے ہیں جو اپنی فضیلت کا معیار صرف اپنی ذات ہی کو قرار دیتے ہیں خواہ ان کے صفات جس درجہ بدتر ہوں۔

اخلاقی حالات

نوح علیہ السلام کو اپنے مواعظ اور نصائح کے جواب میں ان کی قوم نے جن الفاظ سے انھیں

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

مخاطب کیا تھا ان سے بڑی حد تک اس قوم کے اخلاقی حالات کا پتہ چلتا ہے مثلاً —

(۱) قال من قومه انا لنراك فی ضلل مبین -

(۱) نوح کی قوم میں سے ایک گروہ نے کہا (اے نوح) ہم تم کو کھلی گمراہی میں مبتلا پاتے ہیں -

(۲) فقال الملاء الذین کفروا من قومه ما نراك الا بشراً مثلنا وما نراك اتبعك الا الذین هم اراذلنا بادی الرای و ما نری علیکم من فضل بل نظنکم کاذبین -

(۲) نوح کی قوم میں وہ گروہ جو کافر تھا کہا ہم تو تم کو ہم جیسا انسان پاتے ہیں اور تمہارے متبعین بھی وہ لوگ ہیں جو ہمارے رذیل طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ کم عقل بھی ہیں - اور ہم تم میں ہم پر فضیلت کی کوئی بات نہیں پاتے بلکہ ہم تم کو جھوٹا خیال کرتے ہیں -

(۳) کلما مر ملاء من قومه سخروا منه قال ان تسخروا منا فانا نسخر منکم کما تسخرون -

(۳) جب کبھی نوح کی قوم کی کوئی جماعت ان پر گزرتی ان سے تمسخر کرتی نوح ان کے جواب میں کہتے اگر (آج) تم ہم سے تمسخر کرتے ہو تو کرو ہم (کل) تم سے تمسخر کریں جیسا کہ تم نے کیا تھا -

مذکورہ بالا آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی اخلاقی حالت قریب قریب وہی تھی جس کا تماشا ہم آج تہذیب جدید میں دیکھ رہے ہیں - یعنی یہ کہ مذہبی لوگوں سے تمسخر کرنا، ان کا مذاق اُڑانا، ان پر جملے چست کرنا، ان پر گمراہ و تاریک خیال ہونے کا الزام لگانا وغیرہ - آج نئی روشنی کی تاریکی میں مذہب کے خلاف جو بجلیاں چمک رہی ہیں وہ نوح علیہ السلام کی قوم کی برق پاشیوں سے کچھ کم نہیں -

معاشی حالات

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے معاشی عمارت کی بنیاد اس زراعت اور باغبانی پر قائم تھی جو دوآبہ سے سیراب ہوتی تھی لیکن ان کے سوا ضمنی طور پر قرآن کے بعض اشارات سے حسب ذیل امور کا پتہ چلتا ہے :-

(۱) حیاکۃ - یہ کہ ان میں کپڑوں کا رواج ہو چکا تھا جیسا کہ آیت (واستغشوا ثیابهم) سے معلوم ہوتا ہے کہ کپڑوں کے رواج کے یہی معنی ہیں کہ ان میں پارچہ بافی کا فن ترقی کر چکا تھا -

نجاری - یہ صحیح ہے کہ "فلک" یعنی کشتی کی ایجاد کا فخر حضرت نوح علیہ السلام کو حاصل تھا اور انھوں نے خدا کے سامنے اللہ تعالیٰ کی وحی اور الہام کے مطابق اسے بنایا تھا لیکن لکڑیوں کا چیرنا اور ان سے تختے نکالنا اور پھر ان تختوں کو آپس میں جوڑنا وغیرہ بغیر فن نجاری کے واقف ہونے کے ناممکن تھا اس لئے یہ ماننا پڑے گا کہ نوح کی قوم میں فن نجاری رائج ہو چکا تھا - علاوہ ازیں نوح کی قوم کا کشتی سازی پر تعجب کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ نجاری سے واقف تھے کیونکہ اگر وہ نجاری سے واقف نہ تھے تو بجائے کشتی سازی پر اظہار تعجب کے فن نجاری سے متعجب ہوتے -

آہنگری - قرآن میں کشتی کے ذکر کے سلسلے میں ایک جگہ وارد ہے -- ذات الواح ودسر - تختے اور کیل والی (کشتی) -

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کشتی میں کیلیں بھی لگائی گئی تھیں اور کیلیں بغیر فن آہنگری سے واقفیت کے نہیں بنائی جاسکتیں۔ لہٰذا یہ باور کرنے کی کافی وجہ موجود ہے کہ ان میں لوہے کے چھوٹے چھوٹے پرزوں کی صنعت رائج تھی۔

اگر اوپر کے بیان کو مان لیا جائے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ قوم نوح میں معدنی حاصلات کو نکالنے کا رواج ہو چکا تھا۔ بلکہ اگر مسٹر کنگ کا یہ بیان صحیح ہے کہ آہنی آلات و اوزار کا استعمال مصریوں نے عربوں سے سیکھا اور عربوں نے عراق کے سومریوں سے تو اس سے قرآن کے اس ذیلی خبر کی اور تصدیق ہو جاتی ہے ہم کنگ کی اس عبارت کو آیندہ سلاطین مصر ھکوس کے ذیل میں بجنسہ درج کریں گے۔

پالتو حیوانات کی پرورش ۔ حضرت نوح کو خدا کا یہ حکم "واحمل فیھا من کل زوج" کشتی میں ہر جوڑے کو سوار کر لو سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان نے اس زمانے میں پالتو جانوروں پر قبضہ حاصل کر لیا تھا اگر بائبل اور مفسرین کے بیانات پر اعتبار کیا جائے تو ان جانوروں کی فہرست بھی دی جاسکتی ہے جن پر انسان قابو حاصل کر چکا بوجہ عام شہرت کے میں انھیں قلم انداز کرتا ہوں۔

حکومت ۔ حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کے باہمی مناقشہ کا قرآن نے ذکر کیا ہے لیکن یہ نہیں بتایا کہ نوح علیہ السلام کا مقدمہ ان کے بادشاہ کے پاس پیش ہوا یا نہیں جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کے متعلق مذکور ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں شخصی حکومت قائم نہ تھی بلکہ دستور نما پنچایتی حکومت مروج تھی۔ اس سرزمین کی حکومتوں کا نقشہ عصر حاضر کے مورخ جس شکل میں پیش کرتے ہیں ہم اس کا ذکر عاد کے تمہیدی حصہ میں کریں گے۔

قرآن مجید میں قوم نوح کے بعد عاد ۔ اس کے بعد عاد ثانیہ۔ ثمود۔ اصحاب الحجر وغیرہم کے تاریخی واقعات اپنے اپنے مقام پر خاص خاص مصلحتوں کی بنا پر بیان ہوئے ہیں ان مصالح اور حقائق کا کما حقہ وہی شخص ادراک کرسکتا ہے جس کے شامل حال فضل الٰہی ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "ومن یوت الحکمۃ فقد اوتی خیراً کثیراً" ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔ لیکن بظاہر ان تاریخی واقعات سے جس قدر نصائح و عبر حاصل ہوتے ہیں ان سے قرآن کا ہر قاری مستفیض ہو سکتا ہے۔ بخوف طولت مشتے نمونہ از خروارے کے مصداق میں صرف قوم نوح کے تاریخی حالات پر اس مقالہ کو ختم کرتا ہوں اگر خدا کی توفیق اور اعانت شامل حال رہی تو آیندہ کسی مبحث میں قوم عاد و ثمود کے متعلق تاریخی شواہد کی روشنی میں اپنے اس مقالہ کا دوسرا حصہ انشاء اللہ تعالیٰ پیش کروں گا۔ فقط

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

THE THIRTEENTH

All-India Oriental Conference

NAGPUR UNIVERSITY

1946.

URDU SECTION.

Printed at the Popular Printing Works, (Nayagaon), Latouche Road, Lucknow.

1950.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ALL INDIA ORIENTAL CONFERENCE, NAGPUR.

URDU SECTION.

The sitting of the Urdu Section of the Conference was held on the 21st October, 1946. Prof. Syed Masud Hasan Rizavi, M.A., Head of the Department of Persian and Urdu, Lucknow University presided over the deliberations.

After this the papers submitted were read by the scholars. Nawab Abdul Waheed Sahib Ghazi, Rais Gevardha State read some portions of his poem "Din-o-Danish. Mr. Mohammad Daud B.A., (Hons.) read his paper. "The Conception of Parody in Urdu and Persian." Prof. Abdul Qadir Sarvari read his paper "Insha's classification of the Urdu sounds." Sh. Abdul Aziz, M.A., read his paper "Urdu in C. P. and Berar." Dr. M. Nizamuddin, curator, compilation and translation Bureau, Osmania University, Hyderabad, Deccan, read his paper. "The Literary services of the Bureau." Professor Major Syed Mohammad Agha Hyder Hasan Abidi, Local Secretary of the Conference read his poems, which he had composed then and there. In his poems he thanked the delegates and the President.

The presidential address began at the scheduled time. The president discussed the suitability of Urdu for being the Lingua Franca of India, through which better relations can be maintained with all the countries of Asia because this language is nearer to the languages of the middle east countries. He rightly emphaised that the use of simple Urdu containing the words used and understood by the gentry at large, in preference to the highly persianised and Arabicised Urdu. He examplified his point of view by apt quotations of easy fluent and idiomatic Urdu.

The audience included scholars and men of position like Hon'ble Mr. W. R. Puranik, Vice-Chancellor, Nagpur University, K. B. Hafiz Mohammad Wilayatulla, K. B. Izzuddin, Begum Izzuddin, Nawab of Gevardha State and others

In the end a vote of thanks to the chair was proposed by K. B. Hafiz Mohammad Wilayatulla, Retired Deputy Commissioner.

(Sd.) S. B. L. SAKSENA,
Secretary,
Professor of Urdu and Persian,
S. B. City College,
Nagpur.

5th November, 1946.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

آل انڈیا اورنٹیل کانفرنس، تیرھواں اجلاس، ناگپور، ۲۱ اکتوبر ۱۹۴۶ء

اُردُو شعبے کا صدارتی خطبہ

(سید مسعود حسن رضوی ادیب، ام۔اے، صدر شعبۂ فارسی و اُردو، لکھنؤ یونیورسٹی)

حضرات!

میں شکرگزار ہوں کہ اِس علمی صحبت کی صدارت کا اعزاز مجھے بخشا گیا اور اربابِ علم کے سامنے اپنے ناچیز خیالات کے اظہار کا موقع عنایت کیا گیا۔ پرسوں اور کل اِسی جگہ جناب ڈاکٹر برکت علی صاحب قریشی صدر شعبۂ اسلامیات اور جناب ڈاکٹر محمد زبیر صاحب صدیقی صدر شعبۂ عربی و فارسی کے فاضلانہ خطبے آپ سُن چکے ہیں، جن سے فطری طور پر آپ کے دِل میں یہ توقع پیدا ہو گئی ہوگی کہ آج بھی آپ کوئی عالمانہ مقالہ سُنیں گے۔ اس لئے ابتدا ہی میں یہ بتا دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ میں جو کچھ ابھی عرض کرنے والا ہوں اس کی اگر کچھ اہمیت ہے بھی تو علمی نہیں بلکہ عملی ہے۔ امید ہے کہ آپ بھی میرے معروضات پر عملی نقطۂ نظر سے غور فرمائیں گے۔

اُردُو زبان

اُردو کی ابتدا کب اور کہاں ہوئی۔ اس مسئلے میں علمی اور لسانی نقطۂ نظر سے جو اختلافات بھی ہوں مگر اس امر میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ مختلف زبانیں بولنے والی قوموں اور اُن کی زبانوں کے میل جول سے اسی ملک میں اُردو کی بنیاد پڑی اور رفتہ رفتہ وہ مختلف جماعتوں کے لیے اظہارِ خیال کے ایک مشترک وسیلے کا کام دینے لگی۔

اُردو زبان نہ یکایک پیدا ہو گئی تھی نہ کسی دہلی بادشاہ کے ناگہانی حکم سے کسی مقرر تاریخ سے اس کا استعمال شروع ہوا تھا، نہ کسی جماعت نے کوئی کانفرنس کرکے اُس کو رائج کرنے کا بیڑا اٹھایا تھا۔ بلکہ وہ تاریخی

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اسباب اور معاشرتی ضرورتوں کے ماتحت بنتی اور رواج پاتی رہی۔ اُردو اصل میں شمالی ہند کی ایک عوامی بولی تھی، جس میں تاریخی حالات کے ماتحت سنسکرت، قدیم ایرانی، قدیم یونانی، تورانی، فارسی، عربی، ترکی، فرانسیسی، پرتگالی، انگریزی اور نہ معلوم کن کن زبانوں کے الفاظ شامل ہوتے رہے ہیں۔ ہندوستان کے دوسرے صوبے، جو ایک زمانے میں مختلف ملکوں کی حیثیت رکھتے تھے، ان کی زبانوں کے یعنی پنجابی، گجراتی بنگالی وغیرہ کے الفاظ بھی اس میں ملتے رہے ہیں۔

یہ عمل صدیوں جاری رہا۔ یہاں تک کہ آج سے چار پانچ سو برس پہلے عالموں اور ادیبوں نے اس زبان سے کام لینا اور اس کے سرمائے میں اضافہ کرنا شروع کیا۔ ایک مدّت کے بعد ضرورت محسوس ہوئی کہ اس کی صرف و نحو کے قاعدے بنائے جائیں، صحت کے معیار اور فصاحت کے اُصول مقرر کیے جائیں، لفظوں کے معنی اور محاوروں کا مفہوم معین کیا جائے یعنی اس کا لغت مرتب کیا جائے۔ یہ سب کام بھی تین چار سو برس سے ہوتے چلے آتے ہیں۔

مختصر یہ کہ فطری اسباب، تاریخی حالات اور انسانی کوششیں مل کر صدیوں تک کام کرتی رہی ہیں۔ تب جاکر اُردو زبان اس قابل ہوئی ہے کہ خیالات کی پیش رفت اور علوم کی ترقی کا ساتھ دے سکے۔

اُردو عوامی زبان ہے اور عوام ہی کے تعلیم یافتہ طبقے کی کوششوں سے اس نے ترقی کی ہے۔ بادشاہوں، راجاؤں، اور امیروں کی سرپرستی کا احسان اس کے سر پر نہیں ہے۔ مغل بادشاہ ادب اور شعر کی سرپرستی کے لیے دور دور مشہور تھے۔ وہ اگر ایک طرف فارسی کے ایک ایک شعر پر شاعر کا منھ موتیوں سے بھر دیتے یا شاعر کو سونے میں تول دیتے تھے تو دوسری طرف ہندی کے شاعروں پر بھی انعام و اکرام کی بارش کرتے تھے اور ان کو ملک الشعرائی کا منصب عطا کرتے تھے۔

یہ داستان بہت طویل ہے یہاں صرف ایک شاعر کی شہادت پیش کی جاتی ہے۔ سُندر کوی نے اپنی کتاب "سندر سنگار" میں شاہجہاں کی نوازشوں کا ذکر اس طرح کیا ہے۔

شاہجہاں تِہہ کَوِن کو دینو اگنت دان
تِن میں سُندر سُکوِی کو کیو بہت سنمان
نگ بھوکھن منصب دیئے ہے ہاتھی سرپاے
پرتھم دِیُو کوِ راج پد بہر مہاکوی رائے

یعنی شاہ جہاں جس نے شاعروں کو بے شمار انعام دیے، ان میں اچھے شاعر سُندر کی بہت عزت افزائی کی۔ جواہرات، زیور، منصب، گھوڑے، ہاتھی، خلعت عطا کیے۔ اس کو پہلے کوی راج یعنی ملک الشعرا کا درجہ عنایت کیا اور پھر مہاکوی رائے یعنی شہنشاہ شعرا کا۔

ادب و شعر کے ان سرپرستوں نے اُردو کے سر پر ہاتھ نہیں رکھا۔ اس لیے کہ اس وقت تک اُردو

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

میں نہ ادب تھا نہ شعر۔ جب یہ زبان ترقی کرتے کرتے ادب و شعر کی سرحد میں داخل ہو گئی تو مغل بادشاہوں نے اس سے کچھ دل چسپی ضرور لی۔ مگر یہ وہ وقت تھا کہ مغلیہ سلطنت کا چراغ جھلملا رہا تھا۔ اُس وقت کی بوالے نام بادشاہی میں نہ کسی زبان کی سرپرستی کا دم تھا نہ اس کی سرپرستی سے کسی خاص فائدے کی امید تھی۔ اس لیے اگر شاہ عالم آفتاب، بہادر شاہ ظفر اور خاندانِ شاہی کے دوسرے افراد نے اُردو میں شعر کہے یا کوئی کتاب لکھی تو اُن کے اِس کام کی حیثیت انفرادی کوشش سے زیادہ نہیں قرار پا سکتی۔

مغلیہ سلطنت کے دَورِ انحطاط میں اودھ کی خود مختار سلطنت کی بنیاد پڑی۔ اودھ کے بعض فرمانروا اُردو شاعری سے دل چسپی رکھتے تھے، اُردو میں شعر کہتے تھے اور اُردو کے شاعروں کی کبھی کبھی ہمت افزائی بھی کرتے تھے۔ مگر یہاں بھی سلطنت کی طرف سے اُردو کی ترقی اور اشاعت کا کوئی باقاعدہ انتظام نہ تھا اور اُردو کو علمی، ادبی، دفتری اور درباری زبان کی حیثیت حاصل نہ تھی۔ تاہم اس میں شک نہیں کہ اودھ کے امیروں، شریفوں اور شاعروں نے اُردو کو ایک با اصول اور علمی زبان بنانے اور اس کے ادب کو ترقی دینے کے لیے بہت کچھ کیا۔ اودھ کے ادبی خدمات پر ابھی تعصب اور ناواقفیت کے پردے پڑے ہوئے ہیں۔ جب محققین ادب کی کوششوں سے یہ پردے ہٹیں گے تو اودھ کے کارنامے اُردو ادب کی تاریخ میں ایک نہایت درخشاں باب کا اضافہ کر دیں گے۔

اُردو جس ضرورت کے لیے وجود میں آئی تھی اُس کو پورا کرتی رہی اور ایک جمہوری زبان ہونے کی حیثیت سے اپنی اندرونی طاقت سے بڑھتی اور پھیلتی رہی۔ یہاں تک کہ ایک زمانہ ایسا آیا جب اُردو ملک کی عام زبان تسلیم کر لی گئی۔ چنانچہ سترھویں صدی کے آخر میں جب ایسٹ انڈیا کمپنی نے اپنے انگریز ملازموں کو اِس ملک کی عام زبان سکھانا ضروری سمجھا تو اُردو ہی کو اختیار کیا۔ سنہ ۱۸۳۵ء میں یا اس کے قریب جب دفتروں میں فارسی کی جگہ ملکی زبان کو دی گئی تو اُردو ہی اختیار کی گئی۔ غیر ملک کے عیسائی مشنریوں نے جب اپنے مذہب کو ہندوستان کے عوام میں پھیلانا چاہا تو اپنی کتابیں اُردو ہی میں شایع کیں۔

اِس وقت بھی اگر کسی دوسری زبان کو اُردو کے مقابلے میں ہندوستان بھر کی عام زبان بننے کا دعویٰ ہے تو وہ صرف ہندی ہے۔ مگر ہندی بھی اُردو ہی کی ایک شکل ہے۔ دونوں کی صرف و نحو بالکل ایک ہے، خیالات و جذبات کے اظہار کے طریقے ایک سے ہیں، افعال و حروف بالکل یکساں ہیں، بے شمار الفاظ مشترک ہیں۔ غرض کہ ہندی کا پورا ٹھاٹھ وہی ہے جو اُردو کا تھا۔ کہا جا سکتا ہے کہ اس صورت میں یہ کیوں نہ سمجھا جائے کہ اُردو ہندی کی ایک شکل ہے۔ مگر یہ سمجھنا تاریخی حیثیت سے صحیح نہ ہوگا۔

ہندی کا لفظ ایک مدت تک اُردو ہی کے لیے استعمال ہوتا رہا ہے۔ ایسی اُردو جس میں فارسی عربی لفظوں کی آمیزش حدِ مناسب سے زیادہ ہوتی تھی، وہ بھی ہندی کہلاتی تھی۔ ثبوت کی ضرورت ہو تو بیسیوں مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ اسی زبان کو ریختہ بھی کہتے تھے۔ رفتہ رفتہ یہ دونوں نام متروک ہو گئے اور اُردو کا

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

لفظ عام طور سے استعمال ہونے لگا۔

جب ۱۸۰۰ء میں فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں قائم ہوا اور وہاں اُردو نثر کی متعدد کتابیں لکھی جا چکیں تو انگریزوں کی تجویز سے پہلی کتاب ایسی اُردو میں لکھی گئی جس میں سے فارسی عربی کے کچھ لفظ نکال کر اُن کی جگہ سنسکرت اصل کے لفظ رکھ دیے گئے اور اس کے لیے ناگری رسم خط اختیار کیا گیا۔ کچھ زمانے کے بعد اس نئی شکل کی اُردو کو رائج الوقت اُردو سے ممیز کرنے کے لیے ہندی کہنے لگے۔ رفتہ رفتہ لفظ ہندی کے معنی میں وسعت پیدا ہوتی گئی یہاں تک کہ وہ شمالی ہند کی اُن تمام زبانوں پر حاوی ہو گیا جو ناگری حرفوں میں لکھی جاتی ہیں۔ ایک مدت کے بعد یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ ہندی کی اس شکل کو جس کی بنیاد فورٹ ولیم کالج میں پڑی تھی برج بھاشا، اودھی، بھوج پوری، راجستھانی، میتھلی وغیرہ سے ممتاز کرنے کے لیے اس کا کوئی مخصوص نام ہونا چاہیے اور 'کھڑی بولی' اس کا نام قرار دیا گیا۔ وہ ہندی جو اُردو کے مقابلے میں سارے ہندوستان کی زبان بننے کا دعویٰ کرتی ہے یہی کھڑی بولی ہے۔

اِس ہندی یعنی کھڑی بولی کی نثر کو پیدا ہوئے ابھی ڈیڑھ سو برس بھی نہیں ہوئے[ع۵] اور اس کی نظم کی عمر تو اس سے بھی کم ہے۔ اور اُس میں ابھی تک کوئی سورداس، کوئی تلسی داس، کوئی بہاری، کوئی کبیر، اور کوئی جائسی پیدا نہیں ہوا۔ اُردو زبان اپنی اِسی صورت میں یعنی فارسی عربی لفظوں کی آمیزش کے ساتھ موجودہ ہندی یعنی کھڑی بولی سے کئی سو برس پہلے پیدا ہو چکی تھی۔ اُردو میں نظم و نثر کی بیسیوں کتابیں اب بھی موجود ہیں جو آج سے تین چار سو برس پہلے تصنیف کی گئی تھیں۔ ان میں بعض کتابیں اتنی ضخیم ہیں کہ کئی کئی سو صفحوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ اِن حقیقتوں کی روشنی میں صاف نظر آتا ہے کہ موجودہ ہندی (کھڑی بولی) اُردو ہی سے نکلی ہے اور اُسی کی ایک شکل ہے، جس میں بہت سے فارسی، عربی اور ہندی لفظوں کی جگہ سنسکرت لفظوں کو دے دی گئی ہے۔

اُردو میں یوں تو بہت سی بدیسی زبانوں کے الفاظ شامل ہو گئے ہیں، لیکن اُن میں فارسی لفظوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ فارسی کو ہمارے ملک میں کوئی سات سو برس تک سرکاری اور تعلیمی زبان کی حیثیت حاصل

ع۵۔ ہندوستانی لسانیات کے ماہر ڈاکٹر سُنیتی کمار چٹرجی کی تحقیق کے مطابق خالص کھڑی بولی کا سب سے پہلا ہندو لکھنے والا منشی سدا سکھ تھا، جس نے اٹھارہویں صدی کے آخر میں بھاگوت پُران کا ترجمہ نثر میں 'سُکھ ساگر' کے نام سے کیا۔ یہ پہلی کتاب تھی جس میں ناگری حروف جو برج بھاشا اور اودھی کے لیے پہلے سے مستعمل تھے کھڑی بولی کے لیے استعمال کیے گئے اور علمی الفاظ سنسکرت سے لیے گئے۔ اس کے بعد ۱۸۰۲ء میں اس طرح کی دو کتابیں فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں لکھی گئیں، للّو جی لال کی 'پریم ساگر' اور سدل مسر کی 'ناسکیتو پاکھیان'۔ ڈاکٹر سُنیتی کمار چٹرجی کی رائے میں للّو جی لال اور سدل مسر علمی ہندی کے قدیم ترین نثر نگاروں میں تھے۔

(INDO-ARYAN AND HINDI BY DR. S. K. CHATERJI, 1942, P. 189)

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

رہی ۔ اِس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تعلیم یافتہ لوگ اپنے نج کے تمام کام بھی فارسی ہی میں کرنے لگے ۔ عزیزوں سے خط کتابت اور گھر کا حساب کتاب فارسی میں ہونے لگا ۔ رفتہ رفتہ فارسی کا ذوق عام ہو گیا اور بلا مبالغہ فارسی کے ہزاروں شاعر اور انشا پرداز پیدا ہو گئے ۔ ان حالات میں کیونکر ممکن تھا کہ ہندوستان کی زبانوں میں فارسی لفظوں کی آمیزش نہ ہو جائے ۔ انگریزی زبان کو ہمارے ملک کی سرکاری زبان قرار پائے ہوئے ابھی پورے سو برس بھی نہیں ہوئے ، لیکن اُس کے سیکڑوں لفظ ہماری زبان کا جزو بن چکے ہیں ۔

ہر زبان کسی کلچر یا تہذیب کی آئینہ دار ہوتی ہے ۔ اُردو ہندوستان کی اُس مخلوط تہذیب کا مظہر ہے جو ہندوستانیوں ، عربوں ، ترکوں اور ایرانیوں کے مدّت دراز کے میل جول سے وجود میں آئی تھی ۔ اُس کا یہ تہذیبی پس منظر اسی کا مقتضی تھا کہ اُس میں ہندی ، عربی ، فارسی ، ترکی لفظ ملے جلے ہوں ۔ چونکہ مختلف قوموں کے لفظوں کی یہ آمیزش تاریخی اسباب کے ماتحت فطری طور پر عمل میں آئی تھی ، اِس لیے اُردو میں ان زبانوں کے الفاظ اُسی نسبت سے ہیں جس نسبت سے اُن کے بولنے والوں کا اِس مخلوط تہذیب میں حصّہ ہے ۔ اُردو سے بدیسی لفظوں کو نکالنے کے درپے ہونا فطری اسباب سے بے سود جنگ کرنا اور تاریخ کو جھٹلانے کی کوشش کرنا ہے ۔

ہندوستان مختلف نسلوں ، مختلف مذہبوں اور مختلف تہذیبوں کی نمائش گاہ ہے ۔ یہاں کسی ایسی تہذیب کو جو کسی ایک جماعت سے مخصوص ہو دوسری جماعتوں پر ان کی مرضی کے خلاف عاید کرنا بدگمانیوں اور نزاعوں کا باعث ہے ۔ اور متحدہ قومیت کا ارتقا ایک ایسی مشترک تہذیب کے بغیر ممکن نہیں ، جو مختلف تہذیبوں کے عناصر سے بنی ہو ۔ ایسی مخلوط تہذیب ہندوستان میں انگریزی حکومت سے پہلے موجود اور ہر طبقے میں مقبول تھی ۔ اُس نے اتحاد و اتفاق کے جو روح پرور مناظر پیش کیے تھے وہ ابھی ہماری نگاہوں سے اوجھل نہیں ہوئے ہیں ۔ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اب بھی ضروری تبدیلیوں کے ساتھ اس تہذیب کا احیا ہماری بہت سی پریشانیوں کا علاج اور بہت سی مشکلوں کا حل ہے ۔

اگر یہ خیال صحیح ہے تو پھر اُردو زبان جو اُسی مخلوط تہذیب کی پیداوار اور اُسی کی روایتوں کی خزینہ دار ہے ، اُس کی اہمیت اور افادیت میں کیا شبہہ کیا جا سکتا ہے ۔ مگر کوئی محکوم قوم جب بیدار ہو کر آزادی کی راہ پر چلنے لگتی ہے تو کچھ منزلیں طے کرنے کے بعد ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب مدّت دراز کے مسلسل احساس محکومی کا ردِّ عمل ایک طرح کا احساس برتری پیدا کر دیتا ہے ۔ اُس وقت دورِ محکومی کی ہر یادگار سے خواہ وہ کتنی ہی کارآمد اور مفید ہو بیزاری پیدا ہو جاتی ہے اور اُس دَور سے پیشتر کی ہر چیز خواہ وہ موجودہ حالات میں کتنی ہی بیکار یا مضر ہو محبوب نظر آنے لگتی ہے ۔ یہ عہد قدیم کے احیا کا زمانہ احیائی دَور کہلاتا ہے ۔ ابھی کچھ بہت مدّت نہیں ہوئی کہ ایران اِسی دَور سے گزر رہا تھا ۔ ایرانیوں نے اپنی زبان سے عربی کے عام فہم الفاظ نکال کر فارسی کے غیر مانوس لفظوں کو داخل کرنا شروع کر دیا تھا ۔ مگر کچھ زمانے کے تجربے کے بعد اِس تحریک کو زبان کے حق میں مضر پا کر آخر کار ترک کر دیا ۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ہمارا ملک اس وقت اسی احیائی دور سے گزر رہا ہے۔ ایک بڑی جماعت ہندوستان کی قدیم تہذیب کے احیا کی خواہش مند ہے اور قومی تفاخر کے جوش میں ہر اُس چیز سے کنارہ کشی کرنا چاہتی ہے جو غیر ملکی اثرات کی پیداوار یا یادگار ہے۔ اسی جذبے کے ماتحت وہ جماعت عربی، فارسی، ترکی لفظوں کو اُردو زبان سے خارج کر کے اُن کی جگہ سنسکرت لفظوں کو دے رہی ہے۔ ممکن ہے کہ آزادی حاصل ہو جانے کے بعد احیائیت کا زور کچھ دن کے لیے اور بڑھ جائے۔ مگر احیائی ذہنیت عقل سے کم اور جذبات سے زیادہ متاثر ہوتی ہے۔ اِس لیے امید کی جا سکتی ہے کہ جوں جوں زمانہ گزرتا جائے گا اور ملک داری کی ضرورتیں دل میں وسعت اور نگاہ میں بلندی پیدا کرتی جائیں گی اسی مناسبت سے افادی نقطۂ نظر احیائی رجحانات پر غالب آتا جائے گا۔ اُس وقت شاید یہ بات سمجھ میں آسکے کہ فارسی اور عربی کی سی جان دار اور بڑھتی پھیلتی ہوئی زبانوں سے قطع تعلق کر کے سنسکرت سے رشتہ جوڑنے کی کوشش ہم کو بہت پیچھے پلٹا دینے والی تحریک ہے۔

سنسکرت زبان کی عظمت اور اُس کے قدیم علمی سرمائے کی قدر و قیمت کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ مگر اِس حقیقت کا انکار بھی ممکن نہیں کہ سیکڑوں برس سے سنسکرت دنیا کے کسی حصے میں نہ بولی جا رہی ہے نہ ادبی اور علمی زبان کی حیثیت سے استعمال کی جا رہی ہے۔ ایسی زبان اِس زمانے کے نئے نئے خیالوں کا ساتھ کیونکر دے سکتی ہے اور اُس کے لفظوں کی کثرت ہماری زبان سمجھنے والوں کا حلقہ وسیع کرنے میں کیونکر مفید ہو سکتی ہے۔

فارسی عربی لفظوں کی آمیزش سے اُردو میں یہ خصوصیت پیدا ہوئی ہے کہ ہندوستان کی تمام زبانوں میں صرف یہی ایک زبان ہے جو ایشیا کے کئی ملکوں کی زبانوں سے بہت قریب ہے جس کو بولنے اور سمجھنے والے اُن ملکوں میں بھی موجود ہیں اور جس کو اُن ملکوں کے باشندے بھی آسانی سے سیکھ سکتے ہیں۔ اِسی طرح اُردو جاننے والوں کے لیے فارسی، عربی اور ترکی کا سیکھ لینا اوروں کے مقابلے میں کہیں زیادہ آسان ہے۔ اِس صورت حال سے صاف ظاہر ہے کہ اُردو زبان ہندوستان اور متعدد ایشیائی ملکوں کے درمیان تمدنی اور تہذیبی تعلقات قائم کرنے کا بہت اچھا ذریعہ ہے اور اُس میں سے فارسی، عربی لفظوں کو نکال کر سنسکرت الفاظ داخل کرنا اُس کو اِس صفت سے محروم کر دینا ہے۔

کسی ملک کی زبان میں غیر ملکی زبانوں کے لفظوں کا شامل ہو جانا کوئی عیب نہیں ہے جس کو دور کرنا ضروری ٹھہرے۔ انگریزی، فرانسیسی اور جرمن دنیا کی سب سے بڑی زبانیں ہیں۔ ادبیات اور علوم و فنون کے جو خزانے ان کے قبضے میں ہیں ان کا دسواں حصہ بھی کسی اور زبان کو میسر نہیں۔ لیکن اِن زبانوں کا بڑا حصہ لاطینی اور یونانی لفظوں پر مشتمل ہے۔ اور خود ان میں سے ایک زبان کے الفاظ دوسری زبان میں کثرت سے موجود ہیں۔ ان کے علاوہ دوسری یورپی زبانوں بلکہ عربی، فارسی، ترکی عبرانی زبان تک کے بہت سے الفاظ شامل ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جو قوم جتنی زیادہ متمدن اور مہذب ہو گی اور اُس کے تجارتی

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

سیاسی، علمی، ادبی، تہذیبی تعلقات دوسری قوموں سے جتنے زیادہ ہوں گے اُتنا ہی اُس کی زبان میں دوسری زبانوں کا میل زیادہ ہوگا۔ اِس وقت ہندوستان دوسرے ملکوں سے ہر طرح کے تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے۔ یہ تعلقات جتنے بڑھتے جائیں گے اتنے ہی زیادہ غیر ملکی الفاظ ہماری زبان میں شامل ہوتے جائیں گے۔

ہم اوپر کہہ آئے ہیں کہ اُردو ایک مخلوط تہذیب کی نمائندگی کرتی ہے۔ وہ تہذیب یوں وجود میں آئی کہ دوسرے ملکوں کے لوگ ہندوستان میں آکر آباد ہوگئے اور ہندوستانیوں میں گھل مل گئے۔ یہی حال اردو زبان کا ہے کہ دوسری زبانوں کے الفاظ آکر یہاں کی زبان میں بس گئے اور گھل مل گئے۔ یہی سبب ہے کہ اگر چہ اُردو میں کئی زبانوں کے، خاص کر فارسی اور عربی کے الفاظ کثیر تعداد میں شامل ہیں، مگر ہندی لفظوں کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اس کا کھلا ہوا ثبوت یہ ہے کہ کتاب کی کتاب ایسی عبارت میں لکھی جا سکتی ہے جو فارسی عربی لفظوں سے بالکل خالی ہو اور اس کو ٹکسالی اُردو کہہ سکیں۔ لیکن ایک جملہ بھی ایسا نہیں بنایا جا سکتا جو ہندی لفظوں سے بالکل خالی ہو اور اس کو اُردو قرار دے سکیں۔ سید انشا کی کتاب رانی کیتکی کی کہانی اور حضرت آرزو لکھنوی کی کتاب سریلی بانسری ایسی اردو نثر و نظم کے بہت دل کش نمونے ہیں، جن میں ہندی لفظوں کے سوا فارسی عربی کا ایک لفظ بھی نہیں ہے۔

اُردو کے ترکیبی عناصر میں ہندی کے بعد فارسی کی اہمیت سب سے زیادہ ہے۔ اور یہ بھی تاریخی اسباب کا لازمی نتیجہ ہے۔ جن حالات میں اُردو پیدا ہوئی، پلی، بڑھی اور بولی کی حد سے نکل کر ادبی زبان بنی ان کا مقتضا یہی تھا کہ اس میں فارسی کے لفظ اور فارسی ہی کے توسط سے عربی الفاظ کثرت سے شامل ہو جائیں اور اس میں فارسی ادب کا رنگ آجائے۔

اُس زمانے میں فارسی زبان و ادب ہندوستان پر چھایا ہوا تھا اور دنیا کی نظر میں خاص امتیاز رکھتا تھا۔ فارسی کی کلاسیکی شاعری تو آج بھی کسی زبان کی شاعری سے کم تر نہیں سمجھی جاتی۔ اُردو والوں کا احسان ہے کہ اُنھوں نے سیکڑوں حسین تشبیہیں، خوب صورت استعارے، پُر معنی تلمیحیں اور دل نشین اسلوب، فارسی شاعری سے لے کر ہمارے ملک کی ملک بنا دیے اور ہمارے لسانی ذخیرے کو مالامال کر دیا۔ مگر اب اسی بنا پر بعض لوگوں کو اُردو ادب میں بدیسی پن دکھائی دینے لگا ہے۔ سچ ہے

"ہنر بہ چشم عداوت بزرگ تر عیبے ست"

انگریزی شاعری یونانی دیومالا کی تلمیحوں سے بھری پڑی ہے۔ مگر کیا اس وجہ سے انگلستان والوں نے اُس پر کبھی غیر ملکی یا غیر قومی زبان ہونے کا شبہہ بھی کیا؟

فارسی زبان صدیوں سارے ہندوستان میں ہر طرح کے خیالات کے ادیبانہ اظہار کا ذریعہ رہ چکی ہے۔ اس لیے فطری طور پر ہندوستان کی ہر زبان فارسی ادب سے متاثر ہوئی اور فارسی عربی الفاظ ہر زبان

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

میں شامل ہو کر ہندوستانی زبانوں کا مشترک سرمایہ بن گئے۔ اب احیائی رجحانات کے ماتحت ان لفظوں کو نکالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مگر ان مشترک الفاظ کا اخراج ملک کے لسانی اتحاد کے لیے کیونکر مفید ہو سکتا ہے؟

اُردو سو برس سے زیادہ دفتروں اور عدالتوں میں رائج رہ چکی ہے۔ اُس میں تمام قانونی اور دفتری اصطلاحیں اور محاورے موجود ہیں۔ اُن میں سے اکثر چیزیں سیکڑوں برس پہلے سے، یعنی اُس زمانے سے جب فارسی ہندوستان کی سرکاری زبان تھی، استعمال ہوتی چلی آ رہی ہیں اور اتنی طویل مدت تک استعمال میں رہنے سے اس قدر عام فہم ہو گئی ہیں کہ جاہل دیہاتی بھی اُن کو اپنی ضرورت بھر سمجھ لیتے ہیں۔ یہ اصطلاحیں زیادہ تر فارسی عربی سے لی گئی ہیں۔ مگر چونکہ یہ عام فہم ہو گئی ہیں اور ہندوستان کی اکثر زبانوں کا جز بن چکی ہیں اس لیے ان کو بدلنے کی کوشش کرنا فعل عبث ہو گا۔ اور جو نئی اصطلاحیں وضع کی جائیں گی ان کا بالکل صحیح مفہوم ایک مدت تک خواص کی سمجھ میں بھی نہ آ سکے گا۔ عوام کو تو اُن کے سمجھنے میں بہت زیادہ زمانہ لگ جائے گا۔ انگریزی زبان میں قانونی اور علمی اصطلاحیں زیادہ تر لاطینی اور یونانی سے لی گئی ہیں مگر اِس سے اُس کی شان میں کیا کمی ہو گئی؟

اِس سلسلے میں یہ بات بھی یاد رکھنا چاہیے کہ عربی فارسی کے جو لفظ ہندوستان کی زبانوں میں شامل ہو گئے ہیں وہ صرف اپنی اصل کے اعتبار سے عربی فارسی کہے جا سکتے ہیں۔ مگر اُن کے تلفظ، معنی اور محل استعمال میں اتنا فرق ہو گیا ہے کہ کوئی عرب یا ایرانی اُن کو نہیں سمجھ سکتا۔ یہ لفظ بالکل ہندوستانی بن چکے ہیں۔ اب ان کو بدیسی سمجھنا غلطی ہے اور ان کو نکالنے کی کوشش کرنا زبان کو نقصان پہونچانا ہے۔

ہندی کے اکثر حمایتی اس وقت اُس کو تمام خارجی عناصر سے پاک کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں۔ بعض لوگ اِس معاملے میں حد سے گزر گئے ہیں کہ عربی فارسی لفظوں کے ساتھ ہندی کے اُن عام فہم اور کثیرالاستعمال لفظوں کو بھی نکال رہے ہیں جو ہندی اور اُردو میں مشترک ہیں۔ مثلاً لڑکا، لڑکی، پہاڑ اور پانی کے سے لفظ تو کسی دوسرے ملک سے نہیں آئے تھے پھر ان کو چھوڑ کر بالک، کنیا، پربت اور جل کہنے کی کیا ضرورت ہے؟ مانوس اور آسان لفظوں کو نکال کر اجنبی اور مشکل لفظوں کو ان کی جگہ دینا کسی زبان کی ترقی میں کیونکر معین ہو سکتا ہے؟

بعض لوگ اُردو والوں پر بھی یہی اعتراض کر دیتے ہیں۔ مگر کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ اُردو میں لڑکے کی جگہ طفل یا کودک، لڑکی کی جگہ دختر یا صبیہ، پہاڑ کی جگہ کوہ یا جبل اور پانی کی جگہ آب یا ماء لکھنا بہتر سمجھا جاتا ہے، یا اس طرح کی کوئی تحریک شروع کی گئی ہے یا ایسی کوئی تجویز کبھی کسی نے پیش کی ہے؟

ہندی میں ایک طرف سنسکرت کے الفاظ بے امتیازی سے بھرے جا رہے ہیں دوسری طرف لفظوں کا تلفظ صحیح کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یعنی سنسکرت لغت کو ہندی لفظوں کی صحت کا معیار بنایا جا رہا ہے۔ اِس سلسلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اُردو والوں نے سنسکرت لفظوں کا تلفظ جان بوجھ کر بگاڑ دیا ہے۔ یہ الزام غلط بھی ہے اور غلط فہمیوں پر مبنی بھی۔ اُردو میں ہندی لفظوں کا جو تلفظ اختیار کیا گیا ہے وہ وہی ہے جو عوام میں رائج ہو چکا تھا اور جس کو ہندی کے بڑے بڑے شاعر استعمال کر چکے تھے۔ یہ الزام لگانے والے سنسکرت

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اصل کے ہندی لفظوں کو آج بھی سنسکرت لفظ سمجھ رہے ہیں اور ان لفظوں کو سنسکرت سے چل کر ہندی تک پہنچنے میں پراکرتوں اور اپ بھرنشوں وغیرہ کی جتنی منزلیں صدیوں میں طے کرنا پڑی ہیں ان سب کو نظرانداز کر رہے ہیں۔

یہ لوگ اس بات کو بھی بھلا دیتے ہیں کہ تدبھو الفاظ کسی زبان کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔ ہر زبان کے عام بولنے والے قدیم لفظوں میں سے وہ سب چیزیں نکال ڈالتے ہیں جو تلفظ میں دشواری پیدا کرتی ہیں، ثقیل اور بوجھل معلوم ہوتی ہیں اور بے ضرورت یا ضرورت سے زیادہ ہوتی ہیں۔ یہ عمل وہ اپنے مذاق اور اپنی سہولت کے مطابق فطری طور پر بلا ارادہ کرتے رہتے ہیں۔ تدبھو الفاظ اسی فطری عمل کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ اُن کی جگہ تت سم[۱] الفاظ کو داخل کرنے کی کوشش زبان کی مستقل حیثیت کو صدمہ پہونچاتی ہے، اس کو کسی قدیم زبان کی غلامی میں مبتلا کرتی ہے، اور زبان کو عوام سے دور کرکے اُن کو علم و ادب کی برکتوں سے محروم کرتی ہے۔ یہ سب باتیں نظر میں ہوں تو آسانی سے سمجھ میں آسکتا ہے کہ ہندی لفظوں کا جو تلفظ اُردو میں اختیار کیا گیا ہے وہ فلسفۂ زبان کی رُو سے کسی طرح قابل اعتراض نہیں ہے اور اُن کے تلفظ کو سنسکرت کے مطابق بنانے کی کوشش کرنا زبان کے دھارے کو پیچھے پلٹانے کی خواہش کرنا ہے۔

جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے اُردو ادب تاریخی حالات کے نتیجے میں ابتدا ہی سے فارسی کے سانچے میں ڈھلتا رہا ہے۔ اُردو نے معنی، بیان، بدیع، عروض، شاعری کی صنفیں، شعر کا معیار، شاعرانہ تخیل، شاعرانہ بیان، اصطلاحیں، تشبیہیں، استعارے، تلمیحیں اور بعض صرفی اور نحوی صورتیں فارسی سے لے لی ہیں۔ اُردو کے ہزاروں فقرے، محاورے، مثلیں وغیرہ فارسی کا ترجمہ ہیں۔ اُردو کے نثرنگار ایک مدت تک فارسی نثر کو اپنے لیے نمونہ قرار دیتے رہے ہیں اور اُردو کے بے شمار شاعر اب تک فارسی کے شاعروں کے نقش قدم پر چلتے رہے ہیں۔ اُردو نے ہزارہا لفظ فارسی سے لیے ہیں اور چونکہ فارسی زبان میں عربی کے ہزاروں لفظ شامل ہو کر اُس کا جزبن چکے تھے اس لیے بہت سے عربی لفظ بھی فارسی کی راہ سے اُردو میں آگئے۔ اُردو کو اپنی پیدائش سے لے کر آج تک فارسی سے بلاواسطہ اور عربی سے بالواسطہ جو تعلق رہا ہے اُس نے اُس کو ایک جاندار اور طاقتور زبان بنا دیا ہے اور اب بھی ان زندہ اور پائندہ زبانوں سے رشتہ قائم رکھنا اُس کی زندگی اور تومندی کا ضامن ہے۔

ادھر چند سال سے زندگی کے ہر شعبے میں نئے نئے نظریے قائم ہو رہے ہیں اور نئے نئے تصورات

---

[۱] تت سم اور تدبھو سنسکرت کی اصطلاحیں ہیں۔ وہ الفاظ جو اپنی اصل پر قائم ہوں یعنی ان کے تلفظ اور معنی میں کوئی تبدیلی نہ ہوئی ہو وہ تت سم کہلاتے ہیں۔ اور جن لفظوں کے تلفظ یا معنی یا دونوں میں کوئی تبدیلی ہو گئی ہو وہ تدبھو کہلاتے ہیں۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

پیدا ہو رہے ہیں۔ اُن کے اظہار میں ہم کو جب کوئی دقت پڑی تو فارسی عربی لفظوں کی بروقت امداد نے اس وقت کا احساس نہ ہونے دیا۔ اور ابھی تو ہم کو دنیا بھر کے علوم و فنون اپنی زبان میں منتقل کرنا ہیں۔ اس کام میں عربی اور فارسی سے ہم کو بڑی مدد ملے گی۔ عربی اور فارسی اپنے لفظی ذخیروں، اشتقاقی اور ترکیبی خصوصیتوں اور دوسری لسانی خوبیوں کی بدولت دنیا کی عظیم ترین زبانوں میں ہیں۔ اُن سے قطع تعلق کرنا اُردو کی رگِ حیات قطع کرنے کے برابر ہے۔ جس چشمے سے وہ ہمیشہ سیراب ہوتی رہی ہے اُس کو بند کر دینا اس کی زندگی کو خطرے میں ڈالنا ہے۔

مگر فارسی سے اُردو کا تعلق قائم رکھنے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ فارسی عربی کے الفاظ بے ضرورت اُردو میں داخل کر دیے جائیں۔ مقصد فقط یہ ہے کہ فارسی عربی کے وہ الفاظ جو اردو کے جزوِ ذات بن چکے ہیں اور صدیوں کے استعمال سے عام فہم ہو چکے ہیں اُن کو زبان سے خارج کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور جب علمی ضرورتوں کے لیے ہمارے موجودہ ذخیرۂ الفاظ سے کسی طرح کام نہ چل سکتا ہو تو فارسی عربی لفظوں سے مدد لینا چاہیے۔ زبان کی سادگی اور عام فہمی اُس کی سب سے بڑی خوبی ہے اور بڑا ادیب وہی ہے جو ہر طرح کے مطالب سادہ زبان میں ادا کر سکتا ہو۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ فارسی ترکیبوں اور عربی لفظوں کے بغیر بیان میں زور پیدا نہیں ہوتا۔ مگر یہ خیال وہی لوگ کر سکتے ہیں جو اُردو لفظوں اور محاوروں پر کافی عبور نہیں رکھتے اور ان کے استعمال پر قادر نہیں ہیں۔ اپنے اپنے محل پر ہندی لفظ بیان میں وہ زور پیدا کر دیتے ہیں جو اس جگہ پر عربی فارسی لفظوں سے ممکن نہیں ہوتا۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

(۱) "سب سے پہلا معرکہ جو اکبر کو پیش آیا یہ تھا کہ ہیموں ایک ٹڈی دل فوج لے کر چڑھ آیا۔ بڑے بڑوں کے جی چھوٹ گئے۔ مگر نوجوان بادشاہ جی کا مضبوط ہمت کا دھنی تھا مقابلہ کے لیے اٹھ کھڑا ہوا۔ پانی پت کے میدان میں رن پڑا۔ بڑی گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ ہیموں جی توڑ کر لڑا مگر اکبری فوج کے آگے ایک نہ چلی۔ آخر ہیموں کے پاؤں اکھڑ گئے اور اس کی بھی بھاگی فوج دم بھر میں تتر بتر ہو گئی۔"

(۲) "کہاں مقدونیہ اور کہاں پنجاب! مگر سکندر اور اس کے سپاہیوں کی ہمت تو دیکھو کہ مصیبتیں جھیلتے، لڑائیاں لڑتے، ایران کے جنگلوں میں گھستے، افغانستان کے میدانوں کو لپیٹتے، دریاؤں کو نانگھتے، پہاڑوں کو روندتے یونان سے ہندوستان تک چلے آئے۔"

نثر میں ہندی لفظوں کا زور دیکھ چکے۔ اب ایک نمونہ نظم کا بھی ملاحظہ ہو۔ جناب آرزو لکھنوی نے میدانِ کربلا میں حضرتِ عباس کی جنگ ایک طولانی نظم میں اس شرط کے ساتھ بیان کی ہے کہ عربی فارسی کا ایک لفظ بھی نہ آنے پائے۔ اس نظم کے چند شعر سنیے اور ہندی لفظوں کا زور دیکھیے:-

رن میں گھوڑا جو اڑاتے ہوئے آئے عباس — چوکیاں گھاٹ پہ بیٹھی تھیں رُکا تھا پانی
دو دھواں دھار گھٹا چھائی ہوئی ڈھالوں کی — آگ جس سے کہ برس پڑتی ہے کیسا پانی
برچھیاں تانے بڑھے آگے لہو کے پیاسے — ہو جنھیں دیکھ کے پتھر سا کلیجا پانی

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

وہ لچکتی ہوئی ڈانڈیں وہ چمکتے ہوئے پھل
دھوپ سے اور بھی کھولا ہوا جن کا پانی

ایک سے ایک یہ کہتا تھا کہ ہاں بھائیو ہاں
اس جگہ آج لہو ہو کے بہے گا پانی

بے دھڑک باگیں اُٹھا دیں جو یہ کہہ کر سب نے
دیکھا اب سر سے ہوا جاتا ہے اونچا پانی

بل پڑے تیوریوں پہ ہو گئی چتون کچھ اور
تمتمانے لگا منہ ماتھے سے ٹپکا پانی

کھنچ کے باہر ہوئی کاٹھی سے تڑپتی ناگن
لہریں لینے لگا تلوار کا ٹھہرا پانی

جو تھے ساونت بڑے اُن کے بھی جی چھوٹ گئے
منچلوں کا بھی ہوا ڈر سے کلیجا پانی

آگے جو بڑھ رہے تھے اُن کے اُکھڑنے لگے پاؤں
جیسے ٹکرا کے پلٹ جاتا ہے چڑھتا پانی

بعض لوگ اپنی قابلیت کا سکہ جمانے کے لیے اپنی اُردو تحریروں میں عربی لفظ اور فارسی ترکیبیں بے ضرورت داخل کر دیتے ہیں۔ مگر اس سے اُن کی عربی فارسی کی قابلیت نہیں بلکہ اُردو سے ناواقفیت ظاہر ہوتی ہے۔ اگر عربی فارسی میں قابلیت دکھانا ہو تو انھیں زبانوں میں کوئی ادبی شاہکار پیش کرنا چاہیے۔ ورنہ "پیش شاعر مُلّا پیشِ مُلّا شاعر" والی مثل صادق آئے گی۔

اُردو کو آسان اور عام فہم بنانا ہر بہی خواہ اُردو کا اہم فریضہ ہے۔ یہ زبان جتنی عام فہم ہوگی اُسی قدر اُس ضرورت کو پورا کرے گی جس کے ماتحت یہ وجود میں آئی اور جب تک یہ اُس ضرورت کو پورا کرتی رہے گی اُس وقت تک کوئی طاقت اس کو فنا نہیں کر سکتی۔

ہندوستان کی بعض اور زبانوں نے بھی کافی ترقی کی ہے۔ مگر وہ اپنے اپنے دائرے میں محدود ہیں۔ اُن کے بولنے اور سمجھنے والوں کا حلقہ اتنا وسیع نہیں ہے جتنا اُردو کا ہے۔ اگر مختلف صوبوں کے رہنے والے ایک جگہ جمع ہو جاتے ہیں تو باہمی مبادلۂ خیال کے لیے اُردو ہی سے کام لینا پڑتا ہے۔ اُردو کی بین صوبائی حیثیت دیکھنا ہو تو کلکتہ، بمبئی کے سے بڑے شہروں میں جا کر دیکھیے۔ پھر اس میں کوئی شبہ نہیں رہے گا کہ اگر کوئی زبان سارے ہندوستان کی زبان ہونے کا دعویٰ کر سکتی ہے تو وہ صرف اُردو ہے۔

اس دعوے کا ایک عملی ثبوت اور بھی ہے۔ ہندوستان کے ہمسایہ ملکوں سے اکثر سوداگر آتے ہیں جو عوام کے کام کی چھوٹی موٹی چیزیں بیچتے ہوئے ہندوستان کے مختلف حصوں میں گھومتے پھرتے ہیں۔ یہ اَن پڑھ لوگ کتابوں سے کوئی زبان سیکھ ہی نہیں سکتے نہ کوئی زبان سیکھنا اُن کا مقصد ہوتا ہے۔ مگر کچھ زمانے کے بعد ہندوستانیوں سے بات چیت کرنے کا ایک ذریعہ اُن کے ہاتھ آ جاتا ہے اور وہ ذریعہ یہی اُردو زبان ہے۔ اُردو کے عام ملکی زبان ہونے کا یہ بہت بڑا اور ناقابلِ انکار ثبوت ہے۔

قومی اتحاد کے لیے ایک عام ملکی زبان کی سخت ضرورت ہے اور مختلف طبقوں میں اتحاد پیدا کرنے کی جو صلاحیت اُردو زبان میں ہے اس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اگر کوئی شخص باہمی اتحاد کی ضرورت ہی نہ سمجھتا ہو تو وہ اس وسیلۂ اتحاد کی قدر کیوں کرنے لگا اور اُس سے اُردو کی حمایت کی توقع کیوں کر کی جا سکتی ہے۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

بدقسمتی سے ہمارے ملک میں ایک جماعت احیائی اور افتراقی ذہنیت کا شکار ہو کر مشترک زبان کی طرح مشترک لباس، مشترک سلام، مشترک نام اور تہذیب و تمدّن کے دوسرے مشترک عناصر سے بھی دست بردار ہو رہی ہے۔ جو لوگ ہندوستان کے تہذیبی اتحاد کے قائل ہیں اور اسی بنا پر ہندوستان کی قومی وحدت کے دعوےدار ہیں وہ بھی بیشتر اسی جماعت میں شامل نظر آتے ہیں۔ معلوم نہیں کہ قول اور عمل کے اس تضاد کا ان کے پاس کیا جواب ہے۔

اُردو زبان کی ترقی اور اُردو ادب کی تعمیر میں ہندو، مسلمان، سِکھ، عیسائی سب ہی شریک رہے ہیں۔ اور اب بھی جب کہ فرقہ بندی کی ہواؤں سے ہندوستان کی قومی وحدت کا شیرازہ بکھر رہا ہے مختلف فرقوں اور مختلف صوبوں کے لوگ اُردو سے دلچسپی رکھتے ہیں اور اس کی ترقی میں حصّہ لے رہے ہیں۔ یہ ہردلعزیزی اور عام پسندی ہندوستان کی کسی دوسری زبان کو حاصل نہیں ہے۔ اور اس کا سبب یہی ہے کہ اُردو کسی مخصوص خطّے یا کسی خاص فرقے کی زبان نہیں ہے۔ ہندوستان کے مختلف حصّوں میں جو زبانیں رائج ہیں اُن کے بولنے والوں کا جہاں پہلا فرض یہ ہے کہ وہ اپنی اپنی زبان کو ترقی دیں، وہاں دوسرا فرض یہ بھی ہے کہ سب مل کر اُردو کی ترقی میں کوشاں ہوں۔ اس لیے کہ ہندوستان کی ملکی زبان اور ایشیا کے بہت سے ملکوں کی بین قومی زبان بننے کی صلاحیت اُردو ہی میں ہے۔

میں اوپر کہہ آیا ہوں کہ ہندوستان کی دو ہی زبانیں ہیں جو ملکی زبان ہونے کا دعویٰ کرتی ہیں، اُردو اور ہندی۔ اُردو زبان اُس مشترک اور مخلوط تہذیب کی نمایندگی کرتی ہے جو ہندو مسلمانوں کے میل جول سے پیدا ہوئی تھی، اور جس میں تاریخی حالات کے مطابق مسلمانی تہذیب کا حصّہ ہندوانی تہذیب سے زیادہ تھا۔ اور ہندی زبان ہندو تہذیب کی نمایندگی کرتی ہے۔ اگر ہندو مسلمانوں کو اِس ملک میں ساتھ ساتھ رہنا ہے اور امن و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لیے ایک دوسرے کی محبّت اور ہمدردی حاصل کرنا ہے تو ایک دوسرے کی تہذیب کو بخوبی سمجھنا ضروری ہے۔ اور چونکہ کسی جماعت کی تہذیب کو سمجھنے کا بہترین ذریعہ اُس کے ادب کا مطالعہ ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ہندو مسلمان دونوں ہندی بھی پڑھیں اور اُردو بھی۔

یہ تجویز جو صوبہ متحدہ میں وقتاً فوقتاً پیش ہوتی رہتی ہے نہایت مناسب ہے کہ ہائی اسکول کی منزل تک ہر طالب علم کے لیے اُردو اور ہندی دونوں کا پڑھنا لازمی کر دیا جائے۔ اُس کے بعد کے درجوں میں بھی ہندی پڑھنے والوں کے لیے کچھ اُردو اور اُردو پڑھنے والوں کے لیے کچھ ہندی پڑھنا لازمی ہو۔ ملک کے جن حصّوں کی مادری زبان نہ اُردو ہے نہ ہندی، وہاں کے طالب علموں کو اپنی زبان کے علاوہ ہندی یا اُردو پڑھنا بھی لازمی ہو اور ان دونوں میں سے کسی ایک کا انتخاب طالب علم کی مرضی پر چھوڑ دیا جائے۔ اس طرح ہندوستان بھر کے تمام طالب علموں کو اپنی مادری زبان کے علاوہ اُردو اور ہندی میں سے کوئی ایک زبان لازماً پڑھنا پڑے گی۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اسس تجویز پر عمل کرنے سے اُردو اور ہندی کی موجودہ رقابت میں بھی بہت کمی ہو جائے گی۔ ہندی زبان اور ناگری حروف صرف ایک فرقے سے اور اُردو زبان اور فارسی حروف صرف دوسرے فرقے سے مخصوص ہو کر نہ رہ جائیں گے۔ اور ایک عام ملکی زبان جو ضروریات زندگی کے جبری قانون کے ماتحت بنتی جا رہی ہے، اُسس کے فطری ارتقا کا راستہ صاف ہو جائے گا۔ زبان کی یکسانی قومی اتحاد کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ اس لیے اس تجویز کو وہی اہمیت دینا چاہیے جس کی وہ مستحق ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ دو زبانوں کی تعلیم لازمی کر دینے سے طالب علموں کے دماغ پر بہت بار پڑے گا۔ لیکن اگر دوسرے مضمونوں کا نصاب کسی قدر ہلکا کر دیا جائے یا انگریزی کی تحصیل پر اتنا زور نہ دیا جائے تو یہ اعتراض باقی نہ رہے گا۔

ہندوستان کے ہر صوبے میں مختلف زبانیں بولنے والے آباد ہیں۔ اسس لیے ہر صوبے کا تعلیمی نظام ایسا ہونا چاہیے کہ اقلیتوں کی زبانیں بھی بخوبی ترقی کرتی رہیں اور کسی جماعت کو اپنی زبان چھوڑنے پر مجبور نہ ہونا پڑے۔ یہ توقع کرنا بڑی زیادتی ہوگی کہ کوئی جماعت صرف اسس بنا پر اپنی زبان ترک کر دے کہ اسس سے بڑی ہمسایہ جماعت کوئی دوسری زبان بولتی ہے۔ کسی جماعت کی زبان کوئی خارجی چیز نہیں ہوتی۔ اُسس کا گہرا تعلق اُس کی زندگی کے ہر شعبے سے ہوتا ہے۔ وہ اس کے دل و دماغ کی بہترین ترجمان بلکہ اسس کی روح و جان ہوتی ہے۔ اس لیے کسی جماعت کو اپنی مادری زبان ترک کرنے پر مجبور کرنا کوئی معمولی ظلم نہ ہوگا۔ ہو سکتا ہے کہ ہر زبان کی تعلیم کا انتظام کرنا مصارف کی زیادتی کا باعث ہو۔ لیکن کفایت شعاری کی خاطر کسی ظلم کو تو روا نہیں رکھا جا سکتا۔ اسی طرح ممکن ہے کہ ہر زبان میں تعلیم دینا بہت مشکل نظر آتا ہو۔ لیکن اگر نیک نیتی سے کوشش کی جائے تو کوئی گتھی ایسی نہیں ہے جو سلجھ نہ سکتی ہو۔ زبان کا مسئلہ مذہب کے مسئلے سے کچھ ہی کم اہمیت رکھتا ہے۔ جس طرح اکثریت کا اقلیت کے مذہب میں دخل دینا بالکل ناجائز ہے اسی طرح اکثریت کا اقلیت کو اپنی زبان چھوڑنے پر مجبور کرنا سخت بے انصافی ہے۔

ہندوستان کی بعض زبانیں ایسی ہیں جو کسی ایک صوبے میں محدود نہیں ہیں۔ وہی زبان جو ایک صوبے میں اقلیت کی زبان ہے کسی دوسرے صوبے میں اکثریت کی زبان ہے۔ اگر ان دونوں صوبوں میں اس زبان کی اعلیٰ تعلیم دینے اور اُس کے ادب کا صحیح ذوق پیدا کرنے کے وسیلے موجود ہوں تو اُن دونوں صوبوں میں ایسے پُرخلوص تہذیبی تعلقات قائم ہو سکتے ہیں جو کسی اور ذریعے سے ممکن نہیں۔ اسس طرح اگر ہر صوبہ دوسرے صوبوں سے ایسے ہی تعلقات قائم رکھے تو سارے ملک میں باہمی تعلقات کا ایک مضبوط جال بچھ جائے گا۔ اقتصادی تجارتی، دفاعی ضرورتیں بھی ملک کے مختلف حصوں میں تعلقات پیدا کر سکتی ہیں۔ مگر یہ تعلقات وقتی، سطحی، جبری اور خود غرضی پر مبنی ہوں گے۔ ویسے گہرے، دلی، اختیاری، اور دیرپا تعلقات نہ ہوں گے جیسے زبان اور ادب کے رشتے سے قائم ہو سکتے ہیں۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اگر ہندوستان کی مرکزی اور صوبائی حکومتیں زبان کے مسئلے پر وسعت نظر، کشادہ دلی اور نیک نیتی کے ساتھ غور کریں گی تو ملک کی تمام اہم زبانوں کو ترقی دینا ضروری سمجھیں گی اور کسی ایسی زبان کو نظر انداز نہ کریں گی جس کے بولنے والے اُن کے حدودِ حکومت کے اندر بڑی تعداد میں آباد ہیں اور جس میں کافی ادبی ذخیرہ فراہم ہو چکا ہے۔ اُردو اپنی عمر، اپنی افادیت، اپنی بین فرقہ داری اور بین صوبائی حیثیت، اپنے لفظی ذخیرے کی وسعت، اور اپنے کتابی سرمائے کی قدر و قیمت کے لحاظ سے ہندوستان کی اکثر زبانوں سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ اور اس لیے حکومت کی خاص توجہ کی مستحق ہے۔

کسی زبان کی ترقی کی رفتار پر حکومت کی توجہ اور بے توجہی کا بہت اثر پڑ سکتا ہے۔ لیکن اس کو ترقی دینے کا فرض سب سے زیادہ اُس کے بولنے والوں پر عاید ہوتا ہے۔ اور کسی زبان کی شان کا اندازہ اس سے کیا جاتا ہے کہ اس میں کس کس مضمون کی کتنی کتنی اور کیسی کیسی کتابیں موجود ہیں۔ اردو کا کتابی سرمایہ ہندوستان کی کسی دوسری زبان سے کم درجے کا نہیں ہے۔ اس میں ادب و شعر کے علاوہ قدیم و جدید علوم و فنون کی کتابیں کثرت سے موجود ہیں، اور سیکڑوں بلند پایہ کتابیں دنیا کی دوسری زبانوں سے ترجمہ کی جا چکی ہیں۔ پھر بھی ہم کو ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔ اُردو کے کتابی ذخیرے میں اضافہ کرنے کے لیے انفرادی کوششوں کے علاوہ انجمن ترقی اردو دہلی، دار المصنفین اعظم گڑھ، دار الترجمہ حیدرآباد، جامعہ ملیہ دہلی، ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد اور دوسرے متعدد چھوٹے بڑے اداروں نے بہت کچھ کام کیا ہے اور کر رہے ہیں۔ لیکن اُردو کی ترقی اور اشاعت کے لیے اس سے بہت زیادہ وسیع پیمانے پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اِس سلسلے میں جو کام فوری توجہ کے مستحق معلوم ہوتے ہیں اُن میں سے بعض کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے۔

اُردو زبان و ادب کی تاریخ تحقیق اور تصنیف کا ایک بہت بڑا میدان مہیا کرتی ہے۔ اس موضوع پر چھوٹی بڑی کئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں مگر اُن میں وہی باتیں جو مدت ہوئی معلوم ہو چکی ہیں اُلٹ پھیر کر کے پیش کر دی گئی ہیں۔ تاریخ ادب کی کتابیں لکھنے والے اپنی ذاتی تحقیق سے معلومات کے پرانے ذخیرے میں کوئی اضافہ نہیں کر رہے ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہمارے ادب کی کوئی مستند اور جامع تاریخ اُس وقت تک مُرتب نہیں ہو سکتی جب تک اُس کے متعلق مسائل میں سے ایک ایک مسئلے پر تحقیقی رسالے نہ لکھے جائیں۔ ابھی تو ہمارے ادب کے بہت سے بڑے بڑے ارکان گمنامی کے عالم میں پڑے ہوئے ہیں۔ نہ ان کی کوئی مستند سوانح عمری لکھی گئی ہے اور نہ اُن کی تصنیفوں کے صحیح اور معتبر اڈیشن نکلے ہیں۔ نظم و نثر کی ابتدائی اور قدیم کتابیں جو کثیر تعداد میں منتشر ہیں اُن میں سے بہت تھوڑی سی اب تک ہمارے سامنے آئی ہیں۔ ضرورت ہے کہ اُن کے صحیح اڈیشن تحقیقی مقدموں اور توضیحی حاشیوں کے ساتھ تیار کیے جائیں۔ جب ہم اپنے ادبی ذخیرے کا مکمل طور پر جائزہ لے چکیں گے اور ادبی تحریکات اور اُن کے اسباب کو بخوبی سمجھ لیں گے تب کہیں ہمارے ادب کی صحیح تاریخ مرتب کی جا سکے گی۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اُردو ادب کے ساتھ اُردو زبان کی مستند تاریخ لکھنا بھی بہت ضروری ہے۔ اُردو کیونکر بنی، اُس کے ذخیرۂ الفاظ میں کیا کیا اضافے اور اسلوب بیان میں کیا کیا تبدیلیاں ہوتی رہیں اور کن اسباب سے ہوتی رہیں۔ یہ سب چیزیں تفصیلی بحث چاہتی ہیں۔ اُردو زبان کی ابتدا کے بارے میں چند نظریے پیش کیے گئے ہیں، مگر اس مسئلے پر کوئی فیصلہ کن بحث اب تک نہیں ہوئی ہے۔ اس مسئلے کو طے کرنے کے لیے ہمیں اردو کے ترکیبی عناصر بالخصوص اس کے ہندی اجزا کی تحقیق کرنا ہے کہ کون جز کہاں سے آیا ہے۔ اس تحقیق کے بغیر اُردو کی بنیاد اور اُردو کی ساخت کے بارے میں ہم کسی یقینی نتیجے تک نہیں پہنچ سکتے، صرف قیاس آرائیاں کر سکتے ہیں۔ اُردو کی اصل اور بنیاد کے متعلق گھر میں بیٹھے بیٹھے مضامین لکھتے رہنے سے کام نہیں چلےگا۔ اس کے لیے ہندوستان کے مختلف لسانی خطوں کی زبانوں کا اصولی طریقے سے مطالعہ کرنا ہوگا۔ اس مطالعے کے لیے شہروں کی زبان زیادہ کارآمد نہ ہوگی۔ اس لیے کہ اس میں خارجی عناصر کثرت سے شامل ہو جاتے ہیں۔ اس کام کے لیے شہروں سے دور کے گاؤں میں جاکر وہاں کی زبانوں پر غور کرنا ہوگا۔ اس تلاش و تجسس سے ہم اُردو کی اصل کا پتا بھی لگا سکیں گے اور اُردو صرف و نحو کے مشکل اور لاینحل مسئلوں کا حل بھی نکال لیں گے۔

درسی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے اُردو قواعد کی بیسیوں کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ مگر ان میں ایک کتاب بھی ایسی نہیں ہے جس کو صحیح معنوں میں اُردو کی قواعد کہہ سکیں۔ اُن کے مولفوں نے بالعموم فارسی و عربی صرف و نحو کی کورانہ تقلید کی ہے۔ کسی نے بہت جدت کی تو اُردو قواعد کو انگریزی کے سانچے میں ڈھال دیا۔ سید انشا اور حضرت آرزو لکھنوی صرف ان دو بزرگوں نے اردو زبان کی ساخت پر گہری نظر ڈال کر اُردو کے لیے قاعدے بنائے ہیں۔ مگر سید انشا کی دریائے لطافت اردو قواعد کی مکمل کتاب نہیں ہے اور حضرت آرزو کی نظام اُردو میں اُن مسائل سے بحث کی گئی ہے جو معمولی صرف و نحو کے قاعدوں سے بالاتر ہیں۔ ڈاکٹر عبدالستار صاحب صدیقی نے چند مضمون رسالۂ اُردو میں اس پائے کے شائع کیے تھے جو اُردو کی جامع قواعد لکھنے والوں کے لیے نمونے کا کام دے سکتے ہیں اور ان کو صحیح راستے پر لگا سکتے ہیں۔ اگر ڈاکٹر صاحب موصوف ان مضامین کا سلسلہ جاری رکھتے تو اُردو صرف و نحو کے لیے بہت قیمتی مواد جمع ہو جاتا۔

لسانیات اور صوتیات کی کتابوں کی بھی اُردو میں بہت کمی ہے۔ مگر یہ بڑی محنت کے کام ہیں اور ان کے لیے وسیع قابلیت اور خاص دماغی تربیت درکار ہے۔ تاہم ان موضوعوں پر مغربی زبانوں میں جو بلند پایہ کتابیں لکھی گئی ہیں اُن کا ترجمہ تو اُردو میں کیا ہی جا سکتا ہے۔ بعض لوگ ترجمے کو معمولی یا دوسرے درجے کا کام سمجھتے ہیں۔ مگر اُن کا یہ خیال صحیح نہیں ہے۔ کسی اعلیٰ درجے کی کتاب کا ترجمہ کرنا ایک ادنیٰ درجے کی کتاب تصنیف کرنے سے کہیں بہتر اور کہیں زیادہ مفید ہے۔ اور اس وقت

اس کی بڑی ضرورت ہے کہ دوسری زبانوں کی بلند پایہ کتابوں کا ترجمہ کر کر کے اُردو کا خزانہ بھر دیا جائے۔

اُردو کے ایک جامع اور صحیح اُصول پر مرتب کیے ہوئے لغت کی بھی بہت ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں جو کوششیں اب تک ہو چکی ہیں اُن میں امیر اللغات، فرہنگ آصفیہ اور نور اللغات خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان میں سے پہلی کتاب کی صرف دو جلدیں شائع ہو کر رہ گئیں۔ اس مستند لغت کی بقیہ جلدوں کا تلف ہو جانا اُردو زبان کی تاریخ میں ایک افسوسناک حادثہ ہے۔ ان کتابوں کے مولّفوں کا جتنا شکریہ ادا کیا جائے کم ہے۔ ان کئی کئی جلدوں کی ضخیم اور حجیم کتابوں میں اُردو الفاظ اور محاورات بہت بڑی تعداد میں موجود ہیں، جس سے اُردو زبان کی وسعت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ مگر یہ کتابیں بھی اُردو کے کل لفظوں پر مشتمل نہیں ہیں۔ ہزاروں لفظ ابھی ایسے باقی ہیں جو ان کتابوں میں نہیں ملتے۔ اس کے علاوہ یہ کتابیں ایک بلند پایہ لغت کی کل شرطوں کو پورا نہیں کرتی ہیں۔ اب ہماری نگاہیں اس لغت کی طرف لگی ہوئی ہیں جو ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب کی نگرانی میں کئی سال سے انجمن ترقی اُردو تیار کر رہی ہے۔ بہتر ہے کہ انجمن زیر تالیف لغت کا ایک نمونہ شائع کر دے تاکہ اس کی نوعیت کا اندازہ کیا جا سکے اور اس کو بہتر اور مکمل بنانے کے لیے ضروری مشورے دیے جا سکیں۔

اُردو میں ایک انسائیکلو پیڈیا مرتب کرنے کی ضرورت بھی مدّت سے محسوس کی جا رہی ہے۔ کوئی تیس برس ہوئے جب لکھنؤ میں مرحوم مہاراجہ سر محمد علی محمد خاں بہادر والی ریاست محمود آباد کی سرپرستی میں اس کام کی ابتدا بڑے پیمانے پر کی گئی تھی۔ مگر کسی وجہ سے وہ انجام نہ پا سکا۔ چند سال ہوئے حیدرآباد دکن کے ادارہ ادبیاتِ اُردو نے بھی اس کی ابتدا کر دی تھی۔ مگر وہ بھی اسے پورا نہ کر سکا۔ اس کام کے لیے بہت سے عالموں کے اتحادِ عمل اور کثیر سرمائے کی ضرورت ہے۔ دیکھیں اس کی تکمیل کا وقت کب آتا ہے۔

اب ایک بات خاص طور پر اُردو کے نئے ادیبوں سے کہنا ہے۔ وہ بات یہ ہے کہ ادیب کے لیے علوم ادبیہ کی تحصیل بہت ضروری ہے۔ کوئی شخص کسی زبان کا کامل ادیب نہیں قرار دیا جا سکتا جب تک اس نے اس کی صرف و نحو، معنی، بیان، بدیع، عروض، لغت، لسانیات، صوتیات، تنقید کے اُصول، ادب کی تاریخ اور ادیبوں اور شاعروں کے حالات کا علم باقاعدہ حاصل نہ کیا ہو اور اُس زبان کے ادب اور شعر کا مدّت تک گہرا اور وسیع مطالعہ نہ کیا ہو۔

یہ سچ ہے کہ بعض لوگ ان علوم سے واقف ہوئے بغیر اچھے اچھے مضامین لکھ لیتے ہیں۔ مگر ایسے لوگوں کو خوش تحریر یا زیادہ سے زیادہ انشا پرداز کہہ سکتے ہیں، ادیب نہیں کہہ سکتے۔ وہ عبارت کے حسن و قبح وضاحت کے ساتھ بیان نہیں کر سکتے۔ وہ غلط اور صحیح، فصیح اور غیر فصیح کا فیصلہ دلیلوں کے ساتھ نہیں کر سکتے۔ اور

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

صاف تو یہ ہے کہ وہ نہ بالکل صحیح زبان بول سکتے ہیں نہ بالکل صحیح عبارت لکھ سکتے ہیں۔ اُن کی زبان پر غلط الفاظ ضرور جاری ہوتے ہیں اور اُن کے قلم سے غلط محاورے اور غلط فقرے اور جملے ضرور نکلتے ہیں۔

فنونِ لطیفہ میں کوئی شخص محض طبعی مناسبت کی بنا پر ماہرِ فن نہیں سمجھا جا سکتا۔ اُس کا ذوق کتنا ہی صحیح ہو مگر اُصولی واقفیت اور عملی مہارت کے بغیر اُس کا شمار اتائیوں ہی میں رہے گا۔ یہی حال ادب کا بھی ہے۔ آج کل ایسے نام نہاد ادیبوں کی کمی نہیں جو علوم ادبیہ سے بہت کم واقفیت رکھتے ہیں اور ناواقفیت یا جہالت سے جو جرأت پیدا ہوتی ہے اُس سے کام لے کر زبان و ادب کے ہر مسئلے میں رائے زنی کرنے لگتے ہیں۔ اِس سے جو ادبی بدنظمی پیدا ہو رہی ہے وہ ہماری زبان کے لیے کوئی اچھی علامت نہیں ہے۔ اُردو کا مستقبل نوجوان ادیبوں کے ہاتھ میں ہے۔ اُن کو ادبی علوم کی طرف خاص توجہ کرنا چاہیے، تاکہ وہ ہر ادبی اور لسانی معاملے میں خوب جنچی تُلی ہوئی رائے قائم کر سکیں اور اُن کی رہنمائی میں اُردو شک و شبہ کی راہوں میں اِدھر اُدھر بھٹکتی نہ پھرے، بلکہ ترقی کی یقینی اور سیدھی راہ پر گام زن رہے۔

مدت تک ہمارا نظامِ تعلیم ایسا رہا ہے کہ اعلیٰ تعلیم میں اپنی زبان کے لیے کوئی جگہ نہ تھی۔ وسیلۂ تعلیم انگریزی زبان تھی۔ انگریزی لکھنے اور بولنے کی بڑی قدر اور بہت عملی ضرورت تھی۔ اُردو پر عبور حاصل کرنے کے نہ موقعے تھے نہ اس کی کوئی خاص ضرورت تھی۔ انگریزی پڑھتے، لکھتے اور بولتے رہنے سے ہماری تقریر اور تحریر پر انگریزی رنگ چڑھ گیا۔ ہم اپنی زبان کی اصلی خوبیوں اور ذاتی لطافتوں سے بیگانہ ہو گئے اور اپنے الفاظ، محاورے، مثلیں وغیرہ بہت کچھ بھول گئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارے نئے لکھنے والوں کی زبان میں اُردو کے ذاتی حُسن کی جگہ انگریزی سے مستعار لی ہوئی آرائش نظر آتی ہے۔ اس لیے اب یہ اور بھی زیادہ ضروری ہو گیا ہے کہ ہمارے نئے ادیب علومِ ادبیہ کی طرف خاص توجہ کریں، اُردو لفظوں، محاوروں، مثلوں کے لغت اور فرہنگیں ہمیشہ اپنے مطالعے میں رکھیں، اور زیادہ سے زیادہ لفظوں اور محاوروں کے صحیح استعمال کی قدرت پیدا کریں۔ لفظوں کے معین معنوں اور اُن کی مقرر ترکیبوں کی نگہداشت، زبان کے ڈھانچے کا تحفظ، غیر زبانوں کے حملوں کا دفاع، اور نئے لفظوں، نئی ترکیبوں اور نئے محاوروں کے استعمال میں احتیاط، نئے ادیبوں کے اہم فرائض میں داخل ہے۔

آج کل جو لوگ اُردو کے ادیب بننا چاہتے ہیں وہ اُردو ادب کا مطالعہ کرنے کی جگہ انگریزی ادب کا کم اور انگریزی تنقید کا زیادہ مطالعہ کرتے ہیں۔ اس لیے اُن میں وہ ذہنی پس منظر اور وہ فکری انداز پیدا ہونے نہیں پاتا جو اُردو کے ادب و شعر سے لطف اندوز ہونے کے لیے ضروری ہے۔ اُن کو اُردو کا تمام کلاسیکی ذخیرہ بے وقعت معلوم ہونے لگتا ہے۔ یہاں تک کہ اُردو کے بڑے سے بڑے ادبی اور شعری شاہکار بھی اُن کی نگاہوں میں نہیں جنچتے۔ وہ مشرقی ادب میں مغربی ادب کی کیفیتیں تلاش

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کرتے ہیں ۔ مگر جب دو ملکوں کی تاریخ ، تمدن ، تہذیب ، روایات ، تحریکات ، مناظر، طبائع ، ماحول سب میں اختلاف ہو تو دونوں کا ادب ، جس میں ان سب چیزوں کا عکس پڑتا ہے ، اپنے کیفیات و تاثرات میں یکساں کیونکر ہو سکتا ہے ؟ ہماری تعلیم و تربیت ایک مدت سے اس طرح ہو رہی ہے کہ ہم اپنے ادب کی روح سے بیگانہ ہوتے چلے جاتے ہیں ۔ اب یہ کیفیت جو کچھ دن پہلے عام تھی بہت کم دیکھنے میں آتی ہے کہ کوئی اچھا شعر سن کر لوگوں پر وجد کا عالم طاری ہو جائے ۔ اس کیفیت کا مٹ جانا دلی مسرت کے ایک چشمے کا خشک ہو جانا ہے ۔ اور یہ صورت حال حکیم ڈارون کے قول کے مطابق ہمارے ذہن اور اخلاق کے لیے مضر ہے ۔ جب تک ہماری تعلیم و تربیت صحیح اصول پر نہ ہوگی اس وقت تک ہم کو مغرب کی ذہنی غلامی سے نجات نہ ملے گی اور ہماری اصلی مشرقی روح بیدار نہ ہوگی ۔ اور جب تک یہ نہ ہوگا ہم اپنے فنون لطیفہ اور اپنے ادب و شعر سے پورے طور پر لطف اندوز نہ ہو سکیں گے ۔

رسم خط

ہماری زبان کے موجودہ مسائل میں رسم خط کا مسئلہ خاص اہمیت رکھتا ہے ۔ بعض لوگ ناگری تحریر کو فارسی رسم خط پر ترجیح دیتے ہیں اور اردو کی موجودہ تحریر میں یہ نقص نکالتے ہیں کہ اس میں ایک ہی لفظ کئی طرح سے پڑھا جا سکتا ہے ۔ ظاہر میں یہ اعتراض بہت وزنی معلوم ہوتا ہے لیکن اس کا وزن بہت گھٹ جاتا ہے جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ حقیقت میں یہ دقت بہت کم پیش آتی ہے ۔ ممکن ہے کہ اگر تنہا ایک لفظ یا ایک فقرہ کہیں لکھا ہو تو اس کے پڑھنے میں کبھی غلطی ہو جائے ۔ مگر بالعموم لفظ کسی جملے میں اور فقرہ کسی عبارت میں ہوتا ہے اور اس لفظ کے گرد و پیش کے لفظ اور اس فقرے کے آس پاس کے فقرے اس کے پڑھنے میں مدد دیتے ہیں ۔ ایک بات اور بھی ہے جسے میں ایک مثال دے کر سمجھاؤں گا ۔ فرض کیجیے کہ کہیں لفظ خط لکھا ہوا ہے اسے تین طرح پڑھ سکتے ہیں خَط ، خِط ، خُط ۔ مگر خِط اور خُط سے ہمارے کان آشنا نہیں اور خَط پہلے سے ہمارے ذہن میں موجود ہے ۔ اس لیے جہاں کہیں ہم خط لکھا ہوا دیکھیں گے اسے بلا تامل خَط ہی پڑھیں گے ۔ اگر کبھی ہمارا ذہن بھٹک کر خِط یا خُط کی طرف چلا جاتا ہے تو یہ خیال کہ ہماری زبان میں خِط یا خُط کوئی لفظ نہیں ہے اسے سیدھے راستے پر لگا دیتا ہے ۔

کہا جا سکتا ہے کہ اس موقع پر وہ لوگ نظر انداز کر دیے گئے ہیں جو اردو زبان سے واقف نہیں ۔ مگر صرف حروف سیکھ کر کسی زبان کی تحریروں کا بالکل صحیح پڑھ لینا ممکن نہیں ۔ اس میں اردو کی کیا تخصیص ہے ۔ پھر یہ اتفاق تو شاذ و نادر ہی ہوگا کہ جو شخص اردو نہ جانتا ہو وہ اردو کی تحریریں پڑھنا چاہے ۔ ایسے نادر اتفاقات کے خیال سے اردو کے رسم خط میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی ۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اس کے علاوہ اگر لفظوں پر اعراب لگے ہوئے ہوں تو ایک حرف شناس آدمی بغیر مطلب سمجھے ہوئے بھی اُردو کی عبارت بہت کچھ پڑھ سکتا ہے۔ آخر اعراب بھی تو ہمارے رسم خط کا ضروری جز ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ ہم ابتدائی درسی کتابوں کے علاوہ اعراب کا استعمال بہت کم کرتے ہیں اور یہ مہارت پیدا کر لیتے ہیں کہ بغیر اعراب کے کسی تحریر کو روانی کے ساتھ پڑھ لیں۔

یہ مہارت پیدا کرنے میں اُردو رسم خط کی ایک خاص خصوصیت سے بہت مدد ملتی ہے۔ وہ خصوصیت یہ ہے کہ اُردو تحریر میں لفظ کا اصل ڈھانچا صرف حروف صوت (CONSONANTS) سے بنتا ہے۔ اعراب (VOVELS) اُس ڈھانچے کے اندر بیٹھے ہوئے نہیں ہوتے، بلکہ حرفوں کے اوپر یا نیچے الگ سے لگا دیے جاتے ہیں۔ کسی لفظ کو پڑھتے وقت نگاہ اور توجّہ کا مرکز اُس کا اصل ڈھانچا ہوتا ہے۔ اِس لیے اُس کا نقش جو دماغ میں بنتا ہے، اُس میں اُس کا ڈھانچا بہت اُجاگر ہوتا ہے اور اعراب دُھندلے۔ اور چونکہ اعراب کو ترک کر دینے سے لفظوں کے ڈھانچے میں کوئی فرق پیدا نہیں ہوتا، اِس لیے اُردو عبارت بغیر اعراب کے آسانی سے پڑھ لی جاتی ہے۔ یہ بات اُن تحریروں میں پیدا نہیں ہو سکتی جن میں اعراب لفظوں کے ڈھانچے میں سمائے ہوئے ہوتے ہیں جیسا کہ ناگری اور رومن تحریروں میں ہوتا ہے۔

اب رہی گھسیٹ لکھائی تو اُس کا پڑھنا ناگری تحریر میں اُس سے کہیں زیادہ مشکل ہے جتنا اُردو تحریر میں۔ جو شخص اُردو لکھنا پڑھنا جانتا ہے وہ تھوڑی سی مشق کے بعد گھسیٹ میں لکھی ہوئی اُردو عبارت آسانی سے پڑھ سکتا ہے۔ اُردو تحریر کوئی سوا سو برس سے کچہریوں اور دفتروں میں استعمال کی جا رہی ہے اور اُس سے پہلے بھی جب کچہریوں اور دفتروں کی زبان فارسی تھی تب بھی یہی حروف سیکڑوں برس استعمال میں رہ چکے تھے۔ پولیس اور کچہری والوں کی گھسیٹ لکھائی لفظوں کی صورت ہی بگاڑ دیتی ہے۔ پھر بھی ان حرفوں کی وجہ سے کوئی خاص دقت کبھی پیش نہیں آتی۔ کبھی سُننے میں نہیں آیا کہ اِس رسم خط کی خرابی سے ایک فریق کی جگہ دوسرے پر ڈگری ہو گئی ہو یا مجرم کی جگہ کوئی بے قصور سزا پا گیا ہو۔ صدیوں کے اِن عملی تجربوں کے مقابلے میں خیالی اعتراض اور فرضی دشواریاں کیا اہمیت رکھتی ہیں۔

فارسی حروف ایک زمانے میں اِس قدر مقبول ہو گئے تھے کہ ہندی زبان کی کتابیں بھی انھیں حرفوں میں لکھی جاتی تھیں۔ ملک محمد جائسی کی پدماوت کو ہندی ادب میں جو بلند درجہ حاصل ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اِس کتاب کے جتنے قدیم نسخے دستیاب ہوئے ہیں وہ سب فارسی حرفوں میں لکھے ہوئے ہیں۔ اور یہ کوئی تنہا مثال نہیں ہے۔ ایسی بہت سی کتابیں میری نظر سے گزر چکی ہیں اور خود میرے مختصر کتابی ذخیرے میں ہندی کی کئی کتابیں فارسی حرفوں میں لکھی ہوئی موجود ہیں جن کے نام یہ ہیں:-

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

(۱) - سُندر سِنگار - مصنفہ سُندر کوی جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے -

(۲) - رَس ارْنو - مصنفہ سکھ دیو کوی - نائکا بھید - گنگا دھر نے سنہ ۱۲۱۳ھ میں نقل کی -

(۳) - بھاکھا بھوکھن - النکار - سنہ ۱۲۱۳ھ میں نقل کی گئی -

(۴) - اَمر چندرِکا - بلاغت - مصنفہ اَمر لیس -

(۵) - رَسِک پریا - مصنفہ کیشو داس -

(۶) - رَس راج - مصنفہ متی رام - مَنّا لال، شیو پرشاد، امید علی اور طالب حق نے سنہ ۱۲۱۸ھ میں نقل کی -

(۷) - رام چندر چندرِکا - مصنفہ کیشو داس - سمبت ۱۸۶۰ میں نقل کی گئی -

(۸) - اَنیکارتھ - مصنفہ نند داس -

(۹) - نام مالا - سنہ ۱۲۱۵ھ میں نقل کی گئی -

(۱۰) - انور چندرِکا - مصنفہ انور کوی -

(۱۱) - لیلاوتی ٹیکا - مصنفہ ودیا دھر -

(۱۲) - بھگود گیتا - مصنفہ ہری بلبھ - سمبت ۱۸۷۴ میں نقل کی گئی -

(۱۳ و ۱۴) - دو رسالے نائکا بھید پر -

(۱۵) - ایک منظوم کتاب - مصنفہ بہاری لال -

(۱۶) - ایک مجموعہ جس میں رحیم، احمد، تلسی داس وغیرہ کے دوہے شامل ہیں -

یہ بات اکثر سننے میں آتی ہے کہ ناگری کے مقابلے میں اُردو کی تحریر بہت مشکل ہے - ممکن ہے کہ ناگری کا سیکھنا نسبتہً کچھ آسان ہو مگر اتنا آسان نہیں ہے جتنا بعض لوگ خیال کرتے ہیں - اُردو اور ناگری تحریروں کا مقابلہ کرنے کے لیے تفصیلی اور طولانی بحث درکار ہے - میں اس سلسلے میں اس وقت صرف چند باتیں کہنا چاہتا ہوں -

(۱) - اُردو حروف ناگری حرفوں سے بہت زیادہ آوازیں ادا کر سکتے ہیں -

(۲) اُردو کے مفرد حروف بہت سادہ اور مختصر ہیں اور جب وہ دوسرے حرفوں سے ملا کر لکھے جاتے ہیں تو اور بھی مختصر ہو جاتے ہیں -

(۳) ناگری کے مفرد حرفوں کی شکلیں اُردو حرفوں سے کہیں زیادہ پیچیدہ ہیں - اس لیے ان کو سیکھنے میں بھی زیادہ دیر لگتی ہے اور لکھنے میں بھی -

(۴) - ناگری میں دس مختلف آوازوں کی خفیف اور ثقیل یعنی ہلکی اور بھاری دونوں صورتوں کے لیے الگ الگ حرف مقرر کیے گئے ہیں - حالانکہ ثقیل آوازیں حقیقت میں نئی آوازیں نہیں ہیں، بلکہ خفیف آوازوں

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

میں ھ کی آواز شامل ہونے سے بن جاتی ہیں۔ اُردو تحریر میں اس حقیقت پر نظر رکھی گئی ہے اور ثقیل آوازوں کے لیے علیحدہ علامتیں مقرر کرکے حرفوں کی تعداد میں بے ضرورت اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ بلکہ ان کو ظاہر کرنے کے لیے معمولی حرفوں کے ساتھ ھ لکھ دی جاتی ہے۔ رومن رسم خط میں بھی یہی کیا جاتا ہے۔ مثلاً ت کی ثقیل صورت تھ کے لیے T کے ساتھ H لکھ دیا جاتا ہے جیسے (THIN MATHEW, THORAX, THURSDAY THOUGHT, THANK, THEME) ناگری میں بھی جن ثقیل آوازوں کے لیے مخصوص حرف موجود نہیں ہیں وہ اسی طرح لکھی جاتی ہیں کہ معمولی حرفوں کو ह کے ساتھ ملا کر لکھتے ہیں۔ مثلاً کولھو، چولھا، آلھا، کلھاڑی، کمھار، تمھاری، ننھا، کنھیا میں لھ، مھ اور نھ کی آوازیں یوں ظاہر کی جاتی ہیں ल्ह ، म्ह، न्ह اسی طرح کل ثقیل آوازیں ظاہر کی جا سکتی تھیں۔ ان کے لیے علیحدہ علیحدہ علامتیں مقرر کرنے سے ناگری حرفوں کی تعداد بلا ضرورت بڑھ گئی اور پھر بھی کئی ثقیل آوازوں کو ادا کرنے کے لیے اُردو تحریر کا طریقہ اختیار کرنا پڑا۔ اب بھی بعض ثقیل آوازیں ہماری زبان میں ایسی موجود ہیں جو ناگری حرفوں سے ادا نہیں ہو سکتیں۔ مثلاً لفظ سرھانا میں رھ کی آواز۔

(۵) ناگری میں زبر کی حرکت ہر حرف کی ذات میں شامل سمجھی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حرفوں کی تمام حرکتوں کے لیے علامتیں موجود ہیں جو ماترے کہلاتی ہیں، مگر زبر کے لیے کوئی ماترا نہیں ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ جب کسی حرف میں زبر کی حرکت کو غیر موجود دکھانا ہوتا ہے تو اُس کو اس کے بعد والے حرف سے ملا کر لکھتے ہیں اور اس حالت میں کبھی پہلے حرف کی کبھی دوسرے حرف کی اور کبھی دونوں حرفوں کی صورت بدل جاتی ہے۔ اس طرح دو دو حرفوں کے ملانے سے جو نئی صورتیں یا مرکب حرف بنتے ہیں ان کی تعداد سیکڑوں تک پہنچی ہے[۱]۔ بعض موقعوں پر تین تین حرف ملا کر لکھے جاتے ہیں تو اور بھی زیادہ پیچیدہ اور مشکل صورتیں بن جاتی ہیں۔ اور چونکہ دو تین حرفوں کو ملا کر ایک کرنے کا کوئی اصول مقرر نہیں ہے۔ اس لیے ان سب صورتوں کو یاد رکھنا پڑتا ہے جو کوئی آسان کام نہیں ہے۔

(۶) ناگری میں تشدید کے لیے کوئی علامت نہیں ہے۔ مشدد حرف ادھورا لکھ کر پورے حرف سے ملا دیا جاتا ہے۔ ادھورے حرفوں کی صورتیں اور ان کو پورے حرفوں سے ملانے کے طریقے تعداد میں اتنے زیادہ ہیں کہ ان سب کو یاد رکھنے کے لیے بہت محنت اور مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ اُردو تحریر میں حرف پر تشدید کی چھوٹی سی علامت بنا دینا کافی ہوتا ہے۔

---

[۱] میڈیکل ہال پریس، بنارس کی چھپی ہوئی ہندی پرائمر میرے سامنے ہے۔ ناگری کے دو دو اور تین تین حرفوں کے ملنے سے جو شکلیں بنتی ہیں ان کی تعداد ۳۸۲ اور ۹۷ ہے یعنی مختلف صورتوں کے مرکب حرفوں کی تعداد ۴۷۹ ہے۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

(۷) ناگری میں حرف ڑ کی آواز کو ظاہر کرنے کے لیے متعدد علامتیں ہیں جو مختلف حالتوں میں مختلف جگہوں پر مختلف صورتوں سے لکھی جاتی ہیں۔ اسی طرح نون غنّہ کے لیے کئی علامتیں ہیں جو مختلف حرفوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ حرف ش کی آواز کے لیے بھی ناگری میں دو حرف ہیں۔ بعض لفظوں میں ایک حرف لکھا جاتا ہے، بعض میں دوسرا۔

یہ چیزیں ناگری تحریر میں اچھی خاصی دشواری پیدا کرتی ہیں اور ان سب پر نظر کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندی کے تمام لفظوں کو بھی فقط سوکم ناگری حرفوں میں صحیح طور پر لکھ لینا ممکن نہیں۔ سیکڑوں لفظوں کا املا یاد رکھنا پڑتا ہے اور اس کے لیے بڑی مدت اور کافی محنت اور مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔

ناگری کے بعض حرفوں کی صورت بہت پیچیدہ اور تلفظ نہایت مشکل ہے۔ یہ حرف ہندی الف بے سے تقریباً خارج کر دیے گئے تھے۔ مگر اب جبکہ ہندی لفظوں کا تلفظ اصل سنسکرت کے مطابق کیا جا رہا ہے اور سنسکرت کے نئے الفاظ ہندی میں کثرت سے داخل کیے جا رہے ہیں تو وہ حروف بھی استعمال میں آئیں گے اور تحریر کی دقتوں کو بڑھائیں گے۔

ناگری رسم خط کے طرف دار اکثر ان دقتوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ لیکن اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ اُردو تحریر سیکھنے میں ناگری سے کچھ زیادہ وقت صرف ہوتا ہے تو بھی آخر میں اُردو ہی کی تحریر زیادہ نفع بخش ثابت ہوگی۔ یعنی اگر ایک آدمی تیس چالیس برس تک برابر اُردو حرفوں میں لکھتا رہے اور دوسرا ناگری حرفوں میں تو اُردو میں لکھنے والے کے کام کی مقدار کہیں زیادہ نکلے گی اور اس کو ابتدا میں جو تھوڑے سے وقت کا نقصان پہنچا تھا اُس سے کہیں زیادہ نفع ہوگا۔ اُردو کی تحریر ایک طرح کی مختصر نویسی (شارٹ ہینڈ) ہے جس کو تھوڑی سی مشق سے ہر شخص پڑھ لکھ سکتا ہے۔ اُس میں یہ خوبی ہے کہ لکھنے میں وقت بھی کم لگتا ہے اور کاغذ بھی۔ اور اس عجلت پسندی اور اقتصادی کشمکش کے زمانے میں یہ وقت اور کاغذ کی بچت نظر انداز نہیں کی جا سکتی۔

ناگری کے طرفدار اکثر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ اُس کے ذریعے سے ہر زبان کی تمام آوازیں ظاہر کی جا سکتی ہیں۔ یہ دعویٰ حقیقت سے بہت دور ہے۔ دوسری زبانوں کو چھوڑ کر صرف انگریزی کے لفظوں پر نظر کیجیے تو معلوم ہوگا کہ (WORLD, DOG, PEN, WAS, MIRAGE, BIRD) کے سے معمولی لفظوں کا تلفظ بھی ناگری حرفوں سے ادا نہیں کیا جا سکتا۔ عربی اور فارسی لفظوں کے معاملے میں بھی ناگری حرفوں کا یہی حال ہے۔ دوسری زبانوں کا کیا ذکر، خود ہندی کے بہت سے لفظ ایسے ہیں جن کا صحیح تلفظ ناگری حرفوں سے نہیں ادا ہو سکتا۔ مثلاً بہہ، دو، ہتھیاروں، اکھڑاوں، چناو، پھیلاو، دکھاؤ، سناؤ، سرھانا، جواہر، ہرد۔ ان حالات میں یہ دعویٰ کہاں تک درست ہے کہ ہر زبان کے الفاظ ناگری حرفوں میں لکھے جا سکتے ہیں۔ اردو رسم خط کے لیے بھی یہ دعویٰ نہیں کیا

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

جا سکتا - مگر اتنا تو بے خوف تردید کہا ہی جا سکتا ہے کہ اُردو حرفوں میں ناگری حرفوں سے کہیں زیادہ آوازیں ظاہر کی جا سکتی ہیں۔

اگر کسی حیثیت سے ناگری تحریر اُردو تحریر سے بہتر ٹھہرے تو بھی اس حقیقت کا انکار نہ کیا جا سکے گا کہ ناگری خط ہندوستان کے بعض حصّوں کے سوا دنیا کے کسی اور خطّے میں مستعمل نہیں ہے اور اُردو کا رسم خط وہ ہے جو ایشیا کے کئی ملکوں، یورپ کے بعض خطّوں اور افریقہ کے ایک بڑے حصّے میں رائج ہے اور دنیا کی کئی زبانیں اِنھیں حرفوں میں لکھی جاتی ہیں۔ اس لیے اگر ہندوستان کو اِن تمام ملکوں سے سیاسی، تجارتی اور تہذیبی تعلقات قائم کرنا ہیں تو ہندوستان کی عام ملکی زبان کے لیے فارسی خط ناگری سے کہیں بہتر ٹھہرے گا۔ اگر اُردو کو ہندوستان کی عام ملکی زبان نہ مانیں تو بھی بین الاقوامی تعلقات کے لحاظ سے اُس کے لیے فارسی خط کو باقی رکھنا یقیناً مفید ہے۔ فارسی خط تو ہندوستان میں صدیوں سے رائج ہے۔ اُس کو ترک کرنے کا کیا ذکر، اگر ہندوستان کو اپنے پاس پڑوس کے ملکوں سے ہر طرح کے تعلقات قائم کرنا ہیں تو اُس کو برمی، چینی، جاپانی، روسی وغیرہ کے رسم خط بھی سیکھنا پڑیں گے۔

اُردو کی تحریر کو اور زیادہ آسان بنانے کے خیال سے بعض لوگوں کی تجویز ہے کہ ث - ح - ذ - ص - ض - ط - ظ - ع - یہ آٹھ حرف اُردو کے حروفِ تہجّی سے خارج کر دیے جائیں۔ اس لیے کہ جو آوازیں ان حرفوں سے ادا کی جاتی ہیں اُن کے لیے دوسرے حروف موجود ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ان میں کا ہر حرف ایک مخصوص آواز کی علامت ہے جو کسی دوسرے حرف سے ظاہر نہیں کی جا سکتی۔ ان حرفوں کی مخصوص آوازوں کو ہم ادا بھی کر سکتے ہیں۔ مگر بالعموم ایسا نہیں کرتے، بلکہ ث اور ص کو س کی طرح، ذ، ض، ظ کو ز کی طرح، ح کو ہ کی طرح اور ع کو الف کی طرح ادا کرتے ہیں۔ اس طرح یہ آٹھ حرف زائد اور بے ضرورت معلوم ہونے لگتے ہیں اور تحریر میں کچھ دشواریاں پیدا کر دیتے ہیں۔ مگر وہ کون سا رسم خط ہے جس میں اس طرح کی دشواریاں نہیں ہیں اور جس کے صرف حروف سیکھ لینے سے تمام الفاظ صحیح لکھے اور پڑھے جا سکتے ہیں۔ ان حرفوں کی وجہ سے اُردو کے بہت سے لفظوں کا املا یاد رکھنا پڑتا ہے اور اس کے لیے کافی مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن یہی دقّت ناگری تحریر میں بھی ہے جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے اور یہی دقّت اُردو اور ناگری دونوں سے کہیں زیادہ رومن تحریر میں موجود ہے جیسا کہ آگے چل کر بتایا جائے گا۔

یہ حروف جو بظاہر بے کار معلوم ہوتے ہیں ان کا ایک فائدہ یہ ہے کہ وہ لفظ جو تلفظ میں یکساں اور معنوں میں مختلف ہیں جب لکھ دیے جاتے ہیں تو اُن کے اختلاف سے اپنے معنی خود بتا دیتے ہیں جیسے نال اور نعل، نظیر اور نذیر، ثواب اور صواب، کسرت اور کثرت، علم اور الم، عام اور آم، حائل اور ہائل، لعل اور لال، جعل اور جال، نقل اور نال، صدا اور سدا، تان اور طعن، باز اور بعض،

عرض اور ارض، باد اور بعد، صد اور سد، عیال اور ایال، سفر اور صفر، حال اور ہال، تانا اور طعنہ، زن اور ظن، مامور اور معمور، صورت اور سورت، صور اور سور، ہل اور حل، جالی اور جعلی، عرضی اور ارضی، ذکی اور زکی، اسیر اور اثیر، حار اور ہار، سریر اور صریر۔ جن لفظوں کے تلفظ یکساں اور معنی مختلف ہیں اگر ان کا املا بھی یکساں ہو جائے تو جو غلط فہمیاں ابھی صرف کانوں کے ذریعے سے ہوتی ہیں وہ آنکھوں کے ذریعے سے بھی ہونے لگیں گی۔

یہی حرف ہم کو اس بات کا پتا لگانے میں مدد دیتے کہ کون لفظ کس خاندان کا ہے اور کس ملک سے آیا ہے۔ لفظوں کے خاندانی، ملکی اور نسلی امتیازات پر غور کرنے سے بیش قیمت تاریخی اور جغرافی معلومات حاصل ہوتی ہے اور قوموں اور ملکوں کے باہمی تعلقات کا پتا لگتا ہے۔ ان حرفوں کو ترک کر دینے سے بہت سے لفظوں کی صورت بدل جائے گی اور اس سے ایک طرف اس طرح کی معلومات اور انکشافات کا ایک دروازہ بند ہو جائے گا اور دوسری طرف جب لفظوں کی اصل کا پتا نہ لگ سکے گا تو نہ اُن کے بنیادی معنی معلوم ہو سکیں گے، نہ لغوی اور مجازی معنوں کا تعلق نظر آئے گا، نہ عام اور خاص مفہوم کا ربط سمجھ میں آئے گا۔ اس طرح اُردو رفتہ رفتہ وہ خصوصیتیں کھو بیٹھے گی جو ایک بلند پایہ علمی، ادبی اور معیاری زبان کا طرۂ امتیاز ہوتی ہیں اور جو ادیبوں، شاعروں، نقّادوں اور زباں دانوں کی صدیوں کی مسلسل کوششوں سے اُردو کو حاصل ہو چکی ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ کم مقدار میں وہ تمام نقصانات پہنچیں گے جو کوئی نیا رسم خط اختیار کرنے سے پہنچ سکتے ہیں اور جن کا ذکر آگے چل کر کیا جائے گا۔

ذیل میں چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں جن سے معلوم ہوگا کہ ان حرفوں کو نکال ڈالنے سے لفظوں کی صورت کیا سے کیا ہو جائے گی۔

موجودہ صورت	مجوزہ صورت
حضرت	ہزرت
عرض	ارز
صاحب	ساہب
طرح	ترہ
حفیظ	ہفیز

جن لوگوں کی نگاہیں ترہ، ارز، اور ہزرت کی عادی ہو جائیں گی وہ طرح، عرض، حضرت کو کیونکر پڑھ سکیں گے۔ اگر اُن کی تعلیم کی اعلیٰ منزلوں میں یہ خارج کیے ہوئے حرف سکھا بھی دیے جائیں تو بھی ان لفظوں کو ان صورتوں میں پڑھنا اُن کے لیے بہت دشوار ہوگا۔ بات یہ ہے کہ کوئی لفظ ایک حرف کو ٹٹول ٹٹول کے اور ہجے لگا لگا کے نہیں پڑھا جاتا بلکہ اس کی معین صورت اُس کے تلفظ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کی ایک مستقل علامت بن کر ذہن میں نقش ہو جاتی ہے اور صورت، تلفظ اور معنی میں ایسا ربط پیدا ہو جاتا ہے کہ اِدھر لفظ کی صورت آنکھوں کے سامنے آئی اُدھر وہ پڑھ بھی لیا گیا اور سمجھ بھی لیا گیا۔ صورت بدل جانے سے لفظ کا پڑھنا بھی مشکل ہو جاتا ہے اور اُس کے سمجھنے میں بھی دیر لگ جاتی ہے یعنی اُس کو پڑھنے اور سمجھنے میں دماغ پر معمول سے زیادہ زور دینا پڑتا ہے۔

بعض لوگ اُردو حرفوں کے ناموں پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ حروف مفرد آوازوں کی علامتیں ہیں، اُن کے ناموں کا کئی کئی آوازوں سے مرکب ہونا درست نہیں۔ مثلاً آ کی آواز کو ظاہر کرنے والے حرف کا الف نام رکھنا مناسب نہیں۔ اُن کا خیال ہے کہ ناگری میں جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے وہ درست ہے کہ حرف جس آواز کو ظاہر کرتا ہے وہی آواز اُس حرف کا نام ہے مثلاً آ کی آواز کے لیے جو حرف ہے اُس کا نام بھی آ ہے۔ یہ اعتراض ایک غلط فہمی پر مبنی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اُردو میں الف آ کی آواز کا نام نہیں ہے۔ بلکہ اُس علامت کا نام ہے جو اُس آواز کو ظاہر کرتی ہے جو اَ، آ، اِ، اِی، اُ، اُو، اِے، اَے، اَو، اُو میں مشترک ہے۔ یہ سب صورتیں ایک ہی آواز کی مختلف حرکتوں سے پیدا ہوئی ہیں۔ اُس مجرد آواز کی علامت ا ہے اور اِس علامت کا نام اَلِف ہے۔ یہی حالت اور سب حرفوں کی ہے۔ مثلاً میم، کہ یہ مَ کا نام نہیں ہے۔ بلکہ اُس علامت کا نام ہے جو اُس آواز کو ظاہر کرتی ہے جس سے اِن لفظوں کی ابتدا ہوتی ہے مَن، مَاتش، مِس، مِیر، مُل، مُوٹھ، مینخ، مَیل، مَوچ، مُوج۔ یہ سب لفظ ایک ہی آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ مگر اُس کی حرکت ہر جگہ مختلف ہے، جس سے اُس ایک آواز کی دس صورتیں ہو گئی ہیں۔ اِن میں سے صرف پہلی صورت کو مَ کہنا درست ہے۔ زیادہ سے زیادہ دوسری صورت کو بھی مَ کہہ لیجیے اِس لیے کہ مَ کی حرکت کو کھینچنے ہی سے مَا بن جاتا ہے۔ ان دو صورتوں کو چھوڑ کر باقی آٹھ صورتوں کو مَ کہنا اور یہ دعویٰ کرنا کہ ناگری میں حرفوں کی جو آوازیں ہیں وہی اُن کے نام ہیں کہاں تک درست ہے۔

جس طرح اوپر دی ہوئی مثالوں میں مِس، مِیر، مُل، مُوٹھ، مینخ، مَیل، مَوچ، مُوج کی ابتدائی متحرک آواز مَ نہیں ہے، اُسی طرح نام، دام، کام کی آخری ساکن آواز بھی مَ نہیں ہے۔ اس لیے ناگری میں اِن آوازوں کو ظاہر کرنے والے حرف کا نام بھی مَ نہ ہونا چاہیے تھا۔ اِس سلسلے میں ہندی اور اُردو تلفظ کا ایک اُصولی فرق توجہ کے قابل ہے۔ ہندی میں لفظ کی آخری آواز متحرک ہوتی ہے۔ جیسے رامَ، شیامَ۔ اِس لیے ہندی میں اِن لفظوں کے آخری حرف کو مَ کہنا درست ہے۔ لیکن اُردو میں اسم کی آخری آواز ہمیشہ ساکن ہوتی ہے۔ اِس لیے رام اور شیام کی آخری آواز کو بھی اُردو میں مَ نہیں کہہ سکتے۔

ناگری میں ساکن آوازیں نظر انداز کر دی گئی ہیں اور زبر کی حرکت ہر آواز کی فطری حرکت

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

مان لی گئی ہے۔ اسی وجہ سے آوازوں کے نام ایسے رکھے گئے ہیں جن سے زبر کی حرکت ظاہر ہوتی ہے۔ لیکن چونکہ ہندی میں بھی ہر آواز دس مختلف حرکتیں اختیار کر سکتی ہے اس لیے وہ نام بیشتر حالتوں میں آوازوں سے مطابقت نہیں رکھتے۔ اس کے علاوہ ہر آواز کو متحرک ماننے اور زبر کو اس کی فطری حرکت قرار دینے کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ مثلاً مَ پر اُو کا ماترا اور گَ پر اِی کا ماترا لگانے سے موٗ اور گیٖ کی آوازیں نکلنا چاہیے۔ اُن کو موٗ اور گی پڑھنا اصولاً صحیح نہ ہوگا۔ بلکہ ان آوازوں کا ناگری حرفوں سے ادا کرنا ممکن ہی نہ ہوگا۔

اُردو میں دنیا کی اور زبانوں کی طرح متحرک اور ساکن دونوں طرح کی آوازیں ہیں اور حروف غیر متحرک آوازوں کی علامتیں ہیں۔ اِس لیے حرفوں کے نام ایسے رکھے گئے ہیں جو آوازوں کی کسی حرکت کو ظاہر نہیں کرتے اور اس طرح اُردو رسم خط ناگری تحریر کی اُن بے اُصولیوں اور دشواریوں سے محفوظ ہے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔ اِس سلسلے میں اِس بات کی طرف توجہ دلانا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اُردو میں ہر حرف کا نام اُسی آواز سے شروع ہوتا ہے جس کی وہ علامت ہے اور اس طرح حرفوں کے نام اُن کی آوازوں کی طرف اشارہ کر دیتے ہیں۔

اس مختصر بحث سے واضح ہو گیا ہوگا کہ نہ ناگری حرفوں کے نام تعریف کے لائق ہیں نہ اُردو حرفوں کے نام اعتراض کے قابل۔

بعض لوگ رومن رسم خط کی تائید کرتے ہیں۔ اُن کا خیال ہے کہ اگر اُردو اور ہندی دونوں کے لیے رومن خط اختیار کر لیا جائے تو ان زبانوں کے افتراق کا ایک بڑا سبب دُور ہو جائے گا اور دونوں کے مِل کر ایک ہو جانے کا امکان پیدا ہو جائے گا۔ مگر جب ان دونوں زبانوں کو قریب لانے کی کوئی کوشش نہیں ہو رہی ہے، بلکہ کوئی خواہش بھی معلوم نہیں ہوتی اور جب ہندی کے بعض بڑے ذی اثر حامی بالاعلان کہہ رہے ہیں کہ ہندی میں سنسکرت کی آمیزش کرنا چاہیے اور سنسکرت آمیز ہندی کو ملک کی عام زبان ہونا چاہیے، تو صرف رسم خط کی تبدیلی سے کیا فائدہ ہوگا۔ اس حالت میں اگر ہم رومن حروف اختیار کر لیں تو اُردو اور ہندی کے میل سے ایک عام فہم زبان تو پیدا نہ ہوگی۔ البتہ اردو اپنی انفرادیت کھو بیٹھے گی اور اُس کی ہستی خطرے میں پڑ جائے گی۔

کہا جاتا ہے کہ رومن رسم خط اختیار کرنے سے غیر ملک اور غیر زبان والوں کو اُردو سیکھنے میں آسانی ہوگی۔ لیکن کسی زبان کا رسم خط معین کرتے وقت اس زبان کے بولنے اور لکھنے والوں کی آسانی یا فائدے کا خیال اصل اُصول ہونا چاہیے۔ جب ہم اس اصول پر اِس مسئلے کو طے کرنا چاہتے ہیں تو موجودہ رسم خط کو اُردو کے لیے سب سے زیادہ مناسب پاتے ہیں۔ مدّت دراز کے تجربے سے اپنی ضرورتوں کے موافق جو ترمیمیں اس رسم خط میں ہوتی رہی ہیں۔ اُنھوں نے اس کو اُردو کے لیے سب سے زیادہ موزوں

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

بنا دیا ہے ۔ اب اگر اس کو چھوڑ کر کوئی دوسرا خط اختیار کیا جائے تو اس کی ضروری ترمیم و اصلاح کے لیے پھر ایک طویل مدت درکار ہوگی ۔ پھر بھی اس کو اُردو کے مزاج سے ہم آہنگ بنا لینا مشکوک ہی رہے گا ۔

رومن رسم خط اختیار کر لینے کا ایک فائدہ یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ اس کو سیکھ کر ہم کو مختلف تحریروں کے سیکھنے کی ضرورت نہ رہے گی ۔ ہم اُردو ، ہندی ، انگریزی اور دوسری مغربی زبانیں رومن خط کی مدد سے بہ آسانی پڑھ سکیں گے ۔ یہ بات صرف اس حد تک صحیح ہے کہ اگر تمام زبانیں رومن حرفوں میں لکھی جانے لگیں تو ہم کو کوئی نئی زبان سیکھنے کے لیے نئی صورتوں کے مفرد حروف کم سیکھنا پڑیں گے ۔ اور اس سے وقت کی کچھ بچت ہوگی ۔ مگر اس زبان کی مخصوص آوازوں کو ظاہر کرنے کے لیے کبھی دو تین حرفوں کو ملا کر ایک حرف ماننا ہوگا ، کبھی نئے حرف بنانا اور نئی علامتیں مقرر کرنا ہوں گی ، کبھی پرانے حرفوں سے نئی آوازیں ادا کرنا ہوں گی اور کبھی ایک پرانا اور ایک نیا حرف ملا کر لکھنا ہوگا ۔ یہ سب چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں اس کثرت سے واقع ہوں گی کہ مفرد حرفوں میں بہت کچھ یکسانی ہونے کے باوجود ہر زبان کا رسم خط بدل جائے گا اور یہ ممکن نہ ہوگا کہ بغیر کسی زبان سے واقفیت پیدا کیے ہوئے اس کی لکھی ہوئی عبارت صحیح پڑھ لی جائے ۔

تجربہ اور مشاہدہ شاہد ہے کہ جو لوگ ساری عمر رومن حرفوں میں انگریزی پڑھتے لکھتے رہتے ہیں وہ انھیں حرفوں میں لکھی ہوئی فرانسیسی یا جرمن عبارت کا ایک جملہ بھی صحیح نہیں پڑھ سکتے ۔ اس سے بڑھ کر یہ بات ہے کہ جو لوگ اُردو اور انگریزی دونوں زبانیں بخوبی جانتے ہیں اور فارسی حرفوں میں لکھی ہوئی اُردو اور رومن حرفوں میں لکھی ہوئی انگریزی کو بڑی روانی کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں اُن کو رومن میں لکھی ہوئی اُردو کو پڑھنے میں بڑی دیر لگتی ہے اور بہت دماغی محنت کرنا پڑتی ہے ۔ زبان نہ جاننے کی حالت میں تو اکثر لفظوں کا پڑھنا صرف دشوار ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو جائے گا ۔ مثلاً کوئی شخص جس نے رومن حرف سیکھ لیے ہوں مگر نہ انگریزی زبان سے واقف ہو نہ اُردو سے ، وہ اگر کسی عبارت میں MAZE لکھا ہوا دیکھے تو وہ کسی طرح یہ فیصلہ نہیں کر سکتا کہ اس کو میز پڑھنا چاہیے یا مزے ۔ اسی طرح MAIL کے بارے میں یہ طے نہیں کر سکتا کہ اس کو میل پڑھے یا مَیل ۔ لیکن جو شخص یہ دونوں زبانیں جانتا ہو وہ اِن لفظوں کو انگریزی عبارت میں میز اور میل پڑھے گا اور اُردو عبارت میں مزے اور مَیل ۔ ایک دوسری صورت ملاحظہ ہو ۔ اگر کہیں اردو کے لفظ لوگ اور رتھے لکھے ہوں یعنی LOG اور THE اور اُن کو کوئی ایسا شخص پڑھے جو صرف انگریزی زبان جانتا ہو تو یقیناً وہ اُن کو لاگ اور دی پڑھے گا ۔ لوگ اور رتھے ہرگز نہ پڑھے گا ۔ ایسی ہی نہ معلوم کتنی دقتیں پیش آئیں گی جن کا حل زبان کے علم کے بغیر ممکن نہ ہوگا ۔ پس یہ دعویٰ کسی طرح صحیح نہیں ہے کہ رومن حرفوں کے ذریعے سے ان حرفوں میں لکھی ہوئی تمام زبانوں کی

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

عبارتیں پڑھی جا سکتی ہیں۔

اب اس اصولی بحث کی تائید میں ایک عملی ثبوت پیش کیا جاتا ہے۔ مسٹر جے آر۔ فرتھ (J. R. FIRTH) جو سنہ ۱۹۱۵ء سے سنہ ۱۹۲۷ء تک بارہ برس پنجاب یونیورسٹی میں انگریزی کے پروفیسر اور لاہور میں مقیم رہے تھے اور اس دوران میں ہندوستانی زبان کی لسانی اور صوتی ساخت کے متعلق تحقیق کرتے رہے تھے، جب سنہ ۱۹۲۷ء میں انگلستان واپس گئے تو ہندوستانی لسانیات اور صوتیات کے پروفیسر کی حیثیت سے اپنا سارا وقت ان علموں کے مطالعے اور تعلیم میں صرف کرنے لگے۔ سنہ ۱۹۳۷ء میں وہ ایک خاص وظیفہ حاصل کر کے دوبارہ ہندوستان آئے اور یہاں رہ کر اپنی لسانی اور صوتی تحقیقات کو مکمل کیا۔ اس تحقیقات سے کام لے کر انھوں نے ہندوستان کی زبانوں کو رومن حرفوں میں لکھنے کے لیے ایک رسم خط تجویز کیا ہے، جس کی تائید میں یونیورسٹی کالج، لندن کے صوتیات کے پروفیسر مسٹر ڈینیل جونس (DANIEL JONES) نے ایک رسالہ انگریزی زبان میں لکھا ہے۔ اس رسالے کا نام ہے "ہندوستان کے لیے ایک قومی رسم خط کا مسئلہ"[1]۔ وہ اگست سنہ ۱۹۴۲ء میں چھپا تھا اور پایونیر پریس لکھنؤ سے اب بھی مل سکتا ہے۔

پروفیسر جونس اپنے رسالے کے پیش نامے میں لکھتے ہیں کہ اس رسالے میں جو رسم خط تجویز کیا جا رہا ہے وہ مسٹر فرتھ کی سالہا سال کی انتھک اور بے لوث تحقیقات کا نتیجہ ہے۔ موصوف ہندوستان کی زبانوں کے صوتیاتی پہلو کا بے مثل علم رکھتے ہیں اور اُن مختلف پیچیدہ مسائل کو خوب سمجھتے ہیں جن پر ایک مکمل رسم خط معین کرنے سے پہلے غور کر لینا بہت ضروری ہے۔ آگے چل کر پھر لکھتے ہیں کہ مسٹر فرتھ نے ہندوستان کی متعدد زبانوں کا خصوصی مطالعہ کیا ہے اور ہندوستان کے لیے رسم خط تجویز کرنے کے سلسلے میں جتنا کام کیا ہے اس میں ہمیشہ مختلف مسئلوں کو ہندوستانیوں ہی کے نقطۂ نظر سے دیکھا ہے۔ پروفیسر جونس کی رائے میں مسٹر فرتھ کا تجویز کیا ہوا رسم خط علمی حیثیت سے مکمل ہے اور صوتیات، لسانیات، نفسیات، طباعت اور خطاطی کے تمام مطالبوں کو بہترین صورت سے پورا کرتا ہے۔

مسٹر فرتھ نے ہندوستان کی پانچ زبانوں کے لیے علیحدہ علیحدہ حروف تہجی تجویز کیے ہیں، جن میں سے کچھ حرف کئی زبانوں میں مشترک ہیں اور کچھ ایک ایک زبان کے لیے مخصوص ہیں۔ ہندوستانی یعنی اُردو اور ہندی کے حروف اور اُن حرفوں میں لکھی ہوئی اُردو عبارت کا ایک نمونہ مقابل کے صفحے میں ملاحظہ فرمائیے۔ یہ رسم خط ایک بہت بڑے ماہر فن نے برسوں کی محنت کے بعد تجویز کیا ہے

---

[1] THE PROBLEM OF A NATIONAL SCRIPT FOR INDIA)

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ALPHABET FOR HINDUSTANI

ə a y i w u e əy o əw ŋ h k kh g gh
c ch j jh ʈ ʈh ɖ ɖh t th d dh n p ph
b bh m y r l v f ʃ s z h ɽ ɽh x ɣ q ’

ʂ ɳ (when required for Sanskrit words) [3]
ʒ (when required for Persian words) [3]

Ə A Y I W U E ƏY O ƏW Ŋ H K KH G GH
C CH J JH Ʈ ƮH Я ЯH T TH D DH N P PH
B BH M Y R L V F Σ S Z H Л ЛH X Ɣ Q ’

Ʂ Ƞ (when required for Sanskrit words) [3]
Ʒ (when required for Persian words) [3]

SPECIMEN OF HINDUSTANI

Ys meŋ ʃək nəhiŋ ke məwjuda zəmane meŋ am talim əwr əxbarat kytaboŋ səynma əwr reɖyo ke zərye am propəgənɖa kərke kysi zəban meŋ pəyhle se bəwht jəld təɣəiywr pəyda kia jasəkta həy; lekyn phyr bhi ye təɣəiywr syrf əks hoga ws təbdili ka jo nyhayət tezi se ynsanoŋ ki zyndəgi meŋ ho rəhi həy. Əgər koi zəban əvam se betəəllwq ho jae to voh ek bənaoʈi əwr bejan ciz hojaegi, haləŋke zəban ko to zyndəgi qwvvət əwr mwsərrət ka sərcəʃma hona cahie. Əgər kysi zəban ko zəbərdəsti ek xas rəste pər cəlane ki koʃyʃ kijaegi to ws ka nətija yeh hoga ke voh dəbkər əwr bygəɽkər rəyhjaegi.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

اور ایک دوسرے ماہر فن نے اُس کے مکمل ہونے پر تصدیق کی مہر لگائی ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا اس رسم خط کو سیکھ کر کوئی ہندوستانی آدمی انگریزی، فرانسیسی اور جرمن زبان کی تحریریں پڑھ سکتا ہے۔ یا کوئی انگریز، فرانسیسی یا جرمن اس خط میں لکھی ہوئی اُردو کی تحریریں پڑھ سکتا ہے؟

رومن حروف سیکھ کر اُن حرفوں میں لکھی ہوئی تمام زبانوں کی عبارتوں کا پڑھ سکنا تو ایک خیال محال ہے۔ اگر انگریزی داں حضرات غور کریں تو یہ بات آسانی سے سمجھ میں آسکتی ہے کہ صرف انگریزی عبارت پڑھ لینے کی قابلیت جو اُن میں پیدا ہوئی ہے وہ بھی فقط رومن حروف سیکھ لینے کا نتیجہ نہیں ہے۔ بلکہ یہ قابلیت پیدا کرنے کے لیے وہ لفظوں کا املا، تلفظ، اور معنی سالہا سال تک یاد کرتے رہے ہیں اور اس کے بعد بھی جب کوئی نیا لفظ دیکھنے یا سننے میں آجاتا ہے تو اس کا صحیح تلفظ یا املا ڈکشنری سے پوچھنا پڑتا ہے۔ خود سے نہ اس کو صحیح طریقے سے بول سکتے ہیں نہ لکھ سکتے ہیں۔

اب تک دنیا میں کوئی ایسا رسم خط ایجاد نہیں ہوا جو کل زبانوں کا کیا ذکر کسی ایک زبان کی تمام آوازوں کو بھی پورے طور پر ادا کر سکتا ہو۔ خالص صوتیاتی اصول پر بنایا ہوا رسم خط بھی تمام آوازوں کو ادا کرنے پر قادر نہیں ہو سکتا۔ مگر اس میں زیادہ سے زیادہ آوازوں کو ظاہر کرنے کی صلاحیت ہو سکتی ہے۔ لیکن اُس کی یہ صلاحیت ہی اُس کو ناقابل عمل بنا دیتی ہے۔ صوتی رسم خط جتنا زیادہ مکمل ہو گا اتنا ہی زیادہ ناقابل عمل ہو گا۔ یہ بات بظاہر قابل قبول نہیں معلوم ہوتی۔ اس لیے اس کی کچھ توضیح کی جاتی ہے۔ ایک ہی شخص ایک ہی لفظ بولتا ہے تو مختلف موقعوں پر اور مختلف حالتوں میں اس کا لہجہ بدلتا رہتا ہے۔ ایک ہی جگہ کے رہنے والے لوگ ایک ہی لفظ کو مختلف لہجوں سے ادا کرتے ہیں۔ مختلف مقاموں کے رہنے والوں میں تو لہجے کا اختلاف بہت ہی نمایاں ہو جاتا ہے۔ صوتی رسم خط اختیار کرنے کا نتیجہ یہ ہو گا کہ ایک ہی لفظ کو لہجے کے ہر تغیّر کے ساتھ ایک نئی صورت سے لکھنا ہو گا۔ اس طرح کسی لفظ کی کوئی معین صورت ہی باقی نہ رہے گی، بلکہ ایک ایک لفظ کی بہت بہت سی صورتیں ہو جائیں گی۔ ان سب مختلف تحریری صورتوں کو ایک ہی لفظ سمجھنا بھی مشکل ہو گا اور وہ دماغی پریشانی پیدا ہو گی کہ پڑھنا لکھنا ایک مصیبت بن جائے گا۔

صوتی رسم خط کو جتنا مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی اتنی ہی حرفوں اور علامتوں کی تعداد بڑھتی جائے گی اور اتنا ہی اُن کا یاد رکھنا مشکل ہوتا جائے گا۔ انھیں دقتوں سے بچنے کے لیے ہر زبان کی تحریر میں عملی آسانی کو صوتیاتی صحت پر مقدم رکھنا پڑتا ہے۔ تلفظ حقیقت میں ایسی نازک چیز ہے کہ لکھا ہوا لفظ زیادہ سے زیادہ اس کے قریب پہنچ سکتا ہے، اس کو پورے طور پر ادا نہیں کر سکتا۔ حرفوں کی آوازوں اور اُن کی حرکتوں میں ایسے ایسے باریک فرق ہوتے ہیں کہ اُن کو علامتوں کے ذریعے سے بالکل ٹھیک ٹھیک ظاہر نہیں کر سکتے۔ اسی لیے صوتیات کے ماہروں کی بھی یہی رائے ہے کہ ہر لفظ کی معیاری مکتوبی صورت صرف ایک ہونا چاہیئے۔ یعنی لفظ کی تحریری صورت کو اس کے تلفظ کا بالکل صحیح عکس

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

نہیں، بلکہ صرف ایک علامت سمجھنا چاہیے جو تلفظ کی طرف ہمارے ذہن کی رہنمائی کرتی ہے۔ اُردو کے رسم خط کو بھی اسی عملی نقطۂ نظر سے دیکھنا چاہیے۔

ایک مدت تک ہندوستان کی عدالتی، دفتری، تجارتی، سیاسی اور علمی زبان انگریزی رہی ہے۔ انگریزی پڑھنے والے اس ملک میں لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں اور انگریزی ہی کے ذریعے سے ہم رومن حرفوں سے آشنا ہوئے ہیں۔ جو لوگ اُردو کے لیے رومن رسم خط تجویز کرتے ہیں انھوں نے بھی رومن حرفوں کا استعمال انگریزی ہی سے سیکھا ہے۔ اس لیے انگریزی کے رسم خط پر ایک نظر ڈالنا اور اُردو کے رسم خط سے اُس کا مقابلہ کرنا فائدے سے خالی نہ ہوگا۔

انگریزی زبان صدیوں سے رومن حروف میں لکھی جا رہی ہے اور اُس کے رسم خط میں اصلاحیں بھی ہوتی رہی ہیں۔ مگر اب بھی اُس میں اتنی خرابیاں موجود ہیں کہ اُردو کا موجودہ رسم خط اُس سے کہیں بہتر ہے۔ اس دعوے کی تفصیلی بحث بہت پھیلاو چاہتی ہے۔ یہاں صرف چند باتیں مختصر طور پر بیان کی جاتی ہیں۔

(۱) کہا جاتا ہے کہ اُردو کی تحریر میں جو چیز سب سے زیادہ دشواری پیدا کرتی ہے وہ یہ ہے کہ اس میں بعض آوازوں کے لیے کئی کئی حرف استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ بات صرف اس حد تک صحیح ہے کہ اُردو میں تین آوازوں کے لیے دو دو حرف، ایک کے لیے تین حرف اور ایک کے لیے چار حرف ہیں۔ مگر ایک حرف بھی ایسا نہیں ہے جو ایک سے زیادہ آوازوں کو ظاہر کرتا ہو۔ اس لیے بعض لفظوں کو لکھنے میں تو کچھ دقت ہو سکتی ہے مگر اُن کو پڑھنے میں کوئی دقت نہیں ہوتی۔ صرف چند لفظ ایسے ہیں جن میں نون کا حرف میم کی آواز دیتا ہے۔ مگر ایسا صرف اُس صورت میں ہوتا ہے جب کسی لفظ میں ساکن نون کے بعد متحرک بے آتی ہے، جیسے منبر، عنبر، سنبل۔ اس کے خلاف انگریزی کی تحریر میں جہاں ایک ایک آواز کے لیے کئی کئی حرف ہیں وہاں ایک ایک حرف کی کئی کئی آوازیں بھی ہیں۔ اس لیے جو دقت بولے ہوئے لفظوں کے لکھنے میں پیش آتی ہے وہی لکھے ہوئے لفظوں کے پڑھنے میں بھی پیش آتی ہے اور انگریزی لکھنا پڑھنا اُردو لکھنے پڑھنے سے کہیں زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔

(۲) اُردو میں ہر آواز ایک مفرد حرف سے ادا کی جاتی ہے۔ انگریزی میں مرکب اور دُہرے حرفوں سے بھی بہت کام لیا جاتا ہے اور ایسے حرفوں کی آوازیں بھی ہمیشہ ایک سی نہیں رہتیں۔ مثلاً CH کہیں چ کی آواز دیتا ہے کہیں ک کی اور کہیں ش کی۔

(۳) اُردو میں عربی لفظوں کی ابتدا میں کبھی کبھی الف لام لگا دیا جاتا ہے جو تعریف اور تخصیص کا فائدہ دیتا ہے۔ اور ان دو حرفوں میں کبھی ایک کبھی دونوں کوئی آواز نہیں دیتے۔ اسی طرح فارسی کے چند لفظ ہیں جن میں واو کا حرف کوئی آواز نہیں دیتا جیسے خواب خواہش۔ مگر ان دونوں چیزوں

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کے لیے قاعدے مقرّر ہیں۔ انگریزی میں خاموش حروف، جو بالکل بے ضرورت ہوتے ہیں، کثرت سے آتے ہیں، ہر جگہ آ سکتے ہیں اور کسی مقررہ قاعدے کی پابندی بھی نہیں کرتے۔

(۴) اُردو میں حرفوں کی حرکتوں کو ظاہر کرنے کے لیے تھوڑی سی مفرد علامتیں ہیں۔ ہر علامت صرف ایک حرکت کے لیے اور ہر حرکت کے لیے صرف ایک علامت ہے۔ انگریزی میں حرکتوں کی یہ علامتیں، جو حرفوں کی شکل میں لکھی جاتی ہیں، وہ بھی حروفِ صحیح کی طرح مفرد، مرکب، دُہری اور بے ضرورت سبھی طرح کی ہیں۔ اُن کی مجموعی تعداد بھی بہت زیادہ ہے۔ اس کے باوجود نہ کسی حرکت کے لیے کوئی ایک علامت مخصوص ہے نہ کسی علامت کے لیے کوئی ایک حرکت مخصوص ہے۔ مثلاً GO، FOE SHOULDER، GROW، ROAD، اِن پانچ لفظوں میں ایک ہی حرکت کے لیے پانچ علامتیں استعمال کی گئی ہیں یعنی O، OE، OA، OW، OU۔ اس کے خلاف DOES، POET، SHOE اور FOE اِن چار لفظوں میں ایک ہی علامت OE چار مختلف حرکتوں کا کام دے رہی ہے۔[1]

(۵) اُردو میں حرکت کی علامت ہمیشہ متحرک حرف کے ساتھ آتی ہے۔ انگریزی میں اس کے خلاف بھی ہوتا ہے۔ مثلاً DATE، JOKE، FINE ان لفظوں میں F، J اور D متحرک حرف ہیں۔ اس لیے حرکتوں کی علامتیں صرف انھیں حرفوں کے بعد ہونا چاہییے تھیں۔ N، K اور T ساکن حرف ہیں۔ اُن کے بعد حرکت کی ایک علامت یعنی E کا آنا خلافِ اصول بات ہے۔

اُردو کے فارسی رسم خط اور انگریزی کے رومن رسم خط کا مقابلہ جو مختصر اور سرسری طور پر یہاں کیا گیا ہے اُس پر غور کرنے سے واضح ہو جائے گا کہ اُردو میں تحریر کی جو دقّت بیان کی جاتی ہے وہ انگریزی میں اُس سے بدرجہا زیادہ ہے۔ مثلاً انگریزی کا ایک معمولی اور کثیر الاستعمال لفظ CONCEIVE ہے۔ اس میں ابتدائی حرف C کی جگہ K اور CH بھی لکھا جا سکتا ہے۔ O کی جگہ U بھی آ سکتا ہے دوسرے C کی جگہ S بھی ہو سکتا ہے۔ EI کی جگہ EE، IE اور EA بھی لکھا جا سکتا ہے۔ اور آخری حرف E کو حذف بھی کیا جا سکتا ہے۔ یہ بارہ تبدیلیاں ہیں جو اس ایک لفظ کی تحریری صورت میں کی جا سکتی ہیں۔ یعنی ان میں سے ایک یا زیادہ تبدیلیوں کے ساتھ اگر یہ لفظ لکھا جائے تو انگریزی کے موجودہ رسم خط کے اعتبار سے اس کا یہی تلفظ باقی رہ سکتا ہے۔ اب اگر ایک ہی آواز کے حرفوں کو بدل بدل کر اس لفظ کو لکھیں تو اُس کی چھیانوے ۹۶ صورتیں بن سکتی ہیں۔ اس بحث سے صاف ظاہر ہے کہ رومن حرفوں کی ذات میں یہ صفت داخل نہیں ہے کہ ان کو اختیار کر لینے سے پڑھنے لکھنے کی ساری دقتیں خود بخود حل ہو جاتی ہیں۔

---

[1] یہ مثالیں پروفیسر جونس کے اُس رسالے سے لی گئی ہیں جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے۔

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

انگریزی کے رسم خط کی خرابی کی مثال میں جو لفظ اوپر پیش کیا گیا ہے ظاہر ہے کہ تمام لفظوں کی حالت بالکل اسی کی سی نہیں ہے۔ مگر انگریزی کے تقریباً اسی فی صدی الفاظ ایسے ضرور ہیں جو ایک سے زیادہ اور بعض حالتوں میں بہت زیادہ صورتوں سے لکھے جا سکتے ہیں۔ یعنی اُن کا جو املا صحیح سمجھا جاتا ہے وہ کسی قاعدے پر مبنی نہیں ہے۔ بلکہ صرف ایک رسمی اور روایتی چیز ہے۔

اگر انگریزی کے رسم خط کی ان تمام بے قاعدگیوں پر جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے، اصولی حیثیت سے نظر کی جائے تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ انگریزی میں تھوڑے سے لفظوں کو چھوڑ کر باقی تمام الفاظ کی حالت یہ ہے کہ اُن کو سن کر صحیح صورت سے لکھ دینا یا لکھا ہوا دیکھ کر صحیح تلفظ سے پڑھ دینا ممکن نہیں۔ اس طرح انگریزی کا رسم خط اتنا مشکل دکھائی دے گا کہ اُس کا پڑھنا لکھنا تقریباً محال معلوم ہونے لگے گا مگر ہم دیکھتے ہیں کہ اسی رسم خط کے ساتھ انگریزی اُن عظیم زبانوں میں ہے جن کے پڑھنے اور لکھنے والے تعداد میں دنیا کی بیشتر زبانوں سے زیادہ ہیں اور دنیا کے بہت سے حصوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ اصولی طور پر جتنی دشواریاں نظر آتی ہیں عملی طور پر اتنی پیش نہیں آتیں۔

بات یہ ہے کہ انسان کے دماغ میں ایسی قوتیں موجود ہیں جن سے بہت سی دشواریاں خود بخود حل ہو جاتی ہیں۔ ابتدا میں کچھ لفظوں کا املا یاد کرنا پڑتا ہے۔ اس کے بعد مشاہدے کی تکرار سے بہت سے لفظوں کے نقش بغیر کسی خاص کاوش کے طالب علم کے ذہن میں اُتر آتے ہیں اور پھر وہ مماثلت، مشابہت، تقابل، اشتقاق وغیرہ کی رہنمائی میں ان لفظوں کے قیاس پر دوسرے لفظوں کی مکتوبی صورت کا اندازہ کر لیتا ہے۔ اس طرح اصولی دشواریاں عمل کی منزل میں بہت کچھ آسان ہو جاتی ہیں۔ یہیں سے یہ بات سمجھ میں آ جائے گی کہ اُردو کا فارسی رسم خط جو اصولی حیثیت سے بھی انگریزی کے رومن رسم خط سے کہیں زیادہ آسان ہے، اس کو برتنے میں کوئی غیر معمولی دشواری پیش نہیں آ سکتی۔

اس تمام بحث سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ رومن رسم خط کو اُردو کے موجودہ رسم خط پر ترجیح دینے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔ اس سلسلے میں یہ بات بھی یاد رکھنا چاہیے کہ غیر ملکوں کے عیسائی مشنریوں نے، جو نہ اُردو کے طرف دار تھے نہ ہندی کے اور جنھیں نہ اُردو کو فروغ دینا تھا نہ ہندی کو، جب شمالی ہند میں اپنے مذہب کی تبلیغ کا کام شروع کیا تو ایک مدت تک اپنا تبلیغی لٹریچر رومن حرفوں میں چھاپتے رہے مگر جب رومن رسم خط کسی طرح مقبول نہ بن سکا تو آخر کار اُس کو چھوڑ کر اُردو اور ناگری حرفوں میں اپنی کتابیں چھاپنے لگے۔ جو تجربہ ایک مرتبہ کیا جا چکا ہے اُس کو دہرانے کی کیا ضرورت ہے۔

رسم خط بدلنے سے زبان کی ہیئت ہی بدل جاتی ہے۔ مشاہدہ اور تجربہ موجود ہو تو بحث کی ضرورت نہیں۔ ششر، گپت، سریواستو کے سے کثیر الاستعمال لفظوں کو جو ہندوؤں کے مختلف فرقوں کے نام ہیں، اور تو اور خود ہندو اور وہ بھی تعلیم یافتہ ہندو ششرا، گپتا، سریواستوا بولنے لگے ہیں۔ یہ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

رومن رسم خط ہی کی برکت تو ہے۔ تانگا کو ٹانگا، تاتا کو ٹاٹا، اور ڈالمیا کو ڈالمیا کر دینا بھی رومن حروف کا کارنامہ ہے۔ صرف یہی چند مثالیں یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ رومن حروف لفظوں کی صورت بگاڑ کر زبان کی شکل ہی بدل دیں گے۔

اگر رومن خط ہمارے لفظوں کا صحیح تلفظ باقی رکھ سکے تو بھی اس سے طرح طرح کے نقصان ضرور پہونچیں گے۔ ایک تو وہ اُس رشتے کو قطع کر دے گا جو ہماری زبان کے حال کو اُس کے ماضی سے جوڑتا ہے۔ دوسرے وہ بہت سے لفظوں کی اصل اور حقیقت پر پردہ ڈال دے گا اور یہ سمجھنا ممکن نہ رہے گا کہ کون لفظ کس خاندان کا ہے اور کس ملک سے آیا ہے۔ یعنی اُردو خط میں سے چند حرفوں کو خارج کر دینے سے جو نقصان پہونچ سکتا ہے اور جس کا ذکر ہم اوپر کر آئے ہیں وہی نقصان رومن رسم خط سے اُس سے کہیں زیادہ مقدار میں پہونچے گا۔ اس کے علاوہ جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے اُردو کا موجودہ رسم خط وہ ہے جو ایشیا کے کئی ملکوں میں رائج ہے۔ اگر ہم ایشیائی ملکوں اور ایشیائی زبانوں سے رشتہ توڑ کر یورپ اور یورپی زبانوں سے ناتا جوڑنا چاہتے ہوں تو اس خط کو چھوڑ کر رومن خط اختیار کرنے کا مشورہ ہمارے لیے قابل قبول ہو سکتا ہے۔

فارسی زبان اُردو کے لیے ایک بنیادی زبان کی حیثیت رکھتی ہے۔ اُس میں اور اُردو میں ماں بیٹی کا تعلق ہے۔ عربی سے بھی اُردو کو برابر تقویت پہنچتی رہی ہے۔ ان دونوں زبانوں کا رسم خط تقریباً بالکل وہی ہے جو اُردو کا ہے۔ اس لیے اگر اُردو کا تعلق فارسی عربی سے باقی رکھنا ہے تو اُس کے موجودہ رسم خط کا باقی رکھنا بھی ضروری ہے۔ رومن ہو یا کوئی دوسرا رسم خط وہ اس تعلق کو قطع کر دے گا اور یہ اُردو کے لیے بے حد مضر ہوگا۔

اُردو زبان و ادب کو فارسی زبان و ادب سے جو قریبی تعلق ہے اس کی بنا پر اُردو کا بااُصول مطالعہ فارسی کی واقفیت کے بغیر نامکمل رہتا ہے۔ اس کے علاوہ اُردو قواعد اور لغت کی قدیم کتابیں فارسی میں ہیں، اُردو شاعروں کے قدیم تذکرے اور ہزاروں قطعات تاریخ جو اُردو ادب کی تاریخ کے قیمتی ماخذ ہیں فارسی میں ہیں اور ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی تاریخ جس کا اُردو زبان و ادب سے گہرا تعلق ہے اُس کا تقریباً کل ذخیرہ فارسی میں ہے۔ اس لیے اُردو میں ادبی تحقیق کے واسطے فارسی کا علم ضروری ہے اور ان دونوں زبانوں کے لسانی اور ادبی تعلقات کی وجہ سے اُردو جاننے والوں کے لیے فارسی کا سیکھ لینا آسان ہے۔ اگر اُردو کا رسم خط بدل دیا جائے تو اس آسانی میں بہت کمی ہو جائے گی اور صرف یہی نہ ہوگا بلکہ فارسی کی تحصیل کا ایک بہت بڑا محرک جاتا رہے گا۔

حروف کی تبدیلی سے ایک بہت بڑا نقصان یہ ہوگا کہ ہزارہا کتابیں جو اب تک لکھی جا چکی ہیں اور لاکھوں روپے کے صرف سے چھاپی جا چکی ہیں وہ بیکار اور رفتہ رفتہ مفقود ہو جائیں گی۔ اُردو کے

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کل کتابی ذخیرے کو نئے رسم خط میں منتقل کرنا عملاً محال ہے۔

ایک نقصان یہ ہوگا کہ بہت سے غیر معمولی ذہانت اور فطانت والے شاعروں اور انشا پردازوں نے لفظی صنعتوں کے استعمال میں جو کمال دکھایا ہے وہ نظر نہ آسکے گا۔ لفظی صنعتوں کا استعمال کوئی ادبی کمال نہ سہی، لیکن اس کا انکار تو نہیں کیا جاسکتا کہ وہ بجائے خود ایک ایسی صنعت یا آرٹ ہے جس کے لیے ادبی کمال کی ضرورت ہے۔ اس کا شمار بھی بالواسطہ ادبی کمالات میں کیا جاسکتا ہے۔ بہرحال وہ ایک آرٹ تو ضرور ہی ہے، ادبی ہو یا غیر ادبی۔ اور کسی آرٹ کے بہترین نمونوں کو مٹانا کیونکر گوارا کیا جاسکتا ہے۔ لفظی صنعتوں کا مٹ جانا کوئی بہت بڑا نقصان نہ سہی، پھر بھی نقصان تو ہے ہی، اور بغیر کسی بڑے فائدے کی امید کے کوئی چھوٹا سا نقصان بھی کیوں برداشت کیا جائے۔

حرفوں کی تبدیلی سے ایک نقصان یہ بھی ہوگا کہ حساب جمل کا وجود نہ رہے گا اور وہ بے شمار تاریخی نام اور قطعات تاریخ جو جودت طبع اور قوت تلاش کے حیرت خیز مظاہرے ہیں اور گزشتہ واقعات و حالات کا زمانہ معین کرنے میں بہت کارآمد ثابت ہوتے ہیں سب بیکار ہو جائیں گے۔

یہ چند باتیں جو ابھی بیان کی گئی ہیں ان پر غور کرنے سے واضح ہو جائے گا کہ کسی زبان کے لیے جو رسم خط صدیوں تک استعمال ہوتا رہتا ہے، اس میں اور اس زبان میں طرح طرح کے بڑے گہرے اور دور تک پہنچنے والے تعلق قائم ہو جاتے ہیں اور وہ زبان کے رگ ریشے میں اس طرح بِھد جاتا ہے کہ اس کو بدل دینے سے زبان کی صورت کے ساتھ اس کی روح کا بدل جانا بھی ضروری ہے۔

مختلف پہلوؤں سے نظر کرنے کے بعد یہ ضروری ٹھہرتا ہے کہ اردو کا موجودہ رسم خط برقرار رکھا جائے۔ اپنی خاص ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے اس میں اصلاحیں کی جاسکتی ہیں۔ مگر صرف ایسی جو اس کی صورت کو مسخ نہ کردیں۔ آج کل بعض لوگ اردو کے لیے نئے نئے خط ایجاد کر رہے ہیں۔ ان صاحبوں سے درخواست ہے کہ وہ ایجاد کی زحمت میں نہ پڑیں، اصلاح کی مناسب صورتیں تجویز کریں۔

اردو رسم خط میں ضرورت زمانہ کے مطابق اصلاحیں ہوتی رہی ہیں اور اب بھی ہو سکتی ہیں۔ اس کام کے لیے ماہرین کی ایک نمائندہ کل ہند کمیٹی بننا چاہیے جو مسئلے کے تمام پہلوؤں پر نظر کرکے ادیبوں، ناشروں، اور معلموں سے مشورہ کرنے کے بعد اردو رسم خط کے قاعدے معین کردے۔ یہ قاعدے کثیر تعداد میں چھاپ کر اردو کتابوں کے چھاپنے اور شائع کرنے والوں، اردو کے رسالوں اور اخباروں کے ایڈیٹروں، اردو میں مقالے اور کتابیں لکھنے والوں، اور سرکاری اور غیر سرکاری تعلیمی اداروں کے پاس بھیج دیے جائیں اور سررشتۂ تعلیم کی منظوری کے بعد درسی کتابوں میں ان کی پابندی لازمی کردی جائے۔ مدرسین طلبہ کی روزانہ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

مشقوں میں اور ممتحنین امتحانوں کی کاپیوں میں اُن قواعد کی خلاف ورزی کو اُسی طرح غلطیوں میں شمار کریں جس طرح املے کی دوسری غلطیوں کو۔ یعنی جس طرح طاقت کی جگہ تاقت لکھنے کو غلطی قرار دیتے ہیں اُسی طرح کہار کو کھار لکھنا بھی غلطی سمجھیں اور اِس غلطی کے نمبر کاٹیں۔ اِس سلسلے میں نشاناتِ اوقاف اور استعمالِ اعراب کے اُصول اور محل مقرر کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ یہ اُصول مقرر ہو جائیں تو اعراب کی ضرورت بہت ہی کم رہ جائے اور اُردو کی عبارت کا صحیح پڑھنا بہت آسان ہو جائے۔

کسی زبان میں تحریر کے بعد ایک بہت اہم مسئلہ طباعت کا ہے، جو زبان کی ترویج و اشاعت کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ اُردو کتابیں اب تک بالعموم لیتھو میں چھپتی رہی ہیں۔ لیکن یہ زمانہ عجلت کا ہے اور لیتھو کی چھپائی اِس زمانے کا ساتھ نہیں دے سکتی۔ چھاپے کی نئی نئی مشینیں اور نئے نئے طریقے جن سے چھپائی کے کام بڑی خوبی، بہت آسانی اور نہایت عجلت کے ساتھ ہو سکتے ہیں اُن سے لیتھو کی چھپائی میں کام نہیں لیا جا سکتا۔ اس لیے ضرورت ہے کہ دوسری زبانوں کی طرح اُردو کی کتابیں بھی ٹائپ میں چھاپی جائیں۔ مگر اب تک ہندوستان میں اُردو ٹائپ کا اچھا مطبع ایک بھی نہیں ہے، جہاں ہر طرح کا ٹائپ اور ہر طرح کی مشینیں موجود ہوں۔

ٹائپ کے ذکر کے ساتھ وہ کوششیں ضرور یاد آجاتی ہیں جو نستعلیق ٹائپ بنانے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ بہت سا وقت اور کثیر سرمایہ ان کوششوں میں صرف کیا جا چکا ہے۔ مگر کامیابی کی منزل ابھی دور ہی نظر آتی ہے۔ ٹائپ میں نستعلیق خط کی خوبیاں باقی رکھنا اور وہ بھی اِس طرح کہ چھپائی میں کوئی دُشواری نہ ہو، ممکن نہیں معلوم ہوتا۔ نستعلیق خط ایران میں ایجاد ہوا۔ وہاں کے بادشاہوں اور امیروں نے بڑی فیاضی کے ساتھ اُس کی ترقی میں مدد دی۔ ایران میں خطّاطی کی قدر مصوّری سے کم نہ تھی۔ وہاں سیکڑوں بڑے بڑے خطّاط گزرے ہیں جیسا ہندوستان میں شاید ایک بھی پیدا نہیں ہوا۔ وہاں کے لوگ عام طور پر نستعلیق خط ہندوستانیوں سے کہیں بہتر لکھتے ہیں۔ ان سب باتوں کے باوجود ایرانیوں نے ضرورت زمانہ کو دیکھ کر اپنی کتابیں معمولی ٹائپ میں چھاپنا شروع کر دی ہیں۔ وہ نستعلیق ٹائپ بنانے کی کوشش میں اپنا وقت اور روپیہ برباد نہیں کر رہے ہیں۔ پھر آخر ہم کو نستعلیق کی محبّت اِس قدر کیوں دامنگیر ہے کہ ایک غیر ممکن کام کو ممکن بنانے میں لگے ہوئے ہیں۔ یہی کوشش اگر موجودہ ٹائپ کو خوبصورت اور مقبول بنانے میں صرف کریں تو بہتر نتائج برآمد ہوں۔ ہندوستان میں نستعلیق ٹائپ آج سے کوئی ڈیڑھ سو برس پہلے تیار ہو چکا تھا اور متعدد مطبعوں نے اُس سے کام لینا شروع کر دیا تھا۔ مگر غالباً طباعت کی دشواریوں سے مجبور ہو کر اہل مطبع نے کچھ مدّت تجربہ کرنے کے بعد اُس ٹائپ کو ترک

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

کر دیا۔ اب اس آزمودہ کو آزمانے کی کیا ضرورت ہے۔

چھپائی میں آسانی کے خیال سے حرفوں کی صورت میں کسی قدر تبدیلی بھی کی جاسکتی ہے۔ مگر یہ تبدیلی ایسی ہونا چاہیے کہ چھپے ہوئے اور لکھے ہوئے لفظ صورت میں ملتے جلتے ہوں تاکہ جو کوئی چھپا ہوا لفظ پڑھ سکتا ہو وہ لکھا ہوا لفظ بھی آسانی سے پڑھ لے۔

حضرات!

اب میں اپنی ہرزہ سرائی ختم کرتا ہوں۔ آپ نے یہ طولانی خطبہ جس توجّہ سے سنا اس کے لیے میں آپ کا شکر گزار ہوں۔



Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

INSHA'S CLASSIFICATION OF THE URDU SOUNDS

BY

Mr. 'Abdul Qadir Sarvari.

Syed Insha-Allah Khan, Insha, the well-known Urdu poet of remarkable genius, lived in the latter half of the eighteenth century and was first attached to the Court of the Mughal Emperor, Shah Alam II at Delhi. During the turbulant times of Nadir Shah's invasion, he left Delhi and went to Lucknow, where he was for some time attached to Prince Sulaiman Shikoh, the third son of Shah Alam II, who had also shifted himself to Lucknow after the rebellion of Ghulam Qadir. Insha's last years were spent in the service of Nawab Saadat Ali Khan, the Nawab Vazir of Awadh. He died at Lucknow in 1718 A. D.

As a poet Insha may not rank with the top-most poets of Urdu, but he will never be forgotten for two of his memorable works. One of these is the love romance of Rani Ketki, written in pure Urdu idiom, avoiding 'Arabic and Persian words on the one hand and the Sanskrit 'tatsamas' on the other, thus laying the foundation of the literary Hindustani. His other great work is the 'Darya-i-Latafat' or 'the Sea of Elegance', in which the convert Muslim scholar, Mohammad Ahsan Qatil, also corroborated with him. The early portion of this book dealing with the grammar and some of the linguistic aspects of the Urdu language is Insha's original contribution. The latter part of this work which was written by Qatil, deals with Urdu rhetoric and prosody.

'Darya-i-Latafat' was completed in 1223 A. H. (1808 A. D) and is the first known work by an Indian scholar which deals with the Urdu grammar and also touches some of the linguistic problems. The book is divided into nine chapters as detailed below:—

Chapter I. The origin of the Urdu language, its alphabets and dialects.
II. Urdu language as spoken by various classes of people in Delhi.
III. Some idioms of Delhi.
IV. Etymology.
V. Syntax.
VI. Verbs and Particles.
VII. Loan-words from Arabic and Persian and their usage in Urdu.
VIII. Rhetoric
IX. Badii (بدیع)

The first seven chapters which were written by Insha display his great originality and insight in the study of some of the linguistic problems relating to the Urdu language as stated above. He was the first Indian writer on the Urdu grammar who had noticed the existence of the short vowels, dipthongs and the various nasal sounds in the Urdu language but his material for recording his investigations was imperfect and hence some of his results were bound to be incorrect.

Insha has attempted to classify the Urdu sound-symbols in a manner not approached by any writer on that subject, though most of his theories may not be of general acceptance today for the modern linguist. Insha's views regarding, what he calls the 'compound letters' (مخلوط حروف) appear as grotesque as some of the linguistic theories of his European contemporaries, like Ramsus Rask, Jacob Grimm, the expostulator of the laws of the sound-shift, and Franz Bopp who are considered the forerunners of modern comparative philology in the West. For example Insha says that in words like 'جنگلا' (jangla, जँगला) or ' ' (singar, सिँगार) the 'ن' (n, ड़) has conjuncted with 'j' and 's' and in 'گیارہ' (giyarah, ग्यारह) or 'دھیان' (dhyan, ध्यान) the 'ی' (i or y) has conjuncted with 'گ' (g, ग) and 'دھ' (dh, ध).

According to Insha the Urdu language consists of 95 letters representing the various sounds. Of these are 85 warranted by the learned and polished usage while the remaining 10 can occur in vulgar speech only. These 85 letters he classifies into two groups, as the letters representing individual sounds (مفرد حروف) and the letters representing conjunct or compound sounds (مخلوط حروف).

The individual letters or sound-symbols are classified into the following three heads:—

A. Pure Arabic letters; under this he enumerates the traditional 28 letters of the Arabic language:—

	ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش
	a	b	t	th	j	h	x (kh)	d	z	r	z	s	sh
ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ہ
s	dh	t	z	?	g (gh)	f	q	k	l	m	n	v	h
ی													
y, i, e.													

The above letters are arranged according to the Arab grammarians who arrange their letters according to their shape and not according to the place of origin as done by the Sanskrit grammarians.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

B. The second group consists of four individual letters borrowed from Persian. They are:—

پ	چ	ژ	گ
p	c (ch)	z	g

Here it must be noted that the letters are Arabic adopted to the sounds of the Persian language.

C. In the third group of individual letters he includes the following retroflex as borrowed from Hindi. But here also the letters given are Arabic modified by marks and dots to suit the Hindi sounds, which make it clear that what Insha really means is the sounds borrowed from Hindi.

ٹ	ڈ	ڑ
ṭ	ḍ	ṛ

The above letters are the 35 letters which most of the writers of the Urdu grammar include in the list of Urdu alphabets. But Insha does not stop at this and goes a step further to analyse the various sounds that occur in the Urdu language. As the result of his investigation he adds 50 more to the list under 'conjunct letters' as detailed below:—

I. In the first group of the conjunct letters or sounds (مخلوط حروف) he enumerates the following 18 letters which he says occur conjunct with 'ن' (n, न इ.):—

ا	ب	ت	ٹ	ج	چ	ڈ	ر	س	ک	گ	ل	م
a	b	t	ṭ	j	c (ch)	ḍ	r	ṣ	k	g	l	m

ن	ه	خ	ڈ
n	h	x (kh) and	d.

as in the following examples:—

انگرکھا	angrakha	(अँगरखा)	an outer garment for males.
بندوڑ	bador	(बँदोड़)	a menial maid servant.
تندور	tadur	(तँदूर)	an oven (corrupted from Persian tanur).
ٹنگڑی	tangri	(टँगड़ी)	the lower part of the leg.
جنگلا	jangla	(जँगला)	a mode in music.
چنگر	cangar	(चँगर)	a dagger.
ڈنڑ	dar	(डँड़)	an Indian exercise.
رنگیلا	rangila	(रँगीला)	a man of pleasure.
سنگار	singar	(सिँगार)	decoration, toilet.
کندلا	kandala	(कँदला)	gold gilt on silver.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

گدورا	gadura	(गँदुड़ा)	thick sweetened bread.
لنڈورا	ladora	(लँडोरा)	a bird whose tail has been stripped of.
منگیتر	magetar	(मँगेतर)	a bethroted man or woman.
ننگیالینا	nangiyalena	(नँगियालेना)	to strip off ones clothes.
هنڈولا	hidola	(हिँडोला)	an infant's swinging cot.

He gives the following two conjunct letters more which he says ought to be excluded from the polished speech though the first of these has been used by the Urdu poet, Sauda in one of his poems:—

خنجر	xajar	(खँजर)	a daggor.
	dateli	(दँतेली)	smali teeth.

In these examples cited by Insha one can easily see that the consonants a, b, p, etc. are not and can not be conjuncted with 'ن' (n, न) on any phonetic principle as held by Insha. On the other hand these are the examples of nasalization of the short vowel succeeding the given letters, which are not explicit in the Urdu writing. Hence Insha was lead to think that it was the consonant that was nasalized or conjuncted with 'ن' (n, न). Further it may be noted that these are, by no means new sounds.

II. The second group of the conjunct letters consist of seventeen which conjunct with 'ه' (h, ह) or the aspirates, which, in Urdu writing are represented by adding 'ه' (h, ह) to the consonants as is done in the Roman script. But to the generally accepted letters 'kh, gh, th, dh, ṭh, ḍh, ch, jh, ph, bh' Insha adds the following seven letters more which occur in Urdu and Hindi;

rh, ṛh, nh, mh, yh, vh, and lh.

He gives the following examples to illustrate the above:—

تیرها	terah	(तेरहा)	thirteen.
پڑها	parha	(पढ़ा)	read.
ننها	nanha	(नन्हा)	an infant.
تمهارا	tumhara	(तुम्हारा)	yours.
یهاں	yha	(यहाँ)	here.
وهاں	vha	(वहाँ)	there.
ملهو	mallhu	(मल्हू)	name of a person.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

III. The third group of conjunct letters occuring combined with 'ی' (y, य) which in Urdu stands for e and i, short or long also; consist of the following eleven letters:—

ب	پ	ک	گ	دھ	ڈھ	ج	چ	ن	س	ش
b,	p,	k,	g,	dh,	dh,	j.	c,	n,	s,	sh.

The examples quoted by Insha are as follows: —

بیوتانا	beotana	(ब्योताना)	to measure and cut a cloth according to size.
پیوسی	peosi	(प्योसी)	milk of a cow or a buffalo just after delivery.
کیا	kiya	(क्या)	what.
گیارہ	gyarah	(ग्यारह्)	eleven.
دھیان	dhyan	(ध्यान)	attention, meditation.
ڈیوڑھی	deorhi	(ड्योढ़ी)	a palace.
جیورا	jiura	(जिउड़ा)	dimunitive for heart.
چیونٹی	ciuti	(चिउटी)	an ant.
نیولا	neula	(नेवला)	a mongoose.
سیوداس	siudas	(सिउदास)	a proper name.
شیوداس	shiudas	(शिउदास)	"

Of these the last two are eliminated by Insha as unwarranted by polished usage. In these examples again Insha, in trying to analyse the sounds, depends on the Urdu script and while conscious of the existense of the short e and i in the Urdu language could not record and explain them correctly and lead to believe that the 'e' in بیوتانا 'beotana' and 'y' 'kya' has conjuncted with the preceding consonants.

It is to be noted here that Insha who had included 'دھ' (dh, ध) 'ڈھ' (dh, ढ) etc. in the conjunct group has apparently taken them here as single sounds or else he would have pointed out that in 'دھیان' (dhyan, ध्यान) three sounds, 'د ,ھ ,ی' (d, h, y) have coalesced as he does in the following group where the succeeding short vowel of an aspirate is nasalized.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

IV. In the fourth group Insha enumerates eight letters or sounds more which can coalesce with 'ھ' (h, ह) and 'ں' (n, न). The letters are ;

k, g, j, c, ḍ, d, b, p,

and the examples cited are the following :—

کھنڈانا	khaḍana	(खँडाना)	to spread.
گھنگرو	ghungru	(घुँगरू)	small bells
جھنڈولا	jhaḍula	(झँडुला)	a child born with hair in its head.
چھنگلیا	chiṅguliya	(छिँगुलिया)	small finger.
دھنگانا	dhingana	(धिँगाना)	fun between the marriage parties at the time of the arrival of the bridegroom to the brides house.
ڈھنڈھورا	dhiḍora	(ढिँढोरा)	announcement by beating a drum.
بھنڈلانا	bhadlana	(भँडलाना)	to deceive.
پھندنا	phuḍna	(फँदना)	tassel.

Thus I have presented for the consideration of the great scholars that have assembled here the classification of Urdu sounds and symbols according to the great poet and scholar, Insha. It is for the modern linguist interested in Urdu phonetics to study the question in greater details. Such a study will be distinct contribution to a scientific knowledge of the evolution of the Urdu sounds.

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

پروفیسر میجر سید محمد آغا حیدر حسن عابدی ایم۔اے۔ ایل۔ٹی۔ ایم۔آر۔اے۔ایس (لندن) لوکل سکریٹری

جلسۂ سیزدہم (۱۳) آل انڈیا اورینٹل کانفرنس ناگپور کی نظمیں

مندرجۂ ذیل استقبالیہ نظم کانفرنس کے افتتاحی جلسہ میں شنبہ ۱۹ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو پڑھی گئی۔

جناب صدر و حضّار گرامی
پس از تسلیم گویم داستانے

توجہ سے اسے سن لیجیئے گا
پریشاں نظم اک آیا ہوں سنانے

بزرگوں کا یہی شیوہ رہا ہے
خطاپوشی ہمیشہ کی عطا نے

بہت کم وقت ہے کیونکر سناؤں
علوم حال و ماضی کے فسانے

بنا ہائے معارف بس بلند است
نہد ہر کس جبیں بر آستانے

ز سعی پیہم و جہد مسلسل
عیاں گشت است ہر راز نہانے

خدا کی شان علم و فن کے آگے
اُگلتی ہے زمیں اپنے خزانے

زمین و آسماں قبضے میں لایا
وہ طاقت علم کو دی ہے خدا نے

ضیا پھیلی کچھ ایسی علم و فن کی
کہ نابینا لگے رستہ بتانے

قدم رنجہ کیا عزت بڑھائی
اثر دکھلا دیا اپنی صدا نے

بزرگوں نے شرف بخشا ہے آکر
لگی محنت ہماری بھی ٹھکانے

چناں گرد آمدند ارباب ہر فن
کہ شہر ما شدہ یکسر جہانے

ہجوم مہر و ماہ و نجم و پروین
زمیں را دادہ شکل آسمانے

صلائے عام در ایں بزم علم است
بہ ہر مردے زنے پیر و جوانے

انھی جلسوں سے ہے گرمی محفل
دگرنہ سرد تھے علمی فسانے

یہ محفل ہے سمندر علم و فن کا
جہاں سب ندیوں کے ہیں دہانے

یہ بزم داستانِ علم و فن ہے
یہاں سب آئے ہیں سننے سنانے

سب استھانوں سے ودیا کے پجاری
چلے آئے ہیں یاں دھونی رمانے

ہر اک صوبے سے آئے ہیں ڈیلیگیٹ
یہاں آکر ملے کتنے گھرانے

نصاریٰ پارسی ہندو مسلماں
جبیں سا بندہ بر یک آستانے

پچھاں پورب دکھن اُتر سبھی کو
لگا ہے ہند دیش اب تولانے

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

بڑے عالم مہاودوان آ کر — فصاحت کے لگے دریا بہانے
ہوئے ہیں ایک جا ل پنڈال میں وہ — جو ہیں کل ہند کے عالم سیانے
یہ علم و فن کے ہیں روشن ستارے — بڑے دل ایسے کہ بس مالے کے دانے
ہر اک ان میں کسی فن کا ہے ماہر — ادیبے فاضلے صاحب لسانے
کھلے ہیں علم کے باغ ان کے اندر — نہیں پھولے سماتے شامیانے
یہاں کیا ہم ہزاروں میں کہیں گے — کوئی مانے ہماری یا نہ مانے
یہ جلسے کنفرنسیں اور پریشد — ہیں بچھڑوں کے ملانے کے بہانے
دلوں سے دل ملے جاتے ہیں ایسے — سمائے جیسے ہوں تانوں میں بانے
جو جاگی سی۔ پی کی خوابیدہ قسمت — لگے موتی یہاں اب جگمگانے
چلے آتے ہیں عالم ہر طرف سے — یہاں اک علم کی بستی بسانے
یہاں ہر بھانت کے پنڈت بھی ہیں جمع — بڑے چھوٹے نئے ہوں یا پرانے
بجا ہے ناز شہر ناگپور اب — ملے کیا بے بہا تجھ کو خزانے
پرانک سا ملا صدر سلپشن — بہت سے رہ گئے تکتے پرانے
پرانوں کو پرانک چاہتے ہیں — جوانوں سے تو ہی رکھتے ہیں شانے
پرانوں نے تو تھکایا تھا عالم — نئے آئے ہیں اب کیا گل کھلانے
بہ ہر علمے بہ ہر جائے کہ بینی — ہمی گویند خطیبے داستانے
یہ ہے ادنےٰ کرشمہ علم و فن کا — زبانِ سنگ گوید داستانے
تکلم کی نمو کا معجزہ ہے — کتھا اپنی لگے پتھر سنانے
یہ جلسہ تیرھواں ہے ایسا جلسہ — کہ پچھلے ہو گئے بارہ فسانے
رضاکاران و شیدایان مشرق — ہر اک سو پھرتے ہیں سینو کو تانے
نشان سروری بر صدر و سینہ — خراماں ہر کسے با عز و شانے
رودی شنکر شکل سی پی پر میر — یہاں آج آتے کل آکے چلانے
مگر ایسا بلاوا ان کو آیا — گئے دہلی ہماری اک نہ مانے
ہوئیں پھر دوسرے پنڈت کی فکریں — جو آئیں راستہ ہم کو بتانے
کہا سب نے کہ مشرا سے کریں عرض — مگر مانیں نہ مانیں وہ نہ جانے
مگر جب ہم نے ان سے کی گزارش — ہماری مان وہ ہنس ہنس کے مانے
پریشد کی چلائی آن کر کل — قوی ہیں زور فن سے انکے شانے

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

پریشد اب ہے اٹھائیس برس کی — یہ اب اُٹھنے کی ہے خود دل میں بٹھانے
یہ مشرا کون صاحب ہیں بتاؤں — جو آئے ہیں پریشد کو چلانے
یہ ہیں وہ بلبل باغ فصاحت — کرشنایین میں ہیں جن کے ترانے
یہ لائے توڑ کر تارے فلک سے — لگے کاغذ پہ پھر ان کو سجانے
یہ رامائن کی اک چھوٹی بہن ہے — دہی دوہے وہی چوپائی گانے
کرشنایین ہوئی تیار ایسی — لگی اوروں کی کویتا جھلملانے
کرشنایین ہوئی مشہور اتنی — نہیں ممکن کوئی اس کو نہ جانے
ہیں زینت بخش کرسی صدارت — مہامو پادھیاے پی۔ ڈی کانے
بہ ظاہر گرچہ مشتِ استخوا نے — بہ میدانِ عمل یک پہلوانے
بڑے یہ دیوبانی کے ہیں پنڈت — اُٹھائے ہیں بہت بوجھ انکے شانے
لگے رہتے ہیں ہردم کھوج میں یہ — چھپی باتیں لگے ہیں اب چھپانے
یہ میٹھے بول ایسے بولتے ہیں — کہ جن کو سن کے شرماتے ہیں گانے
خدا نے دی ہیں دو ٹیاں سی آنکھیں — نہ جانے کیوں انھیں کہتے ہیں کانے
خوشا قسمت کہ آپ آئے ہیں مہماں — ہمارے شہر کی عزت بڑھانے
ہمارے واسطے زحمت اُٹھائی — ہمارے واسطے چھوڑے گھرانے
نہیں ممکن ہے اظہارِ تشکر — زبان دل کا مرے کیا حال جانے
نہ ہم کچھ کر سکے راحت کے ساماں — کیا مجبور بختِ نارسا نے
زمانہ آگیا ہے سخت ایسا — فرد شد ہر کسے جانے بہانے
جو تکلیفیں ہوں اُن کو عفو کیجے — کہ ہم ہیں آپ کے خادم پرانے
بڑوں کا یہ سدا شیوہ رہا ہے — نہیں دیتے ہیں چھوٹوں کو سجانے
بہت کچھ رو میں اپنے کہہ گیا میں — کیا مجبور یہ جوش دلا نے
مگر یہ نظم وہ کالی گھٹا ہے — چمک بجلی کی جو آئے بڑھانے
بس آغا ختم کر بکواس اپنی — سنیں سب صدرِ محفل کے ترانے
اٹھا پردہ میان صدر و حضار — ہوا ہر سمت غل وہ آئے کانے

صدارت کی تمھیں کرسی مبارک
یہ رتبہ تم کو بخشا ہے خدا نے

یہ استقبالیہ نظم "مجلس علماء" کے جلسہ میں۔ ۲۱ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو پڑھی گئی۔

اے علمائے کرام اے فقہائے عظام
آپ کو سب خاص و عام کرتے ہیں جھک کے سلام

خاک قدم آپ کی سرمہ بنی آنکھ کی
ہم کو مشرف کیا آپ کا احسانِ عام

علم کی یہ صورتیں فضل کی یہ مورتیں
بس گیا اک آن میں تھا جو یہ ہُو کا مقام

سی۔ پی کی نعمت نہ تھی کوئی بھی قیمت نہ تھی
آئے قدم آپ کے بڑھ گئے اب اس کے دام

ناز ہمارا بجا فخر ہمارا بجا
آج ہوا ناگپور دہر میں عالی مقام

آپ یہاں آئے ہیں علم و ہنر لائے ہیں
باتیں وہ بتلائیے وقت پہ جو آئیں کام

آپ ہیں اُوپر کھڑے ہم ہیں گڑھے میں پڑے
ہاتھ اِدھر بھی بڑھے ہو ہمیں حاصل مرام

اپنا سا کر دیجئے نور سے بھر دیجئے
ہم ہیں سراپا ظلام آپ ہیں ماہِ تمام

لطف و کرم کیجئے ہم سے دعا لیجئے
خوب پلا دیجئے علم کے بھر بھر کے جام

بات ہو با فائدہ کام ہو با قاعدہ
خالی ہو جو مائہ اُس کو ہمارا سلام

جب علماء کا کرم قوم پہ ہوگا تو ہم
سیکھیں گے علم و ہنر پائیں گے عمرِ مُدام

جاہل و عامی اگر علم سے ہوں بہرہ ور
دونوں ترقی کریں کام کا ہو انصرام

ہم سے جو غفلت ہوئی اُس سے یہ حالت ہوئی
ہوگئی دولت تباہ سو گئی ملّت تمام

ہم تھے کبھی ساقیٔ محفلِ علم و ادب
اب ہیں ہمیں دھر میں سب سے سوا تشنہ کام

مہرِ لبِ بام ہے ہم کو بہت کام ہے
صبح ہوئی دوپہر ہوتی ہے دم بھر میں شام

پاس شریعت کہاں دین کی دولت کہاں
ملک کا بگڑا انتظام قوم کا بگڑا قوام

آگے بڑھاؤ قدم راہ میں لینا نہ دم
ہوگا وہی کامیاب جو ہے یہاں تیز گام

کون جواں مرد ہے؟ کہنے کو ہر فرد ہے
رستم و سہراب و گیو زال و نریمان و سام

جذبۂ ایثار ہو جوش سے سرشار ہو
مرنے پہ تیّار ہو پھر ہے حیاتِ دوام

کیوں ہوئے ہیں بے اثر کیوں نہیں لاتے ثمر
اپنے رکوع و سجود اپنے قعود و قیام

آپ ہی فرمائیں اب آپ ہی بتلائیں اب
اس کا ہوا کیا سبب اے علمائے کرام

آج ہمیں ناز ہے خلد کا در باز ہے
جو ہے سرافراز ہے سب ہوئے عالی مقام

کوثر و تسنیم کی موج یہاں آ گئی
علم کی تندی بھی سیر ہوئے تشنہ کام

صاحب علم و ادب جمع ہوئے ہیں جو اب
سب ہیں طلیق اللسان سب ہیں فصیح الکلام

صدر ہوئے مجتبیٰ صاحب فہم و ذکا
مل گیا جب ناخدا ہو گئی منزل تمام

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

آپکی خدمت کوئی ہم سے کہاں ہو سکی — عفو کے ہیں ملتجی آپ کے خادم تمام
ہم تو خطا کوش ہیں، آپ خطا پوش ہیں — ایک نگاہِ کرم اے علمائے کرام
آپ ہوئے میہماں، آپ کے شایانِ شاں — کر نہ سکے انتظام بہرِ قیام و طعام
گوشت کے بدلے ملی دال جو اُبلی ہوئی — راج اہمسا کا ہے جین کا ہے انتظام
شکر ہو کیونکر ادا آپ کے الطاف کا — صبر و سکون سے سُنا یہ سخن بے نظام

وقت بہت لے چکا آپ نہوں اب خفا
لیجئے آغا چلا کہہ کے علیکم سلام

یہ تعارفی نظم کانفرنس کے شعبۂ اُردو کے جلسہ میں دوشنبہ ۱۲ راکتوبر سنہ ۱۹۴۶ء کو پڑھی گئی۔

صدرِ والا و حاضرین سعید — لیجئے اب مرا سلامِ مزید
بعد "مجلس" مرے کئی احباب — آج دے بیٹھے مجھ کو حکم شدید
نظم لکھنی پڑے گی اے آغا — ہم نہ مانیں گے کوئی وعدہ وعید
اس پہ مسعود ادیبِ رضوی نے — جن کے نقدِ ادب کا ہوں میں مُرید
کرم و لطف سے یہ فرمایا — نظم لکھنا نہیں ہے تم سے بعید
گل تو پھینکے ہیں اوروں کی جانب — کچھ اِدھر بھی ہو آج لطفِ مزید
شب کی فرصت میں نظم لکھتا تھا — دن کو مہلت ملے یہ تھی نہ اُمید
چوں نشستم برائے فکرِ سُخن — سرِ قرطاس خامہ ام بدوید
ارتجالاً نوشتہ بیتے چند — رطب و یابس بہ سلکِ نظم کشید
صدرِ محفل ہیں حضرت مسعود — جن کا ہمسر نہ دید ہے نہ شنید
ان سے اُردو کا بول بالا ہے — ہیں یہ بزمِ ادب میں فردِ فرید
ایسی پیاری زبان ہے اِنکی — پھول جھڑتے ہیں وقت گفت و شنید
منزلِ ارتقا چناں پیمود — پایۂ قدرش بہ مہر و ماہ رسید
از افاضاتِ خامۂ مسعود — فیض ہا یافت ایں زبانِ سعید
ان کے ارشاد کی ہے یہ تعمیل — نغمہ ہرگز نہیں یہ بہرِ نشید
نظم بے نظم لکھ کے لایا ہوں — کہیں تخفیف ہے کہیں تشدید
ہست ایں یک ہدیۂ اخلاص — بہ نگاہِ قبول باید دید
شکر مسعود میر مجلس را — کہ بہ ایں نظم اجازتم بخشید

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ہر کہ عیبے دریں سخن بیند ۔۔۔ باید از صدر محترم پُرسید

"یہ دو نظمیں کانفرنس کے شعبۂ اردو کی نشست کے اختتام پر پڑھی گئیں۔"

عالم و پنڈت و پروفیسر ۔۔۔ گنجِ فضل و ہنر کے اتنے دُر
چشم بد دور دیکھئے آغا ۔۔۔ آج سی۔پی ہے موتیوں سے پُر

چاہتا ہے جسے خدائے کریم ۔۔۔ اس کو وہ سرفراز کرتا ہے
ہے قسم اُنکی کارسازی کی ۔۔۔ کار محمود ایاز کرتا ہے
بہرہ ور علم و فن کی دولت سے ۔۔۔ وہی بندہ نواز کرتا ہے
علم ہی اصل میں وہ آلہ ہے ۔۔۔ در بستہ جو باز کرتا ہے
علم والوں کا ہے یہاں مجمع ۔۔۔ ہند سی۔پی پہ ناز کرتا ہے
آپ آئے بڑی عنایت کی ۔۔۔ کون یوں سرفراز کرتا ہے
آپ کا ایک بندۂ ناچیز ۔۔۔ اپنی قسمت پہ ناز کرتا ہے

کر ادا شکر ان کا اے آغا
کیوں سخن کو دراز کرتا ہے

نواب عبد الوحید صاحب غازی رئیس گوزدھا اسٹیٹ کی طولانی نظم "دین و دانش" کا ایک اقتباس جو موصوف نے کانفرنس کے شعبۂ اُردو کے جلسے میں پڑھ کر سنایا۔

اللہ اللہ صبح دم کیا منظر کہسار تھا ۔۔۔ آسماں سے ہم بغل برجِ فلک دیوار تھا
ابر کا عمامہ تھا فرقِ جبل پر پیچ پیچ ۔۔۔ آفتاب نور افشاں جیغۂ دستار تھا
رنگ و رامش کا گماں تھا وادیوں کی گونج پر ۔۔۔ کس ادا سے بانگ زن طاؤس خوش منقار تھا
عارض گل ہائے رنگیں چوم آئی تھی نسیم ۔۔۔ جاں نواز شامّہ نذرانۂ عطار تھا
کیا فضا تھی جان کھنچ آئی تھی دل کے ساتھ ساتھ ۔۔۔ مسکن خاکی میں رہنا روح کو دشوار تھا
بے مُحابا جی میں آیا جائیے نزدیک اور ۔۔۔ دیکھئے قلب کہستاں میں دل فطرت کے طور
غرقِ تحقیقات میں اے حیف جب پہونچا قریب ۔۔۔ نبض ساقط ہو گئی دیکھا وہ احوالِ غیر
دائیں بائیں خارزار اور چٹانیں سخت سخت ۔۔۔ زندگی کا خاتمہ ہر گام پر غارِ مہیب

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

ماردِ کژدُم راہ میں پکڈنڈیوں پر اژدہے
آنکھ میں بھر آئے آنسو دل سے نکلی اک کراہ
سوچتا تھا کیا حقیقت اس قدر پُر درد ہے
بے خبر گنج نوادر خاک میں مستوُر ہے

اے بلید الفہم نازیبا ہے دانش پر غرور
جس طرح ماحول تیرہ میں نگاہیں بے بصر
کیا غلط ہو جائے گی ساری کتاب فلسفہ
تجھ میں استعداد تحقیقِ معانی کی نہیں
نفس مضموں کو سمجھتا ہے خطوط مُنحنی
عقل کو حاصل ہو کیا ماہیّت ذات و صفات

غرقِ حرماں کر گئی اکثر یہ بینائی تجھے
عکسِ خاک تہ نشیں نے دیدیا اذن عبور
امتیاز ساکن و جنباں نہ بن آیا کبھی
غیر از ادراک پرتو رویت معروض کیا
طول ہے فہرس ترے اغلاطِ محسوسات کی
عازمانِ حق نگر سے پوچھ رمزِ کائنات

یہ تماشا گاہ عالم عالم اسباب ہے
تاک گلشن میں نہ ہو انگور کے خوشے کہاں
زخمۂ مطرب سے پیدا لرزش تارِ رباب
روستائی کیوں کرے ادنیٰ محصّل کو سلام
بزم اِمکاں معترف ہے خود زبان حال سے
سلسلہ در سلسلہ ہے ربط معلول و علل

چند ساعت کر تصور دل میں اس برہان کا
سیم گوں دیوار و در بلوّر ساں سقف و ستوں
سنگ وحشت بام بر جا بر محل شہتیر کا رخ
غیر موزوں اک دریچہ بھی اگر اے نظر
کون کہہ سکتا ہے اس کو محض حسنِ اتفاق

جا بجا وحشی درندے مرگ مبرم کے نقیب
وادریغا بعُد خوش آہنگ قرب اتنا صلیب
ناگہاں ہاتف پکارا ہوش میں آ بے نصیب
تو قرین کوہ بھی اصلِ جَبل سے دُور ہے

ذہن تیرا نارسا تیری فراست میں فتور
یوں ہی عاجز نور ایماں کے بدون عقل و شعور
طفلکِ ناداں اگر سمجھے نہ مفہوم سطور
حاشیہ کی چند شکلیں تو نے پہچانی ضرور
جہلِ بینش سے ہے تصنیف و مصنف سے نفور
مخبر نامعتبر ہوں جب بشر کے مُدرکات

بارہا ریگ رواں دریا نظر آئی تجھے
در طۂ شفّاف کی سُوجھی نہ گہرائی تجھے
کب ہوئی مُدرک زمیں کی راہ پیمائی تجھے
کیا عجب برعکس سے آنکھوں نے دکھلائی تجھے
تا کجا اے کم نظر یہ زعم خود رائی تجھے
سُن زبان اہل دل سے شرح آیات حیات

بے سبب واقع نہیں ہوتی جہاں میں ایک شے
بے عنب کھنچتی نہیں دو آتشہ گلرنگ مَے
کب مُغنّی نے سُنائے بے نفس نغمات نے
پشت پر جب تک نہ ہو نیروے عالم گیر کَے
سُن تو کیا کہتے ہیں فطرت کے مظاہر پے بہ پے
حلقہ اندر حلقہ ہے دنیا کی یہ پیچیدہ کل

کھینچ نقشہ ذہن میں اک قصرِ عالی شان کا
مثلِ آئینہ مُصفّا فرش پر دالان کا
طول در سے بالتناسب عرض روشندان کا
مرتبہ گھٹ جائے اس سہ منزلہ ایوان کا
عقل عامی تک بنا دے معجزہ انسان کا

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

دیکھ اپنا روح خانہ کیا یہ مستبعد نہیں
کس نے بخشا بنتِ حوّا کو جمالِ دلبری
یہ تراشِ دست و پا یہ پھول سا نازک بدن
یہ لبِ لعلیں یہ سلکِ گوہر آسائے دہن
یہ گلوئے نغمہ زا گویا بگ آموز ہزار
چشمِ نرگس آبروئے خمدار مژگانِ سیاہ
کس کی قدرت سے ہے آخر یہ طلسمِ روح و تن
لقمۂ ماکول کو کس نے دیا ہے یہ قوام
خود بخود لہریں اُٹھا کرتی ہیں کیوں جذبات میں
کس کی دانائی کا ثمرہ یہ حواسِ خمسہ ہیں
خط جبینی کس دماغِ نکتہ رس کا کام ہے
کس نے سونپے ارتقا اجام کو تمیز کی
کس نے پابندی سکھائی انجمِ سیار کو
ریلوے یہ برق و آہن کا نظامِ آتشیں
خواہ کتنا ہی مکمل ہو مشینی تار و پود
مرکبِ فولاد و آتش فیلِ سرکش لاجرم
ذات رانندہ نہ ہو جب تک عناں تابِ خرام
ہستیٔ بینا سے قائم بندوبستِ کارگاہ
کارفرمائے دو عالم ہے خداوندِ علیم
ماورائے حمد ہے وہ کردگارِ لم یزل
جس کے خوانِ لطف سے مور و سلیماں دانہ گیر
جس کی خلاقی سے ممکن احتشاماتِ تمدن
حال و استقبال و ماضی کا جہاں بان خبیر
خاک ذرّہ بھر واسع کا احاطہ کر سکے
شان وہ نامِ خدا جس کے حضور المختصر
جائے حیرت ہے کہ تو مخلوق یوں فرزانہ ہو
تجھ کو بخشی جائے انجاحِ مقاصد کی تمیز

بے کسی معمار کے بن جائے ایوانِ حسین
قامتِ حورِ بہشتی نازو اندازِ پری
مرمریں اندام رعنا رشکِ ماہ و مشتری
قیمت انگاری سے جنکی مہر بر لب جوہری
یہ خرامِ دلکشا رقص آورِ کبکِ دری
جادوئے نادر بدونِ موقلم صورت گری
آب و آتش ممتزج اجزائے گل پیرہن
خون جولاں کس کے دم سے ہے رگوں میں سرخ فام
کس کے ایما سے ہے سیلابِ جبلت کا خرام
کس کی دانش کا نتیجہ ہیں یہ مردم یہ مشام
کس نے سوچا ہے بقائے نسل کا یہ انتظام
کن قوی ہاتھوں میں ہے رہوارِ فطرت کی لگام
منضبط رکھا ہے مہر و ماہ کی رفتار کو
محض ترتیبِ عناصر کا نتیجہ ہی نہیں
ہر تگاپوئے منظم زیرِ حکم ردہ ”نشیں“
نفس شاعر فیلباں راہ آگہ دوربیں
تا بہ منزل خاک پہونچے کاروانِ آہنیں
شانِ تزئینِ مکاں شاہد برا حوالِ مکیں
اے زبانِ صدق کہہ آمنت باللہ العظیم
ربِ اربابِ معظم شاہِ شاہانِ اجل
گنج بخش گنج داراں، رازقِ ہر مستدل
جنس بوقلموں بہم فرمائی ذی فکر عمل
غیب دانِ جز و کل دانندہ نظم و خلل
کیا سمائے نطقِ انسانی میں وصفِ بے بدل
ذرّہ نہائے مکاں طول زماں رقصِ شرر
اور خالقِ دو جہاں کا عقل سے بیگانہ ہو
کام سارے منضبط ہوں اک عمل بے جا نہ ہو

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

شمع ساں جلتا رہے مطلب براری کے لیے
بے ضرورت چیز ہے مضروب ہو حسنِ مذاق

اے معاذ اللہ ربِّ مقتدر دانائے راز
اُسکی ہر تجویز میں پہلو ہیں نفع و سود کے

تو سمجھتا ہے زمین و آسماں بے کار ہیں
بازیٔ اطفال ہے شمس و قمر کی روشنی

ہیچ ہے فصلِ بہاراں لالہ و گل کے سبب
آبِ باراں بے ضرورت، چشمۂ صحرا فضول

بے نتیجہ ہے ورق گردانیٔ لیل و نہار
دور ہے تیری پہونچ سے آشیانے راز کے

شُد بُد آئینِ جہاں کی اک ذرا حاصل ہوئی
تجربہ میں آگئے ہیں چند چیزوں کے خواص

چال ستاروں کی دیکھی بن گیا علمِ نجوم
کیف و کم امراض کا کچھ کچھ مشخص کر لیا

گو ابھی چھانی نہیں اِس خاکداں کی خاک تک
آہ وہ خلّاقِ عالم جس کی دنیا کا نظام

اس کے اک اک کام میں دانش نہ ہو حکمت نہ ہو
کس کے گندم نے تجھے بخشا ہے قوت لایموت

کس کے آہن نے بنائے تو نے شمشیر و تفنگ
کس کی بجلی نے دیے تجھ کو چراغِ شب فروز

کس کے ابریشم نے بخشی یہ قبائے فاخرہ
سجدۂ شکرانہ کر عقلِ تمدّن خیز پر

دیدۂ بینا سے ناداں معدنِ اسرار دیکھ
لعل و یاقوت و زبرجد زیرِ پا مدفون ہیں

افعیٔ و عقرب تو دیکھے دیکھ لے تریاق بھی
غارک ظلمات میں موّاج ہے آبِ حیات

نانِ خوش پروا ہے ہر گاہ دقِ اشتیا
پھونک دے آرام کو تکلیف کی پروا نہ ہو

کارآمد ساز و ساماں زینت کاشانہ ہو
کارآگاہی میں کوتہ فہم ہو دیوانہ ہو

فضل کے الطاف کے انعام کے بہبود کے
مشتری زہرہ عطارد کہکشاں بے کار ہیں

رعدِ تند، ابرِ سیہ، برقِ تپاں بے کار ہیں
شاخساروں میں طیور نغمہ خواں بے کار ہیں

قلزمِ سیّال، دریائے رواں بے کار ہیں
روز و شب کے حادثاتِ ناگہاں بے کار ہیں

نھنے بازو ہیں ابھی عقل فلک پرواز کے
علمِ عالم کا بزعمِ خود بنا ہے منتہی

ظن و تخمیں کے سہارے بن گئی کیمسٹری
حال انجم سے منجّم کو نہیں ہے آگہی

حاذقِ دوراں بنا ہے فنِ طب کا مدّعی
آسماں کی سیر کرتا ہے دماغ فلسفی

عقلِ ناقل کو بنا دے فنِ کامل کا امام
اُسکی مخلوقات کی فی الاصل کچھ غائت نہ ہو

تن پہ کیا گزرے اگر یہ آب سی دولت نہ ہو
فضل اگر اس کا نہ ہو یہ شان یہ شوکت نہ ہو

قبر سے بدتر محل ہے دور اگر ظلمت نہ ہو
منہ گریباں میں چھپا لے منکرِ نعمت نہ ہو

آستانِ ربِّ ساماں پر جھکا مغرور سر
سینۂ آہن میں پنہاں تیغِ جوہر دار دیکھ

ذرّہ تو سیم و طلا انبار در انبار دیکھ
درد سے نالاں ہے درمانِ دلِ بیمار دیکھ

عزمِ ذوالقرنین ہو تہ خانۂ کہسار دیکھ
ہر فسادِ کار میں تکوین کے آثار دیکھ

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

دشت کی ویرانیوں سے شہر کی آبادیاں
غور کر دل میں ذرا مشاطگی کے راز پر
خانماں برباد ہوتی ہیں صد ہا تتلیاں
جب کھرل میں خوب پس چکتا ہے کحلِ مستیز
جب لٹا کرتا ہے گنجِ معدن و دُرجِ صدف
خونِ دل جب بہاتی ہے حنائے لالہ رنگ
کیوں نمودِ قبح سے نادان ہے دل برداشتہ
الف و لک آلاف قرنوں سے وجودِ جاوداں
شائلِ برق بسائط بہرِ کسبِ اضطراب
صحنِ بستاں میں پئے نمو ہم آغوشِ بہار
پوستینِ دام و در میں مشق افزائے خرام
جثۂ انساں میں عقلِ حق نما سے سرفراز
لغو و لایعنی نہیں یہ انقلابِ صبح و شام

حصہ ہے تخریبِ چوب و گچ پہ تعمیرِ مکاں
کس طرح بنتی ہے قاتل نازنینِ سیمبر
جامۂ ریشم سے لگتے ہیں پری چہرہ میں پر
سرمگیں آنکھوں میں بجلی بن رہتی ہے نظر
تار کو خنجر بنا دیتے ہیں الماس و گہر
خنگِ ترکانہ میں آجاتا ہے چنگیزی اثر
حسن ہوتا ہے یہیں آراستہ پیراستہ
نت نئے سانچے میں ڈھلتا جا رہا ہے بیگماں
بہرِ جذبِ سوز جوفِ سنگ میں اخگر بجاں
جامہ زیبِ گل یہاں طرۂ کشِ سنبل دہاں
جست زن شیروں کے پیکر میں سوارِ تیز راں
محفل آرائے زمیں اسرار جوئے آسماں
سوئے منزل جا رہا ہے رہروِ فرخندہ گام

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

Digitization by Arya Samaj Charitable Foundation, Chennai

دشـ

غور کر د

خانماں

جب نکھرا

جب لٹاً